شیعہ اور قرآن

معروف بہ

تنبیہ الحائرین

از:

امام اہلسنت حضرت مولانا محمد عبد الشکور فاروقی نور اللہ مرقدہ

ناشر:

مکتبہ فاروقیہ ۲۲۰/۵۰ دریائی ٹولہ لکھنؤ

اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّکْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ

Www.AhlehaQ.Com

شیعہ اور قرآن

موسوم بہ

"تنبیہ الحائرین"

از

امام اہلسنت حضرت مولانا محمد عبدالشکور صاحب فاروقی

نور اللہ مرقدہ

باہتمام

مولانا عبدالعلیم فاروقی دارالمبلغین لکھنؤ

ناشر

مکتبہ فاروقیہ ۲۲/۵ دریائی ٹولہ لکھنؤ

METROPOLITAN
TORONTO
LIBRARY
Languages

URDCop1.

جملہ حقوق محفوظ ہیں

www.Ahlehaq.Com

نام کتاب ——————— شیعہ اور قرآن

نام مصنف ——————— امام اہل سنت حضرت مولانا محمد عبد الشکور فاروقی ؒ

صفحات ———————

طباعت ——————— نشاط پریس ٹانڈہ ضلع فیض آباد (یو۔ پی)

تعداد ——————— ایک ہزار ۱۰۰۰

سنہ طباعت ——————— ۱۴۰۲ھ م ۱۹۸۲ء

قیمت ——————— بارہ ۱۲ روپے

ملنے کے پتے

297.82
FAR

مکتبہ فاروقیہ ۲۲۰/۵۰ دریائی ٹولہ لکھنؤ ۳
مکتبہ البدر دار العلوم فاروقیہ کاکوری ضلع لکھنؤ
مکتبہ اسلام ۳۷ گوئن روڈ لکھنؤ ۱۸
مکتبہ الفرقان نظیر آباد لکھنؤ
مکتبہ دار العلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ۔

MAR 14 1985

Www.Ahlehaq.Com

فہرست مضامین

"شیعہ اور قرآن"

نمبر شمار	مضامین	نمبر صفحہ
۱	پیش لفظ	۵
۲	افتتاحیہ	۹
	مقدمہ	
۳	موعظۂ تحریف کی تمہید کا جواب	۱۵
	بحث اول	
۴	شیعوں کا ایمان قرآن پاک پر نہ ہے اور نہ ہو سکتا ہے	۲۷
۵	قرآن شریف کے کم کیے جانے کی روایتیں	۲۹
۶	قرآن شریف میں بڑھائے جانے کی روایتیں	۳۵

Www.Ahlehaq.Com

نمبر شمار	مضامین	نمبر صفحہ
۷	قرآن شریف کے حروف والفاظ بدلے جانیکی روایتیں	۳۷
۸	علمائے شیعہ کے تینوں اقرار	۴۰
	بحث دوم	
۹	اہل سنت کے یہاں نہ تحریف کی کوئی روایت ہے نہ ان کا کوئی متنفس کبھی تحریف کا قائل ہوا	۵۶
۱۰	آغازِ مقصد	۵۷
۱۱	حائری صاحب کی پیش کردہ روایات کی حقیقت	۶۲
۱۲	حائری صاحب کی پیش کردہ روایات کے جوابات	۶۷
۱۳	تکملہ تنبیہ الحائرین موسوم بہ تفضیح الجائرین	۱۳۱

Www.Ahlehaq.Com

پیش لفظ

باسمہٖ تعالیٰ حامداً و مصلیاً و مسلماً

امام اہل سنت حضرت مولانا محمد عبد الشکور فاروقی رحمۃ اللہ علیہ چودہویں صدی ہجری کی عبقری شخصیات میں شمار کیے جاتے ہیں اور اصحاب رجال میں اہم بالشان مقام رکھتے ہیں حضرت مولانا نے اپنی پوری زندگی دین کے لئے وقف کی اور اعلاء کلمہ حق کو اپنی حیات کا بہترین مشغلہ قرار دیا چونکہ اس دور میں شیعیت کے اثرات نمایاں طور پر پائے جاتے تھے بلکہ یہ ایک حقیقت ہے کہ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علیہ الرحمۃ اور ان کے عالی مقام خاندان کی محنتوں پر رفض و بدعات کی دبیز چادر پڑ چکی تھی۔ قریب تھا کہ مسلمان اپنے اکابر کی پرخلوص مساعی فراموش کر دیں اور شیعہ امراء کے دبدبہ کا شکار ہو کر کتاب و سنت کی روح اہل سنت کے قلوب سے نکل جائے۔ ایسے پر آشوب و پرخطر دور میں کلمہ حق کا اظہار کرنا اپنے آپ کو ہزار مصیبتوں کے حوالے کرنے کے مرادف تھا۔ یہی وجہ ہے کہ علماء اور خواص تبلیغ دین کے معاملہ میں مثبت روش اختیار فرماتے تھے اور عقائد کی تبلیغ میں بہت سوچ سمجھ کر بڑھتے تھے۔ ایسے افراد کی روز بروز کثرت ہوتی جا رہی تھی جو بیباکانہ طور پر شیعوں کو اسلامی فرقہ قرار دے کر ان سے مسلمانوں جیسے معاملات برتنے پر اصرار کرتے تھے اور علماء شیعہ اپنے مذہب کی شدید تاکید[1] کی بناء پر اپنا اصلی مذہب صیغۂ راز میں رکھتے تھے جس کی بناء پر سنیوں کا شیعوں کے اہم عقیدہ

---

[1] اصول کافی صـ جو مذہب شیعہ کی بڑی معتبر کتاب ہے ص ۴۸۵ پر امام جعفر صادق سے روایت ہے عن سلیمان بن خالد قال قال ابو عبد اللہ علیہ السلام یا سلیمان انکم علی دین من کتمہ اعزہ اللہ ومن اذاعہ اذلہ اللہ (ترجمہ) سلیمان بن خالد سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ بیشک تم لوگ ایسے دین پر ہو کہ جو اس کو چھپائے گا اللہ اس کو عزت دے گا اور جو اس کو ظاہر کرے گا اللہ اس کو ذلیل کرے گا ۱۲

www.Ahlehaq.com

دہم رنگ ہو جانا بالکل آسان ہو گیا تھا۔

علماء اسلاف نے شیعوں کی رد میں جو کچھ کام کیا ہے اس کا زیادہ تر حصہ دفاعی ہے اور مذہب شیعہ کی رد میں ان کا روئے سخن فروعی مسائل سے متجاوز نہ ہو سکا غالباً اس کی وجہ یہی ہے کہ شیعوں نے نہایت چالاکی کے ساتھ اپنے مذہب کے اصول کو چھپایا اور عام طور پر انکی کتابوں میں بھی وہ مسائل نہ آئے جن سے ان کے ایمان و اسلام کا صحیح اندازہ ہو سکے۔ استاذ العلماء علامہ بحر العلوم فرنگی محلی کو کسی طرح شیعوں کی تفسیر "مجمع البیان" دیکھنے کو مل گئی (اگر چہ اس تفسیر کے مصنف ان چار اشخاص میں سے ہیں جو مذہب شیعہ کے خلاف عقیدہ تحریف قرآن کو بڑے احتیاط کے ساتھ پیش کرتے ہیں) تو علامہ موصوف نے اپنی کتاب شرح سلم الثبوت میں شیعوں کے کفر کا فتویٰ دیا اور تحریر فرمایا:

"قرآن پاک کے ایک حرف میں جو شک کرے وہ قطعاً کافر ہے"

امام اہل سنت علامہ لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے اکابر کی تحقیقات کو پیش نظر رکھکر اہل سنت وجماعت کی نصرت وحمایت میں اسلاف کی جانشینی کا پورا پورا حق ادا کیا اور بلاخوف لومۃ لائم صحابہ کرامؓ کے مقام ومرتبہ سے مسلمانوں کو واقف کرانے کی بھرپور جد وجہد فرمائی۔ مذہب شیعہ کا بطلان اور اس مذہب کی اصلی تصویر اس طرح پیش کردی کہ آئندہ اس موضوع پر تحقیقی کام کرنے والے حضرت والا کی تحقیقات عالیہ سے استفادہ کئے بغیر کوئی معتبر خدمت انجام نہ دے سکیں گے۔ یوں تو امام اہل سنت نے "مذہب شیعہ" کے تمام اصولی وفروعی مسائل کا مکمل رد کیا ہے لیکن "عقیدہ تحریف قرآن" اور "مسئلہ امامت" کو اپنا مرکز نظر بنا کر ثابت کردیا کہ شیعوں کا ایمان قرآن پاک پر نہ ہے اور نہ ہو سکتا ہے۔ اسی طرح "عقیدہ امامت" کی بنیاد پر ختم نبوت کا عقیدہ شیعی نقطۂ نظر سے ایک ایک لفظِ بے معنیٰ ہے۔

زیر نظر کتاب "شیعہ اور قرآن" جو پہلی مرتبہ ۱۳۴۲ھ میں "النجم" کے صفحات پر "تنبیہ الحائرین" کے نام سے جستہ جستہ شائع ہوئی اور بعد میں ۱۳۵۱ھ مطابق ۱۹۳۲ء میں اسی نام کے ساتھ کتابی شکل میں ادارہ "النجم" نے شائع کی۔ بعد میں جس کے متعدد ایڈیشن شائع ہوئے۔ آخری مرتبہ "شیعہ اور قرآن" کے نام سے عمدۃ المطابع پریس سے

www.Ahlehaq.com

اشاعت پذیر ہوئی۔

حضرت امام اہل سنت علیہ الرحمہ نے جب یہ اعلان فرمایا کہ شیعوں کا ایمان قرآن پاک پر نہ ہے اور نہ ہو سکتا ہے" تو شیعی دنیا میں زلزلہ آجانا قرین قیاس تھا چنانچہ ایسا ہی ہوا بھی شیعوں کے مایۂ ناز علماء اپنی قوتوں کے ساتھ سرگرم عمل نظر آنے لگے اور ہر چند انھوں نے کوشش کی کہ کسی طرح اہل سنت کے اس چڑھتے ہوئے سورج کا مقابلہ کر کے اس کی شعاعوں کو بے اثر بنا دیا جائے لیکن اللہ تعالیٰ کو اپنے جن بندوں سے اپنی مرضی کے مطابق کام لینا ہوتا ہے ان کا کوئی مقابلہ نہیں کر سکتا۔

دسمبر ۱۹۲۰ء مطابق ربیع الاول ۱۳۳۹ھ میں بمقام امروہہ ضلع مرادآباد شیعوں کے سب سے بڑے عالم اور خاندان اجتہاد کے "چشم و چراغ" مولوی سبط حسن صاحب سے مسئلہ تحریف قرآن پر بڑے معرکہ کا مناظرہ ہوا[1] اور اس موضوع پر شیعوں کی کچھ نہ چل سکی۔ خود انھوں نے محسوس کر لیا کہ واقعی اس مسئلہ پر مناظرہ کرنے سے اپنی ذلت و رسوائی کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا۔

پھر کچھ دنوں کے بعد پنجاب کے ایک "مجتہد" مولوی سید علی حائری غیرت ملی سے سرشار ہو کر نمودار ہوئے اور انھوں نے "موعظہ تحریف" کے نام سے ایک رسالہ شائع کیا جس میں حسب عادت تبرا بازی و شاعرانہ طرازی اور اسی قسم کی اور بہت سی باتیں لکھیں نیز دھوکہ اور فریب دینے کے لئے دعویٰ کیا کہ اہل سنت کا بھی ایمان قرآن پاک پر نہیں ہے اور ثبوت میں "اختلاف قرأت یا نسخ آیات" کی روایات پیش کر کے بڑا ناز فرمایا جس کے جواب میں امام اہل سنت حضرت مولانا محمد عبدالشکور فاروقی رحمۃ اللہ علیہ نے "تنبیہ الحائرین" لکھ کر حائری صاحب کی لن ترانیوں کی حقیقت واضح کر دی اور روز روشن کی طرح ثابت کر دیا کہ کسی شیعہ کا ایمان قرآن پاک پر ہونا ناممکن ہے برخلاف اس کے سنیوں کا قرآن پاک پر ایمان ہونا لازمی ہے جیسا کہ آپ کو آئندہ صفحات میں معلوم ہوگا۔

---

[1] اس مناظرہ میں فخر المحدثین استاذ المشائخ حضرت مولانا خلیل احمد صاحب سہارنپوری رحمۃ اللہ علیہ نے بھی شرکت فرمائی اور حضرت والا نے امام اہل سنت مولانا محمد عبدالشکور فاروقی رحمۃ اللہ علیہ کو اہل سنت کی طرف سے ان الفاظ کے ساتھ مناظر منتخب کیا کہ "ان کی ہار ہماری ہار ہے اور ان کی جیت ہماری جیت ہے۔"

WWW.Ahlehaq.Com

چونکہ حائری صاحب نے اپنی کتاب موعظۂ تحریف میں شیعوں کے مذہب کا عقل و نقل کے مطابق ہونے کا دعویٰ کیا ہے اس لئے امام اہل سنتؒ نے اپنی کتاب کے آخری صفحات میں شیعوں کے اصولی و فروعی چالیس مسائل انھیں کی معتبر کتب سے پیش کر کے مذہب شیعہ کا ابطال کرتے ہوئے اس مذہب کا عقل و نقل کے خلاف ہونا ثابت کر دیا ہے۔

ہم نے اس وقت اس کتاب کو اس لئے شائع کیا کہ اس زمانہ میں اگرچہ بہت کچھ کام ہو چکا مگر پھر بھی اصولی طور پر شیعوں کے ایمان بالقرآن کی اصل حقیقت سے کماحقہٗ واقفیت نہیں ہے عوام تو عوام ہیں علماء بھی اس مسئلہ میں کوئی خاص بصیرت نہیں رکھتے۔ یہ کتاب بفضلہ تعالیٰ اپنی جامعیت کے اعتبار سے یکساں طور پر عوام و خواص کے لئے مفید و کار آمد ہے۔ حق تعالیٰ ہم کو حضرت امام اہل سنتؒ کی تحقیقات عالیہ کی اشاعت کی توفیق نصیب فرمائے اور پوری امت کو زیادہ سے زیادہ نفع اٹھانے کی توفیق بخشے۔ آمین

خاکپائے امام اہل سنتؒ

عبد العلیم فاروقی

خادم دار المبلغین پاٹانالہ لکھنؤ

۵ ربیع الثانی ۱۴۰۲ھ

Www.Ahlehaq.Com

افتتاحیہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ہر قسم کی حمد و ثنا اس اللہ تعالیٰ کے لئے ہے جس نے قرآن مجید پر ایمان لانے کی ہمیں توفیق دی اور اس مقدس کتاب کی خدمتیں بلا شرکت غیرے ہمیں سے لیں ہمارے ہی سینوں اور سفینوں کو اس کا محافظ بنایا اور ہماری گردنوں میں اس کے عشق و محبت کا طوق پہنایا اور صلوٰۃ و سلام ہو اس امام الرسل پر جس کے وسیلہ سے یہ پاک کتاب ہمکو ملی جس نے ہمیں یہ خوشخبری سنائی کہ ہر زمانے میں تمہاری بہترین نسلیں اس امانت الٰہی کی حفاظت کریگی اور اس کے دشمن تمہارے ہاتھوں سے ہمیشہ ذلیل و خوار ہوتے رہینگے اور خدا کی رحمت بیحساب نازل ہو ان کے آلِ اخیار خصوصًا صحابۂ کبار پر جن کے نقل و روایت سے قرآن شریف بلکہ دین و ایمان کی ہر چیز ہم تک پہونچی والحمدُ للہ اولاً و آخراً

امّا بعد! ہندوستان کے تمام باخبر اصحاب اس بات سے واقف ہیں کہ تقریبًا بیس بائیس سال سے النجم میں نہایت کامل تحقیقات کی بنیاد پر پے در پے یہ اعلان ہو رہا ہے کہ شیعوں کا ایمان قرآن شریف پر نہیں ہے اور نہ ہو سکتا ہے، یہ بھی اعلان دیا گیا کہ اگر کوئی مجتہد شیعہ اس بات کا اطمینان دلا دیں کہ شیعہ ہونے کے بعد قرآن مجید پر ایمان ہو سکے گا تو قسم ہے رب العرش کی میں اسی وقت فی الفور شیعہ ہونے کے لئے آمادہ ہوں۔ ان اعلانات سے سرزمین ہند کا گوشہ گوشہ گونج اٹھا مگر کسی شیعہ مجتہد کی رگ حمیت کو جنبش نہ ہوئی، ایڈیٹر صاحبان اصلاح والشمس زمین و آسمان کے قلابے ملاتے ملاتے تھک کر خاموش ہو گئے مگر کچھ نتیجہ نہ ہوا سوا اسکے

کہ الزام اور قوی ہوگیا، جرم اور سنگین بن گیا، صاف صاف بایں الفاظ ان کو یہ اقرار کرنا پڑا کہ یہ قرآن چند جہلائے عرب کا جمع کیا ہوا ہے اس پر اعتراض نہ ہو تو کیا ہو، نعوذ باللہ منہ۔

آخر آخر بس امروہہ ضلع مرادآباد کے شیعوں کو کچھ غیرت آئی اور دسمبر ۱۹۲۰ء مطابق ربیع الاول ۱۳۳۹ھ میں ایک بڑے معرکہ کا مناظرہ ہوا اور اس میں ہم نے یہ قیامت خیز سوال پیش کیا کہ شیعوں کا ایمان قرآن شریف پر ہے یا ہو سکتا ہے اور صرف سوال ہی نہیں بلکہ مذہب شیعہ کا مکمل فوٹو کھینچ کر سب کے سامنے رکھ دیا گیا کہ یہ وجوہ ہیں جن سے شیعوں کا ایمان قرآن شریف پر نہیں ہے اور نہ ہو سکتا ہے، شیعہ مناظر یعنی صدر الافاضل مولوی سبط حسن صاحب مجتہد جو حائری صاحب مجتہد پنجاب سے علمی قابلیت میں بدرجہا فوقیت رکھتے ہیں اس سوال کے جواب میں چار روز تک سرگردان و پریشان رہے مگر وہ بجائے نبرد جلیلی شکست، عظیم اعدائے قرآن کریم کو اس مناظرہ میں ہوئی سارا زمانہ جانتا ہے۔ ختم مناظرہ کے بعد ایک ہفتہ کے اندر اندر ہماری طرف سے وہ سوال مع ان وجوہ کے چھاپ کر شائع کر دیا گیا اور اعلان دے دیا گیا کہ شیعوں کے قبلہ و کعبہ نے اگر کوئی جواب اس سوال کی وجوہ کا مناظرہ میں دیا ہو یا اب اپنے علماء مجتہدین کی متفقہ قوت سے مدد لیکر دے سکتے ہوں تو اسکو جلد سے جلد چھاپ کر شائع کر دیں مگر اب تک کہ چوتھا[1] سال ختم ہونے کو ہے صدائے برنخاست۔

پھر یہی اعلان کہ شیعوں کا ایمان قرآن شریف پر نہیں ہے اور نہ ہو سکتا ہے بمبئی میں بھی دیا گیا اور بڑے بڑے شیعہ تاجروں کے سامنے جن کو ملک التجار کہنا چاہیے بآواز بلند کہا گیا کہ وہ اپنے مکان پر کسی شیعہ مجتہد کو بلا لیں میں بھی بلا تکلف آجاؤں گا اس مسئلے کا پورا اطمینان کر لیں مگر کسی کی ہمت نہ ہوئی۔

پھر یہی اعلان پنجاب میں اور پنجاب کے صدر مقام لاہور میں دیا گیا، لاہور باوجودیکہ مجتہد پنجاب جناب حائری صاحب کا مستقر ہے، مگر وہاں بھی کسی کو جرأت نہ ہوئی۔

واقعی یہ مسئلہ اسی قابل ہے کہ اس کا جس قدر اعلان دیا جائے کم ہے اور اس کی تحقیقات میں جتنی کوشش کی جائے بجا ہے کیونکہ اس مسئلہ نے مذہب شیعہ کی حقیقت بالکل بے پردہ کر دی جب قرآن پر ایمان نہیں تو رہ کیا گیا دنیا میں، کوئی بیوقوف بھی اس شخص کو جس کا ایمان قرآن پر نہ ہو مسلمان نہیں کہہ سکتا۔ صدیوں تک شیعوں کا یہ عقیدہ تقیہ کے پردے میں رہا عام طور پر علمائے اہلسنت کو اس کی خبر نہ ہوئی اسی وجہ سے شیعوں کی تکفیر میں اختلاف رہا، ملک العلماء علامہ بحر العلوم فرنگی محلی کو شیعوں کی تفسیر مجمع البیان کہیں سے دیکھنے کو مل گئی تو اس تفسیر کا مصنف

لہ: اور اب اس اعلان کو ۶۰ سال ہو گئے ۱۲

www.ahlehaq.com

Www.AhleHaq.Com

منجملہ ان چار اشخاص کے ہے جو اپنے مذہب کے خلاف قرآن پر ایمان رکھنے کے مدعی ہوئے ہیں، اور عقیدۂ تحریف کو بہت ہلکا کر کے دکھلاتے ہیں تاہم اس تفسیر کے دیکھنے سے علامۂ ممدوح کو تھوڑا اور بہت تھوڑا سراغ شیعوں کے اس عقیدہ کا ملگیا اور انھوں نے بڑے زور سے اپنی مشہور کتاب شرح مسلم الثبوت میں ان کے کفر کا فتویٰ دیا اور لکھا کہ قرآن شریف کے ایک حرف میں جو شک کرے وہ قطعاً کافر ہے۔

اس مسئلہ نے اب دوسرے مسائل میں شیعوں سے بحث کرنیکی حاجت نہیں رکھی اب نہ شیعوں سے مطاعن صحابہؓ کی بابت بحث کرنیکی حاجت نہ مسئلہ امامت و خلافت کے بحث کی ضرورت نہ توہین انبیا میں ان سے الجھنے کی حاجت نہ متعہ و زنا و شراب خوری و تقیہ وغیرہ پر ردوکد کی حاجت، جب ان کا ایمان ہی قرآن شریف پر نہیں ہے تو ان مباحث سے ان کو کیا تعلق ہے

چوں ترکِ قرآن کردہ آخر مسلمانی کجا خود شمع ایمان کشتۂ پس نورِ ایمانی کجا

ممکن ہے کہ یہ مسئلہ عوام کی سمجھ میں آجائے تو اُن کی ہدایت کا ذریعہ بنے کیونکہ غالباً اکثر عوام نے اس مذہب کو اسلام کی شاخ سمجھ کر اختیار کیا ہے علمائے شیعہ اپنے مذہب کی اصلی باتیں اپنے لوگوں سے بھی چھپاتے ہیں ان کے ائمہ معصومین نے ان کو مذہب کے چھپانے کی بڑی تاکید کی ہے، امام جعفر صادقؑ کا ارشاد ہے کہ اے شیعو! تمھارا مذہب ایک ایسا مذہب ہے کہ جو اسکو ظاہر کریگا اللہ اسکو ذلیل کریگا اور جو اسکو چھپائیگا اللہ اسکو عزت دیگا (دیکھو اصول کافی صفحہ ۴۸۶) یہ مسئلہ اب منقح بھی خوب ہو گیا ہے، ہر پہلو سے اس کی تحقیقات نہایت کامل ہو گئی ہیں، ایک معمولی سمجھ کا آدمی بھی اس مسئلہ میں قول فیصل بآسانی معلوم کر سکتا ہے، علمائے اہلسنت میں علامہ خواجہ نصر اللہ کابلی نے صواقع میں مولانا شاہ عبد العزیز محدث دہلوی نے تحفۂ اثنا عشریہ میں مولانا سیف اللہ ابن اسد اللہ ملتانی نے تنبیہ السفیہ رد صوارم میں مولانا حیدر علی نے منتہی الکلام و ازالۃ الغین میں مولانا احتشام الدین صاحب مراد آبادی نے نصیحۃ الشیعہ میں اس مسئلہ پر خامہ فرسائی فرمائی رحمۃ اللہ علیہم اجمعین، اور علمائے شیعہ میں مرزا محمد کشمیری نے نزہہ میں، مولوی دلدار علی مجتہد اعظم نے صوارم میں، شیعوں کے امام عالی مقام ان کے رئیس المناظرین مولوی حامد حسین نے استقصاء الافحام میں اس مسئلہ پر طبع آزمائی کی اور ان سب کے بعد اس حقیر نے النجم میں بہت بسط و تفصیل سے اس مسئلہ کے ہر پہلو پر تحقیق کی روشنی ڈالی وکم ترک الاول للآخر کما لا یخفی علی المتتبع الماہر۔

مذہب تابیں انھوں نے پچھلوں کیلئے چھوڑ دی ہیں چنانچہ جس شخص نے مذکورہ بالا تمام تحریرات دیکھی ہوں اس پر یہ بات پوشیدہ نہیں ۱۲

www.ArtelHaq.Com

مجتہد پنجاب جناب حائری صاحب جن کے فرزند ارجمند ان کو ان خطابات سے یاد کرتے ہیں "اعلیٰحضرت رئیس الشیعہ، مدار الشریعہ، حجۃ الاسلام، نائب امام، سلطان المحدثین والمفسرین محی الملۃ والدین سرکار شریعت مدار علامہ السید علی الحائری مجتہد العصر والزمان" خدا جانے کس غار سامرہ میں راحت فرما رہے تھے کہ نہ انکو انجم کے زلزلہ افگن مباحث کی خبر ہوئی نہ امروہہ کا قیامت خیز مناظرہ آپ کی نظر سے گذرا جس کا ماتم ابتک شیعی دنیا میں برپا ہے نہ اس ناچیز کے ان مواعظ کا علم ہوا جو خاص لاہور میں ان کے امام باڑہ کے قریب ہوئے۔ اب ایک مدت دراز کے بعد آپ اس غار سے برآمد ہوتے ہیں تو ایک مختصر رسالہ جو انجمن دائرۃ الاصلاح لاہور نے شائع کیا ہے آپکی نظر سے گزرتا ہے اس رسالہ میں بہت مختصر طریقہ سے محض عوام کی آگاہی کے لئے اس مسئلہ کو بیان کیا ہے کہ شیعوں کا ایمان قرآن شریف پر نہیں ہے اور نہ ہو سکتا ہے اس رسالہ کے مطالعے سے حائری صاحب کو بڑی غیرت آئی ہے اور آپ جلدی سے وہ رسالہ ہاتھ میں لے کر وعظ کہنے کے لئے کھڑے ہو جاتے ہیں اور بزعم خود محققانہ طرز سے اس کا رد کر ڈالتے ہیں اور انکے فرزند ارجمند اسکو ایک رسالہ کی شکل میں چھپوا کر شایع کرتے ہیں اور اس کا نام موعظہ تحریف قرآن رکھتے ہیں، اول تو تحریف کا لفظ قرآن شریف کے نام کے ساتھ دیکھکر اہل ایمان کا خون یوں ہی جوش کرتا ہے پھر اس پر طرہ یہ کہ آجکل فتنہ ارتداد کی وجہ سے آریوں اور مسلمانوں میں مقابلہ ہو رہا ہے، آریوں کو کس قدر مدد اس رسالہ سے ملی ہمیشہ شیعوں کی عادت رہی ہے کہ جب مسلمانوں اور کافروں سے مقابلہ ہوا تو اس فرقہ نے کافروں کا ساتھ دیا انکو مدد پہنچائی ہزارہا خونیں واقعات اس قسم کے صفحات تاریخ میں مرقوم ہیں اسی لئے علامہ ابن تیمیہ منہاج السنہ میں لکھتے ہیں وبالجملۃ فابا ہم فی الاسلام کلہا سود لونہم یوالون اعداء اللہ معادین لاولیائہ یعنی خلاصۂ کلام یہ ہے کہ ان شیعوں کے دن اسلام میں سب کے سب تاریک ہیں یہ لوگ ہمیشہ دشمنان خدا سے دوستی اور دوستان خدا سے دشمنی کرتے رہے، خدا کی قدرت اور اسکی غیرت تو دیکھو جو لوگ اس کے دوستوں کی مخالفت کرتے ہیں انکو کسطرح اعلان جنگ دیتا ہے بہترین انبیا صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کرام کے دشمنوں کو اس نے کس طرح صحابہ کرام کے مقابلہ سے اپنی مقدس کتاب کے مقابلہ میں لا کر ڈال دیا ہے کہ ہمارے نبی کے اصحاب سے تم کیا لڑتے ہو آؤ ہم سے لڑو اور ہماری کتاب کا مقابلہ کرو اور اس کا مزہ چکھو وکفی اللہ المومنین القتال اہل ایمان کی طرف سے لڑنے کو اللہ کافی ہے **لہذا** اب ہم کو لازم ہے کہ شیعوں کو کسی دوسرے مسئلہ میں ہرگز گفتگو نہ کرنے دیں انکو خدا کی کتاب کے مقابلے سے ہٹنے کی مہلت نہ ملے اور اسی سنگین قلعہ سے ٹکرا ٹکرا کر ان کے سر پاش پاش ہو جائیں۔

یہ خطابات رسالہ [illegible] کے تمام تصنیفات [illegible] مطبوعہ میں موجود ہیں [illegible]

ایک بات اس مقام پر غور طلب ہے، وہ یہ کہ آیا ان دونوں باتوں میں اصل اور مقدم کون ہے اور نتیجہ کون ہے آیا اس فرقہ کو اصالۃً عداوت قرآن کریم سے ہے اور قرآن کریم کے مجروح کرنے کے لئے اس کے اولے راویوں یعنی صحابہ کرامؓ پر طعن کئے گئے یا اصالۃً صحابہ کرامؓ سے عداوت ہے اور ان کی ضد میں قرآن شریف پر حملے کئے گئے اور قرآن پر ایمان نہ رہا، راقم الحروف کی تحقیق میں اول الذکر بات صحیح ہے کیونکہ کسی کو کسی سے عداوت ہونے کیلئے بنائے خصومت ضروری ہے اور صحابہ کرامؓ سے بنائے خصومت کوئی بھی نہیں انہوں نے شیعوں کو کیا نقصان پہنچایا، شیعوں کا تو اس وقت وجود بھی نہ تھا، ہاں قرآن شریف سے بنائے خصومت ظاہر ہے کہ جس مذہب کی بنیاد ابن سباؒ اور اسکی ذریت ڈال رہے تھے قرآن شریف اس کی مزاحمت کر رہا ہے بہر حال کچھ بھی ہو خواہ عداوتِ قرآن اصل ہو یا عداوتِ صحابہ کرامؓ نتیجہ ایک ہے یہ دونوں عداوتیں لازم ملزوم ہیں جیسا کہ اب آنکھوں سے مشاہدہ ہو رہا ہے۔

المختصر یہ رسالہ "موعظہ تحریف قرآن" اشاعت سے بہت دنوں بعد اب مجھے ملا میں نے اسکو دیکھا تو اول سے آخر تک جھوٹے حوالوں، خیانتوں، غلط استدلالوں اور بے علمی کی باتوں سے لبریز پایا، استقصاء الافحام کے مضامین مکذوبہ ومردودہ کا اردو میں ترجمہ کر دیا گیا ہے اور افسوس کہ وہ ترجمہ بھی صحیح نہیں پھر جو جواب ان مضامین کا النجم میں دیا گیا اس کا تو کہیں خفیف سا رد بھی نہیں ان مضامین کے علاوہ اگر کوئی بات حائری صاحب نے اپنی طرف سے بڑھائی ہے تو وہ ایسی ہے کہ عالم تو کیا کوئی جاہل بیوقوف بھی ایسی بات نہیں کہہ سکتا۔

جا بجا حائری صاحب خود ایسی باتیں بھی زیب رقم فرما گئے ہیں جن سے مذہب شیعہ کا گھر زندہ بالکل مٹا جاتا

لہ ناواقفوں کے سامنے شیعہ قطعی انکار کر دیتے ہیں کہ ابن سبا سے ہمیں کوئی تعلق نہیں لہٰذا اس وقت ان کی ایک معتبر کتاب کا حوالہ دیا جاتا ہے رجال کشی (جس پر اسماء الرجال شیعہ کا دارومدار ہے) کے صفحہ ۷۱ میں ہے کہ ذکر بعض اہل العلم ان عبد اللہ ابن سبا کان یہودیا فاسلم و والی علیا علیہ السلام وکان یقول وھو علی یہودیتہ فی یوشع بن نون وصی موسی بالغلو فقال فی اسلامہ بعد وفات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ فی علی علیہ السلام مثل ذلک وکان اول من اشہر بالقول بفرض امامۃ علی واظہر البراءۃ من اعدائہ وکاشف مخالفیہ واکفرھم فمن ہہنا قال من خالف الشیعۃ اصل التشیع والرفض ماخوذ من الیہودیۃ (ترجمہ) بعض اہل علم نے بیان کیا کہ عبد اللہ ابن سبا یہودی تھا پھر وہ اسلام لایا اور اس نے علیؓ سے محبت کی اور وہ اپنے زمانہ یہودیت میں یوشع ابن نون وصی موسیٰ کے بارہ میں بہت غلو کرتا تھا پھر وہ اپنے اسلام کے زمانہ میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد علیؓ کے متعلق بھی ویسا ہی غلو کرنے لگا اور یہ ابن سبا پہلا شخص ہے جس نے امامت علیؓ کے فرض ہونے کو مشہور کیا اور ان کے دشمنوں پر تبرا کیا اور ان کے مخالفوں سے کھل کھیلا اور انکو کافر کہا اسی وجہ سے جو لوگ مذہب شیعہ کے مخالف ہیں وہ کہتے ہیں کہ تشیع و رفض کی بنیاد یہودیت سے لی گئی ہے

ہے فالحمد للہ یخربون بیوتھم بایدیھم وایدی المومنین ۔

چونکہ اس رسالہ سے بیخبر لوگوں کے بہک جانیکا اندیشہ تھا اور مجتہد صاحب کو اسپر ناز بھی بہت ہے جا بجا اسکی لاجوابی کا راگ گایا ہے اور بڑی تحدی کے ساتھ لکھا ہے کہ کوئی شخص اس کا جواب نہیں لکھ سکتا یہ بھی لکھا ہے کہ ہم جواب کے منتظر ہیں اسلئے اسکے جواب کیطرف توجہ کیگئی اور چونکہ بمقام ڈیرہ غازیخاں حائری صاحب نے میرے مقابلہ میں تقریری مناظرہ سے فرار کرتے ہوئے تحریری مناظرہ کا وعدہ کیا تھا گو اس وعدے سے بھی اسی وقت انحراف کر گئے پھر لاہور پہنچکر بھی ان سے مطالبہ کیا گیا لیکن وہ ایفا نہ کر سکے تاہم اس خیال سے کہ شاید اب اسکا ایفا کریں میں نے خود اسکا جواب لکھا ورنہ بہت ممکن تھا کہ کسی طالب علم سے اس کا جواب لکھوا دیا جاتا نام اس جواب کا میں نے **تنبیہ الحائرین بجنایۃ الکتب المبین** اور لقب **بسوط العذاب علی اعداء الکتاب** رکھا ۔ مجتہد پنجاب اب اپنی اور اپنے فرقہ کے تمام علماء و مجتہدین کی پوری طاقت صرف کرکے اس کا جواب لکھیں بلکہ ارواح طیبہ ابن سبا اور زرارہ و ابو بصیر وغیرہم بلکہ اپنے امام غائب کو بھی اپنی مدد کے لئے بلالیں ادعوا شھداءکم من دون اللہ ان کنتم صدقین ۔

اس رسالہ میں چونکہ مجتہد صاحب نے شروع میں ایک تمہید لکھی ہے اس کے بعد یہ بحث اٹھائی ہے کہ شیعوں پر یہ بیجا الزام ہے کہ شیعوں کا ایمان قرآن شریف پر نہیں ہو سکتا، کوئی شیعہ تحریف قرآن کا قائل نہیں ہے بلکہ اہلسنت کی روایات سے تحریف قرآن ثابت ہے لہذا میں اس جواب کو ایک مقدمہ اور دو بحثوں اور ایک خاتمہ پر تقسیم کرتا ہوں **مقدمہ** میں اُن کی تمہید کا جواب ہے، اور **پہلی بحث** میں یہ ثابت کیا ہے کہ بلا شک کسی شیعہ کا ایمان قرآن مجید پر نہیں ہو سکتا، جو شیعہ ایمان بالقرآن کا دعویٰ کرتا ہے وہ موافق اپنی مذہبی تعلیم کے جھوٹ بولتا ہے ـــــ

دوسری بحث میں یہ ثابت کیا ہے کہ اہل سنت پر یہ بہتان لگانا کہ معاذ اللہ ان کی کسی روایت سے تحریف قرآن ثابت ہوتی ہے، یہ ایک ایسا جھوٹ ہے جو قیامت تک کبھی فروغ نہیں پا سکتا **خاتمہ** میں کچھ لطائف مذہب شیعہ کے بیان کئے ہیں،

وحسبنا اللہ ونعم الوکیل ولاحول ولاقوۃ الا باللہ

www.Ahlehaq.Com

Www.Ahlehaq.Com

مقدّمہ

رسالۂ تحریف تجبر کی تمہید کا جواب!

اس رسالہ کی تمہید میں کچھ باتیں تو محض جھوٹ اور بے اصل ہیں اور کچھ باتیں ایسی ہیں کہ اُن سے مذہب شیعہ نیست و نابود ہوا جاتا ہے۔ نمونہ کے طور پر چند نمبر ہدیۂ ناظرین کیے جاتے ہیں۔

(۱) سب سے پہلا مضمون یہ ہے کہ چھیڑ کی ابتداء سنیوں کی طرف سے ہوئی شیعہ ہمیشہ صبر و تحمل سے کام لیتے رہے اب بمجبوری مدافعت کیلئے آمادہ ہوئے حالانکہ تمام دنیا جانتی ہے کہ ہر قسم کے شر و فساد کی ابتداء ہمیشہ شیعوں کی طرف سے ہوتی ہے، مناظرہ و مباحثہ کی ابتداء بھی انھیں نے کی پہلی کتاب مباحثہ شیعہ سنی نہج الحق ہے جو شیعوں کے امام اعظم شیخ حلی نے لکھی ساری بنیادِ فساد یہ ہے کہ شیعہ تبرا کہتے ہیں، بزرگان دین الٰہی کو برا کہتے ہیں، اسی پر آئے دن نزاعات ہوتے ہیں ہمارے مذہب میں کسی کو برا کہنا عبادت نہیں لہذا چھیڑ ہماری طرف سے ہو نہیں سکتی، شیعوں نے سینکڑوں مرتبہ ۲۹۸ تعزیرات ہند کے تحت میں سزائیں پائیں مگر پھر بھی باز نہیں آتے، لاہور میں ابتداء خود مجتہد پنجاب کی طرف سے ہوئی کہ انھوں نے چھپنے و غلطوں میں اپنے رسالوں میں ہمارے مذہب پر سخت نجس و ناپاک حملے کئے، اگرچہ ہم ان کی حرکات سے خوش ہیں کیونکہ انھوں نے ہمارے غافل بھائیوں کو بیدار کر دیا۔

(۲) اہلسنت جو ان لوگوں کو رافضی کہتے ہیں اس کے انتقام میں اس رسالہ تحریف نیز دوسری مطبوعات میں ان کو خارجی کہا گیا ہے حالانکہ یہ سراسر جہالت و حماقت ہے، رافضی کی لفظ آپ کی پسند کی ہوئی لفظ ہے آپکے امام معصوم کہتے ہیں کہ خدا کی طرف سے یہ لقب ہم کو ملا ہے بخلاف اس کے خارجی کی لفظ نہ ہماری پسند

ے کافی کتاب الروضہ صفحہ ۶ا میں ہے کہ امام جعفر صادق نے فرمایا الرافضة قال قلت نعم قال لا واللہ ما سموکم بل اللہ سماکم یعنی تمہارا نام رافضی مخالفوں نے نہیں رکھا بلکہ خدا نے تمہارا نام رافضی رکھا ہے، تعجب ہے کہ شیعہ اگر یہ نام سے کیوں چڑھتے ہیں معلوم ہوتا ہے اپنی روایات پر وہ خود بھی مطمئن نہیں ۱۲۔

www.Ahlehaq.com

کی ہوئی نہ یہ لقب ہماری کتابوں میں اختیار کیا گیا۔ ابھی حضرت ابھی آپ نے خارجی کو دیکھا نہیں، ایک خارجی لاہور میں آجائے تو آپ ہندوستان چھوڑ دیں جیسے ناپاک الفاظ آپ بزرگوں کی شان میں استعمال کرتے ہیں، اس سے ہزار چند وہ حضرت علی کو کمر ڈالتے ہیں۔ (۳) تمہید کے صفحہ ۳ میں حائری صاحب کی بڑی تعریف ہے خطابات تو شیعوں کے یہاں بہت سستے ہیں۔

(۴) تحریف کے وعظ سے ہندو مسلمانوں کی عام دلچسپی علماء و طلبہ اہلسنت کا شریک وعظ ہونا اور بعض انگریزی داں طلبہ کا نعوذ باللہ شیعہ ہو جانا بڑے فخر و مباہات سے بیان کیا ہے، ہندوؤں کی دلچسپی مسلم ہے کیونکہ آپ کا وعظ ان کے لیے جمعدار مفید ہے ظاہر ہے مگر سنی علماء و طلبہ کا آپ کے وعظ میں جانا اگر سچ ہوتا تو آپ زمین پر پاؤں رکھتے بھلا یہ ممکن تھا کہ ان کے نام نہ چھاپتے خصوصاً جب کہ کسی نے تبدیل مذہب بھی کیا ہوتا۔ استغفر اللہ

(۵) تمہید کے صفحہ ۵ پر ایک شیعہ رئیس پر سخت تعریض کی ہے، غالباً وہ نواب فتح علی خاں قزلباش ہیں انھوں نے کئی مرتبہ عام طور پر اس کا اظہار کیا کہ یہاں شیعہ سنی کے نزاعات کی بنیاد حائری صاحب ہیں بلکہ سنا ہے کہ انھوں نے حائری صاحب سے ملاقات بھی ترک کر دی ہے

(۶) صفحہ ۱۲ و ۱۳ پر شیعہ مشن کی کامیابی کے بڑے بڑے سبز باغ اپنی قوم کو دکھا کر ان سے چندہ طلب کیا ہے اور اس کے ساتھ ہی مذہب شیعہ کا مطابق عقل و موافق فطرت ہونا بھی بیان کیا ہے، جناب حائری صاحب چندہ بھی خوب لیں، سبز باغ بھی دکھلائیں کیونکہ چندہ بغیر اس کے نہیں مل سکتا مگر مذہب شیعہ کا مطابق عقل ہونا بیان کر کے انھوں نے اپنے کو مبتلائے مصیبت ہی کر دیا ؎

نہ گفتی ندارد کسے با تو کار   ولیکن چو گفتی دلیلش بیار

مجتہد صاحب اگر مذہب شیعہ کا مطابق عقل ہونا ثابت کر دیں تو ہم بھی سمجھیں کہ وہ مجتہد ہیں مگر یاد رہے کہ مذہب شیعہ کے برابر خلاف عقل کوئی مذہب دنیا میں نہیں نہ اصول مطابق عقل ہیں نہ فروع، ؎

نے فروعت محکم آمد نے اصول   شرم بادت از خدا و از رسول

بانیان مذہب شیعہ خود بھی جانتے تھے کہ جس مذہب کی وہ ایجاد کر رہے ہیں اس کی کوئی بات عقل کے مطابق نہیں ہے اسلئے بطور پیش بندی کے انھوں نے یہ حدیث تصنیف کر لی کہ ائمہ معصومین فرماتے ہیں ان علم العلماء صعب مستصعب لا یحتمله الا نبی مرسل او ملک مقرب او عبد مومن امتحن اللہ قلبه للایمان (الصافی شرح اصول کافی کتاب الحجۃ ج ۳ حصہ ۲ ص ۶۴) (ترجمہ:- ہمارے علماء کا علم سخت مشکل ہے سوا نبی مرسل یا فرشتہ مقرب کے یا اس بندہ مومن کے جس کے قلب کو خدا نے ایمان کے

www.Ahlehaq.com

لیے کیا جانچ لیا ہو کوئی شخص ان کو نہیں سکتا یہ تو آپ کے مذہب کی حالت ہے اس پر آپ لکھ رہے ہیں کہ یہی ایک مذہب عقل کے مطابق ہے اچھا فرمائیے؛

(۱) خدا کی بابت یہ عقیدہ رکھنا کہ اسکو بدا ہوتا ہے یعنی وہ جاہل اور اسی وجہ سے اس کی اکثر پیشین گوئیاں غلط ہو جاتی ہیں اور وہ نادم و پشیمان ہوتا ہے اور پھر اس عقیدے کو اس قدر ضروری بتانا کہ جب تک اس عقیدہ کا اقرار نہیں لے لیا گیا کسی نبی کو نبوت نہیں ملی کس عقل کے مطابق ہے؟

(۲) خدا کی بابت یہ عقیدہ رکھنا کہ جب اسکو غصہ آتا ہے تو دوست و دشمن کی اسکو تمیز نہیں رہتی کس عقل کے مطابق ہے؟

(۳) خدا کی بابت یہ عقیدہ رکھنا کہ وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضی سے ڈرتا تھا اسلیئے اس نے بعض کام ان سے چھپا کر کیئے، کس عقل کے مطابق ہے؟

(۴) خدا کی بابت یہ عقیدہ رکھنا کہ وہ بندوں کی عقل کا محکوم ہے اور اس پر عدل واجب ہے اصلح واجب ہے یعنی بندوں کے حق میں جو کام زیادہ مفید ہو خدا پر واجب ہے کہ وہی کام کیا کرے اسی بنا پر خدا کے ذمہ واجب کیا گیا کہ ہر زمانے میں ایک امام معصوم کو قائم رکھے جس کا نتیجہ یہ ہے کہ شیعوں کا سوچا ہوا انتظام جب دنیا میں نہ پایا جائے اور اکثر ایسا ہی ہوتا ہے تو خدا پر ترک واجب کا جرم قائم ہوا آجکل بھی صدیوں سے خدا ترک واجب کا ارتکاب کر رہا ہے کہ کوئی امام معصوم اس نے قائم نہیں کیا ایک صاحب صدیوں سے کسی غار میں روپوش بیان کیے جاتے ہیں مگر ان کا ہونا نہ ہونا برابر ہے کیوں کہ ان سے کسی کو فائدہ پہونچنا تو درکنار ملاقات تک نہیں ہو سکتی یہ عقیدہ کس عقل کے مطابق ہے؟

(۵) بتقلید مجوس یہ عقیدہ رکھنا کہ خدا تمام چیزوں کا خالق نہیں بلکہ بندے بھی بہت سی چیزوں کے خالق ہیں صفت خالقیت میں خدا کے لاکھوں کروڑوں بے گنتی بے شمار شریک ہیں اور پھر اپنے کو موحد کہنا کس عقل کے مطابق ہے؟

سچ پوچھو تو شیعوں کا یہ عقیدہ مجوسیوں سے بدرجہا بڑھ گیا، مجوسی صرف دو خالق کے قائل ہیں ایک یزداں دوسرا اہرمن مگر شیعہ تو بے گنتی بے شمار خالق بتلاتے ہیں پھر نہ معلوم کس قانون سے مجوسی بیچارے تو مشرک قرار دیئے جائیں اور شیعہ موحد اِنَّ ھٰذا لشیءٌ عجیب۔

(۶) نبیوں کے متعلق یہ عقیدہ رکھنا کہ ان میں اصول کفر موجود ہوتے ہیں، کس عقل کے مطابق ہے؟

(۷) نبیوں کے متعلق یہ عقیدہ رکھنا کہ ان سے بعض ایسی خطائیں سرزد ہوتی ہیں کہ اس کی سزا میں ان سے نورِ نبوت چھین جاتا ہے، کس عقل کے مطابق ہے؟

(۸) نبیوں کے متعلق یہ عقیدہ رکھنا کہ وہ مخلوق سے اس قدر ڈرتے ہیں کہ احکامِ خداوندی کی تبلیغ مارے ڈر کے نہیں کرتے حتیٰ کہ سید الانبیاءؐ نے بہت سی آیتیں قرآن شریف کی صحابہ کے ڈر سے چھپا لیں جن کا آجتک کسی کو علم نہیں ہوا نہ اب ہو سکتا ہے جب کوئی حکم خواہ مخواہ تبلیغ کرانا ہوتا تو خدا کو بار بار تاکید کرنا پڑتی تھی اس پر بھی کام نہ نکلتا تو خدا کو وعدہ حفاظت کرنا پڑتا تھا کس عقل کے مطابق ہے؟

(۹) نبیوں کے متعلق یہ عقیدہ رکھنا کہ وہ خدا کے انعام کو واپس کر دیا کرتے تھے بار بار خدا انعام بھیجتا تھا اور وہ بار بار واپس کرتے تھے آخر خدا کو کچھ اور لالچ دینا پڑتا تھا اس وقت اس انعام کو قبول کرتے تھے کس عقل کے مطابق ہے؟

(۱۰) نبیوں کی بابت یہ عقیدہ رکھنا کہ وہ اپنی تعلیم کی اجرت مخلوق سے مانگتے تھے اور خدا نے ان کو ایسے قابل شرم کام کی اجازت دی تھی، کس عقل کے مطابق ہے؟

(۱۱) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق یہ عقیدہ رکھنا کہ آپ نے اپنی رحلت کے قریب ایک بڑی آمدنی کی جائداد جو بحیثیت جہاد حاصل ہوئی تھی اپنی بیٹی کو ہبہ کر دی تھی جبکہ حکومتِ اسلامیہ بالکل مفلس اور حاجتمند تھی کس عقل کے مطابق ہے؟

(۱۲) قرآن شریف کی بابت یہ عقیدہ رکھنا کہ اس میں پانچ قسم کی تحریف ہوئی کم کر دیا گیا، بڑھا دیا گیا، الفاظ بدل دیئے گئے، حرف بدل دیئے گئے، اس کی ترتیب آیتوں اور سورتوں کی خراب کر دی گئی اور اب موجودہ قرآن میں نہ فصاحت و بلاغت ہے نہ وہ معجزہ ہے بلکہ وہ دین اسلام کی بیخ کنی کر رہا ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین اس میں ہے پھر یہ بھی کہنا کہ باوجود ان سب باتوں کے دین اسلام باقی ہے کس عقل کے مطابق ہے؟

(۱۳) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات جن کو قرآن شریف میں ایمان والوں کی ماں فرمایا اور نبی کو حکم دیا کہ اگر یہ طالبِ دنیا ہوں تو ان کو طلاق دیدیجئے، ان کی بابت یہ عقیدہ رکھنا کہ وہ نعوذ باللہ منافقہ تھیں، طالبِ دنیا تھیں اور باوجود اس کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ان کو اپنی صحبت میں رکھتے، ان سے اختلاط و ملاطفت فرماتے رہے، کس عقل کے مطابق ہے؟

(۱۴) یہ عقیدہ رکھنا کہ حضرت علی کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج کے طلاق دینے کا اختیار تھا اسلئے انھوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں بھی نہیں بلکہ آپؐ کی وفات کے بعد اور بہت بعد حضرت عائشہ صدیقہؓ کو طلاق دے دی، کس عقل کے مطابق ہے ؟

(۱۵) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہراتؓ کو اہل بیت سے خارج کرنا کس عقل کے مطابق ہے؟

لفظ اہلبیت از روئے قواعد ولغتِ عرب و محاورہ قرآنی زوجہ کیلئے مخصوص ہی شیعوں نے زوجہ کو تو اہلبیت سے خارج کر دیا اور جن لوگوں کو مجازی طور پر ازراہِ محبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اہلبیت فرمایا تھا ان کیلئے اس لفظ کو خاص کر دیا۔

(۱۶) صحابہؓ جنھوں نے تمام دنیا میں اسلام پھیلایا جو قبل ہجرت ایسے نازک وقت میں اسلام لائے کہ اس وقت کلمۂ اسلام کا پڑھنا اژدھے کے منہ میں ہاتھ ڈالنا تھا اور جبکہ بظاہر اسباب کوئی امید نہ تھی کہ کبھی اس دین کا عروج ہوگا، جنھوں نے دین کیلئے بڑی بڑی تکلیفیں سالہا سال تک اٹھائیں جنھوں نے دین کیلئے اپنا وطن چھوڑا اپنے اعزہ اقارب سے قطع تعلق کیا، جنھوں نے کافروں کی بڑی بڑی سلطنتیں زیر وزبر کرکے اسلامی تعلیم کو وہاں رواج دیا جو تئیس برس تک شب وروز سفر وحضر میں ہمرکاب و ہمصحبت سیدالانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے رہے ان حضرات کی بابت (جو ہزاروں لاکھوں تھے) یہ اعتقاد رکھنا کہ یہ سب لوگ دین اسلام کے دشمن تھے مال دنیا کے موہوم لالچ میں منافقانہ مسلمان ہوئے تھے اور نبی کے بعد سب کے سب سوا تین چار کے مرتد ہو گئے قرآن میں تحریف کر دی اور وہی محرّف قرآن تمام دنیا میں رائج ہو گیا، نبی کی بیٹی کو انھوں نے مارا پیٹا، حمل گرا یا مار ڈالا، سیدالانبیاء کی ۲۳ برس کی صحبت وتربیت نے ان پر ذرہ برابر اثر نہ کیا وغیرہ وغیرہ یہ اعتقاد کس عقل کے مطابق ہے؟

(۱۷) اپنے خانہ ساز اماموں کے متعلق یہ عقیدہ رکھنا کہ وہ نبیوں کی طرح معصوم ومفترض الطاعۃ ہوتے ہیں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم رتبہ اور باقی انبیاء سے افضل تھے باوجود اس کے ان کو نبی نہ کہنا چاہیے کس عقل کے مطابق ہے ؟

(۱۸) اماموں کے بابت اعتقاد رکھنا کہ وہ ران سے پیدا ہوتے ہیں اور ان کی پیشانی پر آیت لکھی ہوتی ہے کس عقل کے مطابق ہے ؟

(۱۹) امام مہدی کے متعلق یہ عقیدہ رکھنا کہ وہ چار برس کی عمر میں قرآن شریف اور تمام تبرکات لے کر بھاگ گئے اور سنیوں کے خوف سے ایک غار میں جا کر چھپ رہے اور صدیوں سے اسی غار میں چھپے بیٹھے ہیں کسی کو نظر نہیں

www.Ahlehaq.Com

آتے کس عقل کے مطابق ہے؟

ف:۔ امام مہدی کے غائب ہونے کا قصہ تمام تر خلاف عقل باتوں سے بھرا ہوا ہے، بھلا بتائیے تو اب کونسا خوف ہے جو وہ باہر نہیں نکلتے۔ مرزا غلام احمد قادیانی ڈنکے کی چوٹ پر دعوائے نبوت کا کرے اپنے کو انبیائے افضل کہے، حضرت عیسٰی کی توہین کرے جھوٹی پیشین گوئیاں بیان کرے اپنے نہ ماننے والے مسلمان کو کافر کہے اور کوئی اس کا کچھ نہ بگاڑ سکے، آپکے امام مہدی مرزا سے زیادہ کون ایسی بات کہتے وہ بھی اپنے کو نبیوں سے افضل کہتے صحابہ کرامؓ کی توہین کرتے، جھوٹی پیشین گوئیاں بیان کرتے، اپنے کو معصوم مفترض الطاعۃ کہتے، اپنے نہ ماننے والوں کو ناری کہتے، قرآن کی توہین کرتے۔ بس پھر ان کو ایسا کیا خوف ہے کہ وہ باہر نہیں نکلتے۔

(۲۰) اماموں کی بابت یہ عقیدہ رکھنا کہ ان کے پاس عصائے موسیٰ، انگشتری سلیمان اور بڑے بڑے معجزات اور بڑے بڑے لشکر جنات کے ہوتے ہیں اور ان کو اپنے مرنے کا وقت بھی معلوم ہوتا ہے اور ان کی موت ان کے اختیار میں ہوتی ہے بالخصوص حضرت علیؓ میں علاوہ ان اوصاف کے قوت جسمانی بھی مافوق الفطرت تھی کہ جبرئیل جیسے شدید القویٰ فرشتہ کے پر کاٹ ڈالے پھر باوجود ان عظیم الشان طاقتوں کے یہ عقیدہ رکھنا کہ قرآن محرف ہو گیا، فدک چھین گیا حضرت فاطمہؓ پر مار پڑی، حمل گرایا گیا، شہید کی گئیں حضرت علیؓ کی لڑکی بجبر چھین لی گئی، حضرت علیؓ کی گردن میں رسی ڈالکر کھینچے گئے، زبردستی بیعت لی گئی مگر وہ کچھ نہ بولے، نہ معجزات سے کام لیا نہ لشکر جنات سے نہ اسی پر کچھ دل مضبوط ہوا کہ میری موت کا تو فلاں وقت مقرر ہے پھر وہ بھی میرے اختیار میں ہے، کس عقل کے مطابق ہے؟

(۲۱) باوجود ان سب قوتوں اور سامانوں کے یہ عقیدہ رکھنا کہ حضرت علیؓ کو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم وصیت کر گئے تھے کہ اے علیؓ چاہے قرآن محرف ہو جائے، کعبہ گرا دیا جائے، تمہاری عزت خاک میں ملا دی جائے مگر تم صبر کئے ہوئے خاموش بیٹھے رہنا، کس عقل کے مطابق ہے؟

(۲۲) باوجود وصیت رسول کے اور باوصف معصوم ہونیکے حضرت علیؓ کا ام المومنین حضرت صدیقہؓ اور حضرت معاویہؓ سے اس بنیاد پر لڑنا کہ وہ لوگ بے دینی کا کام کرتے تھے، کس عقل کے مطابق ہے؟ ام المومنینؓ اور حضرت معاویہؓ نے کونسی بے دینی خلفائے ثلاثہؓ سے بڑھکر کی تھی بلکہ سچ تو یہ کہ (معاذ اللہ) خلفائے ثلاثہؓ کے کام حضرت معاویہؓ وغیرہ سے بدرجہا بڑھکر تھے، قرآن میں تحریف کرنا متعہ جیسی مرغوب عبادت کو

حرام کرنا، نماز تراویح جیسے گناہ بے لذت کو رواج دینا، فدک چھیننا حضرت فاطمہؓ کو زدوکوب کرنا حضرت علیؓ کی گردن میں رسی ڈالکر زبردستی بیعت لینا، ام کلثوم کو غصب کرنا ان مظالم سے بڑھکر بلکہ ان کے برابر کون ظلم حضرت معاویہؓ وغیرہ کا تھا، حضرت علیؓ خلفائے ثلثہؓ سے نہ لڑے اور ان سے لڑے، زندگی بھر خلفائے ثلثہ کی خوشامد اور ان کی جھوٹی تعریفیں کرتے رہے اور حضرت معاویہؓ سے برسر پیکار ہو گئے جناب حائری صاحب صرف اسی ایک بات کو کسی طرح مطابق عقل کر کے دکھا دیں۔

(۲۳) باوجود اسکے کہ حضرت علیؓ کے حالات خلاف شجاعت وخلاف حمیت وغیرت کتب معتبرہ شیعہ میں بکثرت موجود ہیں جن میں سے کچھ قدر قلیل اوپر بیان ہوئے بقول شیعہ حضرت علی رضی اللہ عنہ عمر بھر اپنا اصلی مذہب چھپائے رہے ہمیشہ جھوٹ بولا کئے لوگوں کو جھوٹے مسئلے بتاتے رہے پھر ان کو اسد اللہ الغالب اور اشجع الاشجعین کہنا کس عقل کے مطابق ہے؟

(۲۴) باوجود حضرت علیؓ کے ان حالات کے اور باوجود اس کے کہ حضرت علیؓ سے زندگی بھر کوئی کارنمایاں نہیں ہوا زمانہ رسول میں جو کام انھوں نے کئے وہ رسول کی پشت پناہی اور ان کے اقبال سے اتفاقی جوہر تو اس وقت معلوم ہوتا جب وہ رسول کے بعد کوئی کام کر کے دکھاتے مگر ایسا ایک واقعہ بھی کوئی شیعہ پیش نہیں کر سکتا ایسے شخص کی بابت یہ عقیدہ رکھنا کہ اصلاح عالم اسی کی خلافت میں تھی اور رسول نے اسی کو اپنا خلیفہ بنایا تھا کس عقل کے مطابق ہے؟

(۲۵) اصحاب ائمہ میں باہم نزاع ہوا اور باوصف امام کے زندہ موجود ہونے کے وہ نزاع رفع نہ ہو بلکہ ترک سلام وکلام کی نوبت آجائے مگر شیعہ انمیں سے کسی کو خاطی نہ کہیں سب کو اچھا سمجھیں اور اصحاب رسولؐ میں اگر کوئی ایسا واقعہ ہو گیا تو وہاں ایک فریق کو برا کہنا ضروری سمجھیں کس عقل کے مطابق ہے؟

(۲۶) اصحاب ائمہ میں باقرار شیعہ نہ امانت تھی نہ صدق ائمہ پر افترا بھی کرتے تھے ائمہ انکی تکذیب بھی کرتے تھے، ائمہ سے نہ انھوں نے اصول دین کو یقین کیساتھ حاصل کیا تھا نہ فروع کو ائمہ ان سے تقیہ کرتے رہے اپنا اصلی مذہب ان سے چھپا لیا کئے باایں ہمہ ان اصحاب ائمہ کی روایات پر اعتبار کرنا اور مذہب شیعہ کی تعلیمات کو ائمہ کی طرف منسوب کرنا کس عقل کے مطابق ہے؟

(۲۷) اولاد رسول میں گنتی کے بارہ تیرہ اشخاص کو مانکر باقی سیکڑوں ہزاروں نفوس کو برا کہنا ان سے عداوت رکھنا ان پر تبرا بھیجنا اور اس حالت پر محبت اولاد رسول کا دعوی کرنا کس عقل کے مطابق ہے؟

www.Ahlehaq.com

یہانتک تو آپ کے اعتقادات کا نمونہ یکے از ہزار و مشتے از خروار دکھایا گیا، اب ذرا اعمال کی طرف توجہ فرمائیے،

(۲۸) جھوٹ بولنا جسکو ہر زمانہ میں تمام دنیا کے عقلا نے بدترین عیب قرار دیا تمام مذاہب نے اسکو گناہ عظیم مانا اسکو عبادت قرار دینا اور پھر عبادت بھی اس درجہ کی کہ دین کے دس حصہ ہیں ان میں سے نو حصے جھوٹ ہیں میں اور ایک حصہ باقی عبادات نماز روزہ حج زکوٰۃ جہاد وغیرہ میں ہے اور جو جھوٹ نہ بولے وہ بے دین و بے ایمان ہے اور انبیاء و ائمہ و پیشوایان دین مبلغین شریعت کا دین یہی تھا کہ وہ جھوٹ بولتے اور جھوٹے مسئلے لوگوں کو بتایا کرتے تھے کس عقل کے مطابق ہے؟

ضرورت شدیدہ کے وقت جھوٹ بولنا اگر جائز ہوتا یعنی اس کے ارتکاب میں نہ گناہ ہوتا نہ ثواب تو اسمیں کچھ اعتراض نہوتا ضرورت شدیدہ کے وقت سور کا گوشت کھا لینا بھی جائز ہے جو کچھ اعتراض ہے وہ اس کے عبادت اور بے انتہا ثواب اور اس کے رکن اعظم دین ہونے پر اور اس پر کہ پیشوایان مذہب کا اسکو شیوہ گنا جاتا ہے اور وہ بھی دینی تعلیم میں،

(۲۹) دین و مذہب کے چھپانے کی تاکید کرنا اور اپنا اصلی مذہب ظاہر کرنے کو بدترین گناہ قرار دینا کس عقل کے مطابق ہے؟

(۳۰) زنا کی اجازت دینا اور اسکو حلال کہنا عورت و مرد کی رضامندی کو نکاح کیلئے کافی قرار دینا نہ گواہ کی ضرورت نہ مہر کی نہ کسی اور شرط کی کس عقل کے مطابق ہے؟

(۳۱) متعہ کو نہ صرف حلال کہنا بلکہ اسکو ایسی اعلیٰ عبادت قرار دینا اور اس میں ایسا ثواب بیان کرنا کہ نکاح تو نکاح نماز و روزہ حج و زکوٰۃ میں بھی وہ ثواب نہیں کس عقل کے مطابق ہے؟

کتب شیعہ میں لکھا ہے کہ متعی مرد و عورت جو حرکات کرتے ہیں ہر حرکت پر ان کو ثواب ملتا ہے غسل کرتے ہیں تو غسال کے ہر قطرہ سے فرشتے پیدا ہوتے ہیں اور یہ فرشتے قیامت تک تسبیح و تقدیس کرتے ہیں اور اسکا ثواب متعی مرد و عورت کو ملتا ہے۔ ایک مرتبہ متعہ کرے تو امام حسینؓ کا دو مرتبہ کرے تو امام حسنؓ کا تین مرتبہ کرے تو حضرت علیؓ کا چار مرتبہ کرے تو رسول خدا کا رتبہ ملتا ہے جو متعہ نہ کریگا وہ قیامت کے دن نکٹا اٹھیگا استغفر اللہ۔

(۳۲) اصحاب رسولؐ کو برا کہنا گالی دینا اور سب و شتم کو اعلیٰ درجہ کی عبادت سمجھنا کس عقل کے مطابق ہے؟

دشنام بمذہبے کہ طاعت باشد   مذہب معلوم اہل مذہب معلوم

(٣٣) کافر عورتوں کو ننگا دیکھنے کا جواز کس عقل کے مطابق ہے؟

(٣٤) سترِ عورت صرف بدن کے رنگ کو قرار دینا اور کوئی ایسا ضماد وغیرہ جس سے صرف بدن کا رنگ بدل جائے لگا کر لوگوں کے سامنے برہنہ ہو جانا کس عقل کے مطابق ہے؟

(٣٥) عورتوں کے ساتھ وطی فی الدبر یعنی فعل خلاف وضع فطری کا ارتکاب جائز کہنا کس عقل کے مطابق ہے؟

(٣٦) بے وضو و بلا غسل سجدۂ تلاوت اور نماز جنازہ کو جائز کہنا کس عقل کے مطابق ہے؟

(٣٧) کسی میت کی نماز جنازہ میں شریک ہو کر بجائے دعا کے اسکو بد دعا دینا یقیناً سخت دغا و فریب ہے کیونکہ نماز جنازہ دعائے خیر کیلئے ہے نہ دعائے بد کیلئے یہ دغا و فریب کس عقل کے مطابق ہے؟

(٣٨) نماز زیارت ائمہ ان کی قبروں کی طرف منہ کر کے پڑھنا قبلہ کی طرف پیٹھ ہو جانا کس عقل کے مطابق ہے؟

(٣٩) نجاست میں پڑی ہوئی روٹی کو ائمہ معصومین کی غذا بتانا اور یہ کہنا کہ جو ایسی غذا کھالے وہ جنتی ہے کس عقل کے مطابق ہے؟

(٤٠) احادیث ائمہ میں اس قدر اختلاف ہونا کہ کوئی مسئلہ نہیں جس میں اماموں نے مختلف و متضاد فتوے نہ دیئے ہوں کس عقل کے مطابق ہے؟

اکابر مجتہدین شیعہ اپنی احادیث کے اس عظیم الشان اختلاف سے سخت حیران و پریشان ہیں واقعی ایسا اختلاف کسی مذہب کی روایات میں نہیں ہے مجتہدین شیعہ کو مجبور ہو کر اس کا اقرار کرنا پڑا کہ ہمارے ائمہ معصومین کا اختلاف سنیوں کے شافعی حنفی کے اختلاف سے بدرجہا زائد ہے، بہت سے شیعہ جب اپنے اس مذہبی اختلاف سے واقف ہوئے تو مذہب شیعہ سے پھر گئے اس کا بھی اقرار مجتہدین شیعہ کی زبان سے موجود ہے۔

ان تمام مسائل کیلئے کتب شیعہ کا حوالہ انکی کتابوں کی اصلی عبارتیں ان شاء اللہ تعالیٰ خاتمہ میں ملیں گی۔

جناب حائری صاحب نے مذہب شیعہ کے مطابق عقل ہونے کی چند مثالیں بھی پیش کی ہیں جن سے تعجب ہوتا ہے کہ اس قدر غلط بیانی سے آخر کیا نتیجہ ہوتا ہے مثلاً یہ کہ مذہب شیعہ اصول فرقہ بندی کے نزاعات سے ارفع ہے حالانکہ مذہب شیعہ نے جسقدر نزاعات برپا کئے ہیں تاریخ شاہد ہے اسی امامت کیلئے بھائی بھائی میں لڑائی، چچا بھتیجے میں لڑائی و کشت و خون ہو گئے، مذہب شیعہ میں اتنے فرقے پیدا ہوئے کہ خدا کی پناہ کوئی کسی کو امام کہتا ہے کوئی کسی کو، اور مثلاً یہ کہ مذہب شیعہ غیر معصوم کی پیروی سے نجات دیتا ہے کس قدر غلط بات ہے اول تو جن کو آپ معصوم کہتے ہیں وہ غیر معصوم تھے دوسرے مجتہدوں کی تقلید جیسی آپکے یہاں ہے سب جانتے ہیں اور مثلاً

www.Ahlehaq.Com

www.Ahlehaq.com

یہ کہ مذہب شیعہ احبار پرستی کو مٹاتا ہے کیا جھوٹ ہے انسان پرستی تو آپکے مذہب کی بنیاد ہے، ائمہ کو خدائی اختیارات دینا، تعزیہ پرستی کی تعلیم کرنا اور اس پر یہ دعوے آپ ہی کا کام ہے اور مثلاً یہ کہ مذہب شیعہ چند الفاظ کے دہرانے پر اغراض مذہب کو ختم نہیں بلکہ ہمہ وقت عبادت کی تعلیم دیتا ہے کیا نمایاں دروغ ہے مذہب شیعہ میں عبادت کونسی ہے گالی دینا جھوٹ بولنا، متعہ کرنا زیادہ سے زیادہ تعزیے نکالنا ماتم کرنا اور مثلاً یہ کہ مذہب شیعہ بڑی عمدہ صفات والا خدا پیش کرتا ہے مذہب شیعہ کے خدا کی حالت اوپر معلوم ہو چکی اور مثلاً یہ کہ مذہب شیعہ قوم وملک کا امتیاز نہیں کرتا سب مسلمانوں کو ایک رتبہ میں کر دیتا ہے کیا تاریک جھوٹ ہے سادات کی اس قدر فضیلت سید ہونے پر اتنا ناز اور پھر یہ دعوے سبحان اللہ! اہلسنت البتہ نسب کی وجہ سے کسی کو کسی پر فضیلت نہیں دیتے بلکہ مدار فضیلت تقوے ہے اسی وجہ سے حضرت ابوبکر صدیق رضی کو اور حضرت عمر فاروق رضی کو حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اور تمام صحابہ کرام سے افضل مانا گیا غرضیکہ حائری صاحب نے مذہب اہلسنت کے تمام صفات اپنے مذہب کیلئے ثابت کر دیئے ان کو کیا خبر تھی کہ کوئی ان خرافات کا جواب لکھیگا اور ان دروغ بیانیوں کی حقیقت کھل جائیگی۔

اب دیکھئے کہ حائری صاحب نے مذہب شیعہ کو کسطرح مٹایا بلکہ اس کی خاک کا ایک ذرہ بھی باقی نہیں رکھا قرآن شریف پر ایمان رکھنے کا دعوے کر کے اس کے ثبوت میں صفحہ ۱۸ میں فرماتے ہیں،

> اس مقدس کتاب کی سب سے بڑی خصوصیت جس میں دنیا کی کوئی کتاب اس کے مثل ہونے کا دعویٰ نہیں کر سکتی وہ حیرت انگیز روحانی انقلاب ہے جو اس کے ذریعہ سے دنیا میں نمودار ہوا اور اسی کی طرف اس کے ان پاک الفاظ میں اشارہ ہے جس سے یہ کتاب (قرآن) شروع ہوتی ہے ذلک الکتاب لاریب فیہ ھدی للمتقین یعنی کتاب (قرآن) اس میں کوئی شک نہیں ایک عظیم الشان اور کامل ہدایت ہے متقیوں کیلئے،
>
> یہ بات کہ جو انقلاب اس کتاب نے پیدا کیا اس کی کوئی نظیر دنیا کی تاریخ میں نہیں ملتی سب کے مسلم ہے پیغمبر اسلام علیہ وآلہ السلام جو تمام نبیوں سے اور تمام مذہبی مصلحوں سے بڑھ کر کامیاب ہوئے تو یہ کامیابی اسی پاک کتاب قرآن کے ذریعہ سے وقوع میں آئی اسکے احکام نے ہر قسم کی خطرناک بدیوں کو جو ہزاروں سالوں سے جڑ پکڑے ہوئے تھیں جیسے بت پرستی شراب خواری وغیرہ خس وخاشاک کیطرح نیست ونابود کر دیا اور جزیرہ نمائے عرب میں ان کا

نشان تک باقی نہ چھوڑا۔ خطرناک جنگجو قوموں کو جن کی عداوتیں صدیوں سے چلی آتی تھیں ایک معتمد قوم بنا دیا اور ایک ان پڑھ قوم کو اعلیٰ سے اعلیٰ علوم و تہذیب کے علم بردار بنا کر انکو دنیا کا پیشرو بنایا۔

عزیزو! ایک غائر نظر ڈالو دیکھو قرآن کا ایک ایک لفظ اللہ تعالیٰ کی شوکت و عظمت کا ایک ایسا موثر نقشہ کھینچتا ہے جسکی نظیر ہمیں کسی دوسری مقدس کتاب میں نظر نہیں آتی اور اس طرح پر قرآن یہ تحدی کرتا ہے فاتوا بسورۃ من مثلہ یعنی ان جیسی ایک ہی صورت پیدا کرو جس کا جواب و نجاز میں نہیں ہو سکا۔

عرب کو چھوڑ و ساری نسل انسانی قرآن مجید کے نزول سے پہلے قعر ذلت میں گر پڑی تھی جہالت اور تاریکی کے بادل اخلاق و روحانیت کے آسمان پر ایسے چھائے ہوئے تھے کہ روشنی کی شعاع نظر نہ آتی تھی خدا کے قانون بڑی دلیری سے توڑے جاتے اور الٰہی حدبندیوں سے بڑی بیباکی کیساتھ تجاوز کیا جاتا تھا فسق و فجور کی حکومت ساری روئے زمین پر تھی مگر عرب کا ملک سب سے بڑھا ہوا تھا وہ نہ صرف ہر ایک قسم کے فاحش امور کے ہی مرتکب ہوتے بلکہ ان کے ارتکاب پر اپنی مجلسوں میں اور اپنے اشعار میں فخر کرتے ایک تھوڑے عرصے کے اندر اسی قرآن کی تعلیم نے ان کو ایک خدا پرست راستباز انسانوں کی جماعت بنا کر دنیا کی اصلاح کیلئے کھڑا کر دیا، اور دوسروں میں بھی انھوں نے وہی روح پھونکدی جو قرآنی تعلیم کے مطابق خود ان کے اندر کام کر رہی تھی۔ قرآن کے متعلق بھی تمام شیعوں کا یہی عقیدہ ہے، اس پر شیعوں کو کہا جاتا ہے کہ قرآن پر ان کا ایمان نہیں اور نہ ہو سکتا ہے، (اسی قسم کا مضمون رسالہ مذکورہ کے صفحہ ۸ پر ہے)

حائری صاحب نے قرآن شریف کی عظمت اور اس کی عجیب و غریب تاثیرات کی بابت جو کچھ لکھا ہے سچ لکھا ہے اور واقعی اگر شیعوں کا عقیدہ یہی ہے تو انکا ایمان قرآن شریف پر ہو سکتا ہے مگر افسوس کہ شیعوں کا عقیدہ بالکل اسکے خلاف ہے،

کیا یہ مذہب شیعوں کا ہے یا ہو سکتا ہے کہ قرآن مجید نے حیرت انگیز روحانی انقلاب پیدا کیا جس میں دنیا کی کوئی قوم اس کی مثلیت کا دعویٰ نہیں کر سکتی ہرگز نہیں شیعوں کا مذہب تو یہ ہے کہ قرآن مجید کی تعلیم نے کچھ بھی اثر نہیں کیا ۲۳ برس میں صرف چار شخص مسلمان ہوئے باقی تمام لوگ طمع دنیا سے منافقانہ اسلام لائے تھے اور نبی کی وفات پاتے ہی اعلانیہ مرتد ہو گئے کیا مذہب شیعوں کا ہے یا ہو سکتا ہے کہ پیغمبر اسلام علیہ التحیۃ والسلام سب

Www.Ahlehaq.Com

نبیوں سے زیادہ کامیاب ہوئی، تین چار شخصوں کو تیئیس ۲۳ برس کی کوشش بلیغ میں مسلمان کر لیا وہ بھی اس طرح کہ کامل الایمان صرف دو ہی تھے، ایک علیؓ اور دوسرے مقداد، رجال کشی صفحہ میں ہے ارتد الناس الا ثلثۃ نفر سلمان و ابوذر و المقداد و ان اردت الذی لم یشک ولم یدخلہ شیئ فالمقداد یعنی سب لوگ مرتد ہو گئے سوا تین ۳ اشخاص کے سلمانؓ، ابوذرؓ، مقدادؓ اور اگر تم ایک ایسا شخص چاہتے ہو جس نے بالکل شک نہ کیا ہو اور اسکے دل میں کوئی برائی نہ ہو تو وہ صرف مقداد تھے پس بتلایئے یہ کونسی کامیابی ہے بلکہ آپ کے مذہب کے رو سے تو پیغمبر اسلام سب نبیوں سے زیادہ ناکام رہے۔

کیا یہ مذہب شیعوں کا ہے یا ہو سکتا ہے کہ جزیرہ نمائے عرب سے تمام خطرناک بدیاں بت پرستی شراب خواری وغیرہ کا نشان قرآن نے مٹا دیا تھا، کیا صحابہ کرام کو تمام بدیوں سے پاک سمجھنا آپ کا مذہب ہے آپ کا مذہب تو یہ ہے کہ تمام عرب سوا تین چار کے انھیں بدیوں میں مبتلا رہا خلیفہ ثانی آخر وقت تک شراب پیتے رہے نعوذ باللہ

کیا یہ مذہب شیعوں کا ہے یا ہو سکتا ہے کہ صحابہ کرامؓ باہمی عداوت و جنگجوئی سے پاک ہو کر ایک معتمد قوم بن گئے تھے، تمام دنیا جانتی ہے کہ آپ کا مذہب بالکل اس کے خلاف ہے ان میں وہی دیرینہ عداوتیں آخر تک قائم رہیں اور آپس میں برابر لڑتے اور بغض و عناد رکھتے تھے۔

کیا یہ مذہب شیعوں کا ہے یا ہو سکتا ہے کہ صحابہ کرام اعلیٰ علوم اور تہذیب کے علمبردار اور تمام دنیا کے پیشرو اور پیشوا تھے آپ کا مذہب تو یہ ہے کہ وہ علم دین سے بے بہرہ اور نعوذ باللہ گمراہ تھے اور انھوں نے وہ وہ ظلم کئے جس کی نظیر دنیا میں نہیں ملتی اپنے نبی کی بیٹی کو مار کر حمل گرا دیا ان کا حق چھین لیا خلیفہ برحق کو ذلیل و خوار کیا قرآن میں تحریف کر ڈالی کیا اسی کا نام تہذیب و اعلیٰ علوم کی علمبرداری ہے۔

کیا یہ مذہب شیعوں کا ہے یا ہو سکتا ہے کہ صحابہ کرام خدا پرست اور راستباز انسانوں کی جماعت بن گئی تھے اور قرآنی تعلیم کی روح ان کے اندر کام کر رہی تھی اور وہی روح انھوں نے دوسروں میں پھونک دی تھی اور وہ تمام دنیا کے ہادی و مصلح تھے تمام عالم جانتا ہے کہ صحابہ کرامؓ کے یہ فضائل و مناقب جو آپکی اس عبارت میں ہیں آپکے مذہب کے بالکل خلاف ہیں یہ تمام چیزیں تو اہل سنت کے مذہب کی ہیں،

جناب حائری صاحب قرآن شریف پر ایمان رکھنے کا جو آپ نے دعویٰ کیا۔ یہ اسکا نتیجہ ہے کہ آپ کو اہلسنت کے دامن میں پناہ لینی پڑی صحابہ کرامؓ کے تمام بدیوں سے پاک ہونے اور اعلیٰ علوم و تہذیب کے

www.ahlehaq.com

علمبردار بنکر تمام عالم کے پیشوا ہونے خدا پرست و راستباز خدا پرستی اور قرآنی تعلیم کے مروج ہونیکا اقرار کرنا پڑا، کیا ان سب اقراروں کے بعد مذہب شیعہ کا نام و نشان باقی رہ گیا اور کیا اب بھی اس میں کچھ شک ہے کہ کسی شیعہ کا ایمان قرآن پر نہیں اور نہ ہو سکتا ہے، قرآن شریف پر ایمان بغیر اہل سنت کے دامن میں پناہ لئے ہوئے نصیب نہیں ہو سکتا۔ انشاء اللہ تعالیٰ بحث اول میں ہم اکابر علمائے شیعہ کا اقرار بھی اس مضمون کے متعلق نقل کریں گے کہ جن لوگوں نے قرآن پر ایمان رکھنے کا دعویٰ کیا ہے انھوں نے مذہب امامیہ کو مٹا دیا اور اہل سنت کے ان اعتراضات کو جو مسئلہ امامت پر ہیں دانستہ یا نادانستہ زندہ کر دیا۔

بحث اول۔ شیعوں کا ایمان قرآن شریف پر نہ ہو سکتا ہے

واضح ہو کہ شیعوں کا ایمان نہ قرآن موجود پر ہو سکتا ہے نہ کسی اور موہوم فرضی قرآن پر اور ان کے ایمان نہ ہو سکنے کی وجہ صرف عقیدہ تحریف نہیں بلکہ بہت سی وجوہ ہیں جن میں سے صرف وہی تین وجوہ اس وقت پیش کیجاتی ہیں جو آج سے چار برس پہلے مناظرہ امروہہ میں پیش ہو چکی ہیں۔ شاید اتنے دنوں کی غور و فکر کے بعد اب حائری صاحب یا کوئی مجتہد شیعہ ان کا جواب دے سکیں۔

وجہ اول یہ کہ حضرات شیعہ کا نہایت ضروری عقیدہ بلکہ ان کے مذہب کی بنیاد یہ ہے کہ ناقلان قرآن و راویان دین و ایمان کی پہلی جماعت یعنی صحابہ کرامؓ کی جماعت ساری کی ساری جھوٹی تھی ان میں ایک متنفس بھی ایسا نہ تھا جو جھوٹا نہ ہو، فرق صرف اس قدر ہے کہ بخیال شیعہ اس جماعت میں دو گروہ تھے، ایک حضرات خلفائے ثلثہؓ اور ان کے ساتھیوں کا جو بڑا گروہ [1] تھا ہزاروں لاکھوں آدمی اس میں تھے، دوسرا گروہ حضرت علی مرتضیٰؓ اور ان کے ساتھیوں کا جس میں گنتی کے چار پانچ آدمی بیان کئے جاتے ہیں، بنا بر مذہب شیعہ جھوٹے یہ دونوں گروہ تھے مگر پہلے گروہ کے جھوٹ کا نام نفاق ہے اور دوسرے گروہ کے جھوٹ کا نام تقیہ ہے دوسرا فرق یہ ہے کہ پہلا گروہ جھوٹ بولتا تھا مگر جھوٹ کو عبادت نہ جانتا تھا اور دوسرا گروہ یعنی حضرت علیؓ اور انکے ساتھ

---

[1] کتاب احتجاج طبرسی مطبوعہ ایران جو مذہب شیعہ کی معتبر کتاب ہے اسکے صفحہ ۴۸ میں ہے ما من الامۃ احد بایع مکرھا غیر علی و اربعتنا یعنی امت میں کوئی ایسا نہ تھا جس نے بغیر دلی رضامندی کے ابوبکر کے ہاتھ پر بیعت کی ہو سوا علی اور ہمارے چار شخص کے مراد ابوذر سلمان مقداد عمار معلوم ہوا کہ تمام امت دل و زبان سے حضرت ابوبکرؓ کے ساتھ تھی یہ پانچ شخص جن کا ظاہر و باطن یکساں نہ تھا زبان سے تو حضرت ابوبکر صدیقؓ کے ساتھ تھے دل کسی اور طرف تھا۔ یہی مضمون دوسری کتب کافی وغیرہ میں بروایات کثیرہ منقول ہے۔

www.Ahlehaq.com

والے جھوٹ بولنے کو بہت بڑی عبادت[ؔ] اور بہت ضروری فرض جانتے تھے، نیز یہ لاگروہ بخیال شیعہ ما فوق الفطرت قوت اپنے اپنے رکھتا تھا کہ اپنے مختلف الطبائع اشخاص کو جن کی تعداد حد تواتر کو پہونچی ہوئی تھی۔ بآسانی جھوٹ پر متفق[ؔ] کر لیتا تھا حالانکہ اتنے بڑے گروہ کو جھوٹ پر متفق کر لینا فطرۃً محال ہے

لہٰذا شیعوں کو نہ صرف قرآن کا بلکہ دین کی کسی چیز کا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دعوے نبوت دلائل نبوت وغیرہ کا کسی طرح یقین نہیں ہو سکتا کیونکہ ان کی ہر چیز صحابۂ کرام رضی کے نقل و روایت سے مابعد والوں کو ملی ہے اور ظاہر ہے کہ جھوٹوں اور جھوٹ پر اتفاق کرنے والوں کی نقل و روایت پر کسی طرح یقین و ایمان نہیں ہو سکتا،

وجہ دوم:۔ یہ کہ باقرار شیعہ و مطابق روایات شیعہ یہ قرآن خلفائے ثلثہ رضی کے اہتمام و انتظام سے جمع ہوا اور انھیں کے ذریعہ سے تمام عالم میں پھیلا اور اسکی کوئی قابل وثوق تصدیق ان حضرات سے جنکو شیعہ ائمہ معصومین کہتے ہیں شیعوں کی کتابوں میں منقول نہیں ہے اور حضرات خلفائے ثلثہ رضی کے متعلق شیعوں کا یہ عقیدہ ہے کہ معاذ اللہ وہ صرف مخالف دین نہیں بلکہ دشمن دین تھے۔

لہٰذا جو چیز دین کی دشمن دین کے ہاتھ سے ملے جو معاذ اللہ خائن بھی ہو کاذب بھی ہو تخریب دین کے درپے بھی ہو صاحب سلطنت و شوکت بھی ہو ایسی فوق الفطرت قوت بھی رکھتا ہو کہ جھوٹ پر سب کو متفق کر کے ایک بے بنیاد بات کو متواتر اور ایک متواتر کو بے بنیاد بنا دے اور اس دشمن کے سوا کوئی دوسرا انکا س بھی اس چیز کا نہ ہو

لہ یہ مسئلہ خاتمہ میں بحوالہ کتب شیعہ مفصل بیان کیا جائے گا ۱۲ سے اس کی مثالیں بنا بر مذہب شیعہ بہت ہیں منجملہ ان کے یہ کہ بقول شیعہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مقام غدیر میں ستر ہزار کے سامنے حضرت علی کرم اللہ وجہ کی خلافت کا اعلان کر دیا مگر خلفائے ثلثہ نے اس واقعہ کو جھٹلا دیا اور سب کو اس بات پر متفق کر دیا کہ حضرت نے کسی کی خلافت کا اعلان نہیں دیا اور مثلاً رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے مرض وفات میں حضرت ابوبکر صدیق کو امام نماز نہ بنایا تھا مگر خلفائے ثلثہ نے سب کو اس جھوٹ پر متفق اور اس کی روایت کو متواتر بنا دیا ۱۲ سے یہ اقرار شیعہ کی قید اسلئے کی گئی کہ اہل سنت میں تو اس کی بابت کچھ اختلاف بھی ہے بعض علماء اس طرف گئے ہیں کہ یہ قرآن خود جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم کا جمع کیا ہوا ہے مگر شیعوں میں اس کی بابت کوئی اختلاف نہیں ہے انکی تمام روایات اس پر متفق ہیں کہ یہ قرآن جمع کیا ہوا خلفائے ثلثہ کا ہے جو شیعہ اس کے خلاف کہے وہ اپنے مذہب کی کوئی روایت اپنی تائید میں نہیں پیش کر سکتا ۱۲

کسی دوسرے معتبر ذریعہ سے اسکی تصدیق نہ ہوئی ہو بھلا وہ چیز قابل اعتبار ہو سکتی ہے اس پر کسی سمجھدار کا ایمان ہو سکتا ہے حاشا ثم حاشا ہرگز نہیں،

وہ زمانہ تو بالکل آغاز اسلام کا تھا آج اگر کوئی یہودی قرآن شریف لکھکر فروخت کرے تو کوئی مسلمان اس پر اعتبار نہ کریگا نہ اسکو خریدیگا تا وقتیکہ کسی معتبر حافظ کو دکھلا کر اس کی تصدیق نہ کرائے یا کسی صحیح نسخہ سے اس کا مقابلہ نہ کرائے یہ بالکل بدیہی بات ہے لہذا شیعوں کا ایمان کسی طرح قرآن شریف پر نہیں ہو سکتا۔

وجہ سوم: یہ کہ شیعوں کی معتبر اور نہایت معتبر کتابوں میں زائد از دو ہزار روایات قرآن شریف میں پانچ قسم کی تحریف موجود ہیں کمی، بیشی، تبدیل الفاظ، تبدیل حروف، خرابی ترتیب آیات و سورہ و کلمات اور یہ روایات ان تین اقراروں کے ساتھ ہیں۔ اقرار اول علمائے شیعہ کا یہ کہ یہ روایات کثیر اور متواتر ہیں، اقرار دوم علمائے شیعہ کا یہ کہ یہ روایات تحریف قرآن پر صراحۃً دلالت کرتی ہیں اقرار سوم علمائے شیعہ کا یہ کہ انھیں روایات کے مطابق شیعہ تحریف قرآن کے معتقد بھی ہیں،

نمونے کے طور پر ہر قسم کی تحریف کی روایتیں علیحدہ علیحدہ لکھتا ہوں اسکے بعد یہ تینوں اقرار نقل کروں گا۔ کتب شیعہ کے تتبع کی محنت اٹھا چکنے کے بعد جبکہ النجم میں بحث تحریف لکھی جا چکی ایک مفرد و بے نظیر کتاب مبحث تحریف کی مجھے ملی جس کا نام فَصْلُ الْخِطَابِ فِی اِثْبَاتِ تَحْرِیْفِ کِتَابِ رَبِّ الْاَرْبَابِ ہے یہ کتاب ۱۲۹۸ھ میں ایران میں چھپی ہے مصنف اسکے علامہ حسین بن محمد تقی نوری طبرسی اکابر علمائے شیعہ سے ہیں۔ واقعی یہ کتاب نہایت جامع کتاب ہے عقلی و نقلی ہر طریقے سے انھوں نے قرآن کا محرف ہونا اپنے مذہب کی بنا پر ثابت کرکے تمام روایات تحریف جمع کی ہیں اور شیعوں میں گنتی کے چار اشخاص جو جمیع اقسام تحریف کے منکر ہیں ان کی خوب خبر لی ہے اور ثابت کر دیا ہے کہ کوئی شیعہ تحریف کا منکر نہیں ہے نہ منکر ہو سکتا ہے اس کتاب کے بعض منقولات انشاء اللہ تعالیٰ مناسب موقع پر پیش کیے جائینگے اب ہر قسم کی روایتیں دیکھیے،

قرآن شریف کے کم کیے جانے کی روایتیں

(۱) اصول کافی جو مذہب شیعہ کی سب سے زیادہ معتبر کتاب ہے جسکے مصنف محمد بن یعقوب کلینی[1] ہیں جو بیک واسطہ امام معصوم سفیر حق الطاہرۃ یعنی حضرت امام حسن عسکری کے شاگرد ہیں یہ کتاب بذریعہ سفیروں کے امام غائب

---

[1] کلینی بضم کاف بروزن زبیر ایک قریہ ہے مضافات رے میں اسکا قریہ کی طرف نسبت ہے ۱۲

کے پاس غار میں بھیجی گئی اور امام غائب نے اسکو دیکھکر تصدیق کی اور فرمایا ھذا کاف لشیعتنا یعنی یہ کتاب ہمارے شیعوں کیلئے کافی ہے اس لئے اس کتاب کا نام کافی رکھا گیا۔ اس کتاب میں ایک باب ہے، باب انہ لم یجمع القرآن کلہ الا الائمۃ یعنی یہ باب ان حدیثوں کے بیان میں ہے جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ پورا قرآن سوا ائمہ کے کسی نے جمع نہیں کیا، ظاہر ہے کہ جو قرآن آجکل موجود ہے ائمہ کا جمع کیا ہوا نہیں ہے لہٰذا اس کا ناقص ہونا ثابت ہو گیا۔

(۲) اسی کتاب میں ایک باب ہے، باب فیہ نکت ومنتف من التنزیل فی الولایۃ یعنی یہ باب اس بیان میں ہے کہ امامت کے متعلق قرآن میں قطع و برید کی گئی اسی باب کے صفحہ ۲۶۲ پر ایک روایت یہ ہے۔

عن ابی بصیر عن ابی عبد اللہ علیہ السلام فی قول اللہ عزوجل ومن یطع اللہ ورسولہ فی ولایۃ علی فقد فاز فوزاً عظیما۔ ھکذا نزلت۔	ابو بصیر امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کرتا ہے کہ اللہ عزوجل کا قول ومن یطع اللہ ورسولہ فی ولایۃ علی فقد فاز فوزاً عظیما۔ اسی طرح نازل ہوا تھا۔

(ف) اب قرآن شریف میں فی ولایۃ علی کا لفظ نہیں ہے بغیر اس لفظ کے آیت قرآنی کا مطلب یہ ہے کہ جو شخص اللہ اور اسکے رسول کی اطاعت کریگا وہ کامیاب ہو گا۔ مگر اس لفظ کے ساتھ آیت کا یہ مطلب ہوا کہ کامیابی کا وعدہ صرف ان احکام کی اطاعت پر ہے جو امامت حضرت علیؓ سے تعلق رکھتے ہیں۔

(۳) اسی کتاب کے باب مذکور میں عبد اللہ بن سنان سے روایت ہے۔

عن ابی عبد اللہ علیہ السلام فی قولہ لقد عھدنا الیٰ آدم من قبل کلمٰت فی محمد وعلی وفاطمۃ والحسن والحسین والائمۃ من ذریتھم فنسی ھکذا واللہ انزلت علی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ	امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ کا قول ولقد عھدنا الیٰ آدم من قبل کلمات فی محمد وعلی وفاطمہ والحسن والحسین والائمۃ من ذریتھم فنسی اللہ کی قسم اسی طرح محمد صلی اللہ علیہ وآلہ پر نازل کیا گیا تھا۔

(ف) اب قرآن شریف میں کلمات فی محمد وعلی وفاطمہ والحسن والحسین من ذریتھم نہیں ہے، بغیر ان الفاظ کے آیت کا یہ مطلب ہے کہ ہم نے آدم کو پہلے ہی حکم دیا تھا مگر وہ بھول گئے اور وہ حکم دوسری آیات سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک درخت کے کھانے کی ممانعت کی گئی تھی مگر ان الفاظ کیساتھ آیت کا مطلب یہ ہوا کہ آدم کو محمد و علی و فاطمہ و حسنین و دیگر ائمہ کے متعلق کوئی حکم دیا گیا تھا اور وہ حکم کافی کی دوسری روایات میں اور نیز اور بہت سی روایات میں مذکور ہے کہ حضرت آدم کو ائمہ پر حسد کرنے کی ممانعت کی گئی تھی مگر انھوں نے حسدؔ کیا اور اسی کی سزا میں جنت سے نکال دیے گئے۔

ؔ حضرت آدم کے حسد کرنے کا اور ان کی تذلیل و توہین کا مختصر حال خاتمہ میں انشاء اللہ آئیگا ۱۲

www.Ahlehaq.Com

Www.Ahlehaq.Com

(۴) اسی کتاب کے باب مذکور میں جابر ہی سے روایت ہے کہ

عن ابی جعفر علیہ السلام قال نزل جبرئیل بھذہ الایۃ علی محمد صلی اللہ علیہ الیہ بئسما اشتروا بہ انفسھم ان یکفروا بما انزلنا فی علی بغیا

امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے کہ جبرئیل اس آیت کو محمد صلی اللہ علیہ والہ پر اس طرح لیکر آئے تھے، بئسما اشتروا بہ انفسھم ان یکفروا بما انزلنا فی علی بغیا

(ف) اب قرآن مجید میں فی علی کے لفظ کا پتہ نہیں بغیر اس لفظ کے آیت میں خدا کی ہر نازل کی ہوئی چیز کے انکار کی مذمت تھی مگر اس لفظ کے ساتھ صرف امامت علی کے انکار کی مذمت ہوئی۔

(۵) اسی کتاب کے باب مذکور میں امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے کہ انھوں نے فرمایا،

نزل جبرئیل بھذہ الایۃ علی محمد صلی اللہ علیہ والہ ھکذا ان کنتم فی ریب مما نزلنا علی عبدنا فی علی فاتوا بسورۃ من مثلہ

جبرئیل اس آیت کو محمد صلی اللہ علیہ والہ پر اس طرح لے کر آئے تھے ان کنتم فی ریب مما نزلنا علی عبدنا فی علی فاتوا بسورۃ من مثلہ۔

ف اب اس آیت میں فی علی لفظ نہیں ہے۔ اس آیت میں قرآن شریف کا معجزہ ہونا بیان فرمایا ہے کہ اس کے مثل ایک سورت بھی کوئی نہیں بنا سکتا۔ فی علی کے لفظ سے معلوم ہوا کہ پورا قرآن معجزہ نہ تھا بلکہ اعجاز صرف ان آیتوں میں تھا جو حضرت علیؓ کے متعلق ہیں مگر افسوس کہ اب وہ آیتیں قرآن میں نہیں ہیں۔

(۶) اسی کتاب کے باب مذکور میں امام رضا علیہ السلام سے روایت ہے۔

فی قول اللہ عزوجل کبر علی المشرکین بولایۃ علی ما تدعوھم الیہ یا محمد من ولایۃ علی ھکذا فی الکتاب مخطوطۃ

اللہ عزوجل کا قول کبر علی المشرکین بولایۃ علی ما تدعوھم الیہ یا محمد من ولایۃ علی اسی طرح قرآن میں لکھا ہوا ہے۔

ف ائمہ کے قرآن میں اسیطرح ہوگا مگر ہمارے قرآن پاک میں تو اب ولایۃ علی اور یا محمد من ولایۃ علی کہیں نہیں ہے آیت کا تو مطلب یہ ہے کہ مشرکوں کو آنحضرت صلی اللہ کی دعوت دین ناگوار ہے مگر ان انوکھے الفاظ کے ملانے سے مطلب یہ ہوا کہ حضرت علیؓ کی امامت میں جو لوگ شرک کرتے ہیں صرف انکو آپ کی دعوت دین اور وہ بھی فقط امامت علی کے متعلق ناگوار ہے باقی حصہ آپ کی دعوت کا کسی کو ناگوار نہیں نہ توحید ناگوار ہے نہ رسالت نہ اور کچھ۔

(۷) اسی کتاب کے باب مذکور میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ۔

فی قولہ سال سائل بعذاب واقع للکافرین بولایۃ علی لیس لہ دافع ثم قال ھکذا واللہ نزل

اللہ تعالیٰ کا قول سال سائل بعذاب واقع للکافرین بولایۃ علی لیس لہ دافع پھر فرمایا اسیطرح اللہ کی قسم جبرئیل

www.Ahlehaq.com

بها جبرئیل علی محمد صلی الله علیه وآله — محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر لیکر نازل ہوئے تھے۔

ف اب بولایۃ علی کا لفظ آیت میں نہیں ہے آیت میں مطلق کافروں کے عذاب کا ذکر تھا کہ اسکو کوئی ٹال نہیں سکتا مگر اس لفظ کے ملانے سے آیت میں صرف امامت علیؓ کے کفر کرنیوالوں کا عذاب بیان ہوا کہ اسکو کوئی نہیں ٹال سکتا۔

(۸) اسی کتاب کے باب مذکور میں امام باقر علیہ السلام سے روایت ہے کہ،

نزل جبرئیل بهذه الآیة علی محمد صلی الله علیه وآله هکذا فبدل الذین ظلموا آل محمد حقهم قولا غیر الذی قیل لهم فانزلنا علی الذین ظلموا آل محمد حقهم رجزا من السماء بما کانوا یفسقون۔

جبرئیل محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ آیت اس طرح لیکر نازل ہوئے تھے فبدل الذین ظلموا آل محمد حقہم قولا غیر الذی قیل لہم فانزلنا علی الذین ظلموا آل محمد حقہم رجزاً من السماء بما کانوا یفسقون،

ف اب قرآن مجید میں اس آیت میں آل محمد حقہم کا لفظ دونوں جگہ سے نکلا ہوا ہے بغیر اس لفظ کے آیت میں بنی اسرائیل کے واقعہ کا بیان ہے کہ ان سے خدا نے فرمایا تھا کہ اس بستی میں جاؤ اور بستی میں داخل ہوتے وقت حطۃ کہنا مگر انہوں نے ازراہ شرارت اس لفظ کو بدل دیا جسکی وجہ سے ان پر عذاب آیا مگر اس لفظ کے ملانے سے معلوم ہوا کہ آیت میں بنی اسرائیل کا نہیں بلکہ صحابہ کرام کا حال بیان ہو رہا ہے کہ انہوں نے آل محمد پر ظلم کیا اور اسکی وجہ سے ان پر آسمان سے عذاب آیا مگر افسوس کہ واقعات سے اس مطلب کی تائید نہیں ہوتی، براہ عنایت کوئی مجتہد صاحب بتادیں کہ صحابہ کرامؓ نے رسولخدا صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کونسا ظلم آل محمد پر کیا تھا اور کونسا عذاب ان پر آسمان سے آیا تھا ـــــ (اس قسم کی روایات اس کتاب کے باب مذکور میں بکثرت ہیں)

(۹) اسی کتاب کے باب النوادر صفحہ ۶۷۱ میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے۔

ان القرآن الذی جاء به جبرئیل علیه السلام الی محمد صلی الله علیه وآله سبعة عشر الف آیة

بہ تحقیق جو قرآن جبرئیل علیہ السلام محمد صلی اللہ علیہ وآلہ پر لیکر آئے تھے اس میں سترہ ہزار آیتیں تھیں۔

ف اب قرآن شریف میں علی اختلاف الروایات چھ ہزار چھ سو سولہ آیتیں ہیں لہذا آدھے سے بہت زیادہ قرآن نکل گیا۔

جناب حائری صاحب بڑی جرأت کیساتھ فرماتے ہیں کہ سنیوں کا افتراء ہے کہ شیعہ چالیس پارہ قرآن کے

قائل ہیں ۔ اجی حضرت حسن سنی نے ایسا کہا ہو اسنی افترا نہیں کیا بلکہ بڑی عنایت آپ لوگوں پر کی آپ لوگ تو چالیس پارے سے بھی زیادہ کے قائل ہیں اسی روایت سے حساب لگا کر دیکھ لیجئے ۔ حائری صاحب کی بات کو جھٹلانے کا نتیجہ سوا رسوائی کے اور کچھ نہیں ۔

(۱۰) کتاب احتجاج کہ وہ بھی بڑی معتبر کتاب مذہب شیعہ کی ہے اسکے مصنف شیخ احمد بن ابی طالب طبرسی نے دیباچہ کتاب میں لکھدیا ہے کہ اس کتاب میں سوا امام حسن عسکری کے اور جسقدر ائمہ کے اقوال ہیں ان پر اجماع ہے یا وہ عقل کے موافق ہیں یا اسقدر سیر وغیرہ کی کتب میں ان کی شہرت ہے کہ مخالف و موافق سب ان پر اتفاق ہے اس کتاب کے صفحہ ۱۱۹ سے لیکر صفحہ ۱۳۳ تک ایک طویل روایت حضرت علی مرتضیٰ سے منقول ہے کہ ایک زندیق نے آنجناب کے سامنے کچھ اعتراض قرآن پر کئے اور آپ نے قریب قریب ہر اعتراض کے جواب میں فرمایا کہ قرآن میں تحریف ہو گئی ہے اس روایت سے قرآن شریف میں پانچوں قسم کی تحریف ثابت ہوتی ہے کمی کے متعلق جو مضامین اس روایت میں ہیں وہ یہاں نقل کئے جاتے ہیں مثلاً ایک اعتراض اس زندیق نے یہ کیا تھا کہ قرآن میں فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا فِی الْیَتٰمٰی فَانْکِحُوْا مَا طَابَ لَکُمْ مِّنَ النِّسَآءِ یعنی اگر تم کو اندیشہ ہو کہ یتیموں کے حق میں انصاف نہ کر سکو گے تو جن عورتوں سے چاہو نکاح کر لو۔ زندیق نے کہا کہ شرط و جزا میں کوئی ربط نہیں معلوم ہوتا یتیموں کے حق میں انصاف نہ کر سکو تو عورتوں سے نکاح کر لو ایک بالکل بے جوڑ بات ہے ۔ جناب امیر علیہ السلام اس اعتراض کے جواب میں فرماتے ہیں

واما ظهورک علی تناکر قوله فان خفتم الا تقسطوا فی الیتامی فانکحوا ما طاب لکم من النساء ولیس یشبه القسط فی الیتامی نکاح النساء ولا کل النساء ایتاما فهو مما قدمت ذکره من اسقاط المنافقین من القرآن و بین القول فی الیتامی و بین نکاح النساء من الخطاب والقصص اکثر من ثلث القرآن وهذا وما اشبهه مما ظهرت حوادث المنافقین فیه لاهل النظر والتامل و وجد المعطلون

اور تجھ کو جو اللہ تعالیٰ کا قول وان خفتم الا تقسطوا فی الیتامی فانکحوا ما طاب لکم من النساء کے ناپسندیدہ ہونے پر اطلاع ہوئی اور تو کہتا ہے کہ یتیموں کے حق میں انصاف کرنا عورتوں سے نکاح کرنے کے ساتھ کچھ مناسبت نہیں رکھتا اور نہ کل عورتیں یتیم ہوتی ہیں پس اس کی وجہ وہی ہے جو میں پہلے تجھ سے بیان کر چکا ہوں کہ منافقوں نے قرآن سے بہت کچھ نکال ڈالا فی الیتامی اور فانکحوا کے درمیان میں بہت سے احکام اور قصے تھے تہائی قرآن (یعنی دس پارے) سے زیادہ وہ سب نکال ڈالے گئے اسی

www.ahlehaq.com

داهل الملل المخالفين للاسلام مساغا الى القدح فی القرآن

وجہ سے بے ربطی ہوگئی اس قسم کی منافقوں کی تحریف کی وجہ سے جو اہل نظر و تامل کو ظاہر ہو جاتی ہیں بیدینوں اور اسلام کے مخالفوں کو قرآن پر اعتراض کرنے کا موقع مل گیا۔"

ف جناب امیر اس زندیق کے کسی اعتراض کا جواب دیکے اس روایت کو دیکھکر صاف کہنا پڑتا ہے کہ شیعوں کی طرح ان کے جناب امیر بھی قرآن کے سمجھنے سے عاجز و قاصر تھے حائری صاحب کے دست و بازو مولوی مرز احمد علی صاحب نے اپنے رسالہ "انصاف" میں اپنے جناب امیر کی اقتدا کر کے اس آیت کی بے ربطی پر اعتراض کیا ہے حالانکہ آج اہلسنت کے ایک ادنیٰ طالب علم سے پوچھو تو وہ بھی اس آیت کا ربط اچھی طرح بیان کردے گا آیت میں یتامیٰ سے مراد یتیم لڑکیاں ہیں بعض لوگ یتیم لڑکیوں سے نکاح کرتے تھے اور ان کا مہر بھی کم باندھتے تھے اور دیگر حقوق بھی ادا نہ کرتے تھے کیونکہ ان یتیموں کی طرف سے کوئی لڑنے جھگڑنے والا تو تھا ہی نہیں لہذا آیت میں حکم دیا گیا کہ اگر یتیم لڑکیوں سے نکاح کرنے میں بے انصافی کا اندیشہ ہو تو ان سے نکاح نہ کرو بلکہ اور عورتوں سے نکاح کر لو۔

نیز اسی روایت میں ہے کہ جناب امیر نے اس زندیق سے فرمایا۔

ولو شرحت لك كلما اسقط وحرف وبدل مما يجري هذا المجرى لطال وظهر ما تحظر التقية اظهاره

اگر میں تجھ سے تمام وہ آیتیں بیان کروں جو قرآن سے نکال ڈالی گئیں اور تحریف کی گئیں اور بدل دی گئیں اور جو اسی قسم کی کاروائیاں ہوئیں تو بہت طول ہو جائے اور تقیہ جس چیز کو روکتا ہے ظاہر ہو جائے۔"

ف تعجب ہے کہ قرآن کو محرف کہنے جامعین قرآن کو منافق کہنے سے تقیہ نے نہ روکا مگر مقامات تحریف معین کرنے سے تقیہ نے روک دیا کیونکہ مقامات تحریف کے معلوم ہو جانے سے بقیہ قرآن کا رد ہو جاتا تقیہ کو یہ کب گوارا تھا ـــــ نیز اسی روایت میں ہے کہ جناب امیر نے اس زندیق سے کہا

ولو علم المنافقون لعنهم الله ما عليهم من ترك هذه الآيات التي بينت لك تأويلها لاسقطوها مع ما اسقطوا منه

اگر منافقوں کو خدا انھیں لعنت کرے معلوم ہو جاتا کہ ان آیتوں کو باقی رکھنے میں کیا خرابی ہے جن کی تاویل میں نے بیان کی تو ضرور وہ ان آیتوں کو بھی نکال ڈالتے جس طرح اور آیتیں نکال ڈالیں۔"

(۱۱) تفسیر صافی کے دیباچہ میں تفسیر عیاشی سے منقول ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا

www.Ahlehaq.com

WWW.AhleHaq.Com

ان القرآن قد طرح منه آی کثیرة — بہ تحقیق قرآن سے بہت آیتیں نکال ڈالی گئیں۔

نیز اسی کتاب میں امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے کہ

ولو قرئ القرآن کما انزل لالفیتنا — اگر قرآن اسی طرح پڑھا جائے جیسا کہ نازل کیا گیا

فیه مسمّئین — تو یقیناً تم قرآن میں ہمارے نام پاؤگے۔

(۱۲) تفسیر قمی جس کے مصنف علی بن ابراہیم قمی امام حسن عسکری کے شاگرد اور محمد بن یعقوب کلینی کے استاد ہیں بڑی معتبر کتاب ہے اور روایات تحریف سے لبریز ہے منجملہ ان کے ایک یہ ہے۔

واما ما هو محذوف عنه فهو قوله لکن الله — لیکن وہ آیتیں جو قرآن سے نکال ڈالی گئیں ان کی

یشهد بما انزل الیک فی علی کذا انزلت — ایک مثال ہے لکن اللہ یشہد بما انزل الیک فی علی

(ثم قال) ومثله کثیر — یہ آیت اس طرح نازل ہوئی (پھر چند مثالوں کے بعد لکھا

کہ اسکے مثل بہت ہیں۔

قرآن شریف میں بڑھائے جانے کی روایتیں

(۱۳) کتاب احتجاج مطبوعہ ایران کی اس طویل روایت میں جس کا ذکر اوپر ہوا اس زندیق کا ایک اعتراض یہ کہ خدا نے اپنے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی فضیلت تمام نبیوں پر بیان کی ہے حالانکہ جتنی تعریف آیات کی ہے اس سے کہیں زیادہ ان کی برائی اور توہین قرآن میں ہے کہ اس قدر توہین اور کسی نبی کی قرآن میں نہیں ہے۔ زندیق کے اس اعتراض کو بھی شیعوں کے جناب امیر نے تسلیم کرلیا اور تسلیم کرکے حسب ذیل جواب دیا کہ

الذی بدا فی الکتب من الازراء علی النبی — کتاب یعنی قرآن میں جو برائی نبی صلی اللہ علیہ وآلہ کی ہے

صلی الله علیه واله من فریة الملحدین — یہ ملحدوں کی افترا کی ہوئی (یعنی جاہلین قرآن کی بڑھائی

ہے نعوذ باللہ — نیز اسی روایت میں ہے کہ جناب امیر نے اس زندیق سے کہا۔

فیثبتوا فی الکتب مالم یقله الله — ان منافقوں نے قرآن میں وہ باتیں درج کردیں جو

لیلبسوا علی الخلیقة — اللہ تعالیٰ نے نہیں فرمائی تھیں تاکہ مخلوق کو فریب دیں۔

نیز اسی روایت میں ہے کہ جناب امیر نے کہا۔

Www.Ahlehaq.Com

ولیس یسوغ مع عموم التقیة التصریح باسماء المبدلین ولا الزیادة فی آیاته علی ما اثبتوه من تلقائهم فی الکتب لما فی ذلك من تقویة حجج اهل التعطیل والکفر والملل المنحرفة عن قبلتنا وابطال هذا العلم الظاهر الذی قد استکان له الموافق والمخالف

تقیہ کی ضرورت اس قدر ہے کہ نہ میں ان لوگوں کے نام بتا سکتا ہوں جنھوں نے قرآن میں تحریف کی نہ اس زیادتی کو بتا سکتا ہوں جو انھوں نے قرآن میں داخل کی جس سے اہل تعطیل وکفر اور مذاہب مخالف اسلام کی تائید ہوتی ہے اور اس علم ظاہر کا ابطال ہوتا ہے جس کے موافق ومخالف سب قائل ہیں۔

نیز اسی روایت میں ہے کہ اس زندیق سے جناب امیر نے جمع قرآن کا قصہ یوں بیان کیا۔

ثم دفعهم الاضطرار بورود المسائل عما لا یعلمون تاویله الی جمعه وتاویله وتضمینه من تلقائهم ما یقیمون به دعائم کفرهم فصرخ منادیهم من کان عنده شیئ من القرآن فلیأتنا به ووکلوا تالیفه ونظمه الی بعض من وافقهم الی معاداة اولیاء الله فالفه علی اختیارهم.

پھر جب ان منافقوں سے وہ مسائل پوچھے جانے لگے جنکو وہ نہ جانتے تھے تو مجبور ہوئے کہ قرآن کو جمع کریں اسکی تفسیر کریں اور قرآن میں وہ باتیں بڑھائیں جن سے وہ اپنے کفر کے ستونوں کو قائم کریں لہذا ان کے منادی نے اعلان دیا کہ جسکے پاس کوئی حصہ قرآن کا ہو وہ ہمارے پاس لے آئے اور ان منافقوں نے قرآن کی جمع وترتیب کا کام اس شخص کے سپرد کیا جو دوستانِ خدا کی دشمنی میں ان کا ہمخیال تھا اور اس نے انکی پسند کے موافق قرآن کو جمع کیا، پھر اسی روایت میں بڑی وضاحت کیساتھ جناب امیر کا یہ قول بھی ہے۔

وزادوا فیه ما ظهر تناکره وتنافره

اور بڑھا دیں انھوں نے قرآن میں وہ عبارتیں جن کا خلاف فصاحت اور قابل نفرت ہونا ظاہر ہے۔

ف احتجاج کی ان روایات سے حسب ذیل امور معلوم ہوئے۔ اول یہ کہ اس قرآن میں نبی کی توہین قرآن کے جمع کرنے والوں نے بڑھائی ہے دوم یہ کہ قرآن مذاہب باطلہ اور مخالفین اسلام کی تائید کرتا ہے شریعت کو مٹا رہا ہے کفر کے ستون اس سے قائم ہوتے ہیں سوم اس قرآن میں ایسی عبارتیں بڑھا دی گئیں ہیں جو قابل نفرت اور خلاف فصاحت ہیں چہارم یہ نہیں معلوم کہ یہ بڑھائی ہوئی عبارتیں کون کون اور کہاں کہاں ہیں پنجم اس قرآن کے جمع کرنیوالے منافق اور کفر کے ستون قائم کرنیوالے اور دوستانِ خدا کے دشمن تھے انھوں نے اپنی پسند خواہش کے مطابق قرآن کو جمع کیا۔

کیونکہ جناب حائری صاحب اسی قرآن پر آپ ایمان رکھنے کا دعوی کرتے ہیں۔

(۲) تفسیر صافی میں تفسیر عیاشی سے منقول ہے کہ امام باقر علیہ السلام نے فرمایا

لولا انہ زید فی القرآن ونقص ما خفی حقنا علی ذی حجی

اگر قرآن میں بڑھایا نہ گیا ہوتا اور گھٹایا نہ گیا ہوتا تو ہمارا حق کسی عقلمند پر پوشیدہ نہ ہوتا۔

ف خیر اور کچھ ہو یا نہ ہو مگر اتنا تو ان روایات سے معلوم ہوا کہ یہ قرآن شیعہ مذہب کے بالکل خلاف ہے حتی کہ مسئلہ امامت اور ائمہ کا حق بھی اس سے ثابت نہیں ہو سکتا اور یہ قرآن سنیوں کی تائید کرتا ہے ان کے ستون قائم کرتا ہے۔

قرآن شریف کے حروف و الفاظ کے بدلے جانے کی روایتیں

(۱) تفسیر قمی میں ہے۔

واما ما کان خلاف ما انزل اللہ فھو قولہ تعالی کنتم خیر امۃ اخرجت للناس الایۃ قال ابو عبد اللہ علیہ السلام لقاری ھذہ الایۃ خیر امۃ یقتلون امیر المومنین والحسین بن علی فقیل لہ فکیف نزلت یا بن رسول اللہ فقال انما نزلت خیر ائمۃ اخرجت للناس

اور وہ چیزیں جو قرآن میں موجود ہیں خلاف ما انزل اللہ ہیں (مثلاً) وہ یہ آیت ہے کنتم خیر امۃ یعنی تم لوگ تمام ان امتوں سے بہتر ہو جو لوگوں کیلئے ظاہر کی گئیں امام جعفر صادق نے اس آیت کے پڑھنے والے سے کہا کہ واہ کیا اچھی امت ہے جس نے امیر المومنین کو اور حسین بن علی کو قتل کر دیا پوچھا گیا کہ پھر یہ آیت کس طرح اتری تھی اے فرزند رسول تو فرمایا کہ یہ آیت اس طرح اتری تھی کنتم خیر ائمۃ یعنی اے ائمہ اثنا عشر تم تمام امتوں سے بہتر ہو

ف معلوم ہوا کہ خیر امۃ غلط ہے خیر ائمۃ نازل ہوا تھا لفظ کی تبدیلی ہو گئی۔

(۲) نیز اسی تفسیر میں ہے۔

قری علی ابی عبد اللہ الذین یقولون ربنا ھب لنا من ازواجنا وذریاتنا قرۃ اعین واجعلنا للمتقین اماما فقال علیہ

امام جعفر صادق کے سامنے یہ آیت پڑھی گئی الذین یقولون یعنی وہ لوگ جو کہتے ہیں کہ اے رب ہمارے بخش ہم کو ہماری بی بیوں اور ہماری اولاد کی ٹھنڈک آنکھوں کی

www.Alhaq.com

السلام لقد سألوا الله عظیما ان یجعلهم للمتقین اماما فقیل له یا بن رسول الله کیف نزلت فقال انما نزلت واجعل لنا من المتقین اماما۔

اور بنا دے ہمکو متقیون کا امام۔ تو امام جعفر صادق نے فرمایا کہ انھوں نے اللہ سے بڑی چیز مانگی کہ ان کو متقیوں کا امام بنا دے پوچھا گیا کہ اے فرزند رسول اللہ یہ آیت کس طرح اتری تھی تو فرمایا کہ اس طرح اتری تھی واجعل لنا من المتقین یعنی ہمارے لئے متقیوں میں سے کوئی امام مقرر کر دے۔

ف چونکہ امامت کا مرتبہ شیعوں کے یہاں نبوت سے بھی بڑھا ہوا ہے اس لئے امام نے آیت کو غلط کہدیا کہ اس میں امامت کی درخواست خدا سے کی گئی۔ اس آیت میں حروف کی تبدیلی ہے۔

(۳) اصول کافی صفحہ ۲۶۸ میں ہے۔

قرأ رجل عند ابی عبد الله علیه السلام قل اعملوا فسیری الله عملکم ورسوله والمومنون فقال لیس هکذا هی انما هی والمامونون فنحن المامونون

ایک شخص نے امام جعفر صادق علیہ السلام کے سامنے یہ آیت پڑھی قل اعملوا یعنی اے نبی کہدو کہ تم لوگ عمل کرو تمہارا عمل اللہ دیکھیگا اور اس کا رسول اور ایمان والے امام نے فرمایا یہ آیت اس طرح نہیں بلکہ یوں ہے والمامونون (یعنی مامونون لوگ دیکھیں گے اور مامون ہم ائمہ اثنا عشر ہیں)۔

(۴) کتاب احتجاج کی اسی روایت میں ہے کہ زندیق نے ایک اعتراض یہ بھی کیا کہ قرآن میں پیغمبروں کی مذمت تو نام لیکر خدا نے بیان کی ہے مگر منافقوں کی مذمت اشارات وکنایات میں ہے ان کا نام نہیں لیا گیا یہ کیا بات ہے تو جناب امیر نے جواب دیا کہ۔

ان الکنایة عن اسماء اصحاب الجرائر العظیمة من المنافقین لیست من فعله تعالی وانما من فعل المغیرین والمبدلین الذین جعلوا القرآن عضین واعتاضوا الدنیا من الدین

بڑے بڑے جرم والے منافقین کے نام کا کنایات میں ذکر کرنا اللہ تعالی کا فعل نہیں ہے اللہ تعالی نے تو صاف صاف نام ذکر کئے تھے بلکہ یہ فعل ان تحریف کرنیوالوں بدلنے والوں کا ہے جنھوں نے قرآن کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیے اور دنیا کے عوض دین کو بیچ ڈالا (انھوں نے ناموں کو نکال ڈالا اور بجائے ان کے کنایہ کے الفاظ رکھدیئے۔)

نیز اسی روایت میں ہے کہ جناب امیر نے اس زندیق کو یہ نفیس جوابات دیکر فرمایا۔

www.Ahlehaq.com

WwW.Ahlehaq.Com

فحسبك من الجواب عن هذا الموضع ما سمعت فان شريعة التقية تحظر التصريح اكثر منه

پس اس مقام میں یہ جواب تجھے کافی ہیں جو تو نے سنے اسلئے کہ تقیہ کی شریعت اس کو زیادہ صاف بیان کرنے کو روکتی ہے۔

نمونہ کے طور پر تحریف کے چار قسموں کی روایتیں تھوڑی نقل کی گئیں اگر کوئی شخص کتب شیعہ کو دیکھے تو ایک انبار ان روایتوں کا پائیگا جن سے ایک بڑا ضخیم مجلد تیار ہو سکتا ہے اور اسکو معلوم ہو گا کہ بڑا مقصد اہم ان لوگوں کا یہی تھا باقی رہی تحریف کی پانچویں قسم یعنی خرابی ترتیب آیات کی اور ترتیب سورتوں کی وہ تو اس قدر مشہور ہے کہ حاجت کسی حوالہ کی نہیں علاوہ ازیں روایات منقولہ بالا سے وہ بھی ثابت ہو رہی ہے اور آئندہ بھی اس کے متعلق عبارتیں نقل کی جائیں گی اور اس وقت بھی ایک حوالہ اس کا پیش کیا جاتا ہے۔

علامہ نوری طبرسی فصل الخطاب کے صفحہ ۹۷ میں فرماتے ہیں۔

انه كان لامير المومنين عليه السلام قرانا مخصوصا جمعه بنفسه بعد وفات رسول الله صلى الله عليه واله وعرضه على القوم فاعرضوا عنه فحجبه عن اعينهم كان عند ولده عليهم السلام يتوارثونه امام عن امام كسائر خصائص الامامة وخزائن النبوة وهو عند الحجة عجل الله فرجه يظهره للناس بعد ظهوره ويامرهم بقراءته وهو مخالف لهذا القرآن الموجود من حيث التاليف وترتيب السور والآيات بل الكلمات ايضا ومن جهة الزيادة والنقيصة وحيث ان الحق مع علي عليه السلام وعلي مع الحق ففي القرآن الموجود تغيير من

امیر المومنین علیہ السلام کا ایک قرآن مخصوص تھا جسکو انھوں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد خود جمع کیا تھا اور اس کو صحابہ کے سامنے پیش کیا مگر ان لوگوں نے توجہ نہ کی لہذا اسکو انھوں نے لوگوں سے پوشیدہ کر دیا اور وہ قرآن ان کی اولاد کے پاس رہا ایک امام سے دوسرے امام کو میراث میں ملتا رہا مثل اور خصائص امامت و خزائن نبوت کے اور اب وہ قرآن امام مہدی کے پاس ہے خدا ان کی مشکل جلد آسان کرے وہ اس قرآن کو اپنے ظاہر ہونیکے بعد نکالیں گے اور لوگوں کو اسکی تلاوت کا حکم دیں گے اور وہ قرآن اس قرآن موجود کے خلاف ہے سورتوں اور آیتوں کی ترتیب میں بھی بلکہ الفاظ کی ترتیب میں بھی اور کمی بیشی کے لحاظ سے بھی اور چونکہ حق علی علیہ السلام کے ساتھ ہے اور علی حق کے ساتھ ہیں لہذا ثابت ہو گیا کہ قرآن موجود میں دونوں

www.Ahlehaq.Com

جهتین وهو المطلوب — جہتوں سے تحریف ہے اور یہی (ہم شیعوں کا) مقصود ہے۔

اب علمائے شیعہ کے تینوں اقرار دیکھیے یعنی اقرار روایات تحریف کے کثیر و متواتر ہونیکا اور اقرار روایات کے صراحۃً تحریف پر دلالت کرنیکا اور اقرار انہیں روایات کے مطابق معتقد تحریف ہونیکا۔

علمائے شیعہ کے تینوں اقرار

چونکہ مذہب شیعہ کا مقصد اصلی قرآن کو مشکوک بنانا اور اس پردہ میں دین اسلام کو مٹانا تھا اسلیئے بڑے اہتمام سے علمائے شیعہ نے تحریف قرآن کی روایتیں ائمہ کے نام سے تصنیف کیں اور ان روایتوں کو مذکورہ بالا تینوں اقراروں سے مزین کیا۔ بیچاروں کو کیا خبر تھی کہ ہماری یہ کوشش خاک میں ملجائیگی اور قرآن شریف کی روشنی اسی طرح قائم رہے گی۔ اب وہ اقرار سنیئے۔

(۱) کتاب فصل الخطاب مطبوعہ ایران صفحہ ۲۱۱ میں ہے۔

الاخبار الکثیرۃ المعتبرۃ الصحیحۃ فی وقوع السقط ودخول النقصان فی الموجود من القرآن زیادۃ علی مامر فی ضمن الادلۃ السابقۃ وانہ اقل من تمام ما نزل اعجازاً علی قلب سید الانس والجان من غیر اختصاصہا بایۃ اوسورۃ وھی متفرقۃ فی الکتب المتفرقۃ التی علیہا المعول والیہا المرجع عند الاصحاب بجمع ماعثرت علیھا فی ھذا الباب

بہت سی حدیثیں جو معتبر ہیں اور قرآن موجود میں کمی اور نقصان پر صراحۃً دلالت کرتی ہیں علاوہ ان احادیث کے جو دلائل سابقہ کے ضمن میں بیان ہوچکیں اور اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ یہ قرآن مقدار نزول سے بہت کم ہے اور یہ کمی کسی آیت یا کسی سورت کے ساتھ مخصوص نہیں اور یہ حدیثیں ان کتب متفرقہ میں پھیلی ہوئی ہیں جن پر ہمارے مذہب کا اعتماد اور اہل مذہب کا ان کی طرف رجوع ہے میں نے وہ سب حدیثیں جمع کردی ہیں جو میری نظر سے گذریں۔

اسکے بعد بکثرت کتابوں کے نام گنائے ہیں اور روایات تحریف کے انبار لگا دیئے ہیں۔

(۲) نیز اسی کتاب کے صفحہ ۳۰ میں محدث جزائری کا قول نقل کیا ہے کہ

قال السید المحدث الجزائری فی الانوار مامعناہ ان الاصحاب قد اطبقوا علی صحۃ الاخبار

سید محمد جزائری نے کتاب انوار میں لکھا ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ اصحاب امامیہ نے اتفاق کیا ہے ان روایات

المستفيضة بل المتواترة الدالة بصريحها على وقوع التحريف فی القرآن كلاماً و مادة و اعراباً و التصديق بها

مستفیضہ بلکہ متواترہ کی صحت پر جو صراحۃً قرآن کے محرف ہونے پر دلالت کرتی ہیں یہ تحریف کلام میں بھی ہے بارہ میں بھی، اعراب میں بھی اور اتفاق کیا ہے روایت کی تصدیق پر۔

(۳) اسی فصل الخطاب کے صفحہ ۲۲۷ میں علاوہ محدث جزائری کے اپنے دوسرے علماء سے بھی روایات تحریف کا متواتر ہونا نقل کیا ہے۔

وهی كثيرة جداً حتی قال السيد نعمة الله الجزائری فی بعض مؤلفاته كما حكی عنه ان الاخبار الدالة علی ذلك تزيد علی الفی حديث وادعی استفاضتها جماعة كالمفيد والمحقق الداماد والعلامة المجلسی و غيرهم بل الشيخ ايضاً صرح فی التبيان بكثرتها بل ادعی تواترها جماعة ياتی ذكرهم فی آخر المبحث

روایات تحریف قرآن یقیناً بہت ہیں حتی کہ سید نعمت اللہ جزائری نے اپنی بعض تالیفات میں لکھا ہے جیسا کہ ان سے نقل کیا گیا ہے کہ جو حدیثیں تحریف پر دلالت کرتی ہیں وہ دو ہزار حدیث سے زیادہ ہیں اور ایک جماعت نے ان کے مستفیض ہونے کا دعویٰ کیا ہے جیسے مفید اور محقق داماد اور علامہ مجلسی وغیرہم بلکہ شیخ نے بھی تبیان میں تصریح کی ہے کہ یہ روایت بکثرت ہیں بلکہ ایک جماعت محدثین نے ان روایتوں کے متواتر ہونے کا دعویٰ کیا ہے جن کا ذکر آگے آئیگا ——— پھر بفاصلہ چند سطور لکھا ہے کہ

واعلم ان تلك الاخبار منقولة من الكتب المعتبرة عليها معول اصحابنا فی اثبات الاحكام الشرعية والآثار النبوة.

جاننا چاہئے کہ یہ حدیثیں تحریف کی ان معتبر کتابوں سے نقل کی گئی ہیں جن پر ہمارے اصحاب کا اعتماد ہے احکام شرعیہ ثابت کرنے اور آثار نبویہ کے نقل کرنے میں۔

(۴) پھر صاحب فصل الخطاب نے اپنے وعدہ کو پورا کیا ہے اور آخر کتاب میں ان تمام محدثین کے نام لکھے ہیں جنھوں نے روایات تحریف کو متواتر کہا ہے ان ناموں میں علامہ مجلسی کا نام نامی بھی ہے اور اُن کی عبارت کا حسب ذیل فقرہ قابل دید ہے وہ فرماتے ہیں۔

وعندی ان الاخبار فی هذا الباب متواترة معنی و طرح جميعها يوجب رفع الاعتماد

میرے نزدیک تحریف قرآن کی روایتیں معنی متواتر ہیں اور ان سب روایتوں کو ترک کر دینے سے ہماری تمام فن

عن الاخبار و اما بل نظن ان الاخبار في هذا الباب لا ينقص عن اخبار الامامة فكيف يثبتونها بالخبر (فصل الخطاب ص ۳۲۶)

حدیث کا اعتبار جاتا رہیگا بلکہ میرا علم یہ ہے کہ تحریف قرآن کی روایتیں مسئلہ امامت کی روایتوں سے کم نہیں ہیں لہذا اگر تحریف قرآن کی روایتوں کا اعتبار نہ ہو تو مسئلہ امامت بھی روایتوں سے ثابت نہ ہو سکے گا۔

(۵) علامہ محسن کاشی تفسیر صافی کے دیباچہ میں تحریف کی (بجنس) روایات نقل کرکے فرماتے ہیں۔

المستفاد من جميع هذه الاخبار و غيرها من الروايات من طريق اهل البيت عليهم السلام ان القرآن الذي بين اظهرنا ليس بتمامه كما انزل على محمد صلى الله عليه وآله بل منه ما هو خلاف ما انزل الله ومنه ما هو مغير ومحرف وانه قد حذف عنه اشياء كثيرة منها اسم علي في كثير من المواضع ومنها غير ذلك وانه ليس ايضا على الترتيب المرضي عند الله وعند رسوله وبه قال علي بن ابراهيم

ان تمام حدیثوں کا اور ان کے علاوہ جس قدر حدیثیں اہل بیت علیہ السلام کی سند سے نقل کی گئی ہیں ان کا مطلب یہ ہے کہ جو قرآن ہمارے درمیان ہے وہ پورا ویسا کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ پر نازل ہوا تھا نہیں ہے بلکہ اس میں کچھ اللہ کے نازل کئے ہوئے کے خلاف ہے اور کچھ متغیر و محرف ہے اور یقیناً اس میں سے بہت سی چیزیں نکال ڈالی گئی ہیں جیسے علی کا نام بہت سے مقامات سے اور علاوہ اس کے اور ان روایات سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اس قرآن کی ترتیب بھی خدا اور اس کے رسول کی پسند کی ہوئی ترتیب نہیں ہے انھیں سب باتوں کے قائل ہیں علی ابن ابراہیم قمی۔

(۶) دور آخر کے مجتہد اعظم مولوی دلدار علی جن کو شیعوں کے امام والا مقام مولوی حامد حسین آیۃ اللہ فی العالمین فرماتے ہیں۔ عماد الاسلام میں لکھتے ہیں، کما نقلہ فی الاستقصار۔

قال آية الله في العالمين احله الله دار السلام في عماد الاسلام بعد ذكر نبذ من احاديث التحريف الماثورة عن سادات الانام عليهم الاف التحية والسلام مقتضى تلك الاخبار ان التحريف في الجملة في هذا القرآن الذي بين

آیۃ اللہ فی العالمین یعنی مولوی دلدار علی اپنی کتاب عماد الاسلام میں بعد نقل کرنے چند احادیث تحریف کے جو سرداران خلق یعنی ائمہ اثنا عشر علیہم الاف التحیۃ والسلام سے منقول ہیں فرماتے ہیں کہ نتیجہ ان روایات کا یہ ہے کہ کچھ نہ کچھ تحریف اس قرآن میں جو ہمارے سامنے ہے بلحاظ زیادہ ہو جانے بعض حروف کے اور کم ہو جانے بعض حروف کے بلکہ بعض

www.ahlehaq.com

ایدینا بحسب زیادة بعض الحروف و نقصانه بل بحسب بعض الالفاظ و بحسب الترتیب فی بعض المواقع قد وقع بحیث لا یتشک فیه مع تسلیم تلك الاخبار۔

الفاظ کے اور بلحاظ ترتیب کے بعض مقامات میں یقیناً واقع ہو گئی الغرض کہ ان روایتوں کے تسلیم کے بعد تحریف قرآن میں شک نہیں کیا جا سکتا (اسکے بعد مولوی دلدار علی نے تحریف کی صورتیں لکھی ہیں جو خاتمہ میں نقل ہونگی۔

(۷) امام الشیعہ مولوی حامد حسین استقصاء الافحام جلد اول صفحہ ۹ میں فرماتے ہیں۔

" درد ورود روایات تحریف قرآن بطریق اہل حق، صفحہ ۱۰ میں ہے: اگر بیچارہ شیعے بمقتضائے احادیث کثیرہ اہل بیت طاہرین مصرح بوقوع نقصان در قرآن از حرف تحریف و نقصان بر زبان آرد و ہدف سہام طعن و ملام و مورد استہزاء و تشنیع گردد صفحہ ۲۶ میں ہے: اگر اہل حق از حافظان اسرار الٰہی و حاملان آثار جناب رسالت پناہی کہ مراد اسلام و ائمہ انام اند روایت کنند احادیثے را کہ دال ست بر آنکہ در قرآن شریف مبطلین و اہل ضلال تحریف نمودند و تصحیفش باعمل آوردند و اصل قرآن کما انزل نزد حافظان شریعت موجود است کہ دریں صورت اصلا بر جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ نقصی و طعنی عائد نشود فریاد و فغان آغاز میکنند کلمات ناشائستہ دور از کار کہ با دنی تعلق نمی زیبد بر زبان آرند ف عبارت منقولۂ بالا سے حسب ذیل امور معلوم ہوئے (۱) روایات تحریف قرآن شیعوں کی ان اعلیٰ ترین معتبر کتابوں میں ہیں جن پر مذہب شیعہ کی بنیاد ہے (۲) روایات تحریف کثیر و مستفیض بلکہ متواتر ہیں (۳) روایات تحریف رد کر دی جائیں تو شیعوں کا فن حدیث بیکار و بے اعتبار ہو جائے (۴) تحریف قرآن کی روایتیں کتب معتبرہ شیعہ میں دو ہزار سے زائد ہیں۔

(۵) تحریف قرآن کی روایتیں مسئلہ امامت سے کم نہیں پس معلوم ہوا کہ مذہب شیعہ میں جیسا درجہ ضروری مسئلہ امامت ہے اسی درجہ تحریف قرآن بھی ضروری ہے حضرت علیؓ اور دیگر ائمہ کی امامت کا ماننا جیسا فرض ہے اسی درجہ کا فرض قرآن کو محرف ماننا بھی ہے جو شخص قرآن کو محرف نہ مانے وہ از روئے مذہب شیعہ ویسا ہی گنہگار و بددین اور مذہب شیعہ سے خارج ہوگا جیسا ائمہ اثنا عشر کی امامت کا منکر۔

(۶) یہ روایات قرآن کے محرف ہونے اور پانچوں قسم کی تحریف سے ملوث ہونے پر ایسی صاف اور واضح دلالت کرتی ہیں کہ اس میں شک نہیں ہو سکتا۔

ان عبارات میں دو اقرار تو بالکل واضح ہیں یعنی ان روایات کے کثیر و متواتر ہونے کا اور ان روایات کے تحریف پر دلالت کرنیکا تیسرا اقرار یعنی معتقد تحریف ہونیکا اس درجہ واضح نہیں ہے لہذا اس کیلئے دو عبارتیں درج

www.ahlehaq.com

www.Ahlehaq.Com

ذیل ہیں

(۷) واما اعتقاد مشائخنا رحمهم الله في ذلك فالظاهر من ثقة الاسلام محمد بن يعقوب الكليني طاب ثراه انه كان يعتقد التحريف والنقصان في القرآن لانه روى روايات في هذا المعنى في كتابه الكافي ولم يتعرض لقدح فيها مع انه ذكر في اول الكتب انه كان يثق بما رواه فيه وكذلك استاذه علي بن ابراهيم القمي فان تفسيره مملو منه وله غلو فيه وكذلك الشيخ احمد بن ابي طالب الطبرسي قدس سره فانه نسج على منوالهما في كتاب الاحتجاج

ہمارے بزرگوں کا اعتقاد اس بارہ میں یہ ہے کہ ثقۃ الاسلام محمد بن یعقوب کلینی قرآن کی تحریف و نقصان کے معتقد تھے کیونکہ انھوں نے اس مضمون کی روایتیں اپنی کتاب کافی میں نقل کی ہیں اور ان روایتوں پر کوئی جرح نہیں کی باوجودیکہ انھوں نے آغاز کتاب میں لکھ دیا ہے کہ جتنی روایتیں اس کتاب میں ہیں ان پر مجھے وثوق ہے اور اسی طرح ان کے استاذ علی بن ابراہیم قمی کہ ان کی تفسیر بھی روایات تحریف سے پر ہے اور ان کو اس عقیدہ میں غلو ہے اور اسی طرح شیخ احمد بن ابی طالب طبرسی کہ وہ بھی کتاب احتجاج میں انھیں دونوں کے طرز پر چلے ہیں۔

(۸) علامہ نوری طبرسی فصل الخطاب کے صفحہ ۲۵ میں لکھتے ہیں۔

الاول وقوع التغيير والنقصان فيه وهو مذهب الشيخ الجليل علي بن ابراهيم القمي شيخ الكليني في تفسيره صرح بذلك في اوله وملأ كتابه من اخباره مع التزامه في اوله بان لا يذكر الا عن مشائخه وثقاته ومذهب تلميذه ثقة الاسلام الكليني رحمه الله على ما نسبه اليه جماعة لنقله الاخبار الكثيرة الصريحة في هذا المعنى في كتاب الحجة خصوصا في باب النكت والنتف من التنزيل وفي الروضة من غير تعرض لردها

پہلا قول یہ کہ قرآن میں تغیر و نقصان ہو گیا اور یہی مذہب ہے شیخ جلیل علی بن ابراہیم قمی استاذ کلینی کا انھوں نے اپنی تفسیر کے شروع میں اس کی تصریح کی ہے اور اپنی تفسیر روایات تحریف سے بھر دی ہے اور ساتھ ہی اپنی تفسیر کے شروع میں انھوں نے یہ پابندی ظاہر کی ہے کہ وہی روایتیں ذکر کروں گا جو میرے اساتذہ اور معتبر لوگوں نے روایت کی ہیں اور یہی مذہب ہے ثقۃ الاسلام کلینی رحمۃ اللہ کا جیسا کہ ایک جماعت نے ان کی طرف منسوب کیا ہے کیونکہ انھوں نے اس مضمون کی بہت سی صریح روایتیں کافی کی کتاب الحجۃ خصوصاً باب

www.Ahlehaq.com

أو تأويلها استظهر المحقق السيد محسن الكاظمي في شرح الوافية مذهبه من الباب الذي عقده فيه وسماه باب انه لم يجمع القرآن كله الا الائمة عليهم السلام فان الظاهر من طريقته انه انما يعقد الباب لما يرتضيه قلت وهو كما ذكره فان مذاهب القدماء تعلم غالبا من عناوين ابوابهم وبه صرح ايضا العلامة المجلسي في مرآة العقول

النکت والنتف من التنزیل میں اور ردّ منہ میں نقل کی ہیں اور ان روایات کو نہ رد کیا نہ ان کی کچھ تاویل کی اور محقق سید محسن کاظمی نے شرح وافیہ میں کلینی کا مذہب اس باب سے ثابت کیا ہے جو انھوں نے کافی میں منعقد کیا ہے اور اس کا نام رکھا ہے باب انہ لم یجمع القرآن کلہ الا الائمۃ علیہم السلام کیونکہ ان کے طریقہ سے ظاہر ہے کہ وہ اسی مضمون کیلئے باب قائم کرتے ہیں جو مضمون انکو پسند آتا ہے میں کہتا ہوں کہ محقق کاظمی کا یہ کہنا ٹھیک ہے کیونکہ متقدمین کا مذہب اکثر ان کے بابوں کے عنوان سے ظاہر ہوتا ہے اور کلینی کے مذہب کی تصریح علامہ مجلسی نے بھی مراۃ العقول میں کی ہے ۔

اس کے بعد حسب ذیل نام اپنے اکابر علمائے متقدمین کے صاحب فصل الخطاب نے درج کیے ہیں الثقۃ الجلیل محمد بن الحسن الصفار (مصنف کتاب البصائر) الثقہ محمد بن ابراہیم النعمانی شاگرد کلینی مصنف کتاب الغیبۃ الثقۃ الجلیل سعد بن عبداللہ القمی جنھوں نے اپنی کتاب ناسخ و منسوخ میں ایک باب تحریف قرآن کا بھی قائم کیا ہے جیسا کہ علامہ مجلسی نے بحار کے انیسویں جلد میں اسکی تصریح کی ہے۔ السید علی بن احمد الکوفی مصنف کتاب بدع المحدثۃ اجلۃ المفسرین والمتقدم الشیخ الجلیل محمد بن مسعود العیاشی (مصنف تفسیر عیاشی) الشیخ فرات بن ابراہیم الکوفی الثقۃ محمد بن العباس الماہیار شیخ المتکلمین متقدم النوبختیین ابوسہل اسمٰعیل بن علی بن اسحاق بن ابی سہل بن نوبخت مصنف کتب کثیرہ۔ اجلاء الکتاب جنھوں نے امام مہدی کو دیکھا ہے خدا امام ممدوح کی شکل جلد آسان کرے۔ امیں الطائفہ جن کے معصوم ہونے کے اکثر یا بعض لوگ قائل ہیں یعنی ابوالقاسم حسین ابن روح بن ابی بحر نوبختی جو شیعوں کے اور امام مہدی کے درمیان میں تیسرے سفیر تھے العالم الفاضل المتکلم حاجب بن لیث بن سراج۔ الشیخ الجلیل الثقۃ الاقدم فضل بن شاذان الشیخ الجلیل محمد بن حسن الشیبانی مصنف تفسیر نہج البیان۔ الشیخ الثقۃ احمد بن محمد بن خالد البرقی مصنف کتاب المحاسن محقق طوسی نے فہرست میں اور نجاشی نے اپنے اسماء الرجال میں انکی تصانیف میں کتاب التحریف کو شمار کیا ہے۔ الثقۃ محمد بن خالد جو شیخ سابق الذکر کے والد تھے۔ الشیخ الثقۃ علی بن الحسن بن فضال جن سے کوئی غلطی

علم حدیث میں ظاہر نہیں ہوئی محمد بن الحسن الصیرفی احمد بن محمد سیار الشیخ حسن بن سلیمان الحلی تلمیذ الشہید الثقۃ الجلیل محمد بن عباس بن علی بن مروان ماہیار ابوالطاہر عبدالواحد بن عمر القمی محمد بن علی بن شہر آشوب شیخ احمد بن ابی طالب طبرسی جنھوں نے تحریف قرآن کے متعلق دس حدیثوں سے زیادہ روایت کی ہیں۔ اس کے بعد مصنف فصل الخطاب لکھتے ہیں وھو مذھب جمھور المحدثین الذین عثرنا علی کلماتھم یعنی یہی مذہب جمہور محدثین کا جن کے کلمات سے ہم کو اطلاع ہوئی۔ مولی محمد صالح۔ الفاضل السید علی خان مولی محمد مہدی تراقی الاستاذ الاکبر البہبہانی۔ محقق کاظمی شیخ ابوالحسن الشریف شیخ علی بن محمد المقابی سید جلیل علی طاؤس۔ الشیخ الاعظم محمد بن محمد بن نعمان المفید

یہ ایک مختصر فہرست اطلاع ناظرین کے لئے درج کی گئی تاکہ جناب حائری صاحب و دیگر علمائے شیعہ کی غلط بیانی اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں۔

حقیقت یہی ہے کہ تمام محدثین اور بڑے بڑے اکابر مذہب شیعہ کے سب تحریف قرآن کے قائل ہیں نہ کوئی شیعہ تحریف قرآن کا منکر ہوا نہ ہو سکتا ہے، ان کے مذہب کی بنیاد ہی عداوت قرآن پر ہے۔ شیعوں میں گنتی کے صرف چار آدمی از راہ تقیہ تحریف قرآن کے منکر ہو گئے ہیں۔

شریف مرتضی شیخ صدوق۔ ابوجعفر طوسی، شیخ ابوعلی طبرسی، مصنف تفسیر مجمع البیان جب علمائے شیعہ کو سنیوں کے مقابلہ میں ضرورت پیش آتی ہے یا اپنے مسلمان ثابت کرنے کی ہوس خام پیدا ہوتی ہے تو انھیں چار میں سے کسی نہ کسی کا قول پیش کر دیتے ہیں اور بڑی صفائی سے کہہ دیتے ہیں کہ ہمارے اوپر بالکل بے جا الزام ہے ہم تو تحریف قرآن کے قائل ہی نہیں ہیں چنانچہ حائری صاحب نے بھی اپنے رسالہ موعظہ تحریف قرآن میں یہی کارروائی کی ہے ناواقف شخص بیشک اس کارروائی سے دھوکہ کھا جاتا ہے مگر جو لوگ مذہب شیعہ سے واقف ہیں ان کے سامنے یہ کارروائی نہیں چل سکتی اب بعونہ تعالی ان چاروں اشخاص کے اقوال اور ان کی حقیقت و اصلیت کا اظہار کیا جاتا ہے۔

واضح ہو کہ جب بانیان مذہب شیعہ عداوت قرآن کا حق ادا کر چکے اور راویان قرآن یعنی صحابہ کرامؓ کو بھی بخیال خود خوب مجروح کر لیا تب بھی صبر نہ آیا اور تحریف قرآن کی دو ہزار سے زیادہ روایتیں حضرت علیؓ و امام باقرؒ کے نام سے تصنیف کر کے اپنی کتابوں میں درج کر دیں سمجھے تھے کہ اب دین اسلام مٹ چکا مسلمان قرآن مجید کی طرف سے ضرور شک میں پڑ جائیں گے مگر خدا کی قدرت نہ اسلام مٹا اور نہ قرآن مجید میں کسی

www.AhleHaq.com

کو شک پیدا ہوا مسلمان تو مسلمان غیر مسلموں نے بھی ان روایات تحریف کو گوزِ شتر سے بدتر سمجھا اور ان کو بھی قرآن شریف کے محرف ہونیکا وہم نہ پیدا ہوا مثلاً سر ولیم میور جو صوبہ متحدہ کے لفٹنٹ گورنر تھے باوجود متعصب عیسائی ہونیکے اور باوجود اس کے کہ مسلمانوں کی طرف سے ان کی انجیلوں کو محرف کہا جاتا ہے تو بھی وہ قرآن کو محرف نہ کہہ سکے اور اپنی کتاب لائف آف محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) میں لکھ گئے ہیں۔ یہ بالکل

"یہ بالکل صحیح اور کامل قرآن ہے اور اس میں ایک حرف کی بھی تحریف نہیں ہوئی۔ ہم ایک بڑی مضبوط بنا پر دعویٰ کر سکتے ہیں کہ قرآن کی ہر آیت خالص اور غیر متغیر صورت میں ہے اور آخر کار ہم اپنی بحث کو ون ہیم صاحب کے فیصلہ پر ختم کرتے ہیں۔ وہ فیصلہ یہ ہے کہ ہمارے پاس جو قرآن ہے ہم کامل طور پر اس میں ہر لفظ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کا سمجھتے ہیں جیسا کہ مسلمان اس کے ہر لفظ کو خدا کا لفظ خیال کرتے ہیں!"

بلکہ نتیجہ یہ ہو کہ چاروں طرف سے نفرین وملامت کی بوچھار ہونے لگی اور واقعی اس سے بڑھ کر نمک حرامی کیا ہوگی کہ جس دین کا نام لیتے تھے اسی کی جڑ کاٹنا شروع کی اسلام کو کیا مٹاتے خود ہی اسلام سے خارج ہو گئے۔ خدا کے نور کو جو شخص بجھانے کی کوشش کرتا ہے اسکو یہی پھل ملتا ہے ؎

چراغے را کہ ایزد برفروزد ہر آنکو پف زند ریشش بسوزد

بالآخر شریف مرتضیٰ کے دل میں یہ خیال پیدا ہوا کہ کسی طرح یہ کلنک کا ٹیکہ مٹانا چاہئے لہٰذا انھوں نے تقیہ کرکے تحریف قرآن کا انکار کردیا مگر افسوس کہ انھوں نے ایک ایسے کام کا ارادہ کیا جس میں کامیابی محال تھی وہ اپنے قول کی کوئی دلیل مذہب شیعہ کے اصول کے مطابق نہ پیش کرسکے نہ اپنی تائید میں کوئی روایت ائمہ معصومین کی لاسکے نہ روایات تحریف کا کوئی جواب دے سکے بلکہ انکار تحریف کی دھن میں وہ باتیں لکھ گئے جو ان کے مذہب کے لئے سم قاتل تھیں اور وہ ایسا کرنے پر مجبور تھے، قرآن پر ایمان کا دعویٰ بغیر مذہب شیعہ کی بیخ کنی کے ممکن ہی نہ تھا۔

تلاش وتتبع سے معلوم ہوا کہ گنتی کے چار شخص اکابر قدمائے شیعہ میں، ہیں جنھوں نے ازراہ تقیہ قرآن شریف کی تحریف کا انکار کیا اور ہر قسم کی تحریف سے اسکو پاک بتلایا۔ اول شریف مرتضیٰ دوم شیخ صدوق سوم ابو جعفر طوسی چہارم شیخ ابو علی طبرسی مصنف تفسیر مجمع البیان۔ ان چار کے سوا قدمائے شیعہ

مگر کسی نے ازراہ تقیہ بھی تحریف قرآن کا انکار نہیں کیا فصل الخطاب صفحہ ۳۳ میں ہے الثانی عدم وقوع التغییر والنقصان فیہ وان جمیع ما نزل علی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وآلہ ھو الموجود بایدی الناس فیما بین الدفتین والیہ ذھب الصدوق فی عقائدہ والسید المرتضیٰ وشیخ الطائفۃ فی التبیان ولم یعرف من القدماء موافق لھم یعنی دوسرا قول یہ ہے کہ قرآن میں تحریف اور کمی نہیں ہوئی اور یہ کہ جس قدر قرآن رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ پر نازل ہوا وہ لوگوں کے ہاتھوں میں اور دفتیوں کے بیچ میں موجود ہے اور اسی طرف گئے ہیں صدوق اپنے کتاب عقائد میں اور سید مرتضیٰ اور شیخ الطائفہ (ابو جعفر طوسی) تبیان میں اور متقدمین میں کوئی ان کا موافق معلوم نہیں ہوا نیز اسی کتاب کے صفحہ ۳۴ میں ہے والی طبقۃ (ای المرتضیٰ) لم یعرف الخلاف صریحا الا من ھذہ المشائخ الاربعۃ یعنی شریف مرتضیٰ کے طبقہ تک مسئلہ تحریف قرآن کی صراحۃً مخالفت سوا ان چار بزرگواروں کے اور کسی سے معلوم نہیں ہوئی یہ چاروں اشخاص اول تو ازراہ تقیہ تحریف کا انکار کر رہے ہیں ان کے انکار کا ازراہ تقیہ ہونے کی روشن دلیل تین ہیں اول یہ کہ وہ اپنی سند میں کوئی حدیث امام معصوم کی نہیں پیش کرتے نہ پیش کر سکتے تھے اور نہ ان زائد از دو ہزار احادیث ائمہ کا جواب دیتے ہیں لہذا معلوم ہوا کہ یہ ان کا اصلی عقیدہ نہ تھا دوم یہ کہ وہ قائلین تحریف کو کافر کیا معنی گمراہ بھی نہیں کہتے اگر واقعی ان چاروں کا اصلی عقیدہ یہی ہوتا جو وہ زبان سے کہہ رہے ہیں تو قرآن پر ایمان رکھنا ضروریات دین میں سمجھتے اور قائل تحریف کو ہماری طرح کافر اکفر جانتے سوم یہ کہ یہ چاروں صاحبان قرآن شریف کے محفوظ ہونے کو صحابہ کرامؓ کی مساعی جمیلہ اور ان کی حمیت دینی اور قوت ایمانی سے ثابت کرتے ہیں بھلا اگر انھوں نے تقیہ نہ کیا ہوتا تو صحابہ کرامؓ کے ان اوصاف کا اقرار کرتے۔ کیا اگر کوئی مرزائی کہے کہ میں مرزا غلام احمد کو نبی مانتا ہوں نہ مجدد تو اس کا یہ قول صحیح سمجھا جا سکتا ہے؟ یا کوئی خارجی کہے کہ میں حضرت علیؓ سے حسن ظن و محبت رکھتا ہوں تو اس کی بات قابل اعتبار ہو سکتی ہے؟

بہر کیف خواہ ان چار اشخاص کا انکار ازراہ تقیہ ہو یا نہ ہو مگر جب کہ زائد از دو ہزار احادیث ائمہ معصومین کی ان کے قول کے خلاف ہیں اور ان کے موافق ایک ٹوٹی پھوٹی روایت بھی نہیں اور پھر اس پر طرہ یہ کہ اگر ان کی دلیل مان لی جائے تو مذہب شیعہ فنا ہوا جاتا ہے لہذا ان کا یہ انکار ہرگز ہرگز از روئے مذہب شیعہ قابل اقتدا نہیں ہو سکتا نہ اس کی بنا پر شیعوں کو منکر تحریف کہنا کسی طرح صحیح ہو سکتا ہے اب ان چاروں

www.Alhaq.com

شخصوں کے اقوال اور ان کے دلائل سنئے اور انصاف کیجئے۔

تفسیر مجمع البیان کے فن خامس میں ہے۔

ومن ذلك الكلام في زيادة القرآن و
نقصانه فانه لا يليق بالتفسير فاما الزيادة
فمجمع على بطلانه واما النقصان فقد روى
فيه جماعة من اصحابنا وقوم من حشوية
العامة ان في القرآن تغييراً ونقصاناً
والصحيح من مذهب اصحابنا خلافه وهو
الذي نصره المرتضى رحمه الله واستوفى
الكلام فيه غاية الاستيفاء في جواب
المسائل الطرابلسيات وذكر في مواضع
ان العلم بصحة نقل القرآن كالعلم
بالبلدان والحوادث الكبار والوقائع
العظام والكتب المشهورة واشعار العرب
المسطورة فان العناية اشتدت و
الدواعي توفرت على نقله وحراسته
وبلغت حد لم تبلغه فيما ذكرناه لان
القرآن معجزة النبوة ومأخذ العلوم
الشرعية والاحكام الدينية وعلماء
المسلمين قد بلغوا في حفظه وحمايته
الغاية حتى عرفوا كل شيء اختلف فيه
من اعرابه وقراءته وحروفه فكيف
يجوز ان يكون مغيراً او منقوصاً مع العناية

اور منجملہ اسکے قرآن میں زیادتی اور کمی کی بحث ہے مگر یہ
بحث تفسیر کی کتابوں میں ذکر کرنے کے لائق نہیں
کیونکہ قرآن میں زیادتی نہ ہونے پر تو سب کا اجماع ہے
رہ گئی کمی تو اس کے متعلق ہمارے اصحاب کی ایک جماعت
اور حشویہ عامہ کی ایک قوم نے یہ روایت کی ہے کہ
قرآن میں کچھ تغیر و تبدل اور کچھ کمی ہو گئی ہے مگر ہمارے
اصحاب کا صحیح مذہب اسکے خلاف ہے اور اسی کی تائید
شریف مرتضیٰ نے کی ہے اور انھوں نے مسائل طرابلسیہ
کے جواب میں اس کے متعلق پوری بحث کی ہے
اور انھوں نے کئی مقام پر ذکر کیا ہے کہ قرآن
کے صحت کیساتھ منقول ہونے کا علم ایسا قطعی ہے
جیسا شہروں کے وجود اور بڑے بڑے حادثوں اور
واقعات اور مشہور کتابوں اور عرب کے لکھے ہوئے اشعار
کا علم کیونکہ قرآن کے نقل و حفاظت کے اسباب
بہت سے تھے اور اس کثرت کیساتھ تھے کہ مذکورہ
بالا چیزوں میں نہ تھی کیونکہ قرآن معجزہ نبوت ہے اور علوم
شرعیہ و احکام دینیہ کا ماخذ ہے اور علمائے مسلمین
قرآن کی حفاظت میں انتہا تک پہونچ گئے ہیں
یہاں تک کہ قرآن کے جس جس مقام میں اعراب اور
قرأت اور حروف کا اختلاف ہے سب انھوں نے
معلوم کر لیا ہے پس باوجود ایسی سچی توجہ اور سخت حفاظت

الصادقة والضبط الشديد وقال
ايضا قدس الله روحه ان العلم بتفصيل
القران وابعاضه فی صحة نقله كالعلم
بجملته وجری ذلك مجری ما علم ضرورة
من الكتب المصنفة ككتاب سيبويه والمزنی
فان اهل العناية بهذا الشان يعلمون
من تفصيلها ما يعلمون من جملتها حتی
لو ان مدخلا ادخل فی كتاب سيبويه بابا
فی النحو ليس من الكتاب يعرف وميز وعلم
انه ملحق وليس من اصل الكتاب وكذلك
القول فی كتاب المزنی ومعلوم ان العناية
بنقل القران وضبطه اصدق من العناية
بضبط كتاب سيبويه ودواوين الشعراء
وذكر ايضا رضی الله عنه ان القران
كان علی عهد رسول الله صلی الله عليه وآله
مجموعا مؤلفا علی ما هو عليه الان واستدل
علی ذلك بان القران كان يدرس ويحفظ
جميعه فی ذلك الزمان حتی عين علی
جماعة من الصحابة فی حفظهم له وانه
كان يعرض علی النبی صلی الله عليه وآله
ويتلی عليه وان من الصحابة مثل عبد الله
بن مسعود وابی بن كعب وغيرهما ختموا
القران علی النبی صلی الله عليه وآله عدة ختمات

کے کیونکر ممکن ہے کہ قرآن میں تغیر و تبدل اور کمی ہو جائے
نیز شریف مرتضیٰ نے کہا ہے کہ قرآن کی ہر ہر آیت اور
اسکے ٹکڑوں کے صحیح النقل ہونیکا علم بھی ویسا ہی قطعی
ہے جیسا کہ اس کے مجموعہ کے صحیح النقل ہونیکا اور یہ علم
اسدرجہ میں ہے جسدرجہ میں کتب مصنفہ کا علم ہو جیسے
سیبویہ اور مزنی کی کتاب کہ اس فن کے لوگ اسکے ہر ہر جملہ کو
اسیطرح جانتے ہیں جسطرح اسکے مجموعہ کو یہانتک کہ اگر کوئی
شخص کتاب سیبویہ میں ایک باب نحو کا بڑھا دے جو
اصل کتاب میں نہ ہو تو یقینا پہچان لیا جائے گا اور
امتیاز کر لیا جائے گا اور معلوم ہو جائیگا کہ وہ الحاقی ہے
اصل کتاب کا نہیں ہے یہی حال کتاب مزنی کا بھی ہے
اور سب کو معلوم ہے کہ نقل و حفاظت قرآن کی طرف
توجہ بہ نسبت کتاب سیبویہ کے اور شعرا کے دیوانوں
میں بہت کامل تھی۔ نیز شریف مرتضیٰ نے لکھا ہے
کہ قرآن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کے زمانہ میں
مجموع و مرتب تھا جیسا کہ وہ اب ہے اور اس کی
دلیل یہ بیان کی ہے کہ قرآن اس زمانہ میں پورا پڑھایا
جاتا تھا اور حفظ کرایا جاتا تھا یہاں تک کہ صحابہ کی
ایک جماعت حفظ قرآن میں نامزد کی گئی ہے اور قرآن
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پیش کیا جاتا تھا
اور آپ کو پڑھ کر سنایا جاتا تھا اور یقینا صحابہ میں
مثل عبد اللہ بن مسعود و ابی بن کعب کے بہتوں نے
نبی صلی اللہ علیہ وآلہ کو کئی کئی ختم قرآن سنائے تھے

www.Ahlehaq.com

وكل ذلك يدل بادنى تامل على انه كان مجموعا مرتبا غير مبتور ولا مبثوث وذكر ان من خالف فى ذلك من الامامية والحشوية لا يعتد بخلافهم فان الخلاف فى ذلك مضاف الى قوم من اصحاب الحديث نقلوا اخبارا ضعيفة ظنوا صحتها لا يرجع بمثلها عن المعلوم المقطوع على صحته (انتهى)

اور یہ سب باتیں ایک تھوڑے سے غور کیا جائے تو بتا رہی ہیں کہ بیشک قرآن مجموع و مرتب تھا ٹکڑے ٹکڑے اور پراگندہ نہ تھا اور شریف مذکور نے یہ بھی لکھا ہے کہ جو لوگ امامیہ اور حشویہ میں اس کے مخالف ہیں ان کا اختلاف لائق اعتبار نہیں کیونکہ اس مسئلہ میں ایک جماعت محدثین نے اختلاف کیا ہے انھوں نے چند ضعیف روایتیں نقل کر کے ان کو صحیح سمجھ لیا حالانکہ ایسی روایتوں کی بنا پر قطعی چیز نہیں چھوڑی جا سکتی۔

تفسیر مجمع البیان کی اسی عبارت کو جناب حائری صاحب نے درمیان سے قطع و برید کر کے نقل کیا ہے اور ناواقفوں کو فریب دیا ہے کہ شیعہ تحریف قرآن کے قائل نہیں۔

یہ لطیفہ بھی قابل تماشا ہے کہ جناب حائری صاحب کا دعویٰ یہ ہے کہ "شیعہ مسلمان قطعاً تحریف قرآن کے قائل نہیں" دیکھو رسالہ موعظہ تحریف صفحہ ۵۶ مگر آگے چل کر صفحہ ۵۹ میں آپ اقرار کرتے ہیں کہ اکثر اخباری شیعہ تحریف قرآن کے قائل ہیں اور اخباری کے معنی آپ اہل حدیث غیر مقلد بیان کرتے ہیں پھر انھیں قائلین تحریف میں اپنے شیخ الاسلام کلینی اور ان کے استاد قمی اور طبرسی مصنف احتجاج کو بھی شمار کرتے ہیں یہ بھلا ہوا تناقض نہیں، تو کیا ہے کوئی ان سے پوچھے کہ یہ بزرگوار جن کو آپ خود قائل تحریف مان رہے ہیں شیعہ تھے کہ نہیں اگر تھے اور یقیناً تھے تو آپ کا یہ کہنا کہ شیعہ قطعاً قائل تحریف نہیں خود آپ کے قول سے غلط ہو گیا ایسی متناقض اور بے علمی کی باتیں اس رسالہ میں بہت ہیں۔

مجمع البیان کے علاوہ تین کتابوں کی عبارتیں حائری صاحب نے اور نقل کی ہیں ان عبارتوں میں بھی انھیں منکرین تحریف کا قول ہے لیکن مجمع البیان میں پورے بسط و تفصیل کیا ہے مع دلائل ہے اور ان میں دلیل نہیں ہے لہذا ہم اسی عبارت مجمع البیان پر اکتفا کر کے شریف مرتضیٰ کے دلائل کا حال اور ان کا نتیجہ حوالہ قلم کرتے ہیں۔

(۱) شریف مرتضیٰ قرآن میں زیادتی نہ ہونے پر اپنے فرقہ کا اجماع بتا رہے ہیں یہ ایسا صریح جھوٹ ہے کہ سوا شیعوں کے کسی مذہب کا عالم ایسے دروغ بے فروغ کی جرأت نہیں کر سکتا اسکا جھوٹ

ہونا روایات احتجاج وغیرہ کے علاوہ جو اوپر منقول ہوئیں خود حائری صاحب کی نقل کردہ عبارت
قوانین الاصول سے ظاہر ہے وہ عبارت یہ ہے نعم اکثر الاخباریین انہ وقع فیہ التحریف
والزیادۃ والنقصان وھو الظاھر من الکلینی وشیخہ علی بن ابراھیم القمی والشیخ احمد
بن ابی طالب الطبرسی صاحب الاحتجاج یعنی اکثر محدثین سے منقول ہے کہ قرآن میں
تحریف ہوئی بیشی بھی ہوئی اور کمی بھی اور یہی ظاہر ہے کلینی اور ان کے استاد علی بن ابراہیم قمی سے اور
شیخ احمد بن ابی طالب طبرسی مصنف احتجاج سے۔ پس جب اکثر محدثین اور اتنے بڑے بڑے شیعہ اکابر قرآن میں
بیشی کیے جانے کا قائل آپ خود مان رہے ہیں تو شریف مرتضیٰ کا یہ کہنا کہ قرآن میں بیشی نہ ہونے پر سب شیعوں
کا اجماع ہے جھوٹ ہوا یا نہیں۔

(۲) شریف مرتضیٰ قرآن میں کمی کی روایتوں کا وجود اپنے یہاں مان کر کہتے ہیں کہ ہمارا صحیح مذہب اسکے
خلاف ہے یہ بھی غلط ہے صحیح ہونیکا کیا مطلب صحیح تو وہی قول ہو سکتا ہے جسکی تائید معصوم کی حدیث سے
ہوتی نہ وہ قول جو زائد از دو ہزار احادیث معصوم کے خلاف ہو۔

(۳) شریف مرتضیٰ اپنی روایات تحریف کو لکھتے ہیں کہ ضعیف ہیں محدثین نے ان کو صحیح خیال کر کے
ان کے موافق عقیدہ بنالیا۔ یہ قول بھی کس قدر فریب ہے ان روایتوں کے ضعیف ہونیکی کوئی وجہ بیان
کرنی چاہیے تھی یا قاعدہ راویوں پر جرح کرتے یا اور کوئی نقص سند میں بتاتے بغیر اسکے کسی روایت کو
ضعیف کہہ دینا کسی کے نزدیک قابل قبول نہیں ہوتا اچھا بالفرض یہ روایتیں جو دو ہزار سے زائد ہیں
سب ضعیف ہیں تو شریف مرتضیٰ کوئی صحیح روایت ایسی پیش کر دیتے کہ فلاں امام معصوم نے فرمایا ہے کہ
قرآن میں تحریف نہیں ہوئی صحیح نہ ہی کوئی ضعیف ہی روایت اس مضمون کی اپنی کتابوں میں دکھلا دیتے
مگر یہ بات ان کے امکان میں نہ تھی۔

(۴) شریف مرتضیٰ کہتے ہیں کہ قرآن کی حفاظت کے اسباب بہت تھے قرآن معجزہ نبوت اور ماخذ دین تھا
صحابہ بڑے حافظ دین تھے قرآن کی حفاظت میں بے انتہا اور بے مثل کوشش کرتے تھے بہت سے صحابہ مثل
عبداللہ بن مسعود وغیرہ کے پورے قرآن کے حافظ تھے۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کئی کئی ختم سنا چکے
تھے اور آپکے زمانہ میں لوگوں کو درس قرآن دیتے تھے صحابہؓ کے اس بے مثل اہتمام و کوشش کے ہوتے
قرآن میں تحریف ہو جانا محال ہے حضرات شیعہ خصوصاً حائری صاحب مہربانی سے ارشاد فرمائیں کہ کیا واقعی

www.Ahlehaq.com

شیعوں کا عقیدہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے متعلق یہی ہے جو شریف مرتضیٰ نے بیان کیا۔ کیا مذہب شیعہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو ایسا ہی دیندار اور دین کا محافظ قرآن کا نگہبان مانتا ہے۔

یقیناً شریف مرتضیٰ کی یہ تقریر مذہب شیعہ کے بالکل خلاف ہے شیعہ مذہب تو صحابہ کرام کو معاذ اللہ دشمن دین کہتا ہے اور کہتا ہے کہ پوری قرآن کا حافظ سوا ائمہ کے نہ کوئی تھا اور نہ ہو سکتا ہے اور کہتا ہے کہ صحابہ کرام ہرگز قرآن کے نگہبان نہ تھے اور کہتا ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد قرآن کے محرف ہو جانے کے اسباب زیادہ تھے نہ محفوظ رہنے کے کیونکہ تمام صحابہ دشمن دین تھے اور صاحب قوت و شوکت تھے۔ مومن صرف چار یا پانچ تھے اور وہ ہر طرح سے عاجز اور کمزور بے دست و پا تھے۔
شریف مرتضیٰ کی یہ تقریر بالکل مذہب اہلسنت کے مطابق ہے صحابہ کرام کے یہ فضائل اہلسنت کا عقیدہ ہے نہ شیعوں کا۔ اسی وجہ سے خود علمائے شیعہ نے بھی شریف موصوف کے قول کو رد کیا ہے حائری صاحب کو لازم تھا کہ اس رد کو بھی نقل کرتے اور اس کا جواب دیتے مگر یہ ایمانداری ان کی وضع کے خلاف تھی خیر اب میں اس کو لکھتا ہوں حائری صاحب غور فرما کر ملاحظہ کریں۔

علامہ محمد بن محسن کاشی تفسیر صافی میں شریف موصوف کے قول کو اس طرح رد کرتے ہیں۔

اقول للقائل ان یقول کما ان الدواعی کانت متوافرۃ علی نقل القرآن وحراستہ من المومنین کذلک کانت متوافرۃ علی تغییرہ من المنافقین المبدلین للوصیۃ المغیرین للخلافۃ لتضمنہ ما یضاد رأیہم والتغییر فیہ ان وقع فانما وقع قبل انتشارہ فی البلدان واستقرارہ علی ما ہو علیہ الآن والضبط الشدید انما کان بعد ذلک فلا تنافی بینہما بل لقائل انہ ما تغیر فی نفسہ وانما التغیر فی کتابتہم وتلفظہم بہ فانہم ما حرفوا الا عند

میں کہتا ہوں کہ ایک کہنے والا کہہ سکتا ہے کہ جس طرح قرآن کی حفاظت کے اسباب ایمان والوں کی طرف سے زیادہ تھے اسی طرح منافقوں کی طرف سے جنھوں نے وصیت رسول کو بدل دیا خلافت کو متغیر کر دیا قرآن کے محرف ہو جانے کے اسباب زیادہ تھے کیونکہ قرآن ان کی رائے کے خلاف تھا اور قرآن میں اگر تحریف ہوئی ہے تو قبل اس کے کہ وہ شہروں میں پھیلے اور حالت موجودہ پر قرار پکڑے اور یہ سخت حفاظت بعد کے ہوئی ہے پس اس سخت حفاظت اور تحریف قرآن میں کچھ بھی منافات نہیں بلکہ ایک کہنے والا کہہ سکتا ہے کہ اصل قرآن میں تحریف نہیں ہوئی تحریف صرف

www.Ahlehaq.com

نسخه من الاصل وبقي الاصل على ما هو عليه عند العلماء ليس بمحرف وانما المحرف ما اظهروه لاتباعهم واما كونه مجموعا في عهد النبي صلى الله عليه وآله على ما هو عليه الآن فلم يثبت وكيف كان مجموعا وانما كان ينزل نجوما وكان لا يتم الا بتمام عمره صلى الله عليه وآله واما درسه وختمه فانما كانوا يدرسون ويختمون ما كان عندهم من تمامه.

ان کے لکھنے اور تلفظ میں ہوئی کیونکہ انھوں نے اصل سے نقل کرتے وقت تحریف کی اور اصل قرآن اپنی حالت پر اپنے اہل یعنی علمائے قرآن (ائمہ اہلبیت) کے پاس موجود ہے پس جو قرآن ائمہ کے پاس موجود ہے وہ محرف نہیں ہے محرف تو وہ ہے جس کو جامعین قرآن نے اپنے پیروؤں کے لئے ظاہر کیا باقی رہا یہ کہ قرآن نبی صلی اللہ علیہ وآلہ کے وقت میں جمع ہو چکا تھا جیسا کہ اب ہے یہ بات ثابت نہیں اور اس زمانہ میں کیسے جمع ہو سکتا تھا کیونکہ تھوڑا تھوڑا نازل ہوتا تھا اور اسکا اختتام آنحضرت صلی اللہ علیہ والہ کے عمر کے اختتام پر موقوف تھا رہا قرآن کا درس اور ختم تو جس قدر ان کے پاس تھا اسی کا درس ختم کرتے تھے نہ پورے کا۔

لیجئے شریف مرتضی کا قول رد ہو گیا جو دلائل انھوں نے پیش کئے تھے وہ مذہب شیعہ کی رو سے بالکل غلط ثابت ہوئے

علامہ خلیل قزوینی نے بھی صافی شرح کافی میں شریف مرتضی کے اس قول کو رد کیا ہے اور لکھا ہے کہ

دعوی اینکه قرآن همین است که در مصاحف مشهوره است خالی از اشکال نیست و استدلال برین اهتمام اصحاب اهل اسلام بضبط قرآن بغایت رکیک است بعد اطلاع بر عمل ابی بکر و عمر و عثمان رض۔

اس بات کا دعوی کرنا کہ قرآن یہی ہے جو مصاحف مشہورہ میں ہے مشکل ہے اور اس پر صحابہ اہل اسلام کی اہتمام سے جو انھوں نے حفاظت قرآن میں کیا استدلال کرنا نہایت کمزور ہے بعد اس امر کے معلوم کر لینے کے کہ ابوبکر رض و عمر رض و عثمان رض نے کیا کیا کام کئے

اور علامہ نوری طبرسی نے فصل الخطاب میں بہت بسط کے ساتھ منکرین تحریف کے قول کو رد کیا ہے اور ان کے دلائل کو توڑا ہے خاص کر شیخ صدوق کی تو بہت سی چوریاں پکڑی ہیں اور آخر میں صاف لکھدیا ہے کہ تحریف کے انکار میں جو دلیل پیش کی جاتی ہے وہ مذہب شیعہ کے لئے سم قاتل ہے وہ لکھتے ہیں۔

قلت أنه لشدة حرصه علی اثبات
مذهبه یتعلق بکل ما یحتمل فیه تائید لمذهبه
ولا یلتفت الی لوازمه الفاسدة التی
لا یمکنه الالتزام به فان ما ذکره من
الشبهة هی الشبهة التی ذکرها المخالفون
بعینها واوردها علی اصحابنا المدعین
ثبوت النص الجلی علی امامة مولانا علی
علیه السلام واجابوا عنها بما لا یبقی معه
ریب وقد احیاها بعد طول المدة غفلة
او تناسیا عما هو مذکور فی کتب الامامیة

میں کہتا ہوں کہ صدوق اپنے مذہب کے ثابت کرنے کا اتنا سخت حریص ہے کہ جس بات میں ذرا سا بھی احتمال اپنے مذہب کی تائید کا پاتا ہے اسکو لے لیتا ہے اور اس کے نتائج فاسدہ کی طرف توجہ نہیں کرتا کہ ان نتائج کو تسلیم کرنا اسکے امکان میں نہیں جو اعتراض اس نے تحریف قرآن پر کیا ہے بعینہ یہ وہی اعتراض ہے جو مخالفین ہمارے اصحاب پر حضرت علی کی امامت پر نص جلی موجود ہونیکے متعلق کیا کرتے ہیں اور ہماری اصحاب نے انکے اعتراض کا جواب ایسے عمدہ دلائل سے دیا کہ پھر کوئی شبہ باقی نہیں رہتا مگر صدوق وغیرہ نے ایک زمانہ دراز کے بعد پھر اس اعتراض کو زندہ کر دیا اور جو کچھ کتب امامیہ میں لکھا ہے اس سے غفلت یا فراموشی کی۔

واقعی علامہ نوری نے بالکل صحیح لکھا کہ اگر منکرین تحریف کی دلیل صحیح ہو اور صحابہ ایسے کامل ایماندار اور محافظ دین مان لیے جائیں کہ ان کی دینداری اور حفاظت دین کے بھروسہ پر قرآن میں تحریف کا ہونا محال ہو تو پھر خلافت کے معاملہ میں بھی اتنا پڑیگا کہ اگر رسول نے حضرت علی کو خلیفہ بنایا ہوتا تو ناممکن تھا کہ ایسے دیندار اور دین کے جانثار حکم رسول کے خلاف کسی دوسرے کو خلیفہ بناتے علی ہذا فدک اگر حضرت فاطمہ کا حق ہوتا تو بھی یہ دیندار جماعت رسول کی بیٹی کی حق تلفی نہ کرتی غرض صحابہ کے تمام مظالم کے افسانے بے بنیاد ہو جائیں گے۔ خلاصہ یہ ہوا کہ سنی ہو جاؤ سنیوں کی طرح صحابہ کرام کی دینداری اور تقدس کا عقیدہ رکھو اور شیعوں کی تمام روایات کو زور و بہتان سمجھو تو قرآن پر ایمان ہو سکتا ہے ورنہ نہیں۔

مومن قرآن شدن بارفض دون :: ایں خیال است و محال است و جنوں

الحمد للہ کہ یہ بحث پوری ہو چکی اور قطعی طور پر ثابت ہو گیا کہ اصلی مذہب شیعوں کا یہی ہے کہ قرآن محرف ہے کمی بیشی تغیر تبدل الفاظ و حروف کا اور آیات و سور بلکہ کلمات کی ترتیب کا ہونا غرض ہر قسم کی تحریف اس میں ہے جو شیعہ تحریف کا انکار کرتا ہے وہ تقیہ کر رہا ہے۔ حائری یقیناً جس

www.ahlehaq.com

www.Alhaqq.com

اگر شیعوں کی پیشانی سے اس داغ کو مٹانا چاہتے ہیں تو ہماری اس تحریر کا جواب لکھیں اور اپنا وعدہ پورا کریں اور جواب میں ان کو تین کام کرنا ضروری ہیں۔

اول یہ کہ زائد از دو ہزار روایات تحریف قرآن کی جو ان کی کتابوں میں ہیں جن کو محدثین شیعہ متواتر و مستفیض کہتے ہیں ان کے غیر معتبر ہونیکی کوئی ایسی معقول وجہ بیان کریں جو ان کے اصول حدیث کے مطابق ہو اور ان روایات کے غیر معتبر ہونے سے کوئی اثر ان کے فن حدیث پر خصوصاً روایات امامت پر نہ پڑنے پائے۔

دوم یہ کہ اپنی کتابوں سے کچھ معتبر حدیثیں ائمہ معصومین کی پیش کریں جن میں اِس مضمون کی تصریح ہو کہ قرآن میں تحریف نہیں ہوئی اگر صحیح روایت نہ دستیاب ہو تو کوئی ضعیف ہی روایت دکھلادیں

سوم ایک فتویٰ تیار کریں کہ جو شخص تحریف قرآن کا قائل ہو وہ کافر ہے اور قطعاً دائرہ اسلام سے خارج ہے اور ان علماء اکابر شیعہ کو جو تحریف قرآن کے قائل تھے جن میں اصحاب ائمہ و سفرائے امام غائب بھی ہیں کافر نہیں گمراہ تو لکھدیں اور اس فتویٰ پر اپنی مہر کر کے شائع کر دیں اور اچھا ہو کہ دوسرے مجتہدین شیعہ مقیم لکھنؤ وغیرہ سے بھی اس فتویٰ پر تصدیقی مہریں کرادیں۔

بغیر ان تین کاموں کے کیے صرف یہ کہدینا کہ ہم تحریف کے قائل نہیں ہیں کسی طرح لائق سماعت نہیں ہو سکتا بلکہ بدیہیات کا انکار کرنا بے حیائی کی دلیل ہوگا۔

بحث دوم

اس بیان میں کہ اہلسنت کے یہاں نہ تحریف کی کوئی روایت ہے نہ انکا کوئی متنفس کبھی تحریف کا قائل ہوا

بحث سابق میں بیان ہو چکا کہ شیعوں کا ایمان قرآن شریف پر نہیں ہے نہ ہو سکتا ہے اور اس کی تین زبردست وجوہ بھی بیان ہو چکیں پہلی دونوں وجہوں کا کوئی تعلق مبحث تحریف سے نہیں ہے اگر کتب شیعہ میں کوئی روایت تحریف قرآن کی نہ ہوتی تو بھی یہ دونوں وجہیں بتا رہی ہیں کہ شیعوں کا ایمان قرآن شریف پر نہیں ہو سکتا ان دونوں وجہوں میں باہم فرق یہ ہے کہ پہلی وجہ کے رو سے نہ صرف قرآن بلکہ دین کی ہر چیز مذہب شیعہ کی رو سے ناقابل اعتبار ہو گئی قرآن خواہ خلفائے ثلثہ کا جمع کیا ہوا ہو خواہ رسول کا جمع کیا ہوا ہو ہر حالت میں پہلی وجہ کی رو سے

Www.Ahlehaq.com

ناقابل اعتبار ہوگیا اور دوسری وجہ صرف قرآن کے ناقابل اعتبار ہونے پر دلالت کرتی ہے وہ بھی اس صورت میں جبکہ قرآن کا جامع خلفائے ثلثہ کو کہا جائے جیسا کہ شیعوں کو مسلم ہے۔

ان وجوہ میں صرف تیسری وجہ کا تعلق مبحث تحریف سے ہے۔

پہلی دونوں وجہوں کا کوئی جواب معقول یا نامعقول کسی شیعہ نے ابتک نہیں دیا اور نہ دے سکتا ہے امروہہ میں بڑے معرکہ کا مناظرہ ہوا اور یہ تینوں وجہیں پیش کی گئیں مگر شیعہ مناظر نے پہلی دونوں وجہوں کو ہاتھ تک نہ لگایا۔

صرف تیسری وجہ کے جواب میں مصنف نزہہ و مصنف استقصاء کی کورانہ تقلید کر کے شیعہ کہہ اٹھتے ہیں کہ صاحب روایات تحریف سنیوں کے یہاں بھی ہیں حائری صاحب مجتہد پنجاب نے اتنی دلیری اور کی کہ روایات تحریف کا اپنے یہاں سے بالکل انکار کر کے صرف سنیوں پر افترا کیا اور اپنے کو آیۂ کریمہ ومن یکسب خطیئۃ او اثما ثم یرم بہ بریئا فقد احتمل بھتانا و اثما مبینا کا مصداق بنایا۔

لھذا اب ہم بعونہ تعالیٰ اس بات کو ثابت کرتے ہیں کہ سنیوں کے یہاں ہرگز ہرگز کوئی روایت تحریف قرآن کی نہیں ہے اور نہ کوئی سنی کبھی قائل تحریف ہوا نہ ہو سکتا ہے مذہب اہلسنت میں جو شخص تحریف قرآن کا قائل ہو وہ قطعاً کافر اور دائرہ اسلام سے خارج ہے۔

شیعوں کو اس موقع پر لازم یہ تھا کہ جس طرح ہم نے ان کی معتبر کتابوں سے تحریف قرآن کی روایتیں تین اقرار کے ساتھ نقل کر دیں اسی طرح وہ بھی ہماری معتبر کتابوں کی روایتیں پیش کر کے ہمارے علما کا اقرار دکھاتے کہ یہ روایات متواتر ہیں اور یہ کہ یہ روایات تحریف قرآن پر دلالت کرتی ہیں اور یہ کہ انھیں روایات کے مطابق سنی تحریف کے معتقد ہیں مگر کسی شیعہ مجتہد نے ایسا نہ کیا نہ کر سکتا ہے صرف روایات بغیر ان تینوں اقراروں کے نقل کرتے ہیں اور اس روایت کا غلط مطلب اپنی طرف سے بیان کر کے کہدیتے ہیں کہ تحریف ثابت ہوگئی۔ غلط مطلب بیان کرنے میں حائری صاحب اپنے علمائے سابقین سے بھی دو قدم آگے ہیں چنانچہ انشاء اللہ تعالیٰ عنقریب واضح ہوگا۔

آغاز مقصد

کسی شیعہ کی اب تک جرأت نہیں ہوئی کہ اہل سنت کو معتقد تحریف قرآن کا کہتا بڑے بڑے

بے انصاف مکابروں نے اس بات کا اقرار کیا کہ اہل سنت کا ایمان قرآن شریف پر ایسا پختہ ہے کہ جو شخص قرآن مجید کو محرف کہے اہلسنت اسکو کافر جانتے ہیں حتیٰ کہ شیعوں کے امام المناظرین مولوی حامد حسین استقصاء الافحام جلد اول کے صفحہ ۹ پر لکھتے ہیں۔

" مصحف عثمانی کہ اہل سنت آنرا قرآن کامل اعتقاد کنند و معتقد نقصان آنرا ناقص الایمان بلکہ خارج از اسلام پندارند "

مگر معلی القاب مجتہد پنجاب نے اپنے سابقین سے بھی دو قدم آگے بڑھ کر سنیوں کو معتقد تحریف قرآن بیان کیا ہے گو اپنے اس دعوی کے ثبوت میں ایک لفظ بھی پوری رسالہ میں نہیں لکھ سکے۔

مولوی حامد حسین وغیرہ صرف اس بات کے مدعی ہوئے تھے کہ سنیوں کی کتابوں میں تحریف قرآن کی روایت موجود ہے گو یہ بہتان بھی کچھ کم نہ تھا مگر حائری صاحب انھیں کی کورانہ تقلید پر قناعت کرتے تو بھی غنیمت تھا۔

بہر کیف جن لوگوں نے یہ بہتان اٹھایا تھا کہ سنیوں کے یہاں تحریف قرآن کی روایتیں موجود ہیں ان کو ہماری کتابوں سے عبارتوں کو نقل کرنے منقولہ عبارتوں کے ترجمہ کرنے مطلب بیان کرنے میں طرح طرح کی خیانتیں کرنی پڑیں مگر افسوس کہ خیانت کرنے پر بھی انکا کام نہ بنا۔

اس موقع پر چند باتیں سب سے پہلے یاد رکھنے کی ہیں۔

(۱) اہل سنت کی وہ روایتیں جنکو یہ دھوکہ دینے والے تحریف کی روایتیں کہتے ہیں وہ نسخ کی اور اختلاف قرات کی روایتیں ہیں جیسا کہ علمائے اہلسنت نے تصریح کی ہے ایک عالم نے بھی ان روایات سے تحریف کو نہیں سمجھا اور نہ سمجھ سکتا ہے اور لطف یہ کہ مناظرہ کے مقام سے علاحدہ اپنی جگہ پر خود[1] علمائے شیعہ نے اس امر کا اقرار کیا ہے کہ یہ روایت نسخ کی ہیں نہ تحریف کی چنانچہ

---

[1] چنانچہ علامہ طبرسی شیعی اپنی مشہور تفسیر مجمع البیان میں (اس تفسیر سے حائری صاحب نے اپنے اسی رسالہ موعظہ تحریف میں استناد کیا ہے) ذیل آیہ کریمہ ما ننسخ من آیۃ لکھتے ہیں والنسخ فی القرآن علی ضروب منہا ان یرفع حکم الآیۃ وتلاوتھا کما روی عن ابی بکر انہ قال کنا لا ترغبوا عن آبائکم فانہ کفر بکم ومنہا ان یثبت الآیۃ فی الخط ویرفع حکمہا کقولہ وان فاتکم شیء من ازواجکم الی الکفار فعاقبوا فہذہ ثابتۃ اللفظ فی الخط مرتفعۃ الحکم ومنہا ما یرتفع اللفظ ویثبت الحکم کآیۃ الرجم فقد قیل انہا کانت منزلۃ فرفع لفظہا وقد جاءت اخبار کثیرۃ بان اشیاء

www.Ahlehaq.com

عنقریب ہم ان شاء اللہ تعالیٰ ہر ہر روایات کو نقل کر کے یہ بات آنکھوں سے دکھا دیں گے بخلاف انکے شیعوں کی روایات صراحۃً تحریف قرآن کو بیان کر رہی ہیں کہ سوا تحریف کے نسخ یا اختلاف قراءت پر وہ کسی طرح محمول نہیں ہو سکتیں چنانچہ خود علمائے شیعہ نے بھی اسکا اقرار کیا ہے اور وہ اوپر نقل ہو چکا۔

حاشیہ صفحہ گزشتہ:۔ کانت فی القرآن فنسخ تلاوتہا فمنہا ما روی عن ابی موسی انہم کانوا یقرؤن لو کان لابن آدم وادیین من مال لابتغی الیہما ثالثا ولا یملأ جوف ابن آدم الا التراب ویتوب اللہ علی من تاب ثم رفع وعن انس ان السبعین من الانصار الذین قتلوا ببئر معونۃ نزل فیہم قرآن بلغوا عنا قومنا انا لقینا ربنا فرضی عنا وارضانا ثم ان ذلک رفع (ترجمہ) نسخ قرآن میں کئی قسم کا ہوا از انجملہ یہ کہ آیت کا حکم اور اس کی تلاوت دونوں منسوخ ہو جائیں چنانچہ ابوبکر سے منقول ہے کہ وہ کہتے ہیں ہم لا ترغبوا عن آباءکم فانہ کفر بکم پڑھا کرتے تھے اور ازانجملہ یہ کہ آیت کی الفاظ تو کتابت باقی رہیں مگر حکم منسوخ ہو جائے جیسے اللہ تعالیٰ کا قول وان فاتکم شیئ من ازواجکم الی الکفار فعاقبتم ہے اس آیت کے کتابت میں قائم ہیں مگر حکم منسوخ ہے اور ازانجملہ یہ کہ آیت کی تلاوت منسوخ ہو جائے مگر حکم باقی رہے جیسے آیت رجم میں اس کی تحقیق بیان کیا گیا ہے کہ آیت رجم نازل ہوئی تھی تلاوت اس کی منسوخ ہو گئی اور حقیق بہت سی روایتیں وارد ہوئی ہیں کہ کچھ آیتیں قرآن میں ایسی تھیں کہ جن کی تلاوت منسوخ ہو گئی منجملہ ان کے ایک یہ آیت وہ ہے جو ابوموسیٰ سے منقول ہے کہ لوگ لو کان لابن آدم وادیین من مال لابتغی الیہما ثالثا ولا یملأ جوف ابن آدم الا التراب ویتوب اللہ علی من تاب کی تلاوت کرتے تھے پھر یہ منسوخ ہو گئی اور انس سے روایت ہے کہ ستر انصار جو بئر معونہ میں شہید ہو گئے تھے ان کے متعلق ایک قرآن (یعنی کچھ آیتیں۔ قرآن پوری کتاب کا نام بھی ہے اور لغت کے اس کے اجزاء کو بھی قرآن کہتے ہیں) نازل ہوا یعنی بلغوا عنا قومنا انا لقینا ربنا فرضی عنا وارضانا پھر منسوخ ہو گیا اس کے بعد صاحب مجمع البیان لکھتے ہیں کہ وقد ذکرنا حقیقۃ النسخ عند المحققین یعنی نسخ کی جو حقیقت محققین کے نزدیک تھی وہ ہم نے بیان کر دی معلوم ہوا کہ تمام محققین شیعہ بھی نسخ کی تین قسمیں بیان کرتے ہیں اور جن روایات کو مولوی دلدار علی و مولوی حامد حسین وغیرہ اور ان کی تقلید کر کے حائری صاحب تحریف کی روایات بتلاتے ہیں محققین شیعہ بھی ان کو نسخ پر محمول کرتے ہیں نہ تحریف پر تحریف کی روایتیں تو وہ ہیں جو کتب شیعہ کے ساتھ مخصوص ہیں سوا شیعوں کے کلمہ گویان اسلام میں سے کسی فرقہ کی کتابوں میں ان کا نام و نشان نہیں مل سکتا ہے۔ ذرا ان لوگوں کی جرأت و دلیری تو دیکھئے۔ اپنے گھر کی تحقیقات سے بھی آنکھیں بند کر کے کس طرح انھوں نے متفق علیہ روایات نسخ کو تحریف کی روایات کہہ دیا حائری صاحب نے اپنے اس رسالہ میں یہی سب روایتیں ذکر کی ہیں جیسا کہ آئندہ ہم دکھائیں گے اور جہاں کہیں اپنی طرف سے اضافہ کیا ہے وہ اور بھی لطیف ہے۔ کما سیجیٔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ حاشیہ صفحہ ہذا لے کیونکہ روایات شیعہ میں صراحۃً یہ مضامین ہیں کہ قرآن منافقوں نے جمع کیا منافقوں نے اس میں سے بہت کچھ نکال ڈالا اس کے نکل جانے سے موجودہ آیتیں خبط و بے ربط ہو گئیں منافقوں نے اپنے کفر کی تائید میں قابل نفرت و خلاف فصاحت مضامین اس میں بڑھا دیئے جو باتیں خدا نے نہ فرمائی تھیں وہ قرآن میں درج کر دیں نبی کی توہین قرآن میں بڑھا دی منافقوں کے نام بدل دیئے۔ تقیہ روکتا ہے کہ تحریف کے ہوئے مقامات معین کئے جائیں اگر تقیہ کی بندش نہ ہو گئی ہوتی تو ائمہ معصومین کا حق کسی پر مخفی نہ رہتا ان تمام مضامین کی روایتیں بطور نمونہ کے کتب شیعہ سے صفحات گزشتہ میں نقل ہو چکیں

(۲) اہلسنت کی یہ روایتیں اخبار احاد ہیں متواتر نہیں ہیں بلکہ ان روایات میں بہ اکثر کے صحیح ہونے میں بھی کلام ہے لہذا بالفرض محال اگر یہ روایتیں تحریف پر دلالت بھی کریں تو اہلسنت کے نزدیک قابل اعتبار نہ ہوئیں کیونکہ قرآن شریف متواتر ہے اور غیر متواتر شے متواتر کا مقابلہ نہیں کر سکتی اور نہ بنیاد اعتقاد بن سکتی ہے بخلاف اس کے شیعوں کی روایات تحریف متواتر ہیں ان کے متواتر ہونیکا اور انداز دو ہزار ہونیکا علمائے شیعہ نے اقرار کیا ہے جیسا کہ اوپر منقول ہوا۔

(۳) اہل سنت کے یہاں تحریف قرآن کا ناممکن و محال ہونا قرآن[۲] اور متواتر حدیثوں اور اجماع متواتر

حاشیہ صفحہ گذشتہ اور اختلاف قرأت پر روایات شیعہ کے محمول نہ ہوسکنے کی وجہ تو اس کے علاوہ یہ بھی ہے کہ جس طرح اہلسنت قائل ہیں کہ قرآن سات قرأتوں کے ساتھ نازل ہوا ہے شیعہ اسکے قائل نہیں ہیں اصول کافی مطبوعہ لکھنؤ صفحہ ۶۰۰ میں امام باقر علیہ السلام سے منقول ہے ان القرآن واحد نزل من عند واحد ولکن الاختلاف یجیئ من قبل الرواۃ یعنی قرآن ایک ہے اور ایک ہی کے پاس سے نازل ہوا ہے لیکن اختلاف راویوں کی طرف سے پیدا ہو گیا ہے نیز اصول کافی کے اسی صفحہ میں روایت ہے عن الفضیل بن یسار قال قلت لابی عبد اللہ علیہ السلام ان الناس یقولون ان القرآن نزل علی سبعۃ احرف فقال کذبوا اعداء اللہ ولکنہ نزل علی حرف واحد من عند الواحد یعنی فضیل بن یسار کہتے ہیں کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے کہا کہ لوگ کہتے ہیں کہ قرآن سات قرأتوں پر نازل ہوا ہے تو امام نے فرمایا کہ وہ دشمنان خدا جھوٹ بولتے ہیں بلکہ قرآن صرف ایک قرأت پر نازل ہوا ہے اور ایک کے پاس سے نازل ہوا ہے۔ ۲: **حاشیہ صفحہ ہذا** ۱ چنانچہ علامہ جلال الدین سیوطی نے اتقان کی اسی نوع ۴۷ میں صفحہ ۲۶ جزو دوم میں لکھا ہے تنبیہ حکی القاضی ابوبکر فی الانتصار عن قوم انکار ھذا الضرب لان الاخبار فیہ اخبار احاد ولا یجوز القطع علی انزال قرآن ونسخہ باخبار احاد لا حجۃ فیھا (ترجمہ) آگاہ کرنیکی ایک بات یہ ہے کہ قاضی ابوبکر نے اپنی کتاب انتصار میں علما کی ایک جماعت سے نسخ کی اس قسم خاص کا انکار نقل کیا ہے کیونکہ روایتیں اس بارہ میں خبر احاد ہیں اور جائز نہیں ہے یقین کرنا قرآن کے نازل ہونے پھر منسوخ ہو جانیکا اخبار احاد کی بنیاد پر جو کسی طرح سند نہیں ہو سکتیں اور ان روایات میں بہ اکثر کے صحیح ہونے میں کلام اسوجہ سے بھی ہے کہ سوا دو ایک روایت کے اکثر روایات کی پوری سند نہیں ملتی یا سند میں راوی مجہول و شیعہ ہے اور قرآن شریف کے متعلق شیعوں کی روایت ہرگز مقبول نہیں ہو سکتی ۱۲ ۲ سکے قرآن شریف میں کئی آیتیں ہیں جن سے تحریف کا محال ہونا ثابت ہوتا ہے از انجملہ ایک آیت یہ بھی ہے انا نحن نزلنا الذکر و انا لہ لحافظون یعنی تحقیق ہم نے نازل کیا ہے اس نصیحت کو اور تحقیق ہم اس کے حفاظت کرنے والے ہیں ظاہر ہے کہ جب خدا نے اس کی حفاظت کا وعدہ کیا تو اسمیں کسی قسم کی تحریف نہیں ہو سکتی نہ کمی بیشی نہ تغیر و تبدیل نہ خرابی ترتیب۔ اسیطرح کی آیتیں صاف و صریح قرآن میں ہیں اور کچھ آیتیں وہ ہیں جو التزاماً قرآن شریف کے محفوظ و غیر محرف ہونے پر دلالت کرتی ہیں مثلاً آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ختم نبوت کی آیت ظاہر ہے کہ جب ختم نبوت ہو چکی اور قرآن شریف آخری کتاب ٹھہری اور اگر وہ محرف ہو جائے تو حجت خدا بندوں پر کسطرح قائم ہوگی متواتر حدیثوں کا بھی ایک بڑا ذخیرہ ہے جو قرآن شریف کے محفوظ و غیر محرف ہونے پر صراحۃً دلالت کرتا ہے مثلاً آنحضرت صلعم کا یہ فرمانا کہ قرآن کو پانی نہیں دھو سکتا حوادث دہر اسکو فنا نہیں کر سکتے اور شائبہ کہ قیامت تک میراثی باقی رہیگا وغیرہ۔ اجماع متواتر اگر کسی کو دیکھنا ہو تو آیہ انا لہ لحافظون کی تفسیر میں اہلسنت

سے ثابت ہے لہذا بالفرض کفرض شریک الباری اگر کوئی روایت تحریف قرآن کی کتب اہلسنت میں معاذ اللہ موجود بھی ہوتی تو قطعاً واجب الرد ہوتی بخلاف اسکے کہ شیعوں کے یہاں تحریف قرآن کا ناممکن ہونا نہ قرآن سے ثابت ہے نہ متواتر و غیر متواتر کسی قسم کی حدیث سے نہ ان کے اجماع سے بلکہ تحریف قرآن کا وقوع ان کے نزدیک قرآن سے اور متواتر و غیر متواتر احادیث سے اور انکے اجماع سے ثابت ہے لہذا بالفرض اگر کوئی روایت عدم تحریف قرآن کی ان کے کتب میں موجود بھی ہوتی تو قطعاً واجب الرد ہوتی۔

(۴) اہلسنت کی جن روایتوں کو یہ فریب دینے والے تحریف کی روایتیں کہتے ہیں ان روایتوں میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا قول نہیں بیان کیا گیا اور اہلسنت کے مذہب میں سوا رسول کے اور کوئی معصوم نہیں لہذا یہ روایتیں بالفرض کفرض اجتماع النقیضین تحریف قرآن پر دلالت بھی کرتیں اور بالفرض متواتر بھی ہوتیں تو بھی لائق اعتبار نہ ہوتیں کیوں کہ غیر معصوم سے غلط فہمی سہو و نسیان و خطائے اجتہادی وغیرہ ہر طرح کی ممکن ہے اس لیے غیر معصوم کا قول و فعل بالاتفاق حجت نہیں اس پر اعتقاد تو بڑی چیز ہے عمل کی بنیاد رکھنا بھی حرام ہے بخلاف اس کے شیعوں کی روایات تحریف میں ائمہ معصومین کے اقوال ہیں جو ان کے زعم باطل میں مثل پیغمبر کے معصوم و واجب الاطاعت ہیں

(۵) اہل سنت تحریف قرآن کے معتقد نہیں ہیں بلکہ معتقد تحریف کو قطعی کافر جانتے ہیں لہذا بالفرض کفرض

حاشیہ صفحہ گزشتہ:۔ لکھی ہیں دیکھئے دلائل عقلیہ اگر کسی کو مطلوب ہوں تو وہ سید البشر امام الرسل صلی اللہ علیہ وسلم کے اس اہتمام کو دیکھے جو آپ نے حفاظت قرآن کے لئے کیا اس اہتمام کو دیکھکر ایک غیر مسلم بھی کہہ اٹھتا ہے کہ بیشک ایک ایسے صاحب الرائے انسان کامل مدبر اعظم کے اس فوق الفوق اہتمام کے بعد قرآن کا محرف ہوجانا عند العقل محال عادی ضرور ہے قرآن شریف میں تحریف کے محال ہونے کو النجم کے مناظرہ حصہ دوم میں جو سنہ ۱۳۴۲ ھ میں شائع ہوا تھا بڑے پیمانے کے پورے بیس صفحوں میں ہم بیان کر چکے ہیں جس میں عقلی و نقلی ہر قسم کے دلائل اپنی بضاعت کے مطابق جمع کر دیئے ہیں اور وہ بھی جمع کر کے دکھلا دیا ہے کہ قرآن کریم کی جس قدر خدمات حق تعالیٰ کو مطلوب تھیں وہ سب شروع سے اس وقت تک اہلسنت و بندگان اہل سنت سے لیں اور لے رہا ہے کسی ایک غیر سنی بیچاروں کو خدا نے ان خدمات میں شریک نہیں کیا سچ ہے یدخل من یشاء فی رحمتہ جس کو اس بحث کے دیکھنے کا شوق ہو وہ مناظرہ حصہ دوم کو دیکھے و ایم اللہ اس میں نفع لادام اولی الالباب و شفاء للاسقام والاوصاب ۱۲

حاشیہ صفحہ ہذا:۔ ۱؎ شیعوں کے نزدیک قرآن میں کوئی آیت ایسی نہیں ہے جس میں خدا نے قرآن کی حفاظت کا وعدہ کیا ہو آیہ انا لہ لحافظون میں کہتے ہیں کہ ذکر سے رسول کی ذات مراد ہے اور انھیں کی حفاظت کا وعدہ ہے کہ کوئی کافر ان کو قتل نہ کر سکے گا چنانچہ حائری صاحب بھی موعظہ تحریف قرآن میں یہی لکھ رہے ہیں دیکھو رسالہ مذکورہ صفحہ ۹۸ ۔ ۱۲ ۲؎ چنانچہ چند روایات کتب شیعہ کی سابقاً ہم نقل کر چکے ہیں اور ان کا متواتر ہونا صریح بھی ان کے علما کی زبان سے بیان ہو چکی ہے اور زیادہ دیکھنا ہو تو کتاب احتجاج طبرسی صفحہ ۱۱۹ سے ۱۲۲ تک دیکھو ۱۲

www.Ahlehaq.com

المحالات ہزاروں روایتیں بھی تحریف کی ہوتیں تو یہ نہ کہا جاتا کہ ان کے مذہب کی رو سے قرآن محرف ہے بخلاف اس کے شیعہ تحریف قرآن کے معتقد ہیں، معتقدین تحریف کو کافر کہنا کجا ان کو اپنا پیشوا مانتے ہیں۔ لہذا یہ کہنا درست ہے کہ ان کے مذہب کی رو سے قرآن محرف ہے۔

ان پانچ باتوں کے سمجھ لینے کے بعد جو نہایت پختہ اور اصولی باتیں ہیں کوئی بیوقوف بھی کسی کے فریب میں نہیں آسکتا اور اچھی طرح معلوم کر سکتا ہے کہ بحث تحریف میں شیعوں کو معارضہ بالمثل کی ہوس کا ذلت و رسوائی کے اور کچھ نتیجہ نہیں دیکھتی۔ بیت ... ع

(ملال آور و آرزوئے محال)

حائری صاحب کی پیش کردہ روایات کی حقیقت

اب ہم حائری صاحب کی پیش کردہ روایات کی حقیقت اور حائری صاحب کے استدلال کی لطافت اور ان کے علم و دیانت کی حالت ظاہر کرتے ہیں اور اس حقیقت کو چند نمبروں پر تقسیم کرتے ہیں۔

نمبر اول حائری صاحب کو معلوم تھا کہ اہل سنت کی جو روایتیں میں تحریف کی روایات کہہ کر پیش کروں گا وہ نسخ کی ہیں لہذا آپ نے اپنے دام افتادوں اور جاہلوں کو مغالطہ دینے کے لئے نسخ کے معنی اپنی طرف سے گڑھ کر یہ بیان کر دیے کہ "تنسیخ کے معنی ہیں دوسرے حکم سے پہلے کا حکم زائل اور باطل ہونا" انتہی بلفظہ رسالہ تحریف صفحہ ۱۵۔ دوسرا زبردست مغالطہ آپ نے یہ دیا کہ صفحہ ۱۵ میں یہ لکھ کر کہ نسخ کے لئے اہل سنت کے یہاں سات شرطیں ہیں پھر سات شرطیں نواب صدیق حسن خانصاحب مرحوم کی کتاب افادۃ الشیوخ سے نقل کر کے صفحہ ۱۶ میں لکھتے ہیں۔ پس یاد رکھنا چاہئے کہ اہلسنت کے یہاں ان سات شرطوں کے ساتھ کسی آیت میں نسخ وارد ہو سکتا ہے ان کے سوا بنا بر روایات اہلسنت اگر کسی آیت میں لفظی معنوی یا اعرابی تغیر ہوا ہو تو وہ نسخ نہیں بلکہ یقیناً تحریف ہے۔ بعض سنیوں نے جان چھوڑانے کے لئے یہ رویہ اختیار کر رکھا ہے کہ ان کی مذہبی کتابوں سے جب انھیں تحریف ہونا دکھایا جاتا ہے تو وہ جھٹ کہہ دیا کرتے ہیں کہ تحریف نہیں تنسیخ ہے اس لئے اسی وقت فوراً اس سے یہ مطالبہ کیا جانا چاہیئے کہ وہ اپنی ان سات مسلمہ شرطوں کے ساتھ تنسیخ کو ثابت کرے ورنہ ان کی ان سات مسلمہ شرطوں کے خلاف تحریف کو تنسیخ کہہ کر ٹال دینے کا ان کو کوئی حق حاصل نہیں ہو سکتا اور ایسی صورت میں جبکہ وہ مسلمہ سات شرطوں

Www.Ahlehaq.Com

مطابق نسخ ثابت نہ کر سکے گا تو لازماً اس کو تحریف کا قائل ہونا پڑے گا تفسیر اتقان مطبوعہ احمدی نوع ۴۷ صفحہ ۱۵۳ سطر ۲۰ میں علامہ امام سیوطی نے نسخ کے متعلق ابن حصار کا قول بڑی وضاحت سے لکھا ہے انما یرجع الی نقل صریح عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم او عن صحابی یقول آیۃ انتہی بلفظہ یعنی اس کے سوا نہیں کہ نسخ قبول کرنے کے لئے رجوع کیا جائیگا ایسی صریح حدیث کی طرف جو پیغمبر صلعم سے منقول یا تقہ صحابی سے جس پر ناسخ آیت موجود ہو انتہی بلفظہ۔

اے اہل انصاف دیکھو یہ شیعوں کے قبلہ وکعبہ اور مجتہد پنجاب ہیں جو ایسی معمولی معمولی باتوں میں ایسے زبردست مغالطے مخلوق خدا کو دیتے ہیں اور اس پر القاب یہ کہ سرکار شریعت مدار ہیں سلطان المحدثین ہیں صدر المفسرین ہیں۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔

اچھا اب دونوں مغالطوں کی حقیقت سنیئے مفسرین نے نسخ کی تین قسمیں بیان کی ہیں۔ اول نسخ تلاوت فقط دوم نسخ حکم فقط سوم نسخ تلاوت وحکم معاً چنانچہ اتقان مطبوعہ مصر جزو دوم صفحہ ۲۳ میں ہے النسخ فی القرآن علی ثلثۃ اضرب احدھا مانسخ تلاوتہ وحکمہ یعنی نسخ قرآن شریف میں تین قسم کا ہوا ہے ایک وہ کہ تلاوت وحکم دونوں منسوخ ہوں پھر آگے چل کر لکھتے ہیں۔۔۔ الضرب الثانی مانسخ حکمہ دون تلاوتہ وھذا الضرب ھوالذی فیہ الکتب المؤلفۃ دوسری قسم نسخ کی یہ ہے کہ صرف حکم منسوخ ہوا ہو تلاوت منسوخ نہیں ہوئی اور یہی وہ قسم ہے جس میں بہت سی کتابیں لکھی گئیں پھر اسی قسم خاص کے متعلق ابن حصار کا وہ قول نقل کیا ہے جسکو حائری صاحب نے مطلق نسخ کے متعلق ظاہر کیا اور اسی قسم خاص کے متعلق وہ سات شرائط بھی ہیں جو حائری صاحب نے افادۃ الشیوخ سے نقل کی ہیں پھر اس کے بعد اتقان میں ہے الضرب الثالث مانسخ تلاوتہ دون حکمہ یعنی تیسری قسم نسخ کی یہ ہے کہ صرف تلاوت منسوخ ہوئی حکم منسوخ نہ ہوا اور دوسرے مفسرین نے مثل صاحب معالم التنزیل وتفسیر کبیر وغیرہ کے یہی نسخ کی تین قسمیں بیان کی ہیں اور لطف یہ ہے کہ علمائے شیعہ نے بھی نسخ کی ان تین قسموں کو قبول کر لیا ہے۔

پس جب نسخ کی تین قسمیں ہیں تو حائری صاحب کا نسخ کو صرف ایک قسم میں منحصر کر دینا اور نسخ کی تعریف میں حکم کی قید لگانا اور کہنا کہ "نسخ کے معنی ہیں دوسرے حکم سے پہلے حکم کا زائل اور باطل ہونا" کیسا زبردست مغالطہ ہے یہ تعریف اگر ہوسکتی ہے تو نسخ کی قسم دوم یعنی نسخ حکم کی نہ مطلق نسخ کی نیز جب معلوم

ہو چکا کہ حائری صاحب نے جس قدر شرائط نسخ کے افادۃ الشیوخ یا اتقان سے نقل کیے ہیں وہ نسخ کی ایک خاص قسم یعنی قسم دوم سے تعلق رکھتی ہیں تو حائری صاحب کا یہ کہنا کہ بغیر ان شرائط کے نسخ کا ثبوت ہو ہی نہیں سکتا اور جب نسخ نہ ثابت ہوا تو تحریف ماننا پڑے گی کیسا کھلا ہوا فریب ہے (اعاذنا اللہ منہ) اجی حضرت اگر نسخ کی ایک قسم خاص ثابت نہ ہوئی تو دوسری قسم یعنی نسخ تلاوت تو ثابت ہو گئی۔

حائری صاحب کی مذکورہ بالا عبارت کو دیکھ کر ہر شخص نے سمجھ لیا ہو گا کہ حائری صاحب جن روایات اہل سنت کو تحریف قرآن کی روایت کہہ کر پیش کریں گے نہ ان میں تحریف کا ذکر ہے نہ علمائے اہل سنت ان روایات سے تحریف کا مضمون سمجھتے ہیں بلکہ حائری صاحب ان روایات سے اس طرح کھینچ تان کر تحریف ثابت کریں گے کہ وہ روایات نسخ پر محمول نہیں ہو سکتیں لہذا تحریف کا قائل ہونا پڑے گا۔ اگر نسخ پر محمول نہ ہو سکنے کی یہ وجہ آپ نے تراشی کہ نسخ کی صرف ایک قسم ہے یعنی نسخ حکم اور اس کے لئے سات شرطیں ہیں وہ شرطیں ان روایات میں نہیں پائی جاتیں۔

پس جب کہ ہم حائری صاحب کی اس خود تراشیدہ وجہ کا فریب خالص ہونا ظاہر کر چکے اور دکھلا چکے کہ یہ خود تراشیدہ خود مذہب شیعہ کے بھی خلاف ہے علمائے شیعہ نے بھی نسخ کی تین قسمیں بیان کی ہیں تو اب کوئی حاجت حائری صاحب کی پیش کردہ روایات سے بحث کرنے کی باقی نہ رہی مگر چونکہ ہم کو حائری صاحب کی علمیت اور دیانت کا نمونہ کچھ اور بھی دکھانا ہے اسلئے ان روایات سے آئندہ بحث کی جائے گی۔

حائری صاحب کی مذکورہ بالا عبارت میں ابھی بہت سے لطائف باقی ہیں لہذا ان کو بھی مختصراً ملاحظہ کیجئے کیونکہ یہی عبارت آپ کے تمام استدلالات کی سنگ بنیاد ہے۔ قولہ اہل سنت کی بیان ان سات شرطوں کے ساتھ الخ بالکل غلط اور محض فریب یہ شرائط صرف نسخ حکم کی ہیں نہ نسخ تلاوت کی اور وہ روایتیں جو آپ پیش کریں گے نسخ تلاوت سے تعلق رکھتی ہیں نہ نسخ حکم سے لہذا ان میں ان شرائط کی ضرورت نہیں۔

قولہ بعض سنیوں نے جان چھڑانے کے لئے الخ یہ آپ کی علم سے بے خبری یا دیدہ و دانستہ دروغ بافی ہے سنیوں نے جان چھڑانے کے لئے ان روایات کو نسخ پر محمول نہیں کیا۔ بلکہ آپ اور آپ کے اکابر اپنی جان چھڑانے کے لئے ان روایات سے کھینچ تان کر تحریف ثابت کرنا چاہتے ہیں مگر سوا ناکامی کے آپ

www.Ahlehaq.com

www.Ahlehaq.com

لوگوں کے حصہ میں کچھ نہیں آتا تحریف کا استنباط ان روایات سے کسی طرح ہو نہیں سکتا نہ کسی شیعہ نے ان روایات کو تحریف کے ثبوت میں پیش کیا تھا بلکہ علمائے شیعہ بھی ان روایاتؐ کو نسخ ہی پر محمول کرتے چلے آتے تھے یہ بے حیائی اور بے انصافی تو اب چند روز سے شروع ہوئی ہے غالباً مولوی دلدار علی و مرزا محمد کاشمیری پہلے شخص ہیں جنھوں نے تحفہ اثنا عشریہ کے جواب میں بہوت ہو کر یا بگہ بے ہنگام اٹھائی کہ سنیوں کی روایات سے بھی تحریف قرآن ثابت ہے لہٰذا امام فخر الدین رازی صاحب تفسیر کبیر امام بغوی صاحب معالم التنزیل ابو عبداللہ حاکم مصنف مستدرک حافظ الحدیث علامہ ابن عبد البر مصنف تمہید علامہ سیوطی مصنف اتقان وغیرہ وغیرہ جو اپنی کتب ناسخ و منسوخ وغیرہ میں ان روایات کو نسخ پر محمول ہونا بیان کر گئے اس کو جان چھڑانا کس طرح کہا جا سکتا ہے جب کہ اس بہتان کے ایجاد کرنے والے مولوی دلدار علی وغیرہ ان علمائے کرام کے صدیوں بعد پیدا ہوئے۔

قولہ جھٹ کہدیا کرتے ہیں کہ یہ تحریف نہیں نسخ ہے الخ جھٹ کہدینا نہیں اصلی اور حقیقی بات یہی ہے کہ اہل سنت کی کسی روایت میں تحریف قرآن کا نام و نشان نہیں ہے نسخ کا البتہ ذکر ہے چنانچہ عنقریب ہم روایات ـــــ اہل سنت منقولہ حائری صاحب کے لفظ سے دکھا دینگے کہ ان روایات سے تحریف کا مضمون کھینچ تان کر بھی کوئی شخص نہیں نکال سکتا۔

> تمام دنیا کے شیعہ مجتہدین مل کر ایک بھی روایت تحریف قرآن کی اہلسنت کی کسی معتبر کتاب میں دکھلا دیں تو میں ان کو جو انعام مانگیں دینے کے لئے تیار ہوں۔

قولہ اسی وقت فوراً اس سے یہ مطالبہ کیا جانا چاہئے کہ وہ اپنی ان مسلمہ سات شرطوں الخ کوئی ایسا ہی جاہل بے عقل ہوگا جو نسخ حکم کی شرائط کا مطالبہ نسخ تلاوت کے مدعی سے کرے گا۔

قولہ لازماً اس کو تحریف قرآن کا قائل ہونا پڑے گا الخ جناب حائری صاحب۔ ملاں آورد آزردے محال۔ اہل سنت کے کسی جاہل سے جاہل کو بھی تحریف قرآن کا قائل بنالینا ابلیس کی طاقت سے بھی باہر ہے۔ قرآن شریف کی حقانیت و محفوظیت کا عقیدہ ہمارے دلوں میں اور دلوں کے

رگ و ریشہ میں اب سرایت کر گیا ہے کہ انشاء اللہ نکل نہیں سکتا۔

قولہ یا ثقہ صحابی سے منقول ہو اھ جناب حائری صاحب سے فوراً یہ مطالبہ کیا جاتا ہے کہ آپ نے ثقہ کی قید صحابی کے ساتھ اپنی طرف سے کیوں لگائی۔ علامہ سیوطی کی عبارت جس کا آپ ترجمہ کر رہے ہیں اس میں تو کوئی لفظ نہیں جس کا ترجمہ ثقہ ہو اور لطف یہ کہ اصل عبارت بھی آپنے نقل کر دی ہے۔ درحقیقت یہ آپ ہی کا حصہ ہے۔ چہ دلاورست دزدے کہ بکف چراغ دارد، ایک سنی کی عبارت کے ترجمہ میں صحابی میں ثقہ غیر ثقہ کی تشقیق پیدا کرنا یقیناً سخت خیانت ہے لیکن اس قسم کی خیانتیں ترجمہ میں بیان مطلب میں کتابوں کے حوالہ میں آپ کے اس رسالہ میں بکثرت ہیں کیوں نہ ہو آخر آپ مجتہد بھی ہیں۔

نمبر دوم نسخ کے معنی اور اس کے شرائط اپنی طرف سے تصنیف کر چکنے کے بعد درمیان میں کچھ اور فضولیات[۱] زیب رقم فرما کر جناب حائری صاحب مبحث تحریف کو شروع کرتے ہیں اور فرماتے ہیں۔

اہل سنت کا قرآن ناقص ہے۔ فرمایا صاحبان اہلسنت وجماعت نے عام طور پر یہ مشہور کر رکھا ہے کہ شیعوں کا قرآن ناقص ہے یہ محض غلط بہتان اور افترا ہے صرف دھوکا دینے کی غرض سے یہ لوگ ایسا کہدیا کرتے ہیں سنو! شیعوں کا یہی قرآن کامل ہے جس کا ثبوت میرے ذمہ ہے ابھی ابھی میں اپنے اس دعوی کا مدلل ثبوت آپکے سامنے پیش کروں گا مگر عطائے شما بلقائے شما کے اقتضا سے پہلے ان کا اعتراض انھیں کی مسلمہ کتب سے انھیں پر پیش کرتا ہوں تا کہ گرو گھنٹال اور محققین میں تعلیم یافتہ طبقہ اچھی طرح سمجھ جائے کہ ایسے لوگوں کو دوسروں پر اعتراض کرنے کا سبب اور کیا ہو سکتا ہے سوا اس کے کہ تعصب کی عینک آنکھوں پر لگی ہوئی ہے جس سے دور کا تنکا تو بآسانی نظر آجاتا ہے لیکن قریب کا شہتیر بھی نہیں دکھائی دیتا اپنی مذہبی روایات سے ناواقف ہو کر خواہ مخواہ دوسروں کو چھیڑ چھاڑ کر طعن کرنے کا یہ نتیجہ ہوا کرتا ہے کہ طاعن کے مذہب کا بخیہ ادھیڑ کر تمام پرزے سامنے رکھدیے جاتے ہیں جس پر وہ طاعن حسرت و

[۱] ان فضولیات کا جواب بھی انشاء اللہ آئندہ دیا جائیگا ۱۲

افسوس کے ہاتھ ملتا رہ جاتا ہے۔

تفسیر اتقان مطبوعہ مطبع احمدی صفحہ ۲۴۶ سطر ۹ میں امام جلال الدین سیوطی نے لکھا ہے قال ابو عبید ثنا اسمٰعیل بن ابراھیم عن ایوب عن نافع عن ابن عمر قال لا یقولن احدکم قد اخذت القرآن کلہ وما یدریہ ما کلہ قد ذھب منہ قرآن کثیر انتھی بلفظہ یعنی ابن عمر سے مروی ہے کہ تم میں سے کوئی شخص بھی یہ نہیں دعویٰ کر سکتا کہ اس نے پورا اور مکمل قرآن تمسک[1] کیا ہے اور اسکو کیوں کر معلوم ہو سکتا ہے کہ مکمل اور پورا قرآن کیا ہے کیونکہ اصل قرآن کا بہت سا حصہ اس میں سے نکل گیا ہے۔ فرمائیے صاحب فرمائیے اب کس کا قرآن ناقص ہوا شیعوں کا یا سنیوں کا خلیفہ زادہ حضرت ابن عمر سنی تھا یا شیعہ اس نے تو بیانگ دہل یہ کھول کر کہہ دیا ہے کہ ایک نفر بھی تم میں سے اس امر کا دعویٰ نہیں کر سکتا کہ اس نے پورے اور مکمل قرآن کا تمسک کیا کیونکہ سنیوں کے خلیفہ زادہ کے قول سے تو یہ قرآن ناقص ہے پھر ناقص قرآن کا ماننے اور تمسک کرنیوالا سنیوں کا گروہ کامل قرآن کے ماننے والے شیعوں پر طعن کرنیکا کیا حق رکھتا ہے۔

جناب حائری صاحب کی پوری عبارت بلفظہ ختم ہو گئی اب جواب ملاحظہ ہو۔

الجواب بعون الملک الوہاب

میں پہلے لکھ چکا ہوں کہ جناب حائری صاحب نے جو کچھ اس رسالہ میں لکھا ہے ایک جزء بھی ان کی قوت علمی یا تتبع کا نتیجہ نہیں سوا چند لطائف کے جوان کے مجتہد اور سرکار شریعت مدار ہونے کی سند ہیں چنانچہ یہ روایت مرزا محمد صاحب کشمیری نزہہ میں اور مولوی دلدار علی صاحب مجتہد اعظم شیعہ صوارم میں پیش کر چکے تھے اور اس کا جواب باصواب مولانا سیف الدین بن اسد اللہ ملتانی تنبیہ السفیہ میں جیسا کہ چاہئے دے چکے تھے پھر شیعوں کے امام عالی مقام مولوی حامد حسین نے اسی روایت کو استقصاء الافحام میں پیش کیا جس کا زلزلہ افگن جواب اس حقیر نے آج سے انیس[2]

[1] اس ترجمہ میں کئی غلطیاں ہیں چنانچہ ہم نے ان پر نشان خط سرکا لگا دیا ہے۔ ہمارے جواب میں اس کی توضیح ہو گی ۱۲

[2] تنبیہ الحائرین ۱۳۴۱ھ میں لکھی گئی اور اس سے انیس سال قبل ۱۳۲۲ھ میں [illegible] دیا گیا تھا ۱۲

سال پہلے النجم مورخہ ۷، صفر ۱۳۲۳ھ میں دیا تھا جس کے رد کرنے کی اس وقت تک کسی شیعہ کو ہمت نہیں ہوئی اسی روایت کو پھر پیش کر رہے اور ان جوابات کا نام تک نہیں لیتے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جیسے آپ کی مازہ بتازہ نو بنو تحقیقات ہے۔ سبحان اللہ لہٰذا میں اسوقت بجائے اس کے کہ نئی عبارت میں جواب دوں اپنے اسی پرانے انیس برس کے چھپے ہوئے جواب کو مع عبارت استقصار الافحام کے نقل کئے دیتا ہوں۔ اس سے یہ بات بھی معلوم ہو جائیگی کہ جناب حائری صاحب استقصا کی خوشہ چینی بھی نہ کرسکے۔

نقل عبارت النجم مورخہ ۲۸ محرم و ۷، صفر ۱۳۲۳ھ

جناب مولانا موصوف یعنی مولوی حامد حسین (استقصار الافحام کے) مبحث تحریف کے آغاز میں فرماتے ہیں۔

بعض روایات ناصّہ بر وقوع نقصان و حذف اسقاط و تبدیل و تحریف در قرآن دریں جا نقل نمودہ می شود فمنها ما فی الدر المنثور للسیوطی اخرج ابو عبیدہ و ابن الضریس و ابن الانباری فی المصاحف عن ابن عمر قال لایقولن احدکم قد اخذت القرآن کلہ ما یدریہ ما کلہ قد ذھب منہ قرآن کثیر و لکن یقل قد اخذت ما ظہر منہ انتہی تحیر است کہ جناب ابن عمر قائل وقوع نقصان در قرآن باشند و مردم را از راہ شفقت و نصیحت از ادعائے باطل اخذ تمام قرآن منع نمایند و تصریح فرمایند کہ بسیارے از قرآن دستخوش نقصان گردیدہ و کسے زبان ایشان نگیرد و دست رد بر سینۂ ایشان

بعض وہ روایتیں جو قرآن میں نقصان اور حذف و اسقاط و تبدیل و تحریف کے واقع ہو جانے پر نص صریح ہیں اس جگہ لکھی جاتی ہیں منجملہ ان روایتوں کے ایک وہ روایت ہے جو سیوطی کے درمنثور میں ہے کہ ابو عبیدہ اور ابن ضریس اور ابن انباری نے مصاحف میں حضرت ابن عمر سے روایت کی ہے کہ انھوں نے فرمایا کوئی شخص تم میں سے یہ نہ کہے کہ میں نے پورا قرآن یاد کر لیا ہے وہ نہیں جانتا کہ کل قرآن کس قدر تھا بہت سا قرآن جاتا رہا ہے بلکہ یہ کہے کہ جس قدر قرآن موجود ہے اُسے میں نے یاد کیا ہے انتہی۔ حیرت ہے کہ جناب ابن عمر قرآن میں کمی کے قائل ہوں اور لوگوں کو از راہ شفقت و نصیحت پوری قرآن کی حفظ کر لینے کے جھوٹے دعوی سے منع کریں اور

مگر ار دو اگر بے چارہ شیعہ بمقتضائے احادیث
کثیرہ اہل بیت طاہرین مصرحہ بوقوع نقصان در
قرآن حرف تحریف و نقصان بر زبان آرد ہدف
سہام طعن و ملام و مایہ استہزاد تشنیع
گردد ان ھذا الشیٔ عجاب فاعتبروا
یا اولی الالباب واما تاویل افادۂ
ابن عمر بایں کہ غرض جنابش از فقرہ قد
ذہب منہ قرآن کثیر این ست کہ انچہ منسوخ
التلاوۃ بودہ ازاں رفتہ ست از ضحکہ بیش نیست
زیرا کہ ہر قدر کہ منسوخ التلاوۃ شد از حقیقت
قرآن و ماہیت آن خارج گردیدہ آنرا قرآن
دانستن معنائے ندارد بلکہ کتابت آن ہم در قرآن جائز
نیست و بنا برایں ادعائے اخذ تمام قرآن
صحیح باشد و منع ازاں ممنوع و قطعاً غیر جائز
پس گو ایں تاویل دافع ثبوت نقصان
قرآن باشد لیکن نقصان عقل و
خفت رائے جناب ابن عمر کہ بجہت
ذہاب منسوخ التلاوۃ از دعائے اخذ
تمام قرآن منع فرمودہ اند
ثابت می نماید و ابواب طعن و ملام را
بر روئے جنابش می کشاید۔
ولعل صیانۃ القرآن عن النقصان
لاتکون اہم عندہم من صیانتہ
وعرض جنابہ عن الملام والھوان

اور تصریح فرمائیں کہ بہت سا قرآن کم ہو گیا ہے
اور کوئی ان کی زبان نہ پکڑے اور ان کے سینہ پر
رد و کد کا ہاتھ نہ رکھے اور اگر بے چارہ کوئی شیعہ
اہل بیت طاہرین کی بہت سی احادیث کے
موافق جو قرآن کے ناقص ہو جانیکی تصریح کر رہی
ہیں تحریف اور نقصان کا لفظ زبان سے نکالے
تو طعن و ملامت کے تیروں کا نشانہ بنجائے اور اسپر تشنیع و
استہزا ہونے لگے یہ ایک عجیب بات ہے اے عقلمند عبرت حاصل
کرو باقی رہا ابن عمر کے اس قول کی یہ تاویل کرنا کہ انکا یہ
غرض قرآن کی جاتے رہنے سے یہ ہے کہ جس قدر منسوخ التلاوۃ
ہو گیا وہ نکل گیا ہے ایک ہنسی کی بات ہے کیونکہ جسقدر قرآن
منسوخ التلاوۃ ہو گیا وہ قرآن کی حقیقت و ماہیت
سے خارج ہو گیا اس کو قرآن سمجھنیکا کوئی مطلب نہیں
بلکہ اسکا لکھنا بھی قرآن میں جائز نہیں ہے اور اس بنا
پر پورے قرآن کے حفظ کا دعویٰ کرنا صحیح ہوگا اور
اس دعویٰ سے منع کرنا جائز نہ ہوگا پس گو یہ تاویل
قرآن میں کمی کے ثبوت کو دفع کر دے مگر ابن عمر کے
عقل کی کمی اور انکے رائے کی سبکی کو بھی ثابت کر دیگی
کہ انھوں نے منسوخ التلاوت کے نکل جانے کے سبب سے
پورے قرآن کے حفظ کا دعویٰ کرنیکو منع کیا اور یہ تاویل
انکے منہ پر طعن و ملامت کے دروازوں کو کھول دے گی
اور شاید سنیوں کے نزدیک قرآن کو ناقص ہونے
سے بچانا ابن عمر کی آبرو کو ملامت و ذلت
سے بچانے سے زیادہ اہم نہ ہو۔

www.Ahlehaq.com

www.ahlehaq.com

ناظرین اس عبارت کو غور سے دیکھیں تو انھیں خود ہی جناب مولوی صاحب کے استدلال کی لطافت ظاہر ہو جائے گی۔ اس روایت کے کسی لفظ سے بھی یہ مطلب نہیں نکلتا کہ قرآن میں تحریف ہو گئی ہے۔

حاصل اس روایت کا صرف اس قدر ہے کہ حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا کہ کوئی یہ نہ کہے کہ مجھے پورا قرآن یاد ہے کیونکہ بہت سا حصہ قرآن کا چلا گیا ہے لہذا یہ کہنا چاہیے کہ جس قدر موجود ہے وہ مجھے یاد ہے مقصود حضرت ابن عمرؓ کا درحقیقت یہی ہے کہ قرآن کا بہت سا حصہ منسوخ ہو جانے کی وجہ سے اس مصحف میں نہیں ہے۔ لہذا یہ کہنا کہ قرآن پورا مجھے یاد ہے جھوٹ ہوگا۔

مولوی حامد حسین صاحب نے جو اس روایت میں یہ لفظ دیکھا کہ "بہت سا قرآن کا حصہ چلا گیا" تو وہ خوش ہو گئے انھیں اس سے کچھ مطلب نہیں کہ یہ حصہ تحریف کے سبب سے چلا گیا یا نسخ کے سبب سے۔

علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے اتقان کی سینتالیسویں نوع میں اسی روایت کو منسوخ التلاوۃ کی مثال میں لکھا ہے وہ فرماتے ہیں والضرب الثالث ما نسخ تلاوتہ دون حکمہ وامثلۃ ھذا الضرب کثیرۃ قال ابو عبید الخ یعنی تیسری قسم منسوخ کی وہ ہے جس کی تلاوت منسوخ ہو گئی مگر حکم منسوخ نہیں ہوا اس قسم کی مثالیں بہت ہیں اس کے بعد انھوں نے یہ روایت ذکر کی ہے۔

باقی رہا جناب مولانا حامد حسین صاحب نے جو یہ فرمایا کہ یہ روایت نسخ پر محمول نہیں ہو سکتی اس لئے کہ حضرت ابن عمرؓ نے اس حصہ کو جو کہ نکل گیا قرآن کہا ہے اور منسوخ التلاوۃ کو قرآن نہیں کہتے، منسوخ تو قرآن کی حقیقت ہی سے خارج ہے یہ جناب مولانا کی خوش فہمی اور قوت علمی کا نتیجہ ہے بلکہ یہ زور قلم ہے کہ کسی مقام پر رکتا ہی نہیں۔ پوچھئے یہ آپ کو کہاں سے معلوم ہوا کہ منسوخ قرآن کی حقیقت و ماہیت سے خارج ہے قرآن کی حقیقت سوا کلام نفسی الہی کے اور کیا ہے تو کیا جس قدر آیتیں منسوخ ہو گئیں وہ کلام نفسی الہی نہیں رہیں جس قدر حدیثیں منسوخ ہو گئیں اب وہ حدیث ہی نہیں ہیں کوئی شخص اپنے کسی کلام کو منسوخ کر دے تو کیا وہ اس کا کلام ہی نہ رہے گا۔ یہ عجیب بات ہے جو سوا مولوی حامد حسین صاحب کے اور کوئی نہ کہے گا۔ شاید مولوی صاحب نے اصول فقہ میں قرآن کی یہ تعریف دیکھی ہو گی المکتوب فی المصاحف المنقول الینا نقلا متواترا یعنی صحیفوں میں لکھا ہوا اور ہم تک تواتر منقول ہوا اور یہ تعریف چونکہ منسوخ التلاوۃ

www.Ahlehaq.com

پر صادق نہیں آتی اسلئے انھوں نے یہ خیال کر لیا کہ آیات منسوخہ قرآن کی حقیقت ہی سے خارج ہیں مگر مولوی حامد حسین صاحب یہ کیوں نہ سمجھے کہ اصول فقہ کی اصطلاحات قرن صحابہ کے بعد منعقد ہوئی ہیں ان اصطلاحات کا صحابہ کے کلام میں جاری کرنا بالکل بعید از عقل ہے بلکہ یہ اصطلاحی تعریف سرورعالم صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں جب کہ قرآن مصاحف میں نہ لکھا گیا تھا غیر منسوخ پر بھی صادق نہیں آتی اصولیوں نے یہ تعریف بیشک آیات منسوخہ کے اخراج کیلئے کی ہے کیونکہ ان کے زمانے میں آیات منسوخہ بسبب عدم تواتر کے یقینی طور پر قرآن نہیں کہی جا سکتی تھیں اور ان کو حدیث سے زیادہ کوئی رتبہ نہیں دیا جا سکتا تھا لیکن جن لوگوں نے بلا واسطہ ان آیات کو سرورعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے سنا تھا انھیں ان آیات کے قرآن ہونے میں کیا شبہہ ہو سکتا تھا حضرت ابن عمر نے ان آیات کو بلا واسطہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہوگا لہذا انھیں حق تھا کہ وہ ان کو قرآن کہتے اور چونکہ وہ آیتیں مصحف میں نہیں ہیں لہذا انکی احتیاط اسی کی مقتضی تھیں کہ وہ بغیر ان تمام آیتوں کے یاد کئے ہوئے پورے قرآن کے یاد کر لینے کے دعوی کو منع فرماتے اصل استدلال کا تو جواب ہو چکا اب مولوی صاحب کی فضول باتوں کے جواب دینے کی ضرورت نہیں اگرچہ انتصار الاسلام میں ہم نے انکے لفظ لفظ کو والٹا ہے آخر میں جو مولوی صاحب موصوف نے فرمایا ہے کہ شاید سنیوں کے نزدیک قرآن کا الخ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ شیوا سنیوں کا نہیں ہے سنی قرآن کے برابر کسی کی عظمت نہیں سمجھتے خواہ حضرت ابن عمر ہوں یا حضرت عمر یہ شیوا شیعوں ہی کو مبارک رہے ۔

مولانا سیف اللہ بن اسد اللہ ملتانی نے اس روایت کے جواب میں ایک بات نہایت عمدہ لکھی ہے کہ حضرت ابن عمر کے مزاج میں اس قسم کی احتیاط بہت تھی چنانچہ وہ یہ بھی منع کرتے تھے کہ کوئی یہ نہ کہے میں نے پورے رمضان کے روزے رکھے کیونکہ پورے رمضان میں رات بھی داخل ہے اور کوئی شخص رات کو روزہ نہیں رکھتا انکی عبارت (کتاب تنبیہ السلفیہ رد صوارم کی) یہ ہے ۔

وعبداللہ ابن عمر در گفتگو ایں قسم احتیاط بسیار مرعی می داشت چنانچہ ابن ابی شیبہ و دیگر ان از و روایت کردہ اند کہ او منع میکرد از گفتن ایں کہ صمت رمضان کلہ زیرا کہ شب داخل رمضان است و محل صوم نیست

النجم کی عبارت ختم ہوئی

حائری صاحب کی پیش کردہ روایت کا تو شافی وکافی جواب ہو چکا اور اچھی طرح ثابت ہو گیا کہ اس روایت کو اگر صحیح مان لیا جائے اور بالفرض کفرض المحالات یہ بھی تسلیم کر لیا جائے کہ یہ روایت ایسی زبردست ہے کہ تواتر قرآن کا مقابلہ کر سکتی ہے تو بھی اس روایت سے نہ قرآن کا ناقص ہونا ثابت ہوتا ہے نہ یہ کہ حضرت ابن عمر نے اس قرآن کو ناقص کہا کوئی مصنف اگر اپنی کتاب کا کوئی حصہ خود منسوخ کر دے اور کوئی اس پر یہ کہدے کہ یہ کتاب پوری جس قدر تصنیف ہوئی تھی اتنی نہیں ہے تو اس سے نہ یہ ثابت ہو سکتا ہے کہ وہ کتاب ناقص ہو گئی نہ یہ ثابت ہو سکتا ہے کہ اس کہنے والے نے اسکو ناقص کہا۔

اب ذرا یہ بھی دیکھنا چاہیے کہ حائری صاحب کی جسارت اور مولوی حامد حسین کی جراءت میں کیا فرق ہے۔

(۱) مولوی حامد حسین چونکہ کچھ علم بھی رکھتے تھے اور اپنی کتابوں پر بھی ان کی نظر تھی اسلیے یہ ہمت نہ کر سکے کہ حائری صاحب کی طرح یہ کہدیتے کہ شیعوں کو قرآن کے ناقص کہنے کا الزام دینا محض غلط بہتان اور افترا ہے اور شیعوں کا یہی کامل قرآن ہے بلکہ انھوں نے صاف اقرار کر لیا کہ کتب شیعہ میں بکثرت احادیث اہل بیت طاہرین کی موجود ہیں جن کا مقتضیٰ یہ ہے کہ قرآن میں تحریف ہو گئی۔ جناب حائری صاحب کی نظر اپنی کتابوں پر بھی نہیں ہے جس کا تجربہ لاہور میں کئی بار ہوا۔

ع در کف ہم ثابت نہ زنار رار سوا مکن

(۲) مولوی حامد حسین نے اس روایت کے نسخ تلاوت پر محمول ہونے کو اس طرح رد کرنا چاہا کہ جو آیتیں منسوخ التلاوۃ ہو گئیں وہ قرآن کی حقیقت سے خارج ہو گئیں الخ حائری صاحب کی طرح ان سے یہ بہادری نہ ہو سکی کہ نسخ حکم کی شرطوں کو نسخ تلاوت پر چسپاں کر کے کہدیتے کہ صاحبو! سنیوں کے یہاں نسخ کی سات شرطیں ہیں جب یہ شرطیں یہاں موجود نہیں تو یہ روایت نسخ پر کیسے محمول ہو سکتی ہے۔ کیونکہ وہ خوب جانتے تھے کہ ایسی کھلی ہوئی خیانت بہت جلد ذلیل کر دیگی۔

(۳) مولوی حامد حسین نے یہ بھی اقرار کر لیا کہ یہ روایت نسخ تلاوت پر محمول کی جائے تو قرآن کے ناقص ہونے کا ثبوت اس روایت سے دفع ہو جائے گا مگر حائری صاحب تو پہلے ہی یہ فقرہ تراش چکے تھے کہ شرائط نسخ نہیں پائے جاتے لہذا یہ روایت نسخ پر محمول ہو ہی نہیں سکتی۔ وہ کیوں ایسا اقرار کرتے۔

(۴) یہ روایت درمنثور میں بھی ہے اور اتقان میں بھی مولوی حامد حسین نے اتقان کا حوالہ دینے کی جرأت نہ کی کیوں کہ وہ جانتے تھے کہ اتقان میں اول تو تصریح اس بات کی ہے کہ یہ روایت نسخ تلاوت کی ہے دوسرے اتقان میں یہ بھی تصریح ہے کہ ایک بڑی جماعت علمائے تفسیر و حدیث کی ان روایتوں کو نہیں مانتی مگر حائری صاحب نے یا تو اتقان دیکھی نہیں اتقان کی عبارت کہیں ان کو نقل کی ہوئی مل گئی یا ان میں اتنی حیا بھی نہیں جتنی مولوی حامد حسین جیسے مکار میں ہے۔

ابھی اور بہت سے فرق ہیں مگر نمبر کا بعد خلفائے راشدین صرف چار پر اکتفا کی گئی۔ اب حائری صاحب کی فضولیات بلکہ خرافات کا جواب ملاحظہ ہو۔

قولہ صرف دھوکا دینے کی غرض ہے الخ جناب حائری صاحب! کلوخ انداز را پاداش سنگ است۔ خوب یاد رکھئے سنیوں کا شیوہ دھوکا دینا نہیں، دھوکا دینا ان کے مذہب میں حرام ہے۔ خود آپ کے اصحاب ائمہ نے ائمہ سے بیان کیا ہے کہ سنیوں میں سچائی ہے۔ امانت ہے، وفا ہے اور شیعوں میں نہ سچائی ہے نہ امانت نہ وفا۔ دھوکا دینا آپ کا شیوہ ہے جیسا کہ اسی رسالہ میں آپ نے نسخ حکم کے شرائط کو نسخ تلاوت پر چسپاں کر دیا۔ دھوکا دینا آپ کے اکابر کا شیوہ ہے خاص کر آپ کے جناب جعفر صاحب کا۔ جو ہر بات میں ستر ستر پہلو اپنے نکل جانے کے رکھ لیتے تھے جنھوں نے جھوٹ بولنے، دھوکا دینے کو ہر شیعہ کے لیے رکن اعظم دین کا قرار دیا اور ان کے والد ماجد جناب باقر صاحب نے فرمایا کہ یہی میرا بھی دین ہے اور میرے باپ دادا کا بھی یہی شیوہ تھا بلکہ یہ بھی ارشاد ہوا کہ خدا کا شیوہ بھی یہی ہے (نعوذ باللہ)

قولہ یہ نتیجہ ہوا کرتا ہے کہ طاعن کے مذہب کا بخیہ الخ یہ بات تو آپ نے بالکل سچ کہی الکذوب قد یصدق بیشک اس کا تجربہ آپ لوگوں کو ہو چکا ہے مگر افسوس پھر بھی باز نہیں آتے حضرت رحمۃ للعالمین کے اصحاب کرام اور ازواج مطہرات اور ان کی ذریت طیبہ جناب سیدہ حضرت فاطمہ زہرا کے جگر گوشوں پر طعن کرنے کا نتیجہ آپ نے بارہا دیکھا ہوگا کہ ابن سبا کی گھڑی ہوئی مذہبی چادر کا بخیہ ہی نہیں تار تار الگ الگ ہو گیا۔ سچ ہے ؎

چوں خدا خواہد کہ پردہ کس درد — میلش اندر طعنہ پاکاں برد

لے سوا کتاب خاتمہ کتاب ہذا میں دیکھو ۱۲ لے سوا خاتمہ میں ہوگا ۱۲

WwW.Ahlehaq.Com

قولہ خلیفہ زادہ حضرت ابن عمر سنی تھا کہ شیعہ الخ یہ آپ کیا پوچھتے ہیں ہمارا تو خلیفہ علی بھی سنی تھا اور قرن اول میں شیعہ تھا کون کوئی بھی نہیں صرف پانچ آدمیوں کو آپ کے اکابر دین نے شیعہ بتایا ہے تو ان کی بابت بھی آپ لوگوں کا بیان ہے کہ کوٹھری میں بیٹھ کر تنہائی میں ہم سے مذہب شیعہ کی باتیں کرتے تھے مجمع عام میں سنی بنے رہتے تھے حتیٰ کہ حضرت علی اپنی خلافت میں بھی تقیہ کر کے سنی بنے رہے۔ اب آپ لوگوں کی روایت وہ بھی کوٹھری کے اندر کی جس کا نہ کوئی گواہ نہ شاہد اور وہ روایت بھی سراسر عقل کے خلاف جس وقعت کی نظر سے دیکھی جاسکتی ہے اور دیکھی جاتی ہے سب کو آپ کا دل ہی جانتا ہے۔

قولہ کامل قرآن کے ماننے والے شیعوں الخ یہ جملہ خود اپنے ضمیر کے خلاف لکھ رہے ہیں ورنہ یہ مصرعہ آپ پر چسپاں ہوتا کہ ع "مگر موشے بخواب اندر شتر باشد"

اجی حضرت اب وہ زمانہ گیا کہ جس بیوقوف کو جس طرح چاہا آپ نے سمجھا لیا اب سب کو اچھی طرح معلوم ہو گیا کہ کسی شیعہ کا ایمان قرآن شریف کے کسی ایک حرف پر بھی نہیں ہے اور نہ ہو سکتا ہے۔

اب ترجمہ کے اغلاط ملاحظہ ہوں۔ روایت اتقان میں لایقولن نہی کا صیغہ ہے یعنی حضرت ابن عمر حکم دے رہے ہیں کہ ہرگز نہ کہے۔ حائری صاحب اس کا ترجمہ کرتے ہیں دعوی نہیں کر سکتا انشا کو خبر بنا دیا یہ تو علمی غلطی تھی۔ اب دیانت کی خوبی دیکھئے اخذت کے معنی تمسک کیا اور اس قرآن کا لفظ "اس" اپنی طرف سے بڑھا دیا تاکہ معلوم ہو کہ ابن عمر کے یا کسی اور کے پاس کوئی اور قرآن بھی تھا لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔

نمبر سوم جناب حائری صاحب عبارت منقولہ کے بعد رقم فرماتے ہیں۔

سنیوں کے قرآن میں زیادتی فرمایا صاحبان! آپ یہ خیال نہ فرمائیں کہ سنیوں کے اعتقاد میں صرف نقصان ہی ان کے قرآن میں واقع ہوا ہے بلکہ جہاں بعض آیتوں کا ان کی مسلمہ روایات کی بنا پر قرآن سے نکل جانا ثابت ہوتا ہے۔ زیادہ کیا جانا بھی ان کی معتبر روایتوں سے ثابت ہے جن سے معلوم ہوا کہ زیادتی اور کمی دونوں قسم کی تحریف قرآن میں سنیوں کا اعتقاد اور مذہب ہے، نمونہ کے طور پر

WWW.Ahlehaq.Com

زیادتی کی بھی دو چار مثالیں سن لیجئے۔

(۱) تفسیر اتقان مطبوعہ احمدی صفحہ ۴۶ سطر ۴ میں امام جلال الدین رقمطراز ہے وسورۃ الاعراف زید فیھا الصاد علی آلمٓ لما فیھا من شرح القصص انتھی بلفظہ۔

یعنی سورۂ اعراف پارہ ۸ رکوع ۸ کا شروع جو موجودہ قرآن میں آلمٓصٓ سے ہوتا ہے یہ دراصل آلمٓ تین حرف تھے اس میں ایک حرف صاد اس لئے زیادہ کر دیا گیا ہے کہ اس میں نبیوں کے قصہ کا بیان ہے۔

(۲) ایضاً صفحہ ۴۶ سطر ۴ میں مرقوم ہے وزید فی الرعد "ر" لاجل الرعد انتھی بلفظہ۔ سورۂ رعد پ ۱۳ ع ۶ کا شروع جو موجودہ قرآن میں المٓرٰ سے ہوتا ہے دراصل المٓ نازل ہوا تھا اس میں ایک حرف "ر" زیادہ کر دیا گیا کیونکہ اس سورہ میں رعد و برق کا ذکر ہے۔

فرمائیے جناب فرمائیے اب تو قرآن میں کمی اور زیادتی ہونے کا اعتقاد سنیوں کا ہوا شیعوں کا۔ غیرت مند کے لئے تو ڈوب مرنے کا مقام ہے کہ جس کے گھر کا یہ حال ہو وہ کسی کامل الایمان مذہب پر تحریف کا بہتان کیونکر کر سکتا ہے۔

الجواب بعون الملک الوہاب

جناب حائری صاحب نے جو پر لطف کارروائی اس استدلال میں کی ہے واقعی لائق انعام ہے میں نہیں کہہ سکتا کہ اس کارروائی کا ارتکاب کم علمی کی وجہ سے ہوا یا دیدہ و دانستہ اپنے مذہب شریف کی اس عبادت عظمٰی کو ادا کیا ہے جسکو تمام انسان دروغ اور فریب کہتے ہیں ؎

فان کنت لا تدری فتلک مصیبۃ | وان کنت تدری فالمصیبۃ اعظم

اتقان کی عبارت میں جو زید کی لفظ حائری صاحب نے دیکھی تو خوش ہو گئے کہ لیجئے قرآن میں زیادتی کا ثبوت مل گیا اس سے انھیں کیا مطلب کہ یہ زیادتی خود خدا کی کی ہوئی ہے یا کسی بندگی

جناب حائری صاحب کیا ہم نے آپ کی کتب کی اس قسم کی عبارات سے قرآن میں زیادتی کا ثبوت دیا تھا آپ اسی تنبیہ الحائرین کے بحث اول صفحہ ۱۳ کو نکال کر دیکھئے کہ آپ کی کتب معتبرہ کی کیسی عبارتوں اور روایتوں سے قرآن میں بطور تحریف بڑھائے جانے کا ثبوت دیا گیا ہے چند فقرات اس قسم کے میں پھر دوبارہ آپ کو دکھاتا ہوں والذی بدا[1] فی الکتاب من الازدراء علی النبی صلی اللہ علیہ و آلہ من فریۃ الملحدین انھم[2] اثبتوا فی الکتب مالم یقلہ اللہ لیلبسوا[3] علی الخلیقۃ۔ الزیادۃ[4] فی آیاتہ علی ما اثبتوہ من تلقائھم فی الکتب تضمینہ[5] من تلقائھم ما یقیمون بہ دعائم کفرھم زادوا فیہ ما ظھر تناکرہ و تنافرہ[6] لولا انہ زید فی القرآن و نقص ما خفی حقنا علی ذی حجی"۔ زید کی لفظ پر اس قدر آپ کا جامۂ عقل سے باہر ہو جانا اس حکایت مشہورہ کی یاد تازہ کرتا ہے۔

حکایت: ایک سنی اور ایک شیعہ میں کچھ مذہبی گفتگو ہو رہی تھی۔ متعہ کی بحث چھڑ گئی۔

شیعہ: متعہ ایسی حلال و طیب چیز ہے کہ قرآن سے اس کی حلت ثابت مگر افسوس حضرت عمر نے اس کو حرام کر دیا اور آپ لوگوں نے حضرت عمر کے حکم کے سامنے آیت قرآنی کو بالائے طاق رکھ دیا۔

سنی: نعوذ باللہ متعہ کی حلت، قرآن تو قرآن کسی صحیح حدیث سے بھی ثابت نہیں، البتہ آیات قرآنی اور احادیث صحیحہ مقبولۂ فریقین سے اس کی حرمت ثابت ہے (دیکھو کشف الغطاء، والنجم کے مضامین عالیہ) اور نعوذ باللہ یہ بھی غلط ہے کہ حضرت عمر نے اس کو حرام کیا، ہمارے مذہب میں تحلیل و تحریم کا اختیار خاصہ نبوت ہے جو آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ختم ہو چکا البتہ یہ اختیارات آپ کے مذہب نے اپنے ائمہ کو دیئے ہیں کہ جس حلال کو چاہیں حرام کر دیں اور جس حرام کو چاہیں حلال بنا دیں۔ اچھا براہ مہربانی قرآن شریف کی وہ آیت تو دکھلائیے جس سے متعہ کی حلت ثابت ہوتی ہے مگر غار والے قرآن کی آیت نہ ہو۔

---

[1] یعنی قرآن میں جو توہین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ہے یہ ملحدوں کی بڑھائی ہوئی ہے ۱۲ [2] یعنی منافقوں نے قرآن میں وہ باتیں درج کر دیں جو خدا نے نہیں فرمائی تھیں، [3] مخلوق کو دھوکہ دینے کے لئے ۱۲ [4] یعنی اور نہ اسوقت بہ تعرض وہ زیادتی جو آیات قرآنی میں منافقوں نے اپنی طرف سے کی ہے بتائی جا سکتی ہے ۱۲ [5] منافقوں نے اپنی طرف سے وہ باتیں قرآن میں شامل کر دیں جن سے وہ اپنے کفر کے ستون قائم کرتے ہیں ۱۲ [6] اگر قرآن میں کمی اور زیادتی نہ کی گئی ہوتی تو ہمارا (یعنی ائمہ شیعہ کا) حق کسی پر مخفی نہ رہتا ۱۲۔

www.Ahlehaq.Com

شیعہ: غار والا قرآن تو ہم نے دیکھا بھی نہیں سنتے ہیں کہ امام مہدی علیہ السلام جب قریب قیامت غار سے باہر نکلیں گے تو اس وقت وہ قرآن ظاہر ہوگا لہذا میں اسی قرآن کی آیت پیش کرتا ہوں فما استمتعتم بہ منھن فاٰتوھن اجورھن فریضۃ (ترجمہ) جس عورت سے متعہ کرو اس کو متعہ کی اجرت دید یا کرو۔

سُنّی: سبحان اللہ آیت کا مطلب خوب آپ نے بیان کیا ترجمہ بہت اچھا کیا آیت کا ترجمہ تو یہ ہے کہ جن عورتوں سے تم فائدہ اٹھاؤ ان کو بدلا یعنی مہر دے دیا کرو۔

شیعہ: مہر ہرگز مراد نہیں ہوسکتا مہر تو محض نکاح ہی سے لازم ہوجاتا ہے فائدہ اٹھانے کی شرط نہیں لہذا ضرور اجرت متعہ مراد ہے۔

سُنّی: یہ بھی غلط ہے، محض نکاح سے پورا مہر نہیں واجب ہوگا بلکہ نکاح کے بعد قبل خلوت طلاق دی جائے تو نصف مہر دینا پڑتا ہے اور آیت میں پورے مہر کے دینے کا حکم ہے۔

شیعہ: آیت میں پورے کی لفظ کہاں ہے۔

سُنّی: نصف کا لفظ نہ ہونے ہی سے پورا مہر سمجھ لیا جاتا ہے۔

شیعہ: ہم یہ کچھ نہیں جانتے آیت میں استمتعتم کی لفظ صاف موجود ہے جس کا ماخذ متعہ ہے۔

سُنّی: مگر متعہ کے معنی عربی لغت میں کیا ہیں آیا یہی آپ کا اصطلاحی متعہ یا مطلق فائدہ حاصل کرنا۔

شیعہ: اس سے ہم کو کچھ بحث نہیں۔

سُنّی: بہت اچھا۔ مگر آپ لوگوں کو یہ بھی معلوم ہے کہ قرآن شریف میں یزید کی بڑی تعریف ہے آپ نے وہ آیت دیکھی ہے۔

شیعہ: اجی توبہ کیجئے یزید نزول قرآن کے وقت تھا بھی نہیں۔

سُنّی: ہم یہ کچھ نہیں جانتے اس سے ہم کو کچھ بحث نہیں ہم تو اس آیت میں صاف صاف یزید کا نام دیکھتے ہیں۔

شیعہ: اچھا جناب وہ کونسی آیت ہے۔

سنئے: لیجئے ویزید ھم من فضلہ (ترجمہ) اور یزیدان کا خدا کے فضل سے ہے یعنی بنوامیہ کا یزید خدا کے فضل سے پیدا ہوا یا حاکم ہوا ہے۔

شیعہ صاحب سمجھ گئے یہ میری دھاندلی کا جواب ترکی بترکی ہے بس پھر تو ایسے خاموش ہوئے کہ فبھت الذی کفر کانہ التقم الحجر

جناب حائری صاحب آپ کی یہ کارروائی بلاشبہ اس حکایت سے بھی بڑھ گئی اور بہت بڑھ گئی عبارت اتقان کا نہ وہ مطلب ہو سکتا ہے نہ وہ اس کا ترجمہ ہے آپ اپنا مطلب و ترجمہ بھی گورنمنٹ کے دفتر تراجم میں بھیج دیجئے اور میرا مطلب و ترجمہ بھی اگر وہ آپ کے مطلب کی تصدیق و تائید کر دے تو ایک ہزار روپیہ انعام آپ کو دیا جائے گا۔

آپ کے مجتہد اعظم مولوی سید محمد لکھنوی نے ایک مرتبہ ایک غیر معمولی مکابرہ کیا مگر وہ آپ کے مکابرہ سے بدرجہا بہتر تھا تو حضرت مولانا حیدر علی صاحب مصنف ازالۃ الغین و منتہی الکلام نے ان کو لکھا کہ "از مسند تکلیم و تکلم برخیز و خاک مذلت بر سر خود بریز" آپ جیسا سلطان المفسرین اگر حضرت ممدوح کے زمانہ میں ہوتا اور ایسی لطیف کارروائی کرتا تو خدا جانے وہ کیا لکھتے مگر کیا کر سکتے تھے سوا اس کے کہ آپ کو مخاطب نہ بناتے جیسا کہ اب تک کسی عالم اہلسنت نے آپ کو قابل خطاب نہ سمجھا اور اسی وجہ سے آپ کے رسائل مزخرفہ کا جواب نہیں لکھا۔

سنیئے کتاب اتقان میں اسی نوع ہیں ان میں سے باسٹھویں نوع آیتوں اور سورتوں کی مناسبت کے بیان میں ہے۔ یعنی آیات قرآنیہ کا باہم ربط اور سورتوں کے ترتیب کی حکمت اور انکا باہم ربط۔

اسی باسٹھویں نوع میں ایک خاص فصل حروف مقطعات کی حکمت کے بیان میں ہے اس فصل کی بعض عبارت کے ٹکڑے آپ نے نقل کئے ہیں میں اس مقام کی پوری عبارت نقل کئے دیتا ہوں

فصل، قال فی البرھان ومن ذالک	**فصل** برہان میں بیان کیا ہے کہ اسی قبیل سے
افتتاح السور بالحروف المقطعۃ و	ہے سورتوں کا آغاز کرنا حروف مقطعات سے اور
اختصاص کل واحدۃ بما بدأت حتی	خاص ہونا ہر سورۃ کا ان حروف کے ساتھ جنسے
لم یکن لترد الم فی موضع الر و	شروع کی گئی یہاں تک کہ ایسا نہ ہوسکے کہ الم

www.Ahlehaq.com

لاحٰمٓ فی موضع طٰسٓمٓ قال و ذلک ان کل سورة بدأت بحروف منها فان اکثر کلماتها وحروفها مماثل له فحق لکل سورة منها ان لا یناسبها غیر الوارد فیها فلو وضع قٓ موضع نٓ لم یکن لعدم التناسب الواجب مراعاته فی کلام اللّٰه ـــــــ

وسورة قٓ بدأت به لما تکرر فیها من الکلمات بلفظ القاف من ذکر القراٰن والخلق وتکریر القول ومراجعته مرارا والقرب من ابن اٰدم وتلقی الملکین وقول العتید والرقیب والسائق والالقاء فی جهنم والتقدیم بالوعید وذکر المتقین والقلب والقرون والتنقیب فی البلاد وتشقق الارض وحقوق

بجائے الٓمٓ کے وارد ہونا یا حٰمٓ بجائے طٰسٓمٓ کے ہونا مصنف برہان نے کہا ہے کہ اس کی وجہ یہ ہے کہ جو سورۃ حروف مقطعات میں سے کسی حرف سے شروع کی گئی ہے اس سورۃ کے اکثر الفاظ و حروف اس حرف مقطع کے مثل ہے پس ہر سورۃ کا حق یہ ہے کہ جو حرف اس میں وارد ہوا ہے اس کے سوا دوسرا حرف اس سورۃ کے مناسب نہ ہو مثلاً اگر قٓ بجائے نٓ کے رکھدیا جائے تو نہیں ہوسکتا کیونکہ مناسبت جس کی رعایت کلام اللہ میں ضروری ہے نہ رہے گی۔

سورۂ قاف کی ابتداء ق سے کسلئے ہوئی کہ اس میں وہ الفاظ بار بار آئے ہیں جن میں حرف قاف ہے مثلاً قرآن کا ذکر اور خلق کا ذکر اور قول کی تکرار اور اس کا بار بار اعادہ اور (خدا کا) ابن آدم سے قریب ہونا اور ہر انسان کے ساتھ ہر وقت دو فرشتوں (یعنی کراما کاتبین) کا ملاقی

ملہ علمائے کرام نے قرآن کریم کی خوب خوب خدمتیں کی ہیں اتنی فن علم تفسیر قرآن سے تعلق رکھتے ہیں اور ہر فن کے متعلق ہزار ہا مستقل تصنیفات لکھی گئیں اور اللہ تعالیٰ اپنے کتاب کی اس خدمت کو قبول فرمائے علمائے شیعہ کو ہماری یہ خدمتیں دیکھکر بڑی حسرت ہے چنانچہ صاحب تفسیر مجمع البیان جس سے آگے چل کر حائری صاحب نے استفادہ کیا ہے۔ اپنی تفسیر کے دیباچہ میں بہت رویا ہے کہ علمائے اہلسنت نے دریائے تفسیر میں گہرے غوطے لگائے ہیں اور اچھے اچھے موتی نکالے ہیں مگر افسوس ہمارے اصحاب امامیہ نے کچھ نہیں کیا مگر یہ حسرت و آہ و زاری بے کار ہے

ایں سعادت بزور بازو نیست — تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

چنانچہ اس فن یعنی ربط آیات و سور میں بھی بہت سی کتابیں لکھی گئیں منجملہ ان کے یہ کتاب ہے جس کا پورا نام البرہان فی مناسبۃ القرآن ہے۔ مصنف اس کے علامہ ابو جعفر بن زبیر ہیں رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ وعلی سائر علماء المسلمین آمین ۱۲۔

الوعید وغیر ذلك.

وقد تکررت فی سورة یونس
من الکلم الواقعة فی الر مائتا
کلمة او اکثر فلهذا افتتحت بالر و
اشتملت سورة ص علی خصومات
متعددة فاولها خصومة النبی صلی
الله علیه وسلم مع الکفار
وقولهم اجعل الآلهة الٰها واحدا
ثم اختصام الخصمین عند داؤد
ثم تخاصم اهل النار ثم اختصام
الملا الاعلی ثم تخاصم ابلیس فی
شان آدم ثم فی شان بنیه واغوائهم
والم جمعت المخارج الثلاثة الحلق
واللسان والشفتین علی ترتیبها و
ذلك اشارة الی البدایة التی هی
بدء الخلق والنهایة التی هی المعاد
والوسط الذی هو المعاش من
التشریع بالاوامر والنواهی وکل
سورة افتتحت بها فهی مشتملة علی
الامور الثلاثة وسورة الاعراف
زید فیها الصاد علی الم لما فیها
من شرح القصص قصة آدم فمن
بعده من الانبیاء علیهم الصلوٰة

رہنا اور ان کا قعید یعنی ہم نشیں رہنا اور رقیب کا
اور سائق کا ذکر اور جہنم میں القا یعنی ڈالے جانے
کا ذکر اور وعید کے مقدم کرنے کا ذکر اور منقبون کا ذکر
اور قلب کا ذکر اور قرون کا ذکر۔ شہروں میں
تنقیب یعنی گشت کا ذکر زمین کے شق ہونے اور
وعید کے حق ہونے کا ذکر وغیرہ وغیرہ۔

اور سورہ یونس میں وہ الفاظ بار بار آئے
ہیں جن میں الف لام را ہے دو سو لفظیں
بلکہ اس سے بھی زیادہ ہیں اسلئے سورہ یونس
الر سے شروع کی گئی اور سورہ صاد متعدد خصومتوں
پر شامل ہے اول تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی
خصومت کفار کے ساتھ اور ان کا یہ کہنا کہ
محمد صلے اللہ علیہ وسلم نے تو بہت سے خداؤں کی
بجائے ایک خدا کر دیا پھر دو فریق کا داؤد علیہ
السلام کے سامنے خصومت کرنا پھر دوزخیوں کا
باہم خصومت کرنا پھر اعلی کا باہم خصومت
کرنا پھر ابلیس کا آدم کے بارے میں اور ان کے بعد
ان کی ذریت کے بارے میں خصومت کرنا اور انکو
بہکانا اور الم میں تینوں مخرج بترتیب جمع ہیں
حلق (جو مخرج ہمزہ کا ہے) اور زبان (جو مخرج
لام کا ہے) اور دونوں ہونٹ (جو مخرج میم کے
ہیں) اور یہ اشارہ ہے طرف ابتدا یعنی آغاز
آفرینش عالم کے اور طرف انتہا کے کہ وہ عالم

والسلام لما فیھا من ذکر فلا یکن فی صدرك حرج ولھذا قال بعضھم معنی المص المنشرح لك صدرك و زید فی الرعد الاجل قوله رفع السموات والاجل ذکر الرعد والبرق وغیرھما

واعلم ان عادة القرآن العظیم فی ذکر ھذہ الحروف ان یذکر بعدھا ما یتعلق بالقرآن کقوله الم ذلك الکتاب الم نزل علیك الکتب المص کتاب انزل الیك الر تلك آیت الکتاب طه ما انزلنا علیك القرآن لتشقی طسم تلك ایات الکتاب یس والقرآن ص والقرآن حم تنزیل الکتب ق والقرآن الا ثلث سور العنکبوت الروم و النون لیس فیھا ما یتعلق به و قد ذکرت حکمة ذلك فی اسرار التنزیل۔

سعادت ہے اور طرف وسط کے کہ وہ عالم معاش ہے یعنی اوامر و نواہی کا شروع کرنا اور جس سورت کے شروع میں الم ہے اس میں یہ تینوں بیان ہیں اور سورۂ اعراف میں الم سے زائد ایک حرف صاد لایا گیا اس لئے کہ اس سورت میں قصوں کی شرح ہے آدم اور ان کے بعد کے انبیاء علیہم السلام کے قصوں اور اس لئے کہ اس میں فلا یکن فی صدرک حرج کا ذکر ہے اسی وجہ سے بعض مفسرین نے کہا ہے کہ المص کے معنی ہیں الم نشرح لک صدرک اور سورۂ رعد میں الم سے زائد ایک حرف را لایا گیا بوجہ قول الٰہی رفع السموات کے اور بوجہ ذکر رعد و برق وغیرہما کے۔

اور جاننا چاہیئے کہ عادت قرآن عظیم کی ان حروف کے ذکر کرنے میں یہ ہے کہ ان حروف کے بعد وہ باتیں ذکر کرتا ہے جو قرآن سے تعلق رکھتی ہیں جیسے الم ذلک الکتاب۔ الم نزل علیک الکتاب، المص کتاب انزل الیک۔ الر تلک آیات الکتاب۔ طہ ما انزلنا علیک القرآن لتشقی طسم تلک آیت الکتاب۔ یس والقرآن الحکیم ص والقرآن ذی الذکر حم تنزیل الکتاب ق والقرآن المجید۔ یہ عادت قرآن کی برابر جاری ہے اور سوا تین سورتوں کے یعنی عنکبوت اور روم اور نون ان تین سورتوں میں البتہ حروف مقطعات کے بعد قرآن کے متعلق ذکر نہیں ہے جس کی حکمت میں نے اسرار التنزیل میں بیان کی ہے

اے صاحبانِ عقل انصاف کرو کتنی صاف عبارت ہے قرآن شریف کے خاص خاص سورتوں کے شروع جو خاص خاص حروف مقطعات ہیں ان کی وجہ بیان ہو رہی ہے کہ جن سورتوں کے شروع میں الف لام میم ہے اس کی کیا وجہ پھر سورۂ اعراف میں ایک صاد زیادہ کر کے المص وارد ہوا اس کا کیا سبب اور سورۂ رعد میں ایک ر زائد کر کے المر وارد ہوا اس کی کیا حکمت ہے پھر شروع میں یہ تصریح کہ جو حروف جس سورت کے شروع میں ہیں ناممکن ہے کہ بجائے ان کے دوسرے حرف رکھے جائیں پھر آخر میں یہ تصریح کہ قرآن عظیم کی عادت ان حروف کے ذکر کے بعد یہ ہے کہ قرآن کے متعلق کوئی بات بیان کی جاتی ہے جس سے قطعاً واضح ہے کہ یہ حروف متکلم قرآن نے ذکر کیے ہیں نہ کسی انسان نے اور زید کا فاعل متکلم قرآن جل شانہ ہے نہ کوئی انسان۔

اب میں اس سے زیادہ کیا کہوں کہ واقعی حائری صاحب کی یہ حیرت انگیز کارروائی جوان کے علم و دیانت و حیا و جسارت پر کافی روشنی ڈالتی ہے، کسی عجائب خانہ میں رکھنے کے لائق ہے اسکے بعد حائری صاحب کی عبارت کے لفظ لفظ کو رد کرنا بے ضرورت ہے عبارت اتقان کے ترجمہ میں یہ الفاظ انھوں نے اپنی طرف سے بڑھائے ہیں کہ دراصل الم میں تین حرف تھے وغیرہ وغیرہ۔ یہ صریح خیانت محتاج بیان نہیں۔

نمبر چہاردہم: عبارت منقولہ بالا کے بعد حائری صاحب لکھتے ہیں

"تفسیر درمنثور جلد ۶ صفحہ ۴۱۶ سطر ۳ میں ہے۔ سیوطی لکھتا ہے کہ احمد بزار[1] طبرانی اور ابن مردویہ نے ابن[2] عباس اور ابن مسعود سے روایت کی ہے انہ کان یحک المعوذتین من المصحف ویقول لا تخلطوا القرآن بما لیس منہ انہما لیستا من کتاب اللہ انتہی بلفظہ یعنی ابن مسعود نے معوذتین[3] کو اپنے قرآن سے کاٹ دیا تھا اور کہتے تھے قرآن میں غیر قرآن کو خلط ملط نہ کرو یہ دونوں سورے کتاب خدا میں داخل نہیں۔

---

[1] صحیح لفظ بزار ہے آخر میں رائے مہملہ ہے ۱۲ [2] حضرت ابن عباس کا نام اس روایت میں غلط ہے ۱۲ [3] یہ اپنے حائری صاحب کا طبع زاد ہے عربی عبارت میں کوئی لفظ ایسا نہیں جس کا یہ ترجمہ ہو اور یہ بات بالکل غلط ہے کہ ابن مسعود کا کوئی مصحف ہمارے مصحف کے خلاف تھا ۱۲

www.Ahlehaq.com

www.Ahlehaq.com

تفسیر کبیر[1] مطبوعہ مصر کے صفحہ ۱۶۹ سطر ۱، میں امام فخر الدین رازی لکھتے ہیں۔

نقل فی الکتب القدیمۃ[2] ان ابن مسعود کان ینکر کون سورۃ

الفاتحۃ من القرآن وکان ینکر کون المعوذتین من القرآن

انتہی بلفظہ یعنی ابن مسعودؓ سورہ فاتحہ اور معوذتین کے داخل قرآن ہونے سے

انکار کرتے تھے فرمایا! صاحبان آپ نے غور کیا کہ درمنثور و تفسیر کبیر سنیوں کی

دونوں مسلمہ تفسیروں سے یہ ثابت ہوا کہ نہ تو سورۂ فاتحہ قرآن ہے اور نہ معوذتین

حالانکہ حضرت عثمان کے جمع کئے ہوئے موجودہ قرآن میں یہ سورتیں اس وقت موجود

ہیں۔ فرمایئے سنیوں کے ان مذکورہ حوالوں کے مطابق زیادتی ثابت ہوئی یا نہیں

اب تم خود بھی انصاف کرو کہ تحریف کی دونوں قسموں کمی اور زیادتی کا ہونا قرآن

میں سنیوں کا مذہب ہوا یا نہیں۔

الجواب بعون الملک الوھّاب

اس عبارت میں علاوہ ترجمہ وغیرہ کے اغلاط کے چند لطائف قابل قدر حسب ذیل ہیں۔

پہلا لطیفہ یہ کہ دو روایتیں جو حائری صاحب نے نقل کیں اگر وہ صحیح ہوتیں اور ان کا مطلب

بھی وہی ہوتا جو اعدائے قرآن کریم بیان کیا کرتے ہیں تو بھی ان سے تحریف قرآن کا نتیجہ نہیں نکل سکتا

قرآن قطعی و یقینی متواتر کی قسم اعلیٰ وارفع ایک غیر معصوم کے قول سے اور وہ قول بھی غیر متواتر

محرف نہیں ہو سکتا۔

ہم نے کتب شیعہ سے جس قدر روایتیں تحریف کی پیش کیں ان میں سے کسی میں غیر معصوم کا

کوئی قول نہیں سب اقوال ائمہ معصومین کے ہیں وہ بھی بتصریح محدثین شیعہ حد تواتر کو پہونچے

ہوئے۔

شیعوں کو محض اس وجہ سے دلچسپی ہے کہ ان مطاعن کا اثر قرآن تک پہونچتا ہے لہذا اجمالاً یہیں اس

---

[1] یہ عبارت تفسیر کبیر کے صفحہ ۱۶۹ میں ہے۔ اپنی جعلی احتیاط جتنے کو سطر تک کا حوالہ لکھ دیا مگر جلد نہ لکھی شاید ان کے خیال میں تفسیر کبیر ایک ہی جلد میں ہو ۱۲۔ [2] نقل فی الکتب القدیمۃ کا ترجمہ چھوڑ دیا کیونکہ اس سے روایت کی حقیقت کا پتہ چلتا تھا کہ یہ روایت پرانی یعنی غیر متداول کتابوں کی ہے۔ اجی حضرت "بہر رنگے کہ خواہی جامہ می پوش ٭ من انداز قدت را می شناسم" ۱۲

مقصود اصلی کے بلا واسطہ حاصل ہونے کا وہم ہو جاتا ہے وہاں ایک عالم خود رفتگی کا دشمنانِ قرآن کریم پر طاری ہو جاتا ہے اور کچھ امتیاز باقی نہیں رہتا۔

دوسرا لطیفہ یہ کہ بالفرض کفرض المحالات ان دونوں روایتوں کی صحت کسی درجہ میں مان بھی لی جائے تو ان کا وہ مطلب کسی طرح نہیں ہو سکتا جو دشمنانِ قرآن بیان کرتے ہیں بلکہ ان کا مطلب یہ ہے کہ حضرت ابن مسعود معوذتین کے مصحف میں لکھنے کو منع کرتے تھے نہ اسلئے کہ وہ کلامِ الٰہی نہیں بلکہ اس لئے کہ وہ رقیہ (یعنی جھاڑ پھونک) کے لئے نازل ہوئی ہیں۔ اور ان کا یہ قول کہ یہ سورتیں کتاب اللہ سے نہیں ہیں کتاب اللہ سے مراد مصحف مکتوب ہے نہ مطلق کلام الٰہی یہ مطلب اکابر محدثین نے بھی بیان کیا ہے علامہ سیوطی اتقان کی اکیسویں نوع میں لکھتے ہیں

وكذا قال القاضي ابوبكر لم يصح عنه انها ليست بقرآن ولا حفظ عنه انما حكها واسقطها من مصحفه انكاراً لكتابتها لا جحداً لكونها قرآناً لانه كانت السنة عنده ان لا يكتب في المصحف الا ما امر النبي صلى الله عليه وسلم باثباته فيه ولم يجده كتب ذلك ولا سمعه امر به۔

اور ایسا ہی کہا ہے قاضی ابوبکر نے کہ ابن مسعود سے اس مضمون کا نقل کرنا کہ معوذتین وغیرہ قرآن نہیں ہیں صحیح نہیں ہے اور نہ ابن مسعود کا یہ قول محفوظ ہے ابن مسعود انکو اپنے مصحف سے محض اسلئے مٹا دیتے تھے کہ انکو انکی کتابت سے انکار تھا نہ اس کے قرآن ہونے سے کیونکہ سنت ان کے نزدیک یہ تھی کہ مصحف میں وہی چیز لکھی جائے جس کے لکھنے کا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا ہے اور انھوں نے حضرت کو نہ یہ سورتیں لکھواتے ہوئے دیکھیں نہ لکھنے کا حکم دیتے ہوئے سنا۔

نیز اتقان کی اسی نوع میں حافظ ابن حجر عسقلانی کا قول نقل کیا ہے۔

قد اوله القاضي وغيره على انكار الكتابة كما سبق قال وهو تأويل حسن الا ان الرواية الصحيحة التي ذكرتها تدفع ذلك حيث جاء فيها ويقول انهما

یہ تحقیق قاضی ابوبکر وغیرہ نے ابن مسعود کے اس قول کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ وہ لکھنے سے انکار کرتے تھے جیسا کہ اوپر گزر چکا ابن حجر نے کہا ہے کہ یہ تاویل اچھی ہے مگر جو صحیح روایت میں نے

www.Ahlehaq.com

Www.Ahlehaq.Com

لیستا من کتاب اللہ تعالیٰ و یمکن حمل لفظ کتاب اللہ علی المصحف فیتم التاویل المذکور۔

ذکر کی وہ اس تاویل کو دفع کرتی ہے کیونکہ اس میں صاف لفظ ہے کہ ابن مسعود کہتے تھے کہ یہ دونوں سورتیں کتاب اللہ سے نہیں ہیں ابن حجر نے کہا ہے کہ ممکن ہے کہ کتاب اللہ سے مصحف مراد لیا جائے تو یہ تاویل کامل ہو جاوے گی۔

اس مطلب کی دلیل قطعی یہ ہے کہ خود حضرت عبداللہ ابن مسعود نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے معوذتین کا منزل من اللہ ہونا روایت کیا ہے۔ اسی کتاب درمنثور کی اسی جلد ششم میں حائری صاحب کی منقولہ روایت کے بعد بفاصلہ چند سطور یہ روایت بھی موجود ہے۔

واخرج الطبرانی فی الاوسط بسند حسن عن ابن مسعود عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لقد انزل علی ایات لم ینزل مثلهن المعوذتین

طبرانی نے اپنی کتاب معجم اوسط میں عمدہ سند کے ساتھ ابن مسعود سے نقل کیا ہے کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا میرے اوپر (فی الحال) کچھ آیتیں نازل ہوئی ہیں جن کے مثل کبھی نازل نہ ہوئی تھیں یعنی معوذتین۔

پس جب ابن مسعود رضی اللہ عنہ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے معوذتین کا منزل من اللہ ہونا روایت کرتے ہیں تو ان کے اس قول کا (اگر بالفرض انھوں نے کہا ہو کہ معوذتین کتاب اللہ سے نہیں ہیں) اس کے سوا کوئی مطلب مراد لینا قطعاً درست نہیں کہ وہ معوذتین کے داخل مصحف ہونے سے انکار کرتے تھے اور بس۔

تیسرا لطیفہ یہ کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے انکار معوذتین کی روایت قطعاً و یقیناً موضوع اور جعلی ہے روایت و درایت دونوں قسم کے دلائل اس روایت کے جھوٹے ہونے کی شہادت دیتے ہیں۔

دلیل اول یہ کہ اکابر ائمہ علم حدیث و تفسیر نے اس روایت کا جھوٹا ہونا بیان کیا ہے۔

(۱) امام فخر الدین رازی جن کی تفسیر کبیر سے حائری صاحب نے یہ روایت نقل کی ہے حائری صاحب کی منقولہ عبارت کے بعد بلافصل لکھتے ہیں۔

واعلم ان هذا فی غایة الصعوبة لانا ان

جاننا چاہئے کہ یہ (یعنی اس روایت کی صحت) نہایت مشکل

قلنا ان النقل المتواتر كان حاصلا في
عصر الصحابة يكون ذلك من القرآن
فان كان ابن مسعود عالما بذلك
فانكاره يوجب الكفر او نقصان العقل
وان قلنا ان النقل المتواتر في هذا
المعنى ما كان حاصلا في ذلك الزمان
فهذا يقتضي ان يقال ان نقل القرآن
ليس بمتواتر في الاصل وذلك يخرج
القرآن عن كونه حجة قطعية والاغلب
على الظن ان نقل هذا المذهب عن
ابن مسعود نقل كاذب باطل۔

میں ہے اس لئے کہ اگر ہم کہیں کہ نقل متواتر صحابہ کے زمانہ میں سورۂ فاتحہ اور معوذتین کے قرآن ہونیکی موجود تھی تو اس وقت میں ابن مسعود کو ضرور اس کا علم ہونا چاہئے تھا لہذا ان کا انکار یا تو موجب کفر ہوگا یا دلیل نقصان عقل ہوگا۔ (حالانکہ یہ دونوں باتیں اتنے بڑے فقیہ بلند مرتبہ صحابی کے لئے ناقابل تسلیم ہیں) اور اگر ہم کہیں کہ نقل متواتر معوذتین وغیرہ کے قرآن ہونے کی ابن مسعود کے زمانہ میں نہ تھی تو اس کا نتیجہ نکلیگا کہ قرآن اصل میں متواتر نہ رہے گا اور یہ نتیجہ قرآن کو حجت قطعی ہونے سے نکال دے گا (ورنہ قطعاً محال ہے) اور بہت زیادہ غالب ظن یہ ہیکہ اس قول کا ابن مسعود سے نقل کرنا جھوٹ اور غلط ہے۔

ف حائری صاحب نے ایک ٹکڑا اس پوری عبارت کا نقل کیا اور آگے کا حصہ چھوڑ کر کہدیا کہ تفسیر کبیر سنیوں کی معتبر تفسیر میں بھی یہ روایت موجود ہے۔ حائری صاحب سے پوچھنا چاہیے کہ یہ حرکت چوری اور خیانت کے سوا کس لفظ سے تعبیر کی جائے بھلا درمنثور میں تو ان کے مخالف روایت چند سطور کے فاصلہ سے ہے جس کی بابت وہ یہ عذر کرسکتے ہیں کہ میں نے درمنثور کا پورا صفحہ نہیں دیکھا تھا مگر تفسیر کبیر میں تو ایک لفظ بلکہ ایک حرف کا بھی فاصلہ نہیں بالکل لاتقربوا الصلوٰۃ والی مثل ہے اگر مذہب شیعہ میں اس قسم کی قابل شرم کارروائیاں جائز نہیں ہیں تو دیکھنا ہے کہ شیعیانِ پنجاب اپنے سرکار شریعت مدار کے ساتھ کیا کرتے ہیں۔

(۲) امام نووی شارح صحیح مسلم اپنی کتاب شرح المہذب لکھتے ہیں۔

اجمع المسلمون على ان المعوذتين والفاتحة
من القرآن وان من جحد منها شيئا كفر و
ما نقل عن ابن مسعود باطل ليس بصحيح (اتقان)

مسلمانوں کا اس بات پر اجماع ہیکہ معوذتین اور سورۂ فاتحہ قرآن سے ہیں اور اس بات پر بھی اجماع ہیکہ جو شخص سورۂ فاتحہ یا معوذتین کا انکار کرے وہ کافر

www.Ahlehaq.com

www.Ahlehaq.com

اور ابن مسعودؓ سے اس کے خلاف جو کچھ منقول ہے وہ صحیح نہیں ہے۔

(۳) علامہ ابن حزم اپنی کتاب محلّٰی میں لکھتے ہیں جیسا کہ اُن سے صاحب اتقان نے نقل کیا ہے کہ۔

هذا كذب على ابن مسعود وموضوع فانما يصح عنه قراءة عاصم عن زر عنه وفيها المعوذتان والفاتحة

انکار معوذتین ابن مسعود پر افترا و جعل ہے ابن مسعود سے یہ چیز صحت کے ساتھ منقول ہے وہ عاصم کی قرات ہے عاصم زر ابن جبیش سے وہ ابن مسعود سے روایت کرتے ہیں اور قرات میں معوذتین بھی ہیں اور سورۂ فاتحہ بھی۔

نیز یہی علامہ ابن حزم اپنی کتاب الفصل فی الملل والنحل جلد ثانی صفحہ ۷۷ میں لکھتے ہیں

واما قولهم ان مصحف عبد الله ابن مسعود خلاف مصحفنا فباطل وكذب وافك مصحف عبد الله ابن مسعود انما فيه قراءته بلا شك وقراءته هي قراءة عاصم المشهورة عند جميع اهل الاسلام في شرق الدنيا وغربها فقرأها كما ذكرنا

باقی رہا لوگوں کا یہ کہنا کہ عبداللہ ابن مسعودؓ کا مصحف ہمارے مصحف کے خلاف تھا تو یہ بالکل غلط، جھوٹ اور بہتان ہے عبداللہ بن مسعود کا مصحف بلا شبہ وہی ہے جس میں ان کی قرأت تھی اور ان کی قرأت وہی عاصم کی قرأت ہے جو تمام مسلمانوں میں مشہور ہے دنیا کی مشرق میں بھی اور مغرب میں بھی ہم لوگ اسکو اب بھی پڑھتے ہیں جیسا کہ ہم نے بیان کیا۔

(۴) علامہ بحر العلوم فرنگی محلی شرح مسلم الثبوت میں لکھتے ہیں کہ۔

فنسبة انكار كونهما من القرآن اليه غلط فاحش ومن اسند الانكار الى ابن مسعود فلا يعبأ بسنده عند معارضته هذه الاسانيد الصحيحة بالاجماع والمتلقاة بالقبول عند العلماء الكرام بل الامة كافة كلها فظهر ان نسبة الانكار الى ابن مسعود باطل۔

ابن مسعود کی طرف اس کے قرآن ہونیکا انکار منسوب کرنا صریح غلطی ہے اور جس نے یہ انکار ابن مسعود کیطرف منسوب کیا ہے اسکی سند لائق توجہ نہیں جبکہ اس کے خلاف یہ صحیح سندیں موجود ہیں جن پر اجماع ہے اور جنکو علمائے کرام نے بلکہ تمام امت نے قبول کیا ہے پس صاف طور پر معلوم ہو گیا کہ ابن مسعود کی طرف انکار کو منسوب کرنا بالکل غلط ہے۔

یہ چار اقوال علمائے کرام کے اس مقام پر کافی ہیں جن میں دو روایت میں اعلیٰ پایہ رکھتے ہیں اور دو درایت میں۔

دلیل دوم قرآن مجید کی متواتر سندیں مسلمانوں کے پاس موجود ہیں جن کا سلسلہ بواسطہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم تک پہونچتا ہے جن میں متعدد سندیں بواسطہ حضرت عبداللہ بن مسعود کے ہیں اور متعدد سندیں بواسطہ حضرت عثمان ذی النورین و حضرت علی مرتضیٰ کے ہیں اور متعدد سندیں بواسطہ حضرت ابی بن کعب کے ہیں اور ان تمام سندوں میں بے کم و کاست بلا اختلاف یہی قرآن مجید منقول ہے جو خدا کے انعام سے ہمارے سینوں اور سفینوں میں نسلاً بعد نسل متواتر چلا آرہا ہے اس میں سورہ فاتحہ بھی ہے معوذتین بھی ہیں لہذا قطعاً و یقیناً معلوم ہوا کہ حضرت عبداللہ بن مسعود کو سورہ فاتحہ یا معوذتین کے نہ قرآن ہونے سے انکار تھا نہ مصحف میں ان کی کتابت کو منع کرتے تھے بلکہ وہ ہمیشہ اسی قرآن شریف کا درس دیتے رہے۔

زیادہ نہ ہوسکے تو نمونہ کے طور پر صرف قرائے سبعہ کی سندیں جو شرقاً غرباً متداول ہیں اور اہل سنت کے پاس بکثرت موجود ہیں مطالعہ کرلی جائیں۔ یہ قرائے سبعہ فلک اسلام کے بدور سبعہ کہے جاتے ہیں ان میں سے ایک قاری مدینہ منورہ کے ہیں نام ان کا **نافع** ہے اور ایک مکہ معظمہ کے ہیں نام ان کا **عبداللہ بن کثیر** ہے اور ایک بصرہ کے ہیں نام ان کا **ابو عمرو** مازنی ہے اور ایک دمشق کے ہیں نام ان کا **عبداللہ بن عامر** ہے اور تین قاری خاص کوفہ کے ہیں وہی کوفہ جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے وقت سے حضرت عبداللہ بن مسعود کا دار التعلیم تھا اور آخر میں حضرت علی مرتضیٰ کا دار الخلافت بنا وہی کوفہ ہمارے امام اعظم امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کا مولد و منشا اور درس گاہ تھا

قال الولی الشاطبی ؎

وبالکوفۃ الغراء منھم ثلاثتہ [1] اذاعوا فقد ضاعت شذا و قرنفلا

کوفہ کے ان تینوں قاریوں کے نام نامی عاصم [2]۔ حمزہ [3]۔ کسائی [4] (امام النحو)

اس جگہ بخیال طول ان ساتوں میں سے بھی صرف ان تین قرائے کوفہ کی بعض سندیں درج کی جاتی ہیں۔

حضرت عاصم نے پورا قرآن شریف حرفاً حرفاً پڑھا عبداللہ بن حبیب ابو عبدالرحمن سلمی اور زر بن حبیش سے۔ عبداللہ بن حبیب ابو عبدالرحمن سلمی نے پورا قرآن شریف حرف بحرف پڑھا حضرت عثمان اور حضرت علی سے اور حضرت عبداللہ بن مسعود سے اور حضرت

[1] ترجمہ: اور کوفہ میں تین قاری تھے جنھوں نے قرآن کی اشاعت کی اور کوفہ عود اور قرنفل کی سی خوشبو سے جھکنے لگا [2] کنیت ابو بکر تابعی ہیں ۱۲۷ھ میں وفات پائی۔

Www.Ahlehaq.Com

ابی بن کعب سے اور حضرت زید بن ثابت سے اور زر بن حبیش نے منجملہ ان پانچ صحابیوں کے حضرت عثمان اور حضرت ابن مسعود سے پورا قرآن شریف حرف بحرف پڑھا اور ان حضرات نے پورا قرآن مجید حرف بحرف پڑھا رسول رب جلیل صاحب الوحی والتنزیل صلی اللہ علیہ وسلم سے۔

حضرت حمزہؒ[1] نے پورا قرآن شریف حرف بحرف پڑھا بہت بزرگوں سے جن میں سے چار کے نام یہ ہیں۔

حضرت صادق، اعمشؒ، محمد بن ابی لیلیٰ قاضی، حمران بن اعین

اور حضرت جعفر نے پورا قرآن مجید پڑھا اپنے والد حضرت محمد الباقر سے انھوں نے اپنے والد حضرت علی بن حسین (زین العابدین) سے انھوں نے اپنے والد حضرت حسین (شہید کربلا) سے انھوں نے اپنے والد حضرت علی مرتضیٰ سے۔

اور اعمش نے پورا قرآن مجید پڑھا یحییٰ بن ذباب سے انھوں نے علقمہ اور اسود اور زر بن حبیش اور ابو عبدالرحمٰن سلمی اور عبید بن فضلہ سے ان سب نے حضرت عبداللہ بن مسعود سے اور محمد بن ابی لیلیٰ نے پورا قرآن مجید پڑھا ابو المنہال سے انھوں نے سعید بن جبیر سے انھوں نے حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے انھوں نے حضرت اُبی بن کعب سے اور حمران بن اعین نے پورا قرآن مجید پڑھا ابو الاسود سے انھوں نے حضرت عثمان وحضرت علی سے۔

اور ان چاروں صحابیوں (یعنی حضرت علی حضرت ابن مسعود حضرت ابی بن کعب حضرت عثمان) نے پورا قرآن شریف پڑھا حبیب رب العالمین رسول صادق امین صلی اللہ علیہ وسلم سے

حضرت کسائیؒ[2] نے پورا قرآن مجید حضرت حمزہ اور عیسیٰ بن عمر وغیرہما سے پڑھا حضرت حمزہ کی سند اوپر مذکور ہو چکی باقی رہے عیسیٰ بن عمر انھوں نے پورا قرآن مجید پڑھا طلحہ بن مصرف سے انھوں نے ابراہیم نخعی سے انھوں نے علقمہ سے انھوں نے حضرت عبداللہ بن مسعود سے انھوں

---

[1] سنہ ۸۰ھ میں بعہد عبدالملک پیدا ہوئے اور سنہ ۱۵۶ھ میں وفات پائی ۱۲

[2] کسائی لقب ہے اس وجہ سے کہ انھوں نے احرام حج کا کساء یعنی کملی اوڑھ کر باندھا تھا، نام علی بن حمزہ کنیت ابو علی ستر برس کی عمر پائی سنہ ۱۸۹ھ میں بعہد ہارون رشید وفات پائی ۱۲

نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے۔

دیکھو ان تینوں قاریوں نے اسی قرآن شریف کو جس طرح حضرت عثمان حضرت علی حضرت ابی بن کعب سے روایت کیا اسی طرح حضرت عبداللہ بن مسعود سے بھی روایت کیا اور کوئی اختلاف ان کا یا کسی کا کسی لفظ کے متعلق نقل نہیں کیا معلوم ہوا کہ اختلاف کی روایتیں محض بے بنیاد اور کسی دشمن قرآن کی خانہ زاد ہیں یہ کوئی معشوق ہے اس پردہ زنگاری میں"۔ ہاں فرعی اختلافات البتہ صحابۂ کرام میں تھے اور وہ اب تک ہیں اور وہ سب مختلف قراتیں لوح محفوظ سے اتری تھیں اور رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے تعلیم دی ہیں۔

دلیل سوم۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ رسولِ خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے اعاظم وافاضل اصحاب سے ہیں اور بہت سے بے نظیر فضائل وکمالات میں بہت سے صحابہ میں ممتاز ہیں سوا شیخین رضی اللہ عنہما کے بالتخصیص اگر کسی صحابی کو آپ نے اپنی امت کا معتمد بنایا ہے تو وہ عبداللہ بن مسعود ہی ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی نسبت فرمایا ما امرکم ابن ام عبد فخذوہ یعنی عبداللہ بن مسعود تم کو جس بات کا حکم دیں اس پر عمل کرو اور فرمایا رضیت لامتی ما رضی لها ابن ام عبد وسخطت لها ما سخط لها ابن ام عبد یعنی میں نے اپنی امت کے لئے اس چیز کو پسند کیا جس کو ابن مسعود پسند کریں اور میں نے اپنی امت کے لئے اس چیز کو ناپسند کیا جس کو ابن مسعود ناپسند کریں۔ حضرت عمر جب ان کو دیکھتے تو فرماتے کنیف ملئی علما ایک ظرف ہے علم سے لبریز۔ حضرت علی نے ان کے متعلق فرمایا قرء القرآن وعلم السنۃ وکفی بذلک یعنی انھوں نے قرآن پڑھ لیا ہے اور سنت کا علم حاصل کر لیا ہے اور اسی قدر کافی ہے۔ ترمذی میں ہے۔

قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم تمسکوا بعهد ابن ام عبد	نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمسک کرو یعنی بکوشش عمل کرو عبداللہ بن مسعود کے حکم پر

نیز ترمذی میں ہے۔

قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لو کنت امرت احدا من غیر مشورۃ لامرت ابن ام عبد	نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر میں کسی کو بغیر مشورہ سردار بناتا تو عبداللہ بن مسعود کو بناتا۔

معلوم ہوا کہ ان میں سردار اور پیشوا بننے کی قابلیت ایسی یقینی تھی کہ حاجت مشورہ کی نہ تھی

www.Ahlehaq.com

روایت حدیث میں بھی ان کے واجب الاعتماد ہونے کا حکم دیا گیا۔ ترمذی میں ہے۔

قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ما حدثکم ابن مسعود فصدقوا

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو حدیث تم سے عبداللہ بن مسعود بیان کریں اسکی تصدیق کرو

اور قرأت قرآن میں تو خصوصیت کے ساتھ آپ نے ان کو اپنی امت کا استاد واجب الاطاعت قرار دیا۔ ترمذی میں ہے۔

عن حذیفة قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ما اقرأکم عبد اللہ فاقرؤوا

حضرت حذیفہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عبداللہ بن مسعود تمکو قرآن جسطرح پڑھائیں اسی طرح پڑھو۔

صحیح بخاری میں ہے۔

قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم استقرؤا القرآن من اربعة من عبد اللہ بن مسعود و سالم مولی ابی حذیفة و ابی بن کعب و معاذ بن جبل

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قرآن چار شخصوں سے پڑھو عبداللہ بن مسعود سے اور سالم مولائے ابو حذیفہ اور ابی بن کعب اور معاذ بن جبل سے۔

حضرت شیخ ولی اللہ محدث دہلویؒ ازالۃ الخفا میں فرماتے ہیں۔

فاعلم ان عبد اللہ بن مسعود من کبار الصحابة ومن بشرة النبی صلی اللہ علیہ وسلم ببشارات عظیمة واستخلفه فی امته بعده فی قراءة القرآن والفقه والموعظة وکان من اکرم الصحابة بصحبة النبی صلی اللہ علیہ وسلم وخدمته

جاننا چاہیے کہ عبداللہ بن مسعود اکابر صحابہ میں سے اور ان لوگوں میں سے ہیں جن کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عظیم الشان خوشخبریاں دیں اور ان کو اپنی امت پر اپنے بعد قرآن شریف کے پڑھانے اور فقہ کی تعلیم اور وعظ میں اپنا جانشین بنایا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت اور آپ کی خدمت کی بزرگی تمام صحابہ سے ان میں زیادہ تھی۔

اسرار الانوار میں ہے۔

کان بالکوفة وله اربعة الالف تلمیذ

جب عبداللہ بن مسعود کوفہ میں تھے تو ان کے

www.Aliahlhaq.com

يتعلمون بين يديه حتى روى انه لما قدم علي رضي الله عنه الكوفة خرج عبد الله بن مسعود مع اصحابه حتى سدوا الافق فلما راهم علي رضي الله عنه قال ملات هذه القرية علما وفقها۔

چار ہزار شاگرد تھے جو ان کے سامنے بیٹھکر علم حاصل کرتے تھے یہاں تک کہ روایت ہے کہ جب حضرت علی رضی اللہ کوفہ میں آئے تو عبد اللہ بن مسعود اپنے شاگردوں کو ساتھ لیکر پیشوائی کیلئے گئے اس مجمع نے آسمان کا کنارہ بھر دیا جب حضرت علی نے اس مجمع کو دیکھا تو حضرت ابن مسعود سے فرمایا کہ آپ نے اس بستی کو علم اور فقہ سے لبریز کر دیا۔

علامہ ابن قیم اعلام الموقعین میں لکھتے ہیں۔

قال مسروق شاممت اصحاب محمد صلى الله عليه وسلم فوجدت علمهم انتهى الى ستة الى علي وعبد الله بن مسعود وعمر بن الخطاب وزيد بن ثابت ابي الدرداء وابي بن كعب ثم شاممت الستة فوجدت علمهم انتهى الى علي وعبد الله

مسروق کہتے ہیں کہ میں نے اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا موازنہ کیا تو معلوم ہوا کہ تمام صحابہ کا علم چھ کے پاس جمع ہے۔ حضرت علی حضرت عبد اللہ بن مسعود حضرت عمر بن الخطاب حضرت زید بن ثابت حضرت ابو الدرداء حضرت ابی ابن کعب پھر ان چھ کا موازنہ کیا تو معلوم ہوا کہ ان سب کا علم حضرت علی اور حضرت ابن مسعود کے پاس جمع ہے۔

نیز اسی کتاب میں ہے۔

قال محمد بن جرير لم يكن احد له اصحاب معروفون حرروا فتياه ومذاهبه في الفقه غير ابن مسعود

محمد بن جریر کہتے ہیں کہ صحابہ میں کوئی نہ تھا جس کے شاگرد ایسے نامور ہوں اور اس کے فتووں کو اور اس کے فقہی اجتہادات کو انھوں نے لکھا ہو سوا ابن مسعود کے۔

ان احادیث اور اقوال سے حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے متعلق سات باتیں معلوم ہوئیں (۱) آنحضرت علیہ السلام نے ان کو اپنی امت کا مقتدا پسندیدہ فرمایا ان کے

www.AhleHaq.com

احکام کی اطاعت واجب کردی (۲) آپ نے انکی روایت کی تصدیق کا حکم دیا (۳) آپ نے ان کو قرارت قرآن میں استادی کی سند دی (۴) تمام صحابہ کے علم کے خزائن جن دو صحابیوں کے پاس تھے ان میں سے ایک وہ ہیں (۵) صرف کوفہ میں بیک وقت ان کے چار ہزار شاگرد تھے۔ (۶) ان کے سوا کسی صحابی کے شاگرد اس قدر نامور لوگ نہیں ہوئے (۷) ان کے فتوے اور فقہی اجتہادات ان کے شاگرد قلمبند کرتے تھے کسی دوسرے صحابی کے لئے ایسا اہتمام نہیں کیا گیا۔

حضرت ابن مسعود کی اس جلالت شان کو دیکھکر کیا عقل سلیم اس بات کو باور کرسکتی ہے کہ "حضرت ممدوح جو معوذتین[1] یا سورہ فاتحہ کے قرآن ہونے سے یا مصحف میں لکھنے سے انکار کرتے اور ان کا انکار ان کے ہزاروں شاگردوں میں سے صرف تین شاگرد روایت کرے اور کسی چوتھے کو اس کی خبر نہ ہوتی اور یہ تین شاگرد بھی وہ جنسے متواتر سندوں کے ساتھ اس انکار کے خلاف کی روایت نقل کی گئی ہے اور پھر وہ انکار اس طرح گمنامی اور کس مپرسی کی حالت میں پڑا رہتا امت میں سے ایک متنفس بھی ان کا ہمخیال نہ بنتا نہ معوذتین وسورہ فاتحہ کی قرآنیت میں کسی کو شک پیدا ہوتا نہ دین کی اتنی بڑی اصل عظیم یعنی قرآن کے انکار کی وجہ سے ابن مسعود پر کوئی بدنامی آتی۔

یہ وہ باتیں ہیں جن کو زمانہ کبھی تسلیم نہیں کرسکتا۔ ولنعم ما قیل ؎

احق شیٔ بردّ ما تخالفہ[2]   شہادة الدہر فاحکم صنعة الجدل

یقیناً اگر ابن مسعود منکر ہوتے تو ان دو باتوں میں سے ایک بات ضرور ہوتی یا تو ان سورتوں کی قرآنیت مختلف فیہ ہوجاتی اور صحابہ سے لیکر اس وقت تک ہر زمانہ میں ایک بڑی جماعت ان سورتوں کے قرآنیت کی منکر رہتی۔ ابن مسعود کے ہزاروں شاگردان کے انکار کو روایت کرتے اور وہ محدثین کی تمام یا اکثر ملتزم الصحة کتابوں میں ملتیں اور یا ابن مسعود اس انکار کی وجہ سے اس قدر بدنام ہوتے کہ نہ صرف ان کی تفسیق بلکہ تکفیر تک نوبت پہونچتی اور صحابہ وتابعین کی زبانوں پر ان کی عظمت وجلالت کا ایک لفظ بھی نہ آتا اور جب کہ ان دونوں باتوں میں سے ایک بات بھی نہ ہوئی تو بالیقین معلوم

---

[1] انکار معوذتین کے راوی حضرت عبداللہ بن مسعود سے صرف تین شخص بیان کئے گئے ہیں۔ علقمہ، زر بن حبیش، ابو عبدالرحمن سلمی اور یہ تینوں قراء سبعہ کی اسانید متواترہ حضرت عبداللہ بن مسعود سے پورا قرآن شریف مع معوذتین کے روایت کررہے ہیں جیسا کہ دلیل دوم میں بیان ہوا

[2] ترجمہ:۔ ہر چیز سے زیادہ رد کرنے کے قابل وہ چیز ہے جسکے خلاف زمانہ شہادت دے بس اے مناظرہ کی ہوس کرنے والے مناظرہ کو اچھی طرح سیکھ ۱۲

www.Ahlehaq.com

ہوا کہ انکار معوذتین کی روایت جعلی ہے یعنی روایت کو اصطلاح محدثین میں معلول کہتے ہیں۔

دلیل چہارم یہ کہ گو عام طور پر یہ خیال لوگوں میں شہرت پا چکا ہے اور بعض روایات کے ظاہری الفاظ سے بھی ایسا وہم ہوتا ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں قرآن شریف مجموع و مرتب نہ تھا حضرت ابوبکر صدیق کے عہد خلافت میں یہ کام ہوا مگر پھر بھی اس کی اشاعت نہیں ہوئی اور حضرت عمر کو بھی اپنے زمانہ خلافت میں اس کی اشاعت کا موقع نہ ملا حضرت عثمان نے ۲۵ھ میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے پندرہ برس بعد حضرت ابوبکر صدیق کے جمع کیے ہوئے قرآن کی نقلیں کرا کر تمام ممالک اسلامیہ میں شائع کیں پہلے اس حقیقت راقم سطور کا خیال بھی تقلیدی طور پر ایسا ہی تھا چنانچہ انجم کے مناظرہ حصہ اول میں میں نے ایسا ہی لکھا ہے مگر اس کے بعد نور توفیق نے مدد کی اور تحقیق کا دروازہ کھلا بیشمار دلائل عقلیہ فطریہ اور براہین نقلیہ نے میرے خیال سابق کو محو کر دیا اور روز روشن کی طرح یہ بات ظاہر ہو گئی کہ خود رسول رب العالمین صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے آپ کے اہتمام سے قرآن شریف کی جمع و ترتیب کا کام نہایت کامل طریقہ سے ہو چکا تھا اور اس کی اشاعت بھی خود آپ ہی کے سامنے ہو چکی تھی جس وقت آپ نے رفیق اعلیٰ کی طرف رحلت کی تو بیشمار سینوں اور سفینوں میں پورا قرآن شریف محفوظ کر گئے تھے تواتر قرآن کا سلسلہ جو آپ کے سامنے شروع ہوا وہی سلسلہ اسی شان کے ساتھ اب تک چلا آ رہا ہے اور ان شاء اللہ قیامت تک رہیگا پھر یہ بھی معلوم ہوا کہ محققین سابقین سے بھی اس کی تصریح منقول ہے اور کوئی صحیح روایت بھی اس کی تحقیق کی مزاحمت نہیں کرتی۔

اس تحقیق کے بیان کرنے کے لئے ایک مستقل تصنیف کی حاجت ہے جس کو ایک حد تک میرے ایک فاضل دوست نے اپنی کتاب تاریخ القرآن میں پورا کیا ہے اور یہ کتاب کئی سال ہوئے چھپ گئی ہے من شاء فلیطالعہ اگر عنایت ایزدی نے مدد کی تو یہ ناچیز بھی عنقریب اس موضوع پر کتاب لکھیگا۔ واللہ ولی التوفیق وھو الھادی الی سواء الطریق۔

پس جب کہ قرآن شریف اسی ہیئت کذائی کے ساتھ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اہتمام سے آپ کی نظر مبارک کے سامنے جمع ہو چکا تھا تو اس میں کسی قسم کا اختلاف نہ حضرت عبداللہ بن مسعود کر سکتے تھے نہ کوئی اور صحابی، نہ کوئی صحابی اس مصحف کے خلاف اپنا مصحف مرتب کر سکتا تھا۔

لہذا حضرت ابن مسعودؓ سے انکار معوذتین کا سرزد ہو جانا قطعاً ناممکن بات ہے اور انکار کی روایت ان سے یقیناً غلط ہے۔

اب ایک ذرا سی بات باقی رہ گئی کہ شیخ الاسلام حافظ ابن حجر عسقلانی نے انکار معوذتین کی روایت کو صحیح کہا ہے اور ان کی تقلید کر کے اور بھی دو ایک علما نے اس کی تصحیح کی ہے لیکن اس تحقیق کے بعد اب اس کے جواب دینے کی حاجت نہ رہی اور اصل یہ ہے کہ جو روایت کسی علت معنوی کی وجہ سے مقدوح ہوتی ہے بسا اوقات اس کی جرح و تعدیل میں محدثین کا اختلاف ہو جاتا ہے کسی کا ذہن اس علت تک پہونچ جاتا ہے اور وہ اس روایت پر قدح کر دیتا ہے اور کسی کی سمجھ میں وہ علت نہیں آتی اور وہ اس روایت کو صحیح کہہ دیتا ہے۔

نمبر پنجم عبارت منقولۂ بالا کے بعد حائری صاحب رقم طراز ہیں۔

تفسیر درمنثور مطبوعہ مصر جلد ششم صفحہ ۳۵۸ سطر ۵ میں امام سیوطی نے لکھا ہے سعید بن منصور احمد عبد بن حمید بخاری مسلم ترمذی نسائی ابن جریر ابن المنذر اور ابن مردویہ نے علقمہ سے روایت کی ہے انہ قدم الشام فجلس الی ابی الدرداء فقال لہ ابو الدرداء ممن انت قال من من اہل الکوفۃ قال کیف سمعت عبد اللہ یقرأ واللیل اذا یغشی قال علقمۃ والذکر والانثی فقال ابو الدرداء اشہد انی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ھکذا وھؤلاء یریدونی علی ان اقرأ وما خلق الذکر والانثی واللہ لا اتابعھم انتھی ملخصا

یعنی علقمہ ایک مرتبہ شام میں آیا اور ابو الدرداء کے پاس بیٹھا انھوں نے پوچھا کہ تم کن لوگوں میں سے ہو علقمہ نے کہا کہ میں اہل کوفہ سے ہوں پس ابو الدرداء نے کہا تم نے عبد اللہ کو سورۂ واللیل اذا یغشی کس طرح پڑھتے سنا ہے علقمہ نے کہا میں نے بجائے وما خلق الذکر والانثی کے والذکر والانثی پڑھتے سنا ہے۔ پس ابو الدرداء نے کہا کہ میں شہادت دیتا ہوں کہ میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی یہی پڑھتے سنا ہے لیکن یہ لوگ چاہتے ہیں کہ میں وما خلق الذکر والانثی پڑھوں بخدا میں ہرگز ان کی متابعت نہ کروں گا۔

www.Alhassanain.com

الجواب بعون الملک الوہّاب

اس روایت سے بھی حائری صاحب کا مقصد کسی طرح حاصل نہیں ہوتا یعنی یہ ثابت نہیں ہوتا کہ لفظ وما خلق جو قرآن شریف میں سورہ واللیل میں ہے کلام الٰہی نہیں ہے بلکہ کسی شخص کی بڑھائی ہوئی ہے کیوں کہ۔

اولاً اس روایت میں صرف اسی قدر تذکرہ ہے کہ علقمہ نے عبداللہ بن مسعود کو والذکر والانثیٰ پڑھتے ہوئے سنا ما خلق پڑھتے ہوئے نہیں سنا اور یہ کہ حضرت ابوالدرداء نے کہا کہ میں نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو والذکر والانثیٰ پڑھتے ہوئے سُنا ہے لہٰذا میں وما خلق الذکر والانثیٰ نہ پڑھوں گا اس سے زیادہ اور کوئی بات اس روایت میں نہیں ہے لفظ ماخلق کے کلام الٰہی ہونے کی نفی نہ عبداللہ بن مسعود نے کی نہ ابوالدرداء نے رہا حضرت ابوالدرداءؓ کا اس کے پڑھنے سے انکار کرنا تو اس انکار کی وجہ یہ ہے کہ صحابۂ کرام کی عادت یہ تھی کہ جو تعلیم کسی صحابی کو بلا واسطہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے مل جاتی وہ اس تعلیم پر نہایت مضبوطی سے قائم رہتے تھے کسی طرح ترک نہ کرتے تھے اگرچہ کتنے ہی قابل وثوق و معتبر ذرائع سے اس کے خلاف دوسری تعلیم رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی ان تک پہونچ بھی جاتی اور ایسا ہی ہونا بھی چاہیے تھا

"شنیدہ کے بود مانند دیدہ"

اسی کو اختلاف قراءت کہتے ہیں لہٰذا اس روایت سے صرف اس قدر معلوم ہوا کہ یہ آیت دونوں قراتوں کے ساتھ نازل ہوئی اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دونوں قراتیں صحابہ کو تعلیم دی ہوں کسی کو یہ کسی کو وہ۔ حضرت ابوالدرداء اور حضرت ابن مسعود کو صرف والذکر والانثیٰ کی تعلیم دی دوسروں کو وما خلق الذکر والانثیٰ کی۔ اس قسم کا اختلاف نسخ دوسرے مصنفین کی کتب میں بھی ہوتا ہے اور جو اختلاف نسخ خود مصنف کا مجوزہ ہوتا ہے اس کو کتاب کی غلطی یا کمی بیشی نہیں کہا جاتا کما لا یخفیٰ۔

ثانیاً اس روایت میں بھی وہی خرابی موجود ہے جو روایت سابقہ میں تھی یعنی یہ کہ یہ روایت دوسری روایات متواترہ کے خلاف ہے۔ قرائے کوفہ کی سندوں میں حضرت ابن مسعودؓ سے اسی

www.Ahlehaq.com

قرآن شریف کو روایت کر رہے ہیں۔

اس کے علاوہ بعض دوسری خرابیاں بھی جو اوپر مذکور ہوئیں اس روایت میں بھی موجود ہیں لہٰذا قطعاً و یقیناً یہ روایت من حیث السند شاذ ہو گئی اور من حیث المتن تو بالکل ساقط از اعتبار یہی وجہ ہے کہ ائمہ قرأت نے والذکر والانثیٰ کو قرأت شاذہ میں شمار کیا ہے اور تمام امت کا اس بات پر اجماع ہے کہ اگر نماز میں قصداً کوئی شخص اس قرأت کو پڑھے تو اس کی نماز نہ ہوگی۔

یہاں تک تو حائری صاحب کی پیش کی ہوئی روایت کا مفصل جواب دیا گیا لیکن اب زیادہ تفصیل بے ضرورت ہے بلکہ اب کچھ نہ لکھا جائے تو بھی کافی ہے فان الغرفۃ تنبئ عن الغدیر والقلیل یدل علی الکثیر[1] لہٰذا اب ہم بقیہ تمام روایات کو نمبر ششم میں جمع کئے دیتے ہیں سوا نرالی ترتیب کے کہ اس کو ذرا تفصیل کے ساتھ نمبر ہفتم میں بیان کریں گے اور جو کچھ فضولیات باقی رہ گئی ہیں ان کا نمونہ نمبر ہشتم میں دکھائیں گے اور انھیں تینوں نمبروں پر ان شاء اللہ یہ بحث دوم تمام ہو جائے گی۔

نمبر ششم عبارت منقولہ بالا کے بعد حائری صاحب نے حسب ذیل اکیس[۲۱] مواقع تحریف کے اور پیش فرمائے ہیں

اول[۱] سورۂ احزاب کے متعلق جس کا شافی و کافی جواب مع شیٔ زائد النجم کے مناظرہ حصہ اول[۲] میں اکیس[۲۱] سال ہوئے چھپ چکا اور جواب الجواب نہ ہوا نہ ہو سکتا ہے۔

---

[1] ترجمہ:۔ ایک چلو پانی پورے حوض کی حالت بتا دیتا ہے اور تھوڑی چیز بہت چیز کا نمونہ ہوتی ہے ۱۲ [2] خلاصہ اس جواب کا یہ ہے کہ ان روایات میں سورۂ احزاب کی آیتوں کا نکال ڈالا جانا یا تحریف کیا جانا مذکور نہیں ہے بلکہ صرف یہ بیان ہے کہ اس سورت میں دو سو آیتیں تھیں مگر حضرت عثمان اس سے زائد آیتوں کے لکھنے پر قادر نہ ہوئے جتنی کہ اب موجود ہیں۔ قادر نہ ہو سکنے کی وجہ بھی دوسری روایات میں بیان ہوئی جن کو حائری صاحب نے نقل نہیں کیا چنانچہ در منثور ہی میں صحیح بخاری سے نقل کیا ہے کہ حضرت حذیفہ کہتے ہیں وہ آیتیں ہم بھول گئے پھر کہیں نہ ملیں یعنی کسی کو یاد نہ رہیں۔ قرآن شریف میں اللہ تعالیٰ نے ایسے نسیان عام کو نسخ کی علامت قرار دے دیا ہے قولہ تعالیٰ سنقرئک فلا تنسی الا ما شاء اللہ وقولہ تعالیٰ ما ننسخ من اٰیۃ او ننسھا اسی وجہ سے تمام علمائے اہل سنت نے اس روایت کو نسوخ کی مثال میں پیش کیا ہے۔ ایک متنفس نے بھی اس سے تحریف کا مضمون نہیں سمجھا۔ حائری صاحب نے اتقان سے اس روایت کو نقل کیا ہے۔ اتقان میں بھی یہ روایت منسوخ کی مثال میں لائی گئی ہے مگر حائری صاحب نے از راہ خیانت اس کا پتہ نہیں دیا۔ طرہ یہ کہ علمائے شیعہ نے بھی سورۂ احزاب کی روایتوں کو نسخ پر محمول کیا ہے۔ دیکھو صفحہ ۲ کتاب ہذا۔ ایک لطیفہ یہ بھی ہے کہ حائری صاحب نے لم یقدر کا ترجمہ بجائے اس کے کہ حضرت عثمان قادر نہ ہوئے۔ یہ لکھا ہے کہ حضرت عثمان نے اسی قدر آیتیں لکھیں لاحول ولا قوۃ اس قسم کی فریب کارروائیاں کر کے لوگوں کے ایمان کی رہزنی کریں اور پھر اپنے کو مسلمان کہیں ۱۲

دوم سورہ توبہ[1] کے متعلق اس کا جواب بھی مناظرہ حصہ اول میں موجود ہے۔ درمنثور کی عبارت نقل کرنے میں اس موقع پر ایک ناقابل معافی خیانت[2] کی ہے۔

سوم سورہ فاتحہ کی لفظ صراط کے متعلق۔ یہ البتہ نئی مثال تحریف کی ہے جو شاید حائری صاحب کی ہمہ دانی و عالی دماغی کا نتیجہ ہو مفسرین لکھتے ہیں کہ لفظ صراط کی اصل سراط تھی ایک قاعدہ صرفی کی وجہ سے سین کو صاد سے بدل دیا گیا۔ یہ قاعدہ چونکہ جوازی ہے اس لئے یہ لفظ دونوں طرح مستعمل ہے اور دونوں طرح اس کی قراءت بھی منقول ہے حائری صاحب نے صراط والی روایت کو نقل کرکے جھٹ کہہ دیا کہ یہ بھی تحریف ہے اس سے ان کو کیا مطلب کہ یہ لفظ دونوں طرح صحیح اور دونوں طرح بتواتر منقول ہے۔ علامہ زمخشری کشاف میں اس لفظ کی تفسیر میں لکھتے ہیں

السراط الجادة من سرط الشئ اذا ابتلعه لانه يسترط السابلة اذا سلكوه	سراط راستے کو کہتے ہیں یہ لفظ اس محاورے سے ماخوذ ہے کہ جب کوئی شخص کسی شی کو نگل جاتا ہے تو کہتے

---

[1] خلاصہ اس حاشیہ کا یہ ہے کہ سورہ توبہ کی روایات میں بھی کہیں تحریف کا ذکر نہیں بلکہ دوسری روایات میں صاف نسخ کا لفظ موجود ہے معالم التنزیل میں ہے قال عبداللہ بن عباس نزل اللہ تعالیٰ ذکر سبعین رجلا من المنافقین باسمائهم واسماء آبائهم ثم نسخ ذکر الاسماء رحمة للمومنين لئلا يعير بعضهم بعضا لان اولادهم كانوا مومنين یعنی عبداللہ ابن عباس فرماتے ہیں کہ سورہ توبہ میں ستر منافقوں کی مذمت نام بنام مع ولدیت نازل ہوئی تھی مگر بعد میں نام منسوخ کر دیئے گئے کیوں کہ ان منافقوں کی اولاد مومن تھی تاکہ آپس میں ایک دوسرے کو عار نہ دلائیں مگر حائری صاحب نے اس روایت کا ذکر نہ کیا۔ رہا یہ کہ حضرت عمر نے فرمایا کہ تمام صحابہ کی فضیحتیں اس سورہ میں تھیں یہ حائری صاحب کا طبع زاد مضمون ہے۔ حضرت عمر کی روایات میں تو صرف یہ ہے کہ گمان ہوا کہ کوئی نہ بچے گا جس کے بارے میں کچھ نہ کچھ نازل نہ ہو گا ان کی لفظ صاف بتا رہی ہے کہ ایسا ہوا نہیں ورنہ کہتے کہ کوئی نہیں بچا اور چونکہ اس وقت منافق بھی صحابہ میں ملے جلے تھے اس لئے منافقوں کی مذمت سے یہ اندیشہ ہوا نیز مذمت اور فضیحت اور چیز ہے اور مشفقانہ عتاب اور شئی ہے مشفقانہ عتاب تو قرآن مجید میں سید الانبیاء پر بھی ہیں دیکھو سورہ عبس اور یہ عتاب بجائے خود دلیل نبوت ہوا ہے ۱۲

[2] وہ خیانت یہ ہے کہ درمنثور جلد سوم صفحہ ۲۰۸ مطبوعہ مصر سے حضرت حذیفہ کی روایت میں یہ الفاظ نقل کئے ہیں واللہ ما ترکنا احدا الا قالت منہ اور ترجمہ یہ کیا ہے کہ خدا کی قسم ہم صحابہ میں سے ایک بھی نہیں چھوٹا جس کے متعلق کوئی نہ کوئی آیت عذاب کی نہ آئی ہو حالانکہ درمنثور میں ما ترکت احدا ہے جس کے معنی ہوئے کہ کسی کو نہیں چھوڑا متکلم کی ضمیر حائری صاحب نے بڑھا کر ہم صحابہ ترجمہ میں اضافہ کیا ما ترکت اور ما ترکنا کا فرق معمولی نہیں ہے معنی بدل گئے مطلب بدل گیا اور بقاعدہ عربیت بھی ما ترکنا غلط ہے کیونکہ یہ صیغہ مذکر کا ہے اور اس کی ضمیر سورت کی طرف پھرے گی جو مونث ہے کیا یہ خیانت قابل درگذر ہو سکتی ہے حائری صاحب نے ما ترکت کو ما ترکنا کرکے بجائے منافقین کے صحابہ کو اس روایت کا مصداق بنا دیا۔ ۱۲

www.Ahlehaq.com

كما سمي لقيما لانه يلتقمهم والصراط من قلب السين صادا لاجل الطاء كقولهم مصيطر في مسيطر وقد تشم للصاد صوت الزاي وقرئ بهن جميعا وفصحهن اخلاص الصاد وهي لغة قريش وهي الثابتة في مصحف الامام

ہیں سرط السّئی راستہ کو سراط اسلئے کہا گیا کہ وہ بھی چلنے والوں کو جب اس پر چلیں نگل لیتا ہے یعنی وہ راستے میں سما جاتی ہیں اور صراط میں سین تھی جو بوجہ قرب طاء کے صاد سے بدل دی گئی جیسے مصیطر کہ اصل مسیطر تھا اور اور کبھی صاد میں زے کی آواز بھی پیدا کی جاتی ہے اور یہ لفظ تینوں طرح قراءت میں آیا ہے مگر سب میں زیادہ فصیح خالص صاد ہے اور یہی لغت قریش کی ہے اور مصحف[۱] امام میں بھی یہی لکھا گیا ہے۔

حائری صاحب کو خبر نہیں کہ اس قسم کے اختلاف قراءت بہت ہیں اور بڑی بڑی کتابیں اس فن میں ہیں ورنہ وہ ایک بڑی موٹی کتاب لکھ ڈالتے اور شیعوں سے یہ کہکر کہ دیکھو میں نے سنیوں کی کتابوں سے تحریف قرآن ثابت کرنے کے لئے اتنی بڑی کتاب لکھدی خوب انعامات و خطابات حاصل کرتے۔

چہارم سورہ فاتحہ کے لفظ ملک کے متعلق یہ تحریف بھی حائری صاحب کی ایجاد ہے کسی کتاب میں دیکھ لیا کہ بعض صحابہ نے یا رسول خدا صلی اللہ نے ملک بغیر الف کے پڑھا بس آپ کی خوشی کی کوئی حد نہ رہی اور جلدی سے بول اٹھے کہ یہ بھی تحریف ہے۔ "ایں ہم بچہ شتر است" ان کو کیا خبر کہ یہ لفظ دونوں طرح بقاعدہ عربیت صحیح ہے اور دونوں قراءتیں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے متواتر رسم خط بھی دونوں کو محتمل اور آج تک دونوں قراءتیں مسلمانوں میں رائج نماز میں پڑھی جاتی ہیں علامہ ابو عمرو دانی نحوی مقری متوفی ۴۴۴ھ اپنی کتاب تیسیر میں لکھتے ہیں۔

قرأ عاصم والكسائي مالك يوم الدين بالالف والباقون بغير الف

(یعنی قراء سبعہ میں سے عاصم اور کسائی نے مالک الف کے ساتھ اپنی قراءت میں کہا ہے اور باقی پانچ قراء نے ملک بغیر الف کے۔

پنجم حائری صاحب نے درمنثور سے نقل کیا ہے کہ حضرت عمر اور عبداللہ بن زبیر سورۂ فاتحہ میں من انعمت علیہم غیر المغضوب علیہم وغیر الضالین پڑھتے تھے۔

---

[۱] امیر المومنین حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جو نسخے قرآن شریف کے بڑے اہتمام و کوشش کے ساتھ لکھوا کر اسلامی مملکت کے ہر ہر صوبہ میں بھیجے تھے ان کو مصحف امام کہتے ہیں۔

جواب یہ ہےکہ اس روایت کو بھی تحریف سے کوئی تعلق نہیں نہ روایت میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ
کہ سورۂ فاتحہ کے موجودہ الفاظ غلط ہیں نہ یہ مضمون کہ سورۂ فاتحہ میں کسی نے تحریف کردی اور سورہ فاتحہ میں
تو تحریف ہو بھی نہیں سکتی کیونکہ عمداً تحریف کا احتمال تو ان الفاظ میں اس سبب سے نہیں کہ الذین کے بجائے
من یا لا کے بجائے غیر رکھدینے سے کوئی جدید مطلب نہیں پیدا ہوا جو معنی تھے وہی رہے اور سہواً
تحریف کا احتمال اس سبب سے نہیں کہ سورۂ فاتحہ ہر نماز کی ہر رکعت میں پڑھی جاتی ہے جس سورت کی ہر
روز کم سے کم تیس چالیس بار تکرار ہوتی ہو اس میں سہو کی کیا گنجائش نہیں زیادہ سے زیادہ یہ روایت
اختلاف قرارت پر دلالت کرتی ہے لیکن ائمہ قرا نے اس اختلاف قرارت کو قبول نہیں کیا کیونکہ
یہ روایت شاذ ناقابل اعتبار ہے۔ پوری سند بھی اس روایت کی معلوم نہیں حائری صاحب کہیں
سے تلاش کر کے نقل کریں تو حقیقت معلوم ہو کہ کس شیعہ صاحب کی عنایت سے یہ روایت وجود میں
آئی۔ قرآن مجید کے متعلق اکثر اس قسم کی روایات شیعوں کی تصنیف ہیں جو دھوکہ دیکر ہماری
کتب میں درج کرائی گئی ہیں لیکن اصول و قواعد دودھ کا دودھ پانی کا پانی الگ کر دیتے ہیں۔

بہت روشن دلیل اس روایت کے بے اصل ہونے کی یہ ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود
سے بسند ہائے متواترہ سورۂ فاتحہ اسی طرح قرائے سبعہ نے روایت کی ہے جس طرح ہمارے مصاحف
میں ہے اگر حضرت عمر کسی دوسرے طریقے سے اس کو پڑھتے ہوتے تو عبداللہ بن مسعود جو ان کے
متبع کامل تھے کبھی اس کے خلاف نہ پڑھتے حضرت عبداللہ بن مسعود خود فرمایا کرتے تھے کہ لو سلک[1]
عمر وادیا و شعبا لسلکت وادیه و شعبه قنوت فجر کے متعلق جب لوگوں نے ان سے دریافت
کیا تو فرمایا لو قنت[2] عمر لقنت عبداللہ

شش۶ سورہ جمعہ کے متعلق درمنثور سے نقل کیا ہے کہ حضرت عمر بجائے فاسعوا
کے فامضوا پڑھتے تھے۔

جواب اس کا بعینہٖ وہی ہے جو اوپر ہو چکا کہ یہ روایت بھی تحریف سے تعلق نہیں رکھتی اگر اس
کی صحت تسلیم کر لی جائے تو زیادہ سے زیادہ اختلاف قرارت کی دلیل ہو سکتی ہے اور ہو سکتا ہے کہ

---

[1] ترجمہ اگر عمر کسی نشیب یا درہ کوہ میں چلیں تو عبداللہ بھی وہیں چلیگا ۱۲۔ [2] اگر عمر قنوت (فجر میں) پڑھتے تو
عبداللہ بھی ضرور پڑھتا ۱۲

حضرت عمر نے فاسعوا کی تفسیر میں فامضوا کہا ہو راوی نے یہ سمجھا کہ یہ قرارت حضرت عمر کی ہے۔

ہفتم۔ درمنثور سے نقل کیا ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے سورۂ طلاق میں بجائے فطلقوھن لعدتھن کے فطلقوھن فی قبل عدتھن پڑھا۔

جواب اس کا بھی وہی ہے کہ یہ روایت بشرط صحت اختلاف قرارت پر دلالت کرتی ہے مزید برآں عبارت کی رکاکت بھی روایت کے جعلی ہونے کی کافی شہادت ہے فی اور قبل کا اجتماع جس قدر رکیک ہے ظاہر ہے۔

ہشتم درمنثور سے نقل کیا ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود نے بجائے ان اللہ ھو الرزّاق ذوالقوۃ المتین کے انی انا الرزاق پڑھا۔

جواب بعینہ وہی ہے جو اوپر دیا جاچکا۔

نہم درمنثور سے نقل کیا ہے کہ حضرت حفصہ وحضرت عائشہ نے اپنے مصحف میں حافظوا علی الصلوات والصلوۃ الوسطیٰ کے بعد صلوۃ العصر کی لفظ لکھوائی۔

جواب اس کا یہ ہے کہ یہ روایت تو اختلاف قرارت سے بھی تعلق نہیں رکھتی بلکہ یہ تفسیر ہے — تفسیری الفاظ بعض صحابہ نے یادداشت کے لیے اپنے مصحف میں لکھ لئے تھے جیسے آجکل ترجمہ یا حل غریب بین السطور میں لکھتے ہیں اور لکھ لینے کی زیادہ وجہ یہ ہے کہ اسکی تفسیر میں صحابہ کا اختلاف تھا اورام المومنین نے یہ تفسیر رسول سے سُنی تھی خود حائری صاحب کی منقول عنہ کتاب درمنثور کے دیکھنے سے ہر شخص سمجھ سکتا ہے کہ یہ لفظ تفسیر کے لئے ہے حائری صاحب نے بھی ضرور سمجھ لیا ہوگا مگر جب

لہ تفسیر کی وجہ ظاہر ہے کہ فاسعوا کے لفظی معنی ہیں دوڑو مگر خدا نے دوڑنا مراد نہیں لیا کیونکہ نماز کے لئے دوڑ کر جانا منع ہے یہ لفظ استعارۃ فرمایا ہے۔ مطلب یہ کہ نماز جمعہ کے لئے اہتمام کے ساتھ جاؤ جیسے دوڑنے میں اہتمام ہوتا ہے۔ لہٰذا حضرت عمر نے فرمایا کہ فاسعوا کے معنی ہیں فامضوا یعنی جاؤ ۱۲ لہ علوم قرآنیہ کی کتب عالیہ کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ صحابہ کرام اکثر درس قرآن کے وقت تفسیری الفاظ بھی اصل الفاظ قرآنی کے ساتھ پڑھ دیتے تھے اور بعض نے اپنے مصحف میں لکھ لئے تھے اس زمانہ میں اشتباہ والتباس کا اندیشہ نہ تھا مگر تلاوت یا قرارت نماز میں ایسا نہ کرتے تھے نہ ایسا کرنا جائز سمجھتے تھے۔ علامہ سیوطی اتقان کی بائیسویں نوع میں لکھتے ہیں کہ جس طرح حدیث میں مدرج ایک خاص چیز ہے قرارت میں بھی ہے پھر اسکی مثالیں بیان کرکے لکھتے ہیں قال ابن الجوزی وماکانوا یدخلون التفسیر فی القراءۃ ایضاحا وبیانا لانھم محققون لما تلقوہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قرآنا فھم آمنون من الالتباس وربما کان بعضھم یکتبہ معہ واما من یقول ان بعض الصحابۃ کان یجیز القراءۃ بالمعنی فقد کذب ۱۲

www.Ahlehaq.com

باطل کی حمایت کے لیے کوئی شخص اٹھتا ہے تو جہالت اور خیانت بلکہ ہزار کردنی کام اس سے سرزد ہوتے ہیں در منثور جلد اول میں صفحہ ۳۰۰ کے آخر سے صلوٰۃ وسطیٰ کی تفسیر میں اقوال صحابہ نقل کرنا شروع کیے ہیں اور ۳۰۵ کے آخر میں ختم کیے ہیں۔ آغاز یوں ہے۔

قولہ تعالیٰ والصلوٰۃ الوسطیٰ اخرج ابن جریر عن سعید بن المسیب قال کان اصحاب رسول اللہ مختلفین فی الصلوٰۃ الوسطیٰ۔ اس کے بعد تمام اقوال جمع کر دیئے ہیں بعض صحابہ کا یہ قول ہے کہ صلوٰۃ وسطیٰ کی تعیین معلوم نہیں بعض کہتے ہیں کہ نماز فجر ہے بعض نماز ظہر حضرت عائشہ، حفصہ، ام سلمہ اور جمہور صحابہ کا قول ہے کہ وہ نماز عصر ہے۔

ایک روایت بایں لفظ ہے۔

عن حفصۃ زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہا قالت لکاتب مصحفہا اذا بلغت مواقیت الصلوٰۃ فاخبرنی حتی اخبرک بما سمعت من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اکتب حافظوا علی الصلوات والصلوٰۃ الوسطیٰ وھی صلوٰۃ العصر

حفصہ زوجہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے کہ انھوں نے اپنے مصحف کے کاتب سے کہا جب تم اوقات نماز لکھنے لگو تو مجھے اطلاع دینا کہ میں تم سے وہ بات بیان کروں جو میں نے رسولخدا صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے چنانچہ کاتب نے اطلاع دی تو انھوں نے کہا لکھو میں نے رسولخدا صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا آپ پڑھ رہے تھے کہ حافظوا علی الصلوات الصلوٰۃ الوسطیٰ اور صلوٰۃ وسطیٰ نماز عصر ہے۔

لیجیے اس روایت میں ھی کی لفظ بھی ہے جو تفسیری ہونے کو صاف کر دیتی ہے دوسری روایت بایں الفاظ ہے۔

واخرج وکیع و ابن ابی شیبۃ فی المصنف و عبد بن حمید عن سالم بن عبد اللہ ان حفصۃ ام المومنین قالت الوسطیٰ صلوٰۃ العصر واخرج ابن ابی شیبۃ عن ابن مسعود قال الوسطیٰ صلوٰۃ العصر۔

وکیع نے اور ابن ابی شیبہ نے مصنف میں اور عبد بن حمید نے سالم بن عبد اللہ (ابن عمر) سے روایت کی ہے کہ میری پھوپھی ام المومنین حفصہ نے کہا کہ وسطیٰ نماز عصر ہے اور ابن ابی شیبہ نے ابن مسعود سے روایت کی ہے کہ انھوں نے کہا وسطیٰ عصر کی نماز ہے۔

اس روایت سے اور بھی صاف ہو گیا کہ صلوٰۃ وسطیٰ کی تفسیر مقصود ہے نہ اور کچھ۔ بعض روایات کا یہ مضمون بھی ہے کہ یہ آیت پہلے یوں نازل ہوئی تھی حافظوا علی الصلوات والعصر اسکے بعد والعصر کی لفظ منسوخ ہو گئی بجائے اسکے والصلوٰۃ الوسطیٰ کی لفظ نازل ہو گئی۔ یہ روایتیں کے صفحہ ۳۰۲ پر اس طرح ہیں۔

اخرج عبد بن حمید ومسلم والبوداؤد فی ناسخہ وابن جریر والبیھقی عن البراء ابن عازب قال نزلت حافظوا علی الصلوات والعصر فقرأناھا علی عھد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما شاء اللہ ثم نسخھا اللہ فانزل حافظوا علی الصلوات والصلوٰۃ الوسطیٰ فقیل لہ ھی اذن صلوٰۃ العصر فقال قد حدثتک کیف نزلت وکیف نسخھا اللہ واللہ اعلم۔

عبد بن حمید نے اور مسلم نے اور ابوداؤد نے اپنی کتاب ناسخ میں اور ابن جریر اور بیہقی نے براء بن عازب سے روایت کی ہے کہ انھوں نے کہا پہلے حافظوا علی الصلوات والعصر نازل ہوئی تھی ہم نے زمانہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں جب تک خدا کو منظور تھا اس کی تلاوت بھی کی پھر اللہ نے اس کو منسوخ کر دیا اور حافظوا علی الصلوات والصلوٰۃ الوسطیٰ نازل فرمائی براء بن عازب سے کہا گیا کہ اب تو صاف معلوم ہو گیا کہ وسطیٰ نماز عصر ہے انھوں نے کہا کہ میں نے تم سے بیان کر دیا کہ کس طرح یہ آیت نازل ہوئی تھی اور کس طرح اللہ نے اسکو منسوخ کر دیا۔

المختصر! درمنثور کی روایات کے دیکھنے سے صاف ہو گیا کہ صلوٰۃ وسطیٰ کی تفسیر میں حضرت حفصہ نے صلوٰۃ العصر کی لفظ لکھوائی تھی نہ بطور لفظ قرآنی کے مگر حائری صاحب نے نقل روایات میں خیانت کی پتہ نہ دیا کہ روایت کس موقع میں ہے اور اسکے اول و آخر کی روایات کا مضمون کیا ہے۔

دھو آیت تبلیغ کے متعلق حائری صاحب بڑے زور سے دعویٰ کرتے ہیں کہ حضرت علی کا نام اس میں تھا۔ اصل آیت یوں تھی یا ایھا الرسول بلغ ما انزل الیک من ربک ان علیا مولی المؤمنین

لہ ترجمہ۔ اے رسول اس مضمون کی تبلیغ کر دیجئے جو آپ کی طرف پروردگار کی جانب سے اتارا گیا کہ علی تمام ایمان والوں کے مولیٰ ہیں اور اگر تم نے اسکی تبلیغ نہ کی تو خدا کی رسالت کی تم نے تبلیغ نہ کی اور اللہ تم کو لوگوں سے بچائے گا۔ اصل آیت کا مطلب تو عام ہے کہ اے نبی جو شریعت کے احکام آپ پر نازل ہوئے ہیں ان سب کی تبلیغ (حجۃ الوداع کے موقع پر جبکہ اتنا بڑا مجمع ہو گا کہ اب تک کبھی نہیں ہوا اچھی طرح) کر دیجئے ورنہ تبلیغ رسالت کا فرض ادا نہ ہو گا اور خدا آپ کو دشمنوں سے محفوظ رکھے گا مگر حضرت علی کا نام جس نے اس آیت کے ساتھ تصنیف کیا اس نے صرف علی کے مولیٰ ہونے کی تبلیغ آیت میں رکھی۔ علاوہ ازیں آیت کا مطلب بھی نہایت رکیک اور عقل و نقل دونوں کے خلاف ہو گیا بشادت عنقریب یعنی ماہ آئندہ سے انکے موعود تفسیر آیات کا سلسلہ شروع ہونے والا ہے جس میں فریقین کے استدلال کی تمام آیتیں آجائیں گی ہر آیت کے متعلق ایک رسالہ مستقل ہوا کرے گا انشاء اللہ تعالیٰ دوسرا آیت تبلیغ کی تفسیر بھی اسی میں ہو گی حق تعالیٰ اس ارادہ کو پورا کرے آمین ۱۲

www.Ahlehaq.com

www.Ahlehaq.com

وان لم تفعل فما بلغت رسالتہ واللہ یعصمك من الناس حائری صاحب فرماتے ہیں کہ یہ جملہ آیت سے نکال دیا گیا آیت کی تحریف ہو گئی اور آپ نے ایک روایت بلا سند در منثور سے نقل کی ہے کہ حضرت ابن مسعود کہتے ہیں ہم اس آیت کو زمانہ رسول میں اسی طرح پڑھتے تھے یہ روایت نقل کر کے حائری صاحب فرماتے ہیں ابن مسعود سنیوں کے نزدیک راوی ثقہ اور علامہ جلال الدین بھی سنیوں کا مسلّم امام اور مصنف معتمد علیہ اور در منثور بھی ان کے یہاں معتبر اور مشہور تفسیر ہے۔[۱]

ایک لطیفہ حائری صاحب نے اسی سلسلہ میں یہ بھی لکھا ہے کہ مسلمات[۲] اہلسنت کو ثابت ہے کہ آیت حجۃ الوداع کے موقع پر بمقام غدیر خم نازل ہوئی اور باتفاق جمیع[۳] امت پیغمبر نے وہیں اسی وقت تبلیغ ولایت علی کر دی۔ حائری صاحب نے بڑے فخر کے ساتھ یہ بھی لکھا ہے کہ اس مبحث یعنی حضرت علی کی خیالی خلافت بلا فصل ثابت کرنے کے لئے ایک سال آپ نے لکھا ہے جس کا نام موعظہ غدیر ہے۔

جواب ان سب خرافات کا نصیحۃ الشیعہ[۴] جلد سوم میں اٹھائیس سال ہوئے شائع ہو چکا ہے جس کا جواب الجواب نہ آج تک ہوا نہ آئندہ ہو گا مگر ع بے حیا باش ہر چہ خواہی گو"

---

[۱] یہ دونوں لفظیں خالص فریب ہیں تمام اہل علم جانتے ہیں کہ در منثور نہ معتبر ہے نہ مشہور یہ کتاب محض جمیع روایات کے لئے ہے تنقید بالکل نہیں بعض علماء نے لکھا ہے کہ اسی سبب سے اس کا نام در منثور ہوا نہ در منظوم۔ اب حائری صاحب اچھی طرح سن لیں مسلمانوں کے یہاں حقیقی طور پر معتبر صرف ایک کتاب ہے جسکا پیارا نام قرآن مجید ہے اس کے سوا کوئی کتاب ایسی نہیں جس کا ہر حرف واجب التسلیم ہو کتب احادیث میں سب سے اعلیٰ پایہ بخاری و مسلم کا ہے مگر علت معنویہ کی جانچ ان میں بھی ہوئی ہے۔ حدیث کی صحت و سقم جانچنے کے لئے بےنظیر فنون ہمارے یہاں مدون ہیں مگر وہ شخص ان باتوں کو کیا سمجھے جس کے مذہب کی بنیاد طلسم ہوشربا کی حکایت پر ہو ۱۲ [۲] بالکل غلط اور جھوٹ ہے دیکھو نصیحۃ الشیعہ ۱۲ [۳] ہرگز جمیع امت کا اس پر اتفاق نہیں بلکہ جمیع امت کا اتفاق اس کے خلاف پر ہے ولایت علی یعنی خلافت بلا فصل کی کبھی تبلیغ خدا کے رسول نے نہیں کی یہ افترا ابن سبا کا ہے ۱۲ [۴] نصیحۃ الشیعہ جلد سوم میں یہ بحث صفحہ ۰ سے شروع ہو کر صفحہ ۸۰ پر ختم ہوئی ہے دونوں باتیں نہایت عمدہ دلائل قطعیہ سے ثابت کی ہیں اوّل یہ کہ یہ آیت ہرگز غدیر خم کے روز نازل نہیں ہوئی بلکہ غدیر خم کے واقعہ سے بہت پہلے رات کے وقت نازل ہو چکی تھی اور مزید لطف یہ کہ شیعہ کی کتب معتبرہ تفسیر قمی و اصول کافی سے بھی ثابت کر دیا ہے کہ یہ آیت غدیر خم سے نو روز پہلے نازل ہو چکی تھی **دوم** یہ کہ حضرت ابن مسعود پر محض افترا ہے کہ انھوں نے آیت میں حضرت علی کا نام پڑھا اور کہا کہ یہ آیت زمانہ رسول میں اسی طرح پڑھی جاتی تھی یہ روایت بالکل مجروح ہے اسکی پوری سند بھی معلوم نہیں اور جتنی سند کا پتہ چلا ہے اس میں ابو بکر عیاش ایک ضعیف الحافظہ کثیر الغلط و وہمی شخص ہے اور دوسرا شخص عاصم ہے اور معلوم نہیں کون عاصم ہے بعض عاصم نام کے راوی کذاب ہیں اور اس نام کے جتنے راوی ہیں حافظہ سب کا خراب ہے غرضیکہ نہایت مدلل طریقہ سے انھوں نے دونوں باتیں ثابت کر دی ہیں انشاء اللہ تعالیٰ سلسلہ تفسیر میں اس آیت کی بحث میں یہ سب مضامین مفصل بیان ہوں گے ۱۲

یازدھم آیت رجم کی بابت بھی حائری صاحب کا دعویٰ ہے کہ تحریف کردی گئی اور اسی درمنثور سے دو روایتیں اور ایک روایت اتقان سے نقل کی ہے۔

جواب اس کا مع شئی زائد النجم کے مناظرہ حصہ اول میں شائع ہوچکا ہے۔[1]

دوازدھم حائری صاحب نے یہ بھی دعویٰ کیا ہے کہ آیت صلوا علیہ وسلموا تسلیما کے بعد یہ عبارت بھی تھی[2] وعلی الذین یصلون الصفوف الاول اور اس کے ثبوت میں اتقان اور درمنثور سے ایک روایت نقل کی ہے اور اس پر یہ حاشیہ چڑھایا ہے کہ یہ عبارت حضرت عثمان نے نکال ڈالی۔

جواب یہ ہے کہ اول تو اس روایت کی صحت مسلّم[3] نہیں بالفرض صحیح ہو تو اس کا نتیجہ صرف اس قدر ہے کہ یہ عبارت منسوخ ہوگئی تھی مگر جس طرح اور بعض منسوخ التلاوۃ آیتیں یا تفسیری الفاظ یادداشت کے لیے بعض مصاحف میں لکھے ہوئے تھے۔ اسی طرح حضرت عائشہ کے مصحف میں یہ عبارت لکھی ہوئی تھی، حضرت عثمان کے وقت میں جب یہ انتظام ہوا کہ مصحف میں خالص قرآن غیر منسوخ التلاوۃ لکھا جائے تو یہ عبارت خارج کردی گئی۔

سیزدھم حائری صاحب نے یہ بھی دعویٰ کیا ہے لو ان ابن آدم الخ بھی قرآن سے نکال ڈالا گیا اور ایک روایت اتقان سے نقل کی ہے اس کے بعد حسب عادت بہت تبجح کے ساتھ لکھا ہے کہ سنی تحریف قرآن کے قائل ہیں اس بے چارہ کو روایت کرنے اور قائل ہونے میں کچھ امتیاز نہیں اور لطف یہ کہ یہ روایت بھی تحریف کی نہیں بلکہ نسخ کی ہے جیسا کہ مناظرہ حصہ اول[4] میں اس کو اچھی طرح

[1] خلاصہ اس جواب کا یہ ہے کہ اس آیت کا منسوخ التلاوۃ و باقی الحکم ہونا فریقین کو مسلم ہے چنانچہ صفحہ ۳۰ میں تفسیر مجمع البیان شیعہ سے نقل ہوچکا ہے اور حضرت عمرؓ اس آیت کی کتابت مصحف کے حاشیہ یا آخر میں محض یادداشت کے لئے کرنا چاہتے تھے نہ قرآن کے اندر جیسا کہ مسند امام احمد کی روایت میں فی ناحیۃ من المصحف کی لفظ ہے اور علامہ فرنگی کی کتاب ناسخ و منسوخ میں علی حاشیۃ المصحف کی لفظ ہے بس اتنا ہی مطلب روایت کا ہے تحریف سے اس کو کوئی تعلق نہیں۔ حائری صاحب نے درمنثور کی روایت کے ترجمہ میں یہاں بھی قابل شرم خیانت کی ہے مگر اب کہاں تک طول دیا جائے ۱۲ [2] اس عبارت کو ملا کر آیت کا ترجمہ یہ ہوا کہ اے مسلمانو انہیں پر صلوٰۃ و سلام بھیجو جو اگلی یا نماز کی صف اول میں پہونچتے ہوں ۱۲ [3] صحت نہ مسلم ہونے کی وجہ وہی ہے کہ سند غیر مذکور راوی نامعلوم پھر ایک جماعت محدثین ان تمام روایات کی منکر جیسا کہ اتقان سے نقل ہوچکا ۱۲ [4] خلاصہ اس کا یہ ہے کہ اس روایت میں بھی کوئی لفظ ایسا نہیں ہے جس سے تحریف معلوم ہو بلکہ یہ روایت بھی نسخ سے تعلق رکھتی ہے۔ اتقان کی اسی مثال بیسویں نوع میں جس سے حائری صاحب نے یہ روایت نقل کی ایک دوسری روایت حضرت ابو موسیٰ اشعری سے منقول ہے جس میں صاف یہ لفظ موجود ہے کہ فرفعت یعنی پھر یہ آیتیں اٹھا لی گئیں مگر حائری صاحب نے ازراہ خیانت اس روایت کا پتہ بھی نہ دیا اور لطف یہ کہ اس روایت کو آپ کے علمائے شیعہ نے بھی نسخ سے متعلق مانا ہے دیکھو صفحہ ۶۲ پر مجمع البیان شیعہ کی عبارت حائری صاحب کی دیانت میں جو یہاں غلط ترجمے یا ذاتی لاف و گزاف جس قدر اس رسالہ میں ہیں اگر ان کا اندازہ شمار ہیں افسوس ان حالات پر سلطان المؤمنین صدر المفسرین وغیرہ کے خطابات ۱۲

www.Ahlehaq.com

www.Ahlehaq.Com

ثابت کیا جا چکا ہے۔

چہاردھم تفسیر اتقان سے یہ روایت نقل کی ہے کہ حضرت عمر نے عبدالرحمٰن ابن عوف سے پوچھا کہ ان جاھدوا کما جاھدتم اول مرۃ نازل ہوئی تھی مگر اب ہم اس کو نہیں پاتے عبدالرحمٰن بن عوف نے کہا جو حصہ قرآن کا ساقط کیا گیا اسی کے ساتھ یہ آیت بھی ساقط کر دی گئی۔ ساقط کرنے کا ترجمہ حائری صاحب نے نکال ڈالنا کیا ہے حالانکہ یہ غلط ہے۔

جواب یہ ہے کہ یہ روایت بھی نسخ تلاوت سے تعلق رکھتی ہے جیسا کہ ساقط کی گئی کا لفظ صاف بتا رہا ہے علاوہ اس کے حضرت عمر کا عبدالرحمٰن بن عوف سے پوچھنا بھی روشن دلیل ہے کہ تحریف مراد ہوتی تو حضرت عمر بے خبر کیسے ہوتے حضرت عمر سے پہلے حضرت صدیق ہی کی خلافت تھی اور جو کچھ ہوتا تھا حضرت عمر کے مشورہ سے ہوتا تھا پھر یہ روایت بھی بوجوہ مذکورہ بالا ناقابل اعتبار ہے۔

پانزدھم اتقان سے ایک روایت نقل کی ہے کہ مسلمہ بن مخلد انصاری نے یہ عبارت پڑھی ان الذین امنوا وھاجروا فی سبیل اللہ باموالھم وانفسھم الا ابشروا انتم المفلحون والذین اووھم ونصروھم وجادلوا عنھم القوم الذین غضب اللہ علیھم اولئک لاتعلم نفس ما اخفی لھم من قرۃ اعین جزاء بما کانوا یعملون اور کہا کہ یہ دو آیتیں قرآن کی تھیں مصحف میں نہیں لکھی گئیں۔

جواب یہ ہے کہ یہ روایت بھی اگر صحیح مان لی جائے تو حائری صاحب کے مفید مطلب نہیں مصحف میں لکھا جانا دلیل تحریف کیسے بن سکتا ہے جب کہ یہ بات قطعی طور پر ثابت ہے کہ منسوخ التلاوۃ آیتیں مصحف میں نہیں لکھی گئیں ہاں اس کے ساتھ حائری صاحب اس کا منسوخ نہ ہونا بھی اگر ثابت[1] کر دیتے تو البتہ ایک بات تھی۔

شانزدھم و ہفدھم حائری صاحب نے مولوی حامد حسین وغیرہ کی تقلید

[1] مگر حائری صاحب تو بے وقوف کو دھوکا دے کر منسوخ نہ ہونا پہلے ثابت کر چکے ہیں جہاں آپنے نسخ کی تعریف اور اسکے شرائط بیان کیے ہیں جسکو ہم اوپر بیان کر چکے ۱۲

www.Ahlehaq.com

ڈھونڈ ڈھونڈ کر قرآن شریف کی چار آیتوں کا قواعد عربیت کے لحاظ سے غلط ہونا بھی بیان فرمایا ہے اور تین روایتیں درمنثور سے ایک تفسیر کبیر سے ایک معالم التنزیل

قرآن شریف کی آیتوں میں نحوی غلطی نکالکر حائری صاحب نے اپنے علم کا راز فاش کر دیا معلوم ہوگا کہ حائری صاحب نے نحو کی کتابیں بھی نہیں پڑھیں شعرائے عرب کا کلام بھی نہیں پڑھا تفسیریں بھی نہیں دیکھیں اور عقل سے بھی ایسے بے بہرہ ہیں کہ اتنا بھی نہ سمجھے کہ بخیال ان کے قرآن کلام خدا نہ سہی صحابہ کا کلام ہی صحابہ بھی تو عرب خالص تھے ان کے کلام میں نحوی غلطی ناممکن بلکہ زیادہ سے زیادہ نحو کا قاعدہ ان کی کلام کی مخالفت سے غلط ہو سکتا ہے حائری صاحب کے شاگرد مرزا احمد علی نے بھی اپنے رسالہ انصاف میں قرآن کی آیتوں کو غلط کہکر یہ دعویٰ کیا ہے کہ ایسا کلام تو میں بھی کہہ سکتا ہوں نعوذ باللہ من ھذیانا تھم وکفریاتھم۔ اب سنیے وہ چار آیتیں کون ہیں اور ان میں غلطی کیا بیان کی جاتی ہے اور جواب اس کا کیا ہے حائری صاحب نے چونکہ تقلیداً یہ مضمون لکھا ہے لہذا وہ خود نہیں سمجھ سکے اور نہ بیان کر سکے کہ غلطی کیا ہے اب میں اسکو صاف کئے دیتا ہوں پہلی آیت سورہ مائدہ میں ہے ان الذین اٰمنوا والذین ھادوا والصابئون والنصاریٰ غلطی یہ کہی جاتی ہے کہ الصابئون معطوف ہے ان کے اسم پر اور ان کے اسم پر نصب ہوتا ہے لہذا الصابئین ہونا چاہیئے جواب یہ ہے کہ الصابئون ان کے اسم پر معطوف نہیں ہے بلکہ مبتدا ہے خبر اس کی محذوف ہے لہذا الصابئون ہی ہونا چاہیئے تفسیر کشاف جلد اول صفحہ ۲۲۲ میں ہے والصابئون رفع علی الابتداء وخبرہ محذوف و   بہ التاخیر عما فی خبر ان من اسمھا وخبرھا کانہ قیل ان الذین اٰمنوا والذین ھادوا والنصاریٰ حکمھم والصابئون کذٰلک وانشد سیبویہ شاھداً لہ۔ والا فاعلموا انا وانتم ابغاۃ ما بقینا فی شقاق ای فاعلموا ان بغاۃ وانتم کذٰلک کشاف کا پورا مضمون تقریباً اسی بحث میں ہے دوسری آیت سورہ نساء میں ہے لٰکن الراسخون فی العلم منھم والمؤمنون یؤمنون بما انزل الیک وما انزل من قبلک والمقیمین الصلوٰۃ والمؤتون الزکوٰۃ غلطی یہ بتائی جاتی ہے کہ والمقیمین محل رفع میں ہے لہذا والمقیمون ہونا چاہیئے تھا جواب یہ ہے والمقیمین محل رفع میں نہیں ہے بلکہ بنا بر مدح منصوب ہے۔ علامہ زمخشری جو ہر فن کے امام ہیں لکھتے ہیں والمقیمین نصب علی المدح لبیان فضل الصلوٰۃ وھو باب واسع وقد کسرہ سیبویہ علی امثلۃ وشواھد ولا یلتفت الی ما زعموا من وقوعہ لحنا فی خط المصحف وربما التفت الیہ من لم ینظر فی الکتاب ولم یعرف مذاھب العرب وما لھم فی النصب علی الاختصاص من الافتنان وغبی علیہ ان السابقین الاولین الذین مثلھم فی التوراۃ ومثلھم فی الانجیل کانوا ابعد ھمۃ فی الغیرۃ علی الاسلام وذب المطاعن عنہ ان یترکوا فی کتاب اللہ ثلمۃ لیسدھا من بعدھم وخرقا یرفوہ من یلحق بھم دیکھو علامہ نے کیا جاہل وغبی اور بے عقل بنایا ہے ان لوگوں کو جو اس آیت کو بقاعدہ نحو غلط کہتے ہیں اور قرآن میں غلطی ہونے کو کس طرح ناممکن کہا ہے تیسری آیت سورہ طٰہٰ میں ہے ان ھذان لساحران غلطی یہ کہی جاتی ہے کہ ھذان اسم ان کا ہے اس کو نصب ہونا چاہیئے یعنی ھذین ہونا چاہیئے۔ حائری صاحب کو یہ خبر نہیں کہ قرآن شریف میں یہ آیت ہے کس طرح ہماری قراءت میں ان نہیں ہے بلکہ ان بسکون نون البتہ ایک دوسری قراءت میں ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ بالکل صحیح ہے ان کا اسم جب تثنیہ ہو تو اس کو الف کے ساتھ بھی اعراب دیتے ہیں تفسیر کبیر دیکھو کتنے اشعار عرب نقل کئے ہیں۔ فراء کا قول ہے کہ وذٰلک وان کان قلیلا اقیس،

www.Ahlehaq.com

سے نقل کی ہے ۔ جواب : اسکا مناظرہ حصہ دوم میں ایسا دیا جا چکا کہ اعدائے قرآن ابتک عالم خاموشی میں ہیں ہاں حائری صاحب نے اس مقام میں بھی حسب عادت دو کمال اور دکھائے ہیں ایک یہ کہ تفسیر کبیر کی عبارت نقل کرنے میں خیانت کی دوسرے یہ کہ بالکل جھوٹ لکھدیا کہ امام رازی نے کبیر میں اور امام بغوی نے معالم میں ان آیتوں کا غلط ہونا تسلیم کر لیا اگر حائری صاحب معالم میں یہ مضمون دکھادیں تو جس قدر انعام مانگیں دیا جائیگا نعوذ باللہ من شرور الانفس ۔

لطیفہ دعائے قنوت کے متعلق تو خاص قسم کی دلیری حائری صاحب نے کی ہے فرماتے ہیں "تفسیر اتقان میں امام سیوطی اور کتاب ناسخ والمنسوخ میں حسین بن منادی نے لکھا ہے وما رفع رسمہ من القرآن ولم یرفع من القلوب حفظہ سورتا القنوت فی الوتر وتسمی سورتی الخلع والحفد

حاشیہ گذشتہ ۔ چوتھی آیت سورہ منافقون میں ہے فاصدق واکن غلطی یہ بتائی جاتی ہے کہ اکن محل نصب میں ہے اکون ہونا چاہئے تھا جواب یہ ہے کہ معترض نے علم نحو نہیں پڑھا عطف کبھی لفظ پر ہوتا ہے کبھی محل پر ہوتا ہے یہاں محل پر عطف ہے اور محل جزم ہے لہذا اکن بالکل صحیح ہے تفسیر کبیر میں ہے والجزم علی موضع الفاء وانشد سیبویہ ابیاتا کثیرۃ فی الحمل علی الموضع فہا فلسنا بالجبال ولا الحدیدا ۔ فنصب الحدید عطفا علی المحل اب رہا یہ کہ جو اقوال بعض صحابہ کے ان آیات کے غلط ہونیکے متعلق نقل کیے ہیں وہ اقوال جعلی ہیں بڑے بڑے محدثین ومفسرین نے ان روایات کو جعلی مانا ہے چنانچہ علامہ سیوطی نے بھی ان روایات کے خلاف عقل ونقل ہونیکی تصریح اتقان میں کی ہے ۔ مناظرہ حصہ دوم میں ہم نے وہ اقوال نقل کیے ہیں اور تفسیر کبیر کی عبارت آئندہ حاشیہ میں نقل ہوگی ۱۲ ۔ حاشیہ صفحہ ہذا ۔ ۱ تفسیر کبیر میں حائری صاحب کی منقولہ روایت کے بعد ہی علی الاتصال اس کا رد بھی موجود ہے حائری صاحب نے روایت تو نقل کردی مگر اس کا رد نقل کیا یہ تو خیانت ہوئی اور امام رازی کو تسلیم کرنے والا اس روایت کا بتایا یہ جھوٹ ہوا امام رازی نے تفسیر کبیر میں اس روایت کا غلط ہونا بہت دلائل کے ساتھ بیان کیا ہے اور اسکے بعد لکھا ہے کہ ان المسلمین اجمعوا علی ان ما بین الدفتین کلام اللہ تعالیٰ وکلام اللہ تعالیٰ لا یجوز ان یکون لحنا وغلطا فثبت فساد ما نقل عن عثمان وعائشۃ رضی اللہ عنہما ان فیہ لحنا وغلطا وقال ابن الانباری ان الصحابۃ ہم الائمۃ والقدوۃ فلو وجدوا فی المصحف لحنا لما فوضوا اصلاحہ الی غیرہم من بعدہم یعنی مسلمانوں کا اس پر اجماع ہے کہ دو دفتیوں کے درمیان میں جو کچھ ہے وہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہے اور اللہ تعالیٰ کے کلام میں غلطی ناممکن ہے پس ثابت ہوگیا کہ حضرت عثمان وحضرت عائشہ رضی اللہ عنہما سے جو روایت منقول ہے وہ غلط ہے تیسری بات یہ ہے کہ ابن انباری نے کہا کہ صحابہ تو عام امت کے پیشوا اور مقتدا ہیں اگر وہ مصحف میں کوئی غلطی دیکھتے تو ہرگز اسکی اصلاح اپنے بعد کیسی اور کے سپرد نہ کرتے ۔ اسکے بعد امام موصوف نے علم نحو سے ان الفاظ قرآنی کا صحیح ہونا نقل کیا ہے اور بہت دیتیں اشعار عرب پیش کیے ہیں ۱۲ ۔ ۲ بلکہ معالم کے دیکھنے سے صاف ظاہر ہے کہ امام بغوی بھی اس روایت کو صحیح نہیں سمجھتے ۔ اول تو بصیغہ مجہول کے ساتھ اس روایت کو نقل کیا ہے اور صیغہ مجہول اکثر تضعیف کیلئے آتا ہے دوم اس روایت کے بعد لکھا ہے وعامۃ الصحابۃ واہل العلم علی انہ صحیح یعنی اکثر صحابہ اور تمام اہل علم کا قول یہ ہے کہ یہ الفاظ صحیح ہیں ۔ ۳ یہ حائری صاحب کی عربی دانی ہے کہ ناسخ پر الف لام نہیں لائے ۱۲

انتہی یعنی منجملہ ان سورتوں اور آیتوں کے جن کے نقوش قرآن سے اٹھا لیے گئے ہیں لیکن ان کی یاد دونوں سے نہیں گئی وہ دو سورتیں ہیں جو قنوت وتر میں پڑھے جاتے تھے اور سورۂ الخلع و سورہ الحفد کے نام سے یاد کیے جاتے تھے مگر اس وقت حضرت عثمان کے جمع کیے ہوئے قرآن میں ان کا نشان تک نہیں پایا جاتا خالص دلیری یہ ہے کہ خود ہی کتاب ناسخ و منسوخ سے نقل کرتے ہیں پھر جو عبارت نقل کرتے ہیں اس میں دفع دسعہ من القرآن موجود ہے پھر ترجمہ میں بھی خود لکھتے ہیں کہ نقوش قرآن سے اٹھا لیے گئے باوجود ان سب باتوں کے جو نسخ تلاوت کی واضح تصریحات ہیں تحریف کہہ رہے ہیں۔

ع چہ دلاور است دزدے کہ بکف چراغ دارد

بست دیکھو بستان المذاہب مصنفہ مرزا محمد محسن کشمیری نے شیعوں کی تصنیف کی ہوئی سورہ نورین نقل کی ہے اور بہت خوش ہو کر لکھا ہے کہ یہ مکمل سورہ قرآن سے نکال دی گئی اس میں کئی جگہ علی علیہ السلام کا نام ہے۔

جواب اس کا انجمن دائرۃ الاصلاح لاہور کی طرف سے شائع ہو چکا لیکن اتنا میں بھی کہوں گا کہ عداوت قرآن نے حائری صاحب کو ایسا مختل کر دیا ہے کہ وہ طلسم ہوشربا سے استدلال کریں تو کچھ تعجب نہیں۔

نمبر ہفتم کے آخر میں حائری صاحب نے از روئے ترتیب بھی قرآن شریف کے محرف ہونے کا دعوی کیا ہے اور چار پانچ سورتوں کے متعلق تفسیر کبیر و درمنثور سے نقل کیا ہے کہ مکی سورتوں میں کچھ آیتیں مدنی اور مدنی سورتوں میں کچھ آیتیں مکی ہیں اور حسب عادت جیسی جا بجا ترجمہ میں خیانت اور جاہلانہ تمسخر بھی کیا ہے اور فریب بھی کیا ہے اور لکھا ہے کہ "جس طرح ترتیب وار آیتیں نازل ہوئی تھیں اسی طرح جمع بھی کیا جانا چاہیے تھا مگر قربان جائیے خلیفۃ المسلمین حضرت عثمان کی اس جدت کے کہ وہ خلاف تنزیل آیات کو ترتیب دیکر قرآن جمع کر گئے۔ الی آخر ما نقول، بکمات سخیفہ منحرفہ۔

لہ اللہ اکبر حائری صاحب اس بے خبری پر رد اہل سنت کرنے بیٹھے ہیں۔ حضرت یہ دونوں سورتیں دعائے قنوت میں اب بھی پڑھے جاتے ہیں ۱۲ ۲ یہ جملہ حائری صاحب نے اپنی طرف سے بڑھایا ہے اور بلا اقتیاز بڑھایا ہے۔ کیا یہ دغا و فریب نہیں ہے۔ حائری صاحب نے بکثرت یہ کارروائی کی ہے ۱۲

Www.Ahlehaq.com

www.ahlehaq.com

الجواب بعون الملک الوہاب

ترتیب قرآن کے مسئلہ کو ذرا مفصل لکھا جاتا ہے کیوں کہ جاہلوں کو طرح طرح وسوسے دیکر ان کا ایمان برباد کیا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے دیکھو خرابی ترتیب تو تمہاری کتابوں سے بھی ثابت ہے سورۂ اقرا سب سے پہلے نازل ہوئی تھی آج دیکھو آخری پارہ میں ہے حالانکہ یہ محض فریب ہے خرابی ترتیب کا یہ مطلب نہیں کہ نزول کے خلاف ہوجائے بلکہ خرابی ترتیب یہ ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی تلاوت یا آپ کی ترتیب و تعلیم کے خلاف ہوجائے[1]۔

پس واضح ہو کہ قرآن شریف میں ترتیب کے چار مدارج ہیں **اول** سورتوں کی ترتیب کہ پہلے سورۂ فاتحہ ہے پھر سورہ بقر پھر آل عمران الی آخرہ **دوم** آیتوں کی ترتیب یعنی سورتوں کے اندر جو آتیں ہیں ان کی تقدیم و تاخیر مثلاً سورۂ فاتحہ میں پہلے الرحمٰن الرحیم ہے اس کے بعد ملک یوم الدین ہے ممکن ہے اس کے برعکس یوں ہو ملٰک یوم الدین الرحمٰن الرحیم **سوم** کلمات کی ترتیب یعنی آیتوں کے اندر جو الفاظ ہیں ان کی تقدیم و تاخیر مثلاً سورۂ فاتحہ میں الحمد للہ ہے یا للہ الحمد۔ **چہارم** حروف کی ترتیب یعنی کلمات کے اندر جو حروف ہیں ان کی تقدیم و تاخیر مثلاً سورہ فاتحہ میں الحمد ہے یا المدح للہ حمد و مدح میں صرف حروف کی ترتیب کا فرق ہے۔

شیعہ قرآن شریف کو چاروں قسم کی خرابی ترتیب سے ملوث کہتے ہیں پہلی تینوں قسم کی خرابی ترتیب کی تصریح صفحہ ؟ پر فصل الخطاب سے نقل کی جاچکی ہے کہ وہ مخالف لھذا القران الموجود من حیث التالیف و ترتیب السور و الآیات بل الکلمات ایضاً یعنی حضرت علی کا جمع کیا ہوا قرآن سورتوں اور آیتوں بلکہ لفظوں کی تالیف و ترتیب کے لحاظ سے بھی اس قرآن موجود کے خلاف ہے چوتھی قسم کی خرابی ترتیب کو بھی اسی پر قیاس کرنا چاہیئے۔

اہلسنّت کا متفقہ عقیدہ ہے کہ قرآن شریف ہر قسم کی تحریف سے پاک ہے اس کی

---

[1] یہ بات کچھ قرآن شریف کے ساتھ مخصوص نہیں بلکہ ہر کتاب کی خرابی ترتیب کا مطلب یہی ہوتا ہے کہ اس کتاب کے مصنف کی ترتیب یا مرضی کے خلاف ہوجائے ترتیب تصنیف اور چیز ہے اور ترتیب جمع اور چیز۔ کبھی دونوں ترتیبیں مجتمع ہوجاتی ہیں کبھی نہیں ۱۲۔

WWW.AhleHaq.com

ترتیب بھی محرف نہیں ہے۔ جو اس کو کسی قسم کی تحریف سے ملوث کہتا ہے وہ خود اپنی زبان اور دل و دماغ کو کفر کی نجاست سے ملوث کرتا ہے۔

آخری تینوں قسم کی ترتیب کے متعلق تو سب کا اجماع[1] ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی دی ہوئی ہیں ایک قول یا ایک روایت بھی اس کے خلاف نہیں۔ قسم اول یعنی سورتوں کی ترتیب کے متعلق البتہ کچھ اختلاف ہے بعض کہتے ہیں صحابہ نے دی اور بعض کہتے ہیں یہ ترتیب بھی حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی دی ہوئی ہے۔ محققین اسی طرف ہیں۔ اگر درحقیقت یہ ترتیب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی دی ہوئی نہ ہو تب بھی کچھ خرابی نہیں لازم آتی مقصود متکلم نہیں بدلتا کیونکہ ہر سورت جداگانہ مستقل چیز ہے پہلے آل عمران ہوتی تو، اور اب پہلے سورہ بقرہ ہے تو، پہلے قل اعوذ برب الناس ہوتی تو، اور اب پہلے قل اعوذ برب الفلق ہے تو مقصود کلام میں کیا فرق آسکتا ہے۔

مگر[2] تحقیق یہ ہے کہ یہ اختلاف محض نزاع لفظی ہے جو لوگ کہتے ہیں رسول خدا صلی اللہ علیہ

---

[1] علامہ سیوطی اتقان کی اٹھارویں نوع میں لکھتے ہیں الاجماع والنصوص المترادفة علی ان ترتیب الآیات توقیفی لا شبهة فی ذلک اما الاجماع فنقله غیر واحد منهم الزرکشی فی البرهان وابو جعفر بن الزبیر فی مناسبة وعبارته ترتیب الآیات فی سورها واقع بتوقیفه صلی اللہ علیہ وسلم وامره من غیر خلاف فی ذلک بین المسلمین انتهی وسیأتی من نصوص العلماء ما یدل علیه اس کے بعد ایک ذخیرہ روایات صحیحہ کا اس کی شہادت میں پیش کر کے لکھا ہے فبلغ ذلک مبلغ التواتر اس کے بعد لکھا ہے وقال القاضی ابوبکر ترتیب الآیات امر واجب وحکم لازم فقد کان جبرئیل یقول ضعوا آیة کذا فی موضع کذا وقال ایضا الذی نذهب الیه ان جمیع القرآن الذی انزل اللہ وامر باثبات رسمه ولم ینسخه ولا رفع تلاوته بعد نزوله هو هذا الذی ما بین الدفتین الذی حواه مصحف عثمان وانه لم ینقص منه شیء ولا زید فیه وان ترتیبه ونظمه ثابت علی ما نظمه اللہ تعالی ورتبه علیه رسوله من آی السور لم یقدم من ذلک مؤخر ولا اخر منه مقدم وان الامة ضبطت عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ترتیب آی کل سورة ومواضعها وعرفت مواقعها کما ضبطت عنه نفس القراءات وذات التلاوة پھر اسی قسم کے بہت سے اقوال ائمہ کرام و علمائے عظام کے نقل کئے ہیں مثل امام مالک و امام بغوی و ابن حصار وغیرہم کے جو قابل دید ہیں ابن حصار کے قول کا آخری جملہ ہے وقد حصل الیقین من النقل المتواتر بهذا الترتیب من تلاوة رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ومما اجمع الصحابة علی وضعه هکذا فی المصحف ۱۲۔ [2] اتقان کی اٹھارویں نوع میں ترتیب سور کے متعلق اختلاف نقل کر کے لکھا ہے قال الزرکشی فی البرهان والخلاف بین الفریقین لفظی لان القائل بالثانی (ای کون ترتیب السور غیر توقیفی) یقول انه رمز الیهم ذلک لعلمهم باسباب نزوله ومواقع کلماته ولهذا قال مالک انما الفوا القرآن علی ما کانوا یسمعونه من النبی صلی اللہ علیہ وسلم مع قوله بان ترتیب السور باجتهاد منهم فال الخلاف الی انه هل هو بتوقیف قولی او بمجرد استناد فعلی بحیث بقی لهم فیه مجال للنظر ۱۲

وسلم نے ترتیب نہیں دی ان کا مطلب یہ ہے کہ آیتوں کی طرح آپ نے سورتوں کو ترتیب کے ساتھ نہیں لکھوایا اور جو لوگ کہتے ہیں کہ یہ ترتیب آپ کی دی ہوئی ہے ان کا مقصد یہ ہے کہ یہ ترتیب آپ کی تلاوت کے مطابق ہے۔

الحاصل اہل سنت کے نزدیک سورتوں کی ترتیب بھی منجانب اللہ ہے اور عقل سلیم اور واقعات فطریہ بھی اس کی شہادت دیتے ہیں **ہاں** یہ بات ضرور ہے کہ کلمات اور حروف کی ترتیب تو نزول کے مطابق ہے اور آیتوں اور سورتوں کی ترتیب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بوحی الٰہی نزول کے خلاف دی ہے۔ تفسیر اتقان کی اٹھارویں نوع دیکھو جو خاص جمع و ترتیب قرآن کے متعلق ہے تو معلوم ہو کہ اہل سنت کا کیا عقیدہ ہے اور اس عقیدہ پر کیسے محکم دلائل قائم ہیں۔

نمبر ہشتم چند باتیں اس موعظۂ تحریف میں اور باقی رہ گئی ہیں ان کا مختصر حال بہ ترتیب عرض کیا جاتا ہے۔

اوّل حضرت عثمان پر قرآن جلانے کا الزام۔ یہ طعن ایک پرانا فرسودہ طعن ہے جس کے ایسے نفیس اور شافی جوابات دیئے جا چکے کہ بے حیا مخالفین کو ان کی عمدگی کا اقرار کرنا پڑتا ہے علامہ ابن میثم بحرانی شرح نہج البلاغہ مطبوعہ ایران میں لکھتے ہیں وقد اجاب الناصرون لعثمان عن هذه الاحداث باجوبة مستحسنة وهمعد كورة في المطولات یعنی عثمان کے طرفداروں نے ان اعتراضات کے عمدہ جوابات دیے ہیں جو بڑی کتابوں میں مذکور ہیں۔ کتاب نصیحۃ الشیعہ میں بھی اس طعن کا جواب جلد دوم صفحہ ۹۰ پر موجود ہے **النجم** میں بھی نہایت مبسوط و مفصل جواب دیا جا چکا ہے مگر شیعہ بڑے باحیا ہیں کہ ان عمدہ جوابات کو رد کئے بغیر پھر اسی اعتراض کو زبان پر لاتے ہیں۔

دوم ولید بن عبدالملک کا قرآن شریف پر تیر زنی کرنا تاریخ الخلفا سے نقل کیا ہے اور پھر خود ہی تاریخ الخلفا سے یہ عبارت نقل کی ہے ومزق ولم يحف الامام اور خود ہی اس کا ترجمہ یہ کیا ہے کہ

---

[1] حاصل ان جوابات کا یہ ہے کہ اول تو روایت ہی مردود ہے محدثین کا اس میں اختلاف ہے کہ بحرق بجائے حلق ہے جس کے معنی جلا دینے کے ہیں یا تخرق ہے جس کے معنی پھاڑ دینے کے ہیں۔ دوسرے جن کتب میں یہ واقعہ مذکور ہے ان میں یہ بھی ہے کہ بعض صحابہ نے یاد داشت کے لئے تفسیری الفاظ یا منسوخ التلاوۃ آیتیں اپنے مصحف میں لکھ لی تھیں صرف ان کو پھاڑا یا جلایا گیا کیونکہ وہ مصحف رہ جاتے تو آئندہ نسلوں کے اشتباہ کا اندیشہ تھا پس حضرت عثمان نے قرآن نہیں جلایا بلکہ وہ چیز جلائی جو ہمارے ایمان میں خلل انداز ہوتی جزاہ اللہ تعالیٰ خیراً ۱۲

اس نے فسق کیا اور گناہوں سے نہ ڈرا اور اس کے بعد لکھا ہے کہ قرآن کو تیروں سے غربال کر دینے کے بعد سنیوں کے خلیفہ کا ایمان ولید کا ویسا ہی رہا اور یہ بھی لکھا ہے کہ سیوطی نے یہ واقعہ تیر زنی کا مناقب ولید میں ذکر کیا ہے۔ جواب اس کا سوائے اس کے کیا دیا جائے کہ اللہ اس شخص کے حال پر رحم کرے سیوطی نہیں بلکہ کسی سنی نے بھی اس واقعہ کو مناقب ولید میں ذکر کیا ہو حائری صاحب دکھلا دیں ایک ہزار روپیہ انعام اسی وقت اس ناچیز سے لے لیں۔ نیز کسی نے بھی لکھا ہو کہ ولید کا ایمان اس واقعہ کے بعد بھی ویسا ہی رہا اس کے دکھلا دینے پر بھی وہی انعام۔ غضب ہے کہ خود ہی فسق ولم یخف من الآثام نقل کریں اور پھر یہ لکھیں۔ عداوت قرآن کریم نے بالکل مختل الحواس کر دیا۔ باقی رہا یہ کہ پھر ولید کو خلفاء میں کیوں شمار کیا تو یہ بات ہر شخص جانتا ہے کہ خلیفہ ظالم بھی ہوتا ہے عادل بھی۔ شیعہ سنی دونوں کی کتابوں سے یہ بات ثابت ہے پھر خلافت عادلہ کی بھی دو قسمیں ہیں۔ راشدہ جیسے خلفائے اربعہ کی خلافت، عادلہ جیسے حضرت معاویہ کی خلافت۔ راشدہ کی بھی دو قسمیں ہیں، خاصہ جیسے شیخین کی خلافت، غیر خاصہ جیسے ختنین کی خلافت۔

سوم قرآن شریف کے خون یا پیشاب سے لکھنے کا الزام چند روز سے یہ اعتراض شیعوں نے نکالا ہے۔ اصل حقیقت یہ ہے کہ کسی کی نکسیر جاری ہو جائے اور کسی طرح نہ رکے تو ظاہر ہے کہ وہ مر جائیگا۔ اور سورہ فاتحہ میں یہ تاثیر ہے کہ نکسیر کے خون سے نکسیر زدہ کی پیشانی پر لکھ دیا جائے تو وہ فوراً خون بند ہو جاتا ہے۔ ابوبکر اسکاف علمائے حنفیہ میں سے ایک شخص ہیں ان سے ایک شخص نے اس کا مسئلہ پوچھا انھوں نے فرمایا انسان کی جان بچانے کے لئے خون کیا پیشاب سے بھی لکھنا جائز ہے۔ فتاوی قاضی خان سے خود حائری صاحب نے یہ عبارت نقل کی ہے کہ فلا یرقی دمہ اور خود ہی اس کا ترجمہ یہ کیا ہے کہ "جس کی نکسیر پھوٹے اور خون نہ تھمے" اب بتائیے کیا اس پر کوئی عقلمند اعتراض کر سکتا ہے۔ انسان کی جان بچانا تو ایسا ضروری فرض ہے کہ اس کے لئے سور کا گوشت کھا لینا بلکہ کلمہ شرک کا زبان سے کہہ دینا قرآن کریم میں صراحۃً جائز کیا ہے۔ قولہ تعالیٰ الا من اکرہ[1] وقلبہ مطمئن بالایمان آیت کا خون سے لکھنا اگر توہین قرآن

---

[1] ترجمہ آیت کا یہ ہے کہ جس شخص کا دل ایمان پر قائم ہو وہ بحالت اکراہ و جبر کلمہ کفر و شرک زبان سے کہہ سکتا ہے شیعوں نے اس آیت سے تقیہ ثابت کرنا چاہا ہے۔ حالانکہ شیعوں کا تقیہ اس آیت سے ثابت نہیں ہو سکتا چنانچہ خاتمہ کتاب ہذا میں معلوم ہوگا ۱۲۔

ہے تو کلمۂ شرک کا کہنا خدا کی توہین ہے مگر دیکھنا یہ ہے کہ نیت توہین کی ہے یا نہیں ظاہر ہے کہ جان بچانے کی نیت دونوں جگہ ہے فرق صرف اس قدر ہے کہ نکسیر والے معاملہ میں قرآن شریف کی عظمت و قوت تاثیر بھی ملحوظ ہے لہذا اس کا جواز تو بدرجہ اولی ہونا چاہیے ایسی ضرورت کے وقت میں کسی چیز کی اجازت دینا اگر موجب طعن یا اس کے تمسخر کا ذریعہ بن سکتا ہے کہ خون اور پیشاب جیسی ناپاک چیز سے لکھنے کے جائز ہونیکا فتوی جو مذہب دے رہا ہو تو یقیناً یہ طعن و تمسخر قرآن کریم کے ساتھ ہوگا کہ کیوں سور کا گوشت کھانے یا کلمۂ شرک بکنے کی اجازت دی لاحول ولا قوۃ الا باللہ،

پھر یہ بھی دیکھنے کی بات ہے کہ یہ فتوی تمام اہل سنت کیا معنی مذہب حنفیہ کا بھی نہیں ہے نہ امام اعظم کا قول ہے نہ انکے شاگردوں کا نہ تخریجات فقہا میں سے ہے صرف ابوبکر اسکاف کی ایک رائے ہے ابوبکر اسکاف علما میں سے ایک عالم ہیں ان کی رائے کو مذہب کہنا سخت فریب ہے۔

حائری صاحب ہر فن مولی ہیں تفسیر و حدیث و عربیت میں تو آپ کا کمال ظاہر ہو چکا اب فقہ میں بھی آپ نے دخل دیا اور فقہ بھی کون، امام اعظم کی فقہ جو ام الفقہ ہے۔

لقد[1] قال ابن ادریس مقالا | صحیح النقل فی حکم لطیفہ
بان الناس فی الفقہ عیال | علی فقہ الامام ابی حنیفہ

حضرت آپ کو خبر نہیں فقہ حنفی اور مذہب حنفیہ ان مسائل کو کہتے ہیں جو ظاہر الروایہ میں مذکور ہوں یعنی امام اعظم کے شاگرد امام محمد کی ان چھ کتب میں جامع صغیر جامع کبیر سیر صغیر، سیر کبیر مبسوط، زیادات۔ خود امام محمد کی دوسری کتب میں مسائل بھی مذہب حنفی نہیں کہے جاتے بلکہ ان کو نوادر کے ساتھ تعبیر کرتے ہیں کیونکہ ان کتب کی روایات امام محمد سے متواتر نہیں اصل مذہب کے بعد تخریجات مشائخ کا رتبہ ہے۔ کسی ایک عالم کی رائے نہ کبھی مذہب میں شمار ہوئی نہ ہو سکتی ہے گو وہ رائے کیسی ہی بے عیب کیسی ہی مدلل اور واجب القبول کیوں نہ ہو۔

چہارم شیعہ چونکہ تحریف قرآن کے معتقد ہیں اور حائری صاحب جانتے ہیں کہ ان کے اس کہدینے سے کہ شیعہ تحریف کے قائل نہیں سوا اس کے کہ جھوٹ بولنے کا جو کچھ ثواب عظیم ان کے مذہب میں ہے وہ ان کے نامہ اعمال میں لکھ لیا جاتا ہے اور کچھ نتیجہ نہیں ہو سکتا۔ لہذا خدائے قرآن

---

[1] یہ اشعار در مختار میں حضرت عبداللہ بن مبارک امام المحدثین سے نقل کیے گئے ہیں۔ ترجمہ۔ بہ تحقیق ابن ادریس یعنی امام شافعی نے فرمایا جسکی نقل ان سے صحیح ہے اور لطیف حکمت کی بات ہے کہ سب لوگ فقہ میں امام ابوحنیفہ کی فقہ کے تربیت یافتہ ہیں ۱۲۔

شریف میں جو فرمایا ہے کہ اِنَّا نَحۡنُ نَزَّلۡنَا الذِّكۡرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوۡنَ[۱] اس آیت کا مطلب بیان کرنیکی ضرورت پیش آئی پھر سبحان اللہ کیا عمدہ مطلب بیان کیا ہے کہ ابن سبا یا زرارہ صاحب ہوتے تو قدر کرتے۔

صفحہ ۴۵ لغایت ۴۸ تک اس مطلب کو آپ نے لکھا ہے دو باتیں زیب رقم کی ہیں ایک یہ کہ مراد ذکر سے ذاتِ مبارک جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہے خدا نے آپ کی حفاظت کا وعدہ کیا ہے نہ کہ قرآن کی حفاظت کا. ذکر سے رسول کے مراد ہونے پر آپ نے اس آیت سے استدلال کیا ہے قَدۡ اَنۡزَلَ اللّٰهُ اِلَيۡكُمۡ ذِكۡرًا رَّسُوۡلًا يَّتۡلُوۡا عَلَيۡكُمۡ اٰيٰتِ اللّٰهِ مُبَيِّنٰتٍ[۲] حالانکہ اس آیت میں بھی ذکر سے مراد قرآن ہے اور رسولاً بغیر حرفِ عطف بقاعدۂ تعداد آیا ہے۔ اہل عرب بولتے ہیں اشتویت الیوم دادًا ابساطاجادیۃً دیکھو مختصر معانی۔ غرضکہ ذکر سے مراد قطعاً قرآن مجید ہے اور تنزیل یا انزال کتاب ہی کے لئے ہو سکتا ہے، نبی و رسول کے لئے ارسال و بعث کی لفظ ہوتی ہے۔

دوسری بات یہ کہ اگر ذکر سے مراد قرآن ہی ہو تو بھی اس قرآن کی حفاظت مراد نہیں بلکہ اس قرآن کی حفاظت مراد ہے جو لوح محفوظ میں ہے حائری صاحب سے کہنا چاہیئے کہ حضرت نزلنا کے بعد حفاظت کا وعدہ ہے جو صاف دلیل اس کی ہے کہ قرآن منزل کی حفاظت کا وعدہ ہے۔ پھر لوح محفوظ کی حفاظت کے وعدے سے فائدہ کیا لوح محفوظ میں تحریف ہو سکنے کا شبہ کس کو ہو سکتا ہے۔ پھر لوح محفوظ میں تو توراۃ و انجیل بھی محفوظ ہے قرآن کی تخصیص کیا حائری صاحب نے یہاں اپنے امام غائب کے قرآن کا ذکر نہ کیا ورنہ شیعہ تو یہی کہتے ہیں کہ خدا نے وعدہ اسی غار والے قرآن کی حفاظت کا کیا ہے شیعوں کے امام المناظرین مولوی حامد حسین استقصاء الافحام جلد اول صفحہ ۴۶ میں لکھتے ہیں

"دراصل قرآن کما انزل نزد حافظان شریعت موجود است"۔

ایڈیٹران الشمس نے بھی آیت مذکورہ کا یہی مطلب بیان کر کے وعدہ حفاظت قرآن سے انکار کیا تھا اور غالباً حائری صاحب نے انہیں سے یہ مضمون لیا ہے اس کا جواب النجم کے مناظرہ[۳] حصہ دوم

---

۱ ترجمہ بہ تحقیق ہم نے نازل کیا ہے اس نصیحت یعنی قرآن کو اور ہم یقیناً اس کی حفاظت کرنے والے ہیں ۱۲

۲ ترجمہ بہ تحقیق نازل کیا ہے اللہ نے تمہاری طرف ذکر اور ایک رسول جو تلاوت کرتا ہے تمہارے سامنے اللہ کی آیتیں جو واضح ہیں ۱۲

۳ تمام مفسرین نے اس آیت کو بھی معجزات قرآن میں شمار کیا ہے۔ مناظرہ حصہ دوم میں بکثرت تفاسیر اہلسنت کی عبارات نقل کی گئی ہیں ۱۲

www.Ahlehaq.com

میں نہایت بسط و تفصیل سے دیا گیا جس کا جواب الجواب حیاداروں نے کچھ نہ دیا اور پھر منہ دکھانے میں کچھ باک نہیں اس جواب میں تفاسیر اہلسنت[1] و شیعہ دونوں سے ثابت کر دیا گیا کہ ذکر سے مراد اس آیت میں قرآن ہے اور اسی قرآن کی حفاظت کا وعدہ ہر قسم کی تحریف سے اس آیت میں کیا گیا ہے خاصکر شیعوں کی تفسیر مجمع البیان کی عبارت مناظرہ حصہ دوم صفحہ ۴۹ میں قابل ملاحظہ ہے تفسیر مجمع البیان وہ ہے جس سے حائری صاحب نے اسی رسالہ میں استناد کیا ہے وہذہ عبارتہ[2] تعالیٰ ذاد سبحانہ فی البیان فقال انا نحن نزلنا الذکر وانا لہ لحافظون عن الزیادۃ والنقصان والتحریف والتغییر عن قتادۃ و ابن عباس ومثلہ لا یاتیہ الباطل من بین یدیہ ولا من خلفہ وقیل معناہ متکفل بحفظہ الی اخر الدھر فتنقلہ الامۃ فتحفظہ عصراً بعد عصر الی یوم القیامۃ لقیام الحجۃ بہ علی الجماعۃ من کل من لزمتہ دعوۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔ الخ

حائری صاحب خیانت اور فقدان دیانت اور علوم عربیہ اور فنون آلیہ سے اہلبیت کا ملہ کے علاوہ آپ کی نظر خود اپنی کتب پر بھی نہیں ہے آپ کو تصنیف و تالیف کی اجازت کس نے دی یہ لمبی سطروں کے خطاب کس نے دیئے اس شخص کا نام تو بتایئے اور کس سے زیادہ کیا کہا جائے کہ آپ نے شیعوں کے منصب اجتہاد کو ذلیل کر دیا۔ ع۔ در کفر ہم ثابت نہ ' زنار را رسوا مکن

پنجم: آخر میں حائری صاحب نے انہیں چار علمائے شیعہ کے اقوال پیش کیے ہیں جن کی بابت ہم بحث اول میں لکھ چکے ہیں کہ وہ از راہ تقیہ منکر تحریف ہو گئے ہیں اور ان چار اشخاص کے اقوال چند کتابوں سے نقل کیے ہیں جن میں چھٹی کتاب خود آپ کی تصنیف ہے کیوں نہ ہو آپ بھی تو مصنف ہیں ان چار اشخاص کے اقوال پر جو اعتراضات خود علمائے شیعہ نے کیے ہیں اس کا کچھ جواب نہیں زائد از دو ہزار روایات تحریف کا کچھ جواب نہیں اور کیا جواب دے سکتے ہیں جب کہ ان کے علما لکھ چکے کہ ان روایات کے بے اعتبار قرار دینے سے تمام فن حدیث ہمارا خاک میں مل جائیگا مسئلہ امامت

---

[1] تمام مفسرین نے اس آیت کو بھی معجزات قرآن میں شمار کیا ہے مناظرہ حصہ دوم میں بکثرت تفاسیر اہلسنت کی عبارات نقل کی گئی ہیں ۱۲

[2] ترجمہ پھر اللہ نے اور وضاحت کر کے فرمایا کہ ہم نے قرآن نازل کیا اور ہم کمی بیشی تحریف و تبدیل سے حفاظت کریں گے قتادہ اور ابن عباس سے منقول ہے کہ یہی مضمون اس آیت میں ہے لا یاتیہ الباطل الخ اور کہا گیا ہے کہ حفاظت قرآن کے معنی یہ ہیں کہ قیامت تک اس کو محفوظ رکھیں گے امت نسلاً بعد نسل اس کو نقل کرے گی اس کا حفظ کرے گی تاکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حجت قیامت تک

بھی ہاتھ سے جاتا رہے گا۔ پھر ان تمام از دو ہزار روایات ائمہ معصومین کے مقابلہ میں کوئی ایک حدیث کسی امام کی حائری صاحب پیش کر دیتے یہ بھی نہ کیا نہ اب کر سکتے ہیں لہذا یہ سب لکھنا ان کا ابلہ فریبی کے سوا اور کسی لقب کا مستحق نہیں۔

نشتر ۳۰ حائری صاحب اسی سلسلہ میں اپنے رسالے کے صفحہ ۴۶ پر آپ نے یہ بھی لکھا ہے کہ شیعہ مطلق تحریف کے قائل نہیں ہیں جن دو ایک شیعہ علما نے تحریف قرآن کا ذکر کیا بھی ہے اولاً تو وہ نقل روایت ہے نہ اظہار عقیدہ۔" پھر اس کے بعد لکھا ہے کہ عموماً اخباری مذہب کے لوگ یہ عقیدہ رکھتے ہیں اور جس طرح اخباریوں اور اصولیوں میں مسئلہ تقلید کے متعلق اختلاف ہے اسی طرح تحریف قرآن کی بابت بھی اختلاف ہے اخباری تحریف کے قائل ہیں اصولی قائل نہیں انتہی ملخصاً۔ سب سے پہلے تو قابل داد بات یہ ہے کہ کس بے باکی کے ساتھ جھوٹ بولا گیا ہے کہ شیعہ مطلق تحریف کے قائل نہیں ہیں پھر تناقض بھی قابل تماشا ہے کہ آگے چل کر اول تو صرف نقل روایت کا اقرار کیا پھر اعتقاد کا بھی اقرار کر لیا کہ اخباری شیعہ قائل تحریف ہیں۔

کذب و تناقض کی شکایت تو کسی شیعہ سے کرنا بیجا ہے بقول قائل رحمۃ اللہ تعالیٰ ؎

کیا جو جھوٹ کا شکوہ تو یہ جواب ملا — تقیہ ہم نے کیا تھا ہمیں ثواب ملا

البتہ حائری صاحب سے اس کا جواب لینا چاہیے کہ قرآن پر ایمان رکھنا تمہارے یہاں ضرورت دین سے ہے یا نہیں اگر ہے تو اخباریوں کو کافر کہو اور ان کو اپنے مذہب سے خارج کرو ان کی کتابوں کو بنیاد مذہب بنا رکھیں پھر تمہارے مذہب میں رہ کیا جاتا ہے اور اگر ایمان بالقرآن ضروریات دین سے نہیں ہے تو تم نے قرآن پر شیعوں کا ایمان نہ ہونے کا اقرار کر لیا۔ حائری صاحب نے جاہلوں اور بے وقوفوں کو اخباری اصولی کا فرق ذکر کر کے خوب سمجھایا۔ سننے والوں کو کیا خبر کہ اخباری اصولی دونوں شیعہ ہیں، دونوں میں کچھ جزئی اختلافات ہیں نہ اصولی جیسے بلاتشبیہ ہمارے یہاں کے محدثین و فقہا بالکل ایسا ہی ہے محدثین کو شیعہ اخباری کہتے ہیں اور فقہا کو اصولی۔

حائری صاحب یاد رکھیں اور خوب یاد رکھیں شیعوں کا قائل تحریف ہونا کسی کے چھپائے چھپ نہیں سکتا شیعوں کا ایمان قرآن شریف پر نہ ہے اور نہ ہو سکتا ہے، ایمان بالقرآن اس وقت حاصل ہوگا جب اہل سنت کی طرح رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو خاتم الانبیا اور قرآن شریف کے ناقلین اولین یعنی صحابہ

کرام کو دیندار دین کا جان نثار راست گفتار مانو تحریف قرآن کی تمام روایات کو اور جس مذہب نے ان روایات کو تصنیف کیا اس کو خیرباد کہو اور قائلین تحریف کو کافر دشمن دین الہی جانو!

حائری صاحب جھوٹ بولکر اگر حق پر پردہ پڑ سکتا تو یقیناً اب تک ابلیس اور ذریات ابلیس نے خدائے واحد کی پرستش دنیا سے موقوف کرادی ہوتی۔

هفتم۔ ختم رسالہ پر حائری صاحب نے "آریہ دوستوں سے خطاب" کا عنوان بھی قائم کیا ہے بیشک آریوں سے آپ سے دوستی ہونا بھی چاہئے (الکفر ملۃ واحدۃ) اہل اسلام سے دشمنی اور کفار سے دوستی آپ لوگوں کا قدیم شیوہ ہے۔ مبارک رہے۔

هشتم۔ حائری صاحب نے مصحف فاطمہ و کتاب علی کی بحث پر بھی خامہ فرسائی کی ہے جس کو دیکھکر معلوم ہوا کہ آپ ایک لفظ بھی سچ نہیں کہنا چاہتے کھلا ہوا فریب تو یہ ہے کہ آپ کتاب علی کو قرآن علی کہہ رہے ہیں حالانکہ کتاب علی ایک دوسری چیز ہے دوسرا صریح فریب یہ ہے کہ مصحف فاطمہ سے بھی قرآن مراد لیتے ہیں حالانکہ مصحف فاطمہ بھی قرآن سے الگ ایک چیز ہے جس کی بابت آپ کے امام جعفر صادق کا ارشاد ہے کہ وہ قرآن سے تگنا ہے اور اس میں تمہارے قرآن کا ایک حرف بھی نہیں دیکھو اصول کافی۔

نهم حدیث ثقلین کی بحث بھی محض بے تعلق آپ نے چھیڑ دی ہے انشاء اللہ تعالیٰ سلسلہ تفسیر آیات سے فارغ ہوکر جب النجم میں سلسلہ شرح احادیث شروع ہوگا تو سب سے پہلے حدیث ثقلین پر مستقل رسالہ لکھکر تمام دنیا کو دکھلا دیا جائے گا کہ شیعوں نے کس قدر مغالطہ اس حدیث میں دیا ہے اور یہ کہ شیعہ جس طرح اہل بیت رسول و آل رسول سے ناواقف اور منحرف ہیں اسی طرح ثقلین کو بھی نہیں جانتے۔

دهم حائری صاحب کو رسالہ موعظہ تحریف لکھتے وقت خود بھی یہ کھٹکا تھا کہ لوگ میری چوریاں اور خیانتیں پکڑیں گے۔ مثل مشہور ہے کہ چور کی داڑھی میں تنکا چنانچہ رسالہ مذکورہ کے صفحہ ۱۵ پر لکھتے ہیں

"یہ میری گذارش ضرور یاد رکھیں کہ میری اس تقریر کے بعد اہل سنت میں نہایت عظیم الشان انقلاب پیدا ہوگا غیر معمولی نقل و حرکت بھی پیدا ہوگی۔ عوام کو دھوکا دینے کی غرض سے یہ کیا جائے گا کہ سنیوں کی کتابیں نہیں ہیں سیاق و سباق چھوڑ کر

www.Ahlehaq.com

درمیان کی عبارت پڑھکر سنادی گئی ہے ان آیتوں میں تنسیخ وارد ہوئی ہے۔

غرضکہ جو جو کارروائیاں آپ نے کی ہیں سب کا ڈر آپ کو لگا ہوا تھا مگر شاید یہ خیال بھی تھا کہ ان جاہلانہ خرافات کو دیکھ کر اہل علم مجھے لائق خطاب نہ سمجھیں گے اور میرے رسالہ کا جواب نہ لکھا جائے گا اور میری کارروائیوں پر پردہ پڑا رہے گا۔

شیعوں کے بہلانے کے لیے آپ نے اپنے امام جعفر صادق کی طرح یہ پیشین گوئی بھی کر دی کہ اہل سنت میں انقلاب عظیم اور غیر معمولی نقل و حرکت ہوگی حالانکہ کچھ بھی نہ ہوا آپ کے بڑے بڑوں نے جب قرآن کریم پر حملے کیے تو کیا ہوا جو آپ کے حملوں کی کچھ پروا کی جاتی۔ قرآن کریم کی بارگاہ بہت بلند ہے ایسے بے مغز شور و شر کی وہاں تک رسائی بھی نہیں ذالک الکتاب لاریب فیہ۔

یہ ناچیز بھی آپ کے رسالہ کا جواب لکھ کر نادم ہوا پہلے سے آپ کی علمی حالت معلوم نہ تھی ورنہ یہ جرأت نہ کی جاتی۔

ھذا اٰخر الکلام والحمد للہ رب العلمین

تمت

www.ahlehaq.com

واضح ہو

کہ خداوند عزیز ذوانتقام نے صحابہ کرام کے دشمنوں سے عجیب انتقام لیا کہ ان کو ان کے مقابلہ سے ہٹا کر اپنی کتاب حکیم کے مقابلہ میں لا کر ڈال دیا۔ اس حقیقت پر کہ مذہب شیعہ کی بنیاد قرآن شریف کی عداوت پر ہے ایک مدت تک پردہ پڑا رہا۔ اکثر لوگ یہی سمجھتے رہے کہ شیعہ بھی کلمہ گو ہیں مسلمان ہیں ان کیساتھ اسلامی برتاؤ ہونا چاہیئے۔ بعض اہل تحقیق نے ان کو خارج از اسلام سمجھا مگر اس کی وجوہ جو انھوں نے بیان کیں وہ نظری ثابت ہوئیں بالآخر بعض اذکیائے امت اپنی فراست ایمانی سے اس حقیقت تک پہونچ گئے حضرت شیخ ولی اللہ محدث دہلوی نے ازالۃ الخفا کے دیباچہ میں لکھا ہیکہ نور توفیق نے مجھے اس رمز سے آگاہ کیا مگر چونکہ حضرت ممدوح نے اس حقیقت کو بہت زیادہ وضاحت سے نہ بیان فرمایا تھا اسوجہ سے اکثر لوگوں کے ذہن پھر بھی اُس کے ادراک سے محروم رہے۔ شاید کہ مشیت الٰہی نے یہ خدمت اس حقیر کیلئے مقدر کی تھی اگرچہ یہ ناکارہ اس قابل نہ تھا کہ انتقام خداوندی کا آلۂ جارحہ بنے مگر عنایت اور ہے استحقاق کشش سے

اگر بادشہ بر در پیر زن | بیاید تو اے خواجہ سبلت مکن

چنانچہ اب یہ حقیقت بالکل بے پردہ ہوگئی کہ شیعوں کا ایمان قرآن شریف پر نہیں ہے اور نہ ہوسکتا ہے رسالہ ہذا بھی اسی حقیقت کے دیکھنے کا ایک چھوٹا سا آئینہ ہے۔

لہٰذا

شیعوں کو چاہیئے کہ ایمانداری کے ساتھ ضد اور تعصب سے علاحدہ ہو کر اپنے مجتہدین کی کورانہ تقلید چھوڑ کر اس حقیقت کو جانچیں اس کے بعد اگر قرآن کریم ان کو زیادہ پیارا ہو تو مذہب شیعہ کو خیر باد کہیں اور اگر زرارہ و ابو بصیر وغیرہ کی روایتیں ان کو زیادہ عزیز ہوں تو ان کو اختیار ہے اور سنیوں کو لازم ہے کہ جب کوئی شیعہ ان سے مذہبی چھیڑ چھاڑ کرے تو اسکو پہلا جواب وہ یہی دیں کہ تم کو اسلامی فروعی مباحث میں دخل دینے کا کوئی حق نہیں جبکہ تمہارا ایمان قرآن شریف پر نہیں ہے اور نہ ہو سکتا ہے۔ فقط والسلام

سراپا عجز و قصور محمد عبد الشکور مدیر النجم لکھنؤ

www.Ahlehaq.com

تکملہ تنبیہ الحائرین (موسوم بہ) تفضیح الجائرین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ حمد الشاکرین والصلوٰۃ والسلام علی سید الاولین والآخرین سیدنا و مولانا محمد وعلی آلہ الطاہرین وعلی من اتبعھم الی یوم الدین (اما بعد)

قبل ازیں بہ جناب حائری صاحب کے رسالہ موعظہ تحریف قرآن کا جواب موسوم بہ تنبیہ الحائرین تقریباً ایک سال ہوئے بدفعات شائع ہوچکا۔ حائری صاحب کو اپنے اس رسالہ پر بڑا ناز تھا بڑی دھوم مچا رکھی تھی کہ اس کا جواب سنیوں کی طرف سے ہو ہی نہیں سکتا۔ رسالہ میں جا بجا اس قدر مستعدی کا اظہار کیا ہے کہ معلوم ہوتا تھا کہ حائری صاحب قلم ہاتھ میں لئے بیٹھے ہیں جواب نکلتے ہی فوراً جواب الجواب لکھ ڈالیں گے مگر سب نے آنکھوں سے دیکھ لیا کہ سب زبانی لفاظی فنا ہوگئی۔ ایک سال میں بھی جواب نہ ہوا اور نہ انشاء اللہ تعالیٰ ہوگا بلکہ اگر کچھ بھی حیا ہوگی تو جس قدر چوریاں، خیانتیں، غلط حوالے، غلط ترجمے حائری صاحب کے دکھلائے گئے ہیں ان کے بعد اب وہ تصنیف و تالیف کی جرأت نہ کرینگے اور بالکل روپوش ہوجائیں گے۔ تنبیہ الحائرین میں ضمناً کچھ مسائل مذہب شیعہ کا تذکرہ اس سلسلہ میں آگیا تھا کہ حائری صاحب نے اپنے مذہب کے مطابق نقل ہونیکا بے سروپا دعویٰ کیا تھا۔ اس موقع پر چالیس مسائل مذہب شیعہ کے نمونے کے طور پر لکھے گئے تھے مگر کتب شیعہ کا حوالہ نہیں دیا گیا تھا نہ عبارتیں نقل کی گئی تھیں تاکہ طول نہ ہو لہٰذا اب اس تکملہ میں ان مسائل کے لئے کتب شیعہ کا حوالہ اور ان کتب کی اصلی عبارتیں پیش کی جاتی ہیں حق تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اس کو ذریعہ ہدایت بنائے۔ خدا کرے کہ شیعہ اس رسالے کو دیکھکر اپنے مذہب کی اصلی حقیقت سے واقف ہوجائیں اور اس بات کو سمجھ لیں کہ ایسے بے بنیاد مذہب کا نتیجہ سوا دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب کے کچھ نہیں ہے۔ واللہ الموفق والمعین

Www.ahlehaq.com

پہلا مسئلہ

شیعوں کا عقیدہ ہے کہ خدا کو بدا ہوتا ہے یعنی معاذ اللہ وہ جاہل ہے اس کو سب باتوں کا علم نہیں اسی وجہ سے اس کی اکثر پیشین گوئیاں غلط ہو جاتی ہیں اور اس کو اپنی رائے بدلنا پڑتی ہے۔

یہ عقیدہ مذہب شیعہ میں اس قدر ضروری ہے کہ ائمہ معصومین کا ارشاد ہے کہ جب تک اس عقیدہ کا اقرار نہیں لے لیا گیا کسی نبی کو نبوت نہیں دی گئی اور خدا کی عبادت اس عقیدہ کی برابر کسی عقیدہ میں نہیں ہے۔

اصول کافی صفحہ ۸۴ پر ایک مستقل باب بدا کا ہے اس باب کی چند حدیثیں ملاحظہ ہوں

عن زرارة بن اعين عن احدهما قال ما عبد الله بشيء مثل البداء عن مالك الجهني قال سمعت ابا عبد الله يقول لو علم الناس ما في القول بالبداء من الاجر ما فتروا عن الكلام منه عن مرازم بن حكيم قال سمعت ابا عبد الله يقول ما تنبأ نبي قط حتى يقر لله بخمس بالبداء والمشية والسجود والعبودية والطاعة

زرارہ بن اعین سے روایت ہے انھوں نے امام باقر یا صادق سے روایت کی ہے کہ اللہ کی بندگی بدا کے برابر کسی چیز میں نہیں ہے۔

مالک جہنی سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں نے امام جعفر صادق سے سنا وہ فرماتے تھے کہ اگر لوگ جان لیں کہ بدا کے قائل ہونے میں کس قدر ثواب ہے تو کبھی اس کے قائل ہونے سے باز نہ رہیں۔

مرازم بن حکیم سے روایت ہے کہ وہ کہتے تھے میں نے امام جعفر صادق سے سنا وہ فرماتے تھے کہ کوئی نبی بھی نبی نہیں بنایا گیا یہاں تک کہ وہ پانچ چیزوں کا اقرار نہ کرے بدا کا اور مشیت کا اور سجدہ کا اور عبودیت کا اور طاعت کا۔

ان روایات سے معلوم ہوا کہ عقیدہ بدا کیسا ضروری چیز ہے اب رہی یہ بات کہ بدا کیا چیز ہے اس کے لئے لغت عرب کو دیکھنا چاہئے اس کے بعد کچھ واقعات بدا کے کتب شیعہ سے پیش کروں گا پھر علمائے شیعہ کا اقرار کہ بیشک بدا کے معنی یہی ہیں کہ خدا جاہل ہے۔

لغت عرب

بدا عربی زبان کا لفظ ہے تمام لغت کی کتابوں میں یہ لکھا ہے بداله ای ظهر لما لم یظهر

یعنی بدا کے معنی ہیں نا معلوم چیز کا معلوم ہو جانا یہ لفظ اسی معنی میں قرآن شریف میں بکثرت مستعمل ہے۔

رسالہ ازالۃ الغرور امروہہ کے مصنف کو دیکھیے عقیدہ بدا کا جواب دیتے ہوئے لکھتا ہے کہ یہاں دو لفظیں ہیں بدا بالالف اور بدا بہمزہ شیعہ بدا بالالف کے قائل ہیں اور جو چیز قابل اعتراض ہے وہ بدا بہمزہ ہے حالانکہ یہ محض جہل ہے بدا بہمزہ کے معنی ہیں شروع ہونا اس میں کوئی قابل اعتراض چیز نہیں ہے یہ ہے ان لوگوں کی لغت دانی اور اس پر یہ لن ترانی لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔

واقعات

بدا کے واقعات کتب شیعہ میں بہت ہیں مگر ہم یہاں صرف دو واقعوں کا ذکر کافی سمجھتے ہیں۔ اوّل یہ کہ امام جعفر صادق نے خبر دی کہ اللہ تعالیٰ نے میرے بعد میرے بیٹے اسمٰعیل کو امامت کے لئے نامزد کیا ہے یہ بھی واضح رہے کہ امام کی علامات جو کتب شیعہ میں لکھی ہیں ان میں ایک یہ بھی ہے کہ امام ران سے پیدا ہوتا ہے اور اس کی پیشانی پر آیہ تمت کلمۃ ربک صدقا وعدلا لکھی ہوتی ہے۔ نیز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت علی کو بارہ لفافہ سر بمہر دیگئے تھے جو خدا کی طرف سے اترے تھے جبریل لائے تھے۔ پس ضروری ہے کہ اسمٰعیل بھی ران سے پیدا ہوئے ہوں گے ان کی پیشانی پر آیت بھی لکھی ہوگی۔ ایک لفافہ بھی ان کے نام ہوگا مگر افسوس خدا کو معلوم نہ تھا کہ اسمٰعیل میں یہ قابلیت نہیں ہے چنانچہ پھر خدا کو اعلان کرنا پڑا کہ اسمٰعیل امام نہ ہوں گے بلکہ موسیٰ کاظم امام ہوں گے۔ علامہ مجلسی بحار الانوار میں روایت فرماتے ہیں اور اس روایت کو محقق طوسی بھی نقد المحصل میں لکھتے ہیں کہ

عن جعفر الصادق انہ جعل اسمٰعیل القائم مقامہ بعد فظھر من اسمٰعیل مالم یرتضہ فجعل القائم مقامہ موسیٰ فسئل عن ذلک فقال بدا للہ فی اسمٰعیل	امام جعفر صادق سے روایت ہے کہ انھوں نے اسمٰعیل کو اپنا قائم مقام اپنے بعد کے لئے مقرر کیا مگر اسمٰعیل سے کوئی بات ایسی ظاہر ہوئی جس کو انھوں نے پسند نہ کیا لہذا انھوں نے موسیٰ کو اپنا قائم مقام بنایا اسکی بابت پوچھا گیا تو فرمایا کہ اللہ کو اسمٰعیل کے بارے میں بدا ہو گیا۔

ایک دوسری حدیث کے الفاظ یہ ہیں جسکو شیخ صدوق نے رسالہ اعتقادیہ میں لکھا ہے کہ۔

Www.Ahlehaq.Com

مابدا اللہ فی شیئ کما بدا لہ فی اسماعیل ابنی — اللہ کو ایسا بدا کبھی نہیں ہوا جیسا بدا میرے بیٹے اسمٰعیل کے بارے میں ہوا۔

دوسرا واقعہ یہ ہے کہ امام علی تقی نے خبر دی کہ میرے بعد میرے بیٹے محمد امام ہوں گے مگر خدا کو یہ معلوم نہ تھا کہ محمد اپنے والد کے سامنے مرجائیں گے۔ جب یہ واقعہ پیش آیا تو خدا کو اپنی رائے بدلنا پڑی اور خلاف قاعدہ مقررہ کے بڑے بیٹے کو امامت ملتی ہے حسن عسکری کو امام بنایا۔

اصول کافی ص۲۰۴ میں ہے۔

عن ابی الھاشم الجعفری قال کنت عند ابی الحسن علیہ السلام بعد ما مضی ابنہ ابوجعفر وانی لافکر فی نفسی ارید ان اقول کانھما اعنی اباجعفر وابا محمد فی ھذا الوقت کابی الحسن موسیٰ واسمٰعیل وان قصتہ کقصتھما اذ کان ابومحمد المرجا بعد ابی جعفر فاقبل علی ابوالحسن علیہ السلام قبل ان انطق فقال نعم یا اباھاشم بدا اللہ فی ابی محمد بعد ابی جعفر مالم تکن تعرف لہ کما بدا لہ فی موسیٰ بعد مضی اسمٰعیل ما کشف بہ عن حالہ وھو کما حدثتک نفسک وان کرہ المبطلون وابومحمد ابنی الخلف بعدی عندہ علم ما یحتاج الیہ ومعہ الۃ الامامتہ

ابوالہاشم جعفری سے روایت ہے وہ کہتے تھے میں ابوالحسن (یعنی امام نقی) علیہ السلام کے پاس بیٹھا ہوا تھا جب کہ ان کے بیٹے ابوجعفر یعنی محمد کی وفات ہوئی میں اپنے دل میں سوچ رہا تھا اور یہ کہنا چاہتا تھا کہ محمد اور حسن عسکری کا اس وقت وہی حال ہوا جو امام موسیٰ کاظم اور اسمٰعیل فرزندان امام جعفر صادق کا ہوا تھا ان دونوں کا واقعہ بھی ان دونوں کے واقعہ کے مثل ہے کیونکہ ابومحمد (یعنی حسن عسکری) کی امامت بعد ابوجعفر (یعنی محمد) کے مرنے کے ہوئی تو امام نقی میری طرف متوجہ ہوئے اور انھوں نے قبل اس کے کہ میں کچھ کہوں (اپنی ضمیری دیکھیے) فرمایا کہ اے ابوہاشم اللہ کو ابوجعفر کے مرجانے کے بعد ابومحمد کے بارے میں بدا ہوا جو بات معلوم نہ تھی وہ معلوم ہوگئی جیسا کہ اللہ کو اسمٰعیل کے بعد موسیٰ کے بارے میں بدا ہوا تھا جس نے اصل حقیقت ظاہر کردی اور یہ بات ویسی ہی ہے جیسی تم نے خیال کی اگرچہ بدکار لوگ اس کو نا پسند کریں اور ابومحمد (یعنی حسن عسکری) میرے بعد میرا خلیفہ ہے اس کے پاس تمام ضرورت کی چیزوں کا علم ہے اور اس کے پاس آلۂ امامت بھی ہے۔

www.Ahlehaq.com

اقرار اگرچہ ایسی صاف بات کے لئے اقرار کی ضرورت نہ تھی مگر خدا کی قدرت ہے کہ علمائے شیعہ نے اگرچہ اہل سنت کے مقابلہ میں تو ہمیشہ تاویلات سے کام لیا لیکن آپس کی تحریروں میں انھوں نے صاف اقرار کر دیا ہے کہ بدا سے خدا کا جاہل ہونا لازم آتا ہے شیعوں کے مجتہد اعظم مولوی دلدار علی اساس الاصول مطبوعہ لکھنؤ کے صفحہ ۲۱۹ پر لکھتے ہیں اعلم ان البدا لاینبغی ان یقول به احد لانه یلزم منه ان یتصف الباری تعالیٰ بالجہل کما لایخفیٰ ۱۲ ترجمہ: جاننا چاہیئے کہ بدا اس قابل نہیں کہ کوئی شخص اس کا قائل ہو کیونکہ اس سے باری تعالیٰ کا جاہل ہونا لازم آتا ہے جیسا کہ پوشیدہ نہیں ہے۔

اس کے ساتھ اساس الاصول میں اس بات کا بھی اقرار موجود ہے کہ شیعوں میں سوا محقق طوسی کے اور کوئی بدا کا منکر نہیں ہوا۔

اب ایک بات یہ بھی سمجھنے کی ہے کہ شیعوں کو کیا ضرورت اس عقیدہ کے تصنیف کی پیش آئی اصل واقعہ یہ ہے کہ جب اسلام کے چالاک دشمنوں نے مذہب شیعہ کو تصنیف کیا تو وہ خود بھی جانتے تھے کہ کوئی انسان اس مذہب کو قبول نہیں کر سکتا لہٰذا انھوں نے طرح طرح کی تدبیریں اس مذہب کے رواج دینے کے لئے اختیار کیں از انجملہ یہ کہ فسق و فجور کے راستے خوب وسیع کر دیئے متعہ اور لواطت شراب خوری کا بازار گرم کیا۔ چنانچہ اس قسم کی روایتیں بکثرت آج بھی کتب شیعہ میں موجود ہیں از انجملہ یہ کہ انھوں نے دنیاوی طمع کا راستہ بھی خوب کشادہ کیا سینکڑوں روایتیں اس مضمون کی ائمہ کے نام سے تصنیف کر دیں کہ فلاں سنہ میں جو بہت قریب ہے دنیا میں انقلاب عظیم ہو جائے گا اور بڑی سلطنت و حکومت جاہ و حشمت شیعوں کو حاصل ہو گی پھر جب وہ سنہ آتا اور ان پیشین گوئیوں کا ظہور نہ ہوتا تو کہہ دیتے کہ خدا کو بدا ہو گیا۔ ایک روایت اس قسم کی حسب ذیل ہے۔ اصول کافی مطبوعہ لکھنؤ صفحہ ۲۳۲ میں امام باقر علیہ السلام سے روایت ہے کہ

ان اللہ تبارک و تعالیٰ قد کان	بہ تحقیق اللہ تبارک و تعالیٰ نے اس کام (یعنی امام مہدی کے ظہور)
وقت هذا الامر فی السبعین فلما	کا وقت سن ستر ہجری مقرر کیا تھا مگر جب حسین صلوات
ان قتل الحسین صلوات اللہ علیہ	اللہ علیہ شہید ہو گئے تو اللہ کا غصہ زمین والوں پر سخت ہو گیا
اشتد غضب اللہ علی اهل الارض	لہٰذا اللہ نے اس کام کو سنہ ۱۴۰ھ تک پیچھے ہٹا دیا ہم نے تم سے بیان

فاخره الى اربعين ومائة فحدثتكم فاذعتم الحديث فكشفتم قناع الستر ولم يجعل الله وقتا بعده عندنا قال حمزة فحدثت بذلك ابا عبد الله عليه السلام فقال قد كان ذلك

کر دیا تم نے راز کو فاش کر دیا اور بات مشہور کر دی اب اللہ نے کوئی وقت اس کے بعد ہم کو نہیں بتایا ابو حمزہ راوی کہتا ہے میں نے یہ حدیث امام جعفر صادق علیہ السلام سے بیان کی انھوں نے کہا ہاں ایسا ہی ہوا۔

یہ تماشا بھی قابل دید ہے کہ جب اہل سنت کی طرف سے اعتراض ہوا تو علماء شیعہ کو جواب دینے کی فکر ہوئی اور اس پریشانی میں انھوں نے ایسی ایسی ناگفتہ بہ باتیں کہہ ڈالیں جو عقیدہ بداء سے بھی بڑھ گئیں۔ مولوی حامد حسین نے استقصاء الافحام جلد اول صفحہ ۱۲۸ سے لیکر صفحہ ۱۵۸ تک پورے تیس صفحے اسی بحث کے نام سے سیاہ کر ڈالے مگر کوئی بات بنائے نہ بن پڑی بڑی کوشش انھوں نے اس بات کی کی ہے کہ بداء کے معنی میں تاویل کریں چنانچہ کھینچ تان کر انھوں نے بداء کے وہ معنی بیان کیے ہیں جو محو و اثبات یا نسخ کے ہیں لیکن خود ہی خیال پیدا ہوا کہ یہ تاویل چل نہیں سکتی لہذا علامہ مجلسی سے ایک تاویل نقل کر کے اس پر بہت ناز کیا ہے۔ یہ عبارت استقصاء مجلد اول کے صفحہ ۳۰ پر ملاحظہ ہو۔

ومنها ان يكون هذه الاخبار تسلية لقوم من المومنين المنتظرين لفرج اولياء الله وغلبة اهل الحق واهاكما روي في فرج اهل البيت عليهم السلام وغلبتهم لانهم عليهم السلام لو كانوا اخبروا الشيعة في اول ابتلائهم باستيلاء المخالفين وشدة محنتهم انه ليس فرجهم الا بعد الف سنة والفي سنة ليئسوا ورجعوا عن الدين ولكنهم اخبروا شيعتهم بتعجيل الفرج۔

اور منجملہ ان تاویلات کے ایک یہ ہے کہ یہ پیشین گوئیاں ان مومنین کی تسلی کے لئے تھیں جو دوستان خدا کی آسائش اور اہل حق کے غلبہ کے منتظر تھے جیسا کہ اہل بیت علیہم السلام کی آسائش اور ان کے غلبہ کے متعلق روایت کیا گیا ہے اگر ائمہ علیہم السلام شیعوں کو شروع ہی میں بتا دیتے کہ مخالفین کا غلبہ ابھی رہے گا اور شیعوں کو مصیبت سخت ہوگی اور ان کو آسائش نہ ملے گی مگر ایک ہزار یا دو ہزار سال کے بعد تو وہ مایوس ہو جاتے اور دین سے پھر جاتے۔ لہذا انھوں نے اپنے شیعوں کو خبر دی کہ آسائش کا زمانہ جلد آنیوالا ہے۔

یہ تاویل بڑی مستند تاویل ہے اصحاب ائمہ سے منقول ہے چنانچہ اصول کافی صفحہ ۲۳۲ میں ہے۔

www.Ahlehaq.com

عن الحسن بن علی بن یقطین عن اخیہ الحسین عن ابیہ بن یقطین قال قال لی ابو الحسن الشیعۃ تربی بالامانی منذ مائتی سنۃ قال قال یقطین لابنہ علی بن یقطین ما بالنا قیل لنا فکان وقیل لکم فلم یکن قال فقال لہ علی ان الذی قیل لنا ولکم کان من مخرج واحد غیر ان امرکم حضر فاعطیتم محضہ فکان کما قیل لکم وان امرنا لم یحضر فعللنا بالامانی فلو قیل لنا ان ھذا الامر لا یکون الا الی مائتی سنۃ او ثلثمائۃ سنۃ لقست القلوب ولرجع عامۃ الناس عن الاسلام ولکن قالوا ما اسرعہ وما اقربہ تالفا لقلوب الناس۔

حسن بن علی بن یقطین نے اپنے بھائی حسین سے انھوں نے اپنے والد علی بن یقطین سے روایت کی ہے کہ ابوالحسن نے کہا شیعہ دو سو برس سے امید دلا دلا کر رکھے جاتے ہیں یقطین (سنی) نے اپنے بیٹے علی بن یقطین (شیعہ) سے کہا یہ کیا بات ہے جو وعدہ ہم سے کیا گیا وہ پورا ہو گیا اور جو تم سے کیا گیا وہ پورا نہ ہوا علی نے اپنے باپ سے کہا کہ جو تم سے کہا گیا اور جو ہم سے کہا گیا سب ایک ہی مقام سے نکلا مگر تمہارے وعدہ کا وقت آگیا لہذا تم سے خالص بات کہی گئی وہ پوری ہو گئی اور ہمارے وعدہ کا وقت نہیں آیا تھا لہذا ہم امید دلا دلا کر بہلائے گئے اگر ہم سے کہدیا جاتا کہ یہ کام نہ ہوگا مگر دو سو برس یا تین سو برس تک تو دل سخت ہو جاتے اور اکثر لوگ دین اسلام سے پھر جاتے اس وجہ سے ائمہ نے کہا کہ یہ کام بہت جلد ہوگا، بہت قریب ہوگا لوگوں کی تالیف قلب کے لیے۔

یہ تاویل اگرچہ ان روایات میں چل نہیں سکتی جن میں تعیین وقت پیشین گوئی کی گئی ہے گول گول الفاظ نہیں ہیں کہ یہ کام جلد ہوگا قریب ہوگا نیز ان روایات میں بھی چل نہیں سکتی جن میں کسی خاص شخص کے امامت کی پیشین گوئی کی گئی ہے اور وہ شخص امام نہیں ہوا یا قبل از وقت مر گیا۔ لیکن علمائے شیعہ کی خاطر سے ہم اس تاویل کو قبول کرلیں تو ماحصل اس کا یہ ہے کہ اماموں کی پیشین گوئیاں جو غلط نکل گئیں اس کی وجہ یہ نہیں تھی کہ خدا کو آئندہ کا حال معلوم نہ تھا بلکہ اصل وجہ یہ ہے کہ یہ پیشین گوئیاں شیعوں کی تسلی کے لیے بیان کی گئیں شیعوں کے بہلانے کے لیے ایسی باتیں کہی گئیں اگر شیعوں کو تسلی نہ دی جاتی اور وہ بہلائے نہ جاتے تو مرتد ہو جاتے۔

نتیجہ اس تاویل کا یہ ہے کہ ہمارے خیال کی تصدیق ہوتی ہے کہ عقیدۂ بدا کی تصنیف محض ترویج مذہب شیعہ کے لیے ہوئی ہے۔

www.Ahlehaq.com

مگر یہاں ایک سوال بڑا لاینحل یہ پیدا ہوتا ہے کہ جھوٹی پیشین گوئیاں کرکے لوگوں کو فریب دینا اور بہلانا کس کا فعل تھا آیا ائمہ اپنی طرف سے ایسا کرتے تھے یا یہ کرتوت خدا کے ہیں غالباً ائمہ کی آبرو کا بچانا شیعوں کے نزدیک زیادہ اہم ہوا اور وہ خدا ہی کی طرف اس حرکت کو منسوب کر گئے تو ہم کہیں گے کہ جہل سے خدا کو بچالیا تو فریب ہی کے الزام میں مبتلا کر دیا بارش سے بچنے کے لئے صحن سے بھاگ کر پرنالے کے نیچے کھڑے ہو گئے۔

یہ بات بھی نتیجہ خیز تھی کہ جو شیعہ اصحاب ائمہ تھے وہ ایسے ضعیف الاعتقاد تھے کہ ان کو مذہب پر قائم رکھنے کے لئے خدا کو یا اماموں کو جھوٹی پیشین گوئیاں بیان کرنا پڑتی تھیں طرح طرح سے ان کو بہلانا پڑتا تھا ایسا نہ کیا جاتا تو وہ مرتد ہو جاتے جب اس زمانے کے شیعوں کا یہ حال تھا تو آج کل کے شیعوں کا کیا حال ہوگا اور ان کے بہلانے کیلئے مجتہدوں کو کیا کچھ نہ تدبیریں کرنی پڑتی ہوں گی۔

شیعوں کے تو اصحاب ائمہ کا یہ حال تھا مگر ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام کو دیکھو کیسے قوی الایمان کیسے پختہ اعتقاد کے تھے کہ ان کو دین پر قائم رکھنے کے لیے نہ خدا کو جھوٹ بولنا پڑا نہ رسول کو ان پر مصائب کے آلام کے پہاڑ توڑے گئے، بلاؤں کی بارش برسائی گئی مگر ان کے قدم کو جنبش نہ ہوئی۔

انصاف سے دیکھو یہی ایک مسئلہ بداء پورے مذہب کی حقیقت ظاہر کرنے کے لئے کافی ہے جس مذہب میں خدا کو جاہل یا فریبی مانا گیا ہو اس مذہب کا کیا کہنا۔

دوسرا مسئلہ

شیعوں کا عقیدہ ہے کہ خدا کو جب غصہ آتا ہے تو غصہ میں اس کو دوست دشمن کا امتیاز نہیں رہتا ہے حتیٰ کہ اس غصہ میں بجائے دشمنوں کے دوستوں کو نقصان پہنچا دیتا ہے۔ بھلا خیال تو کیجئے کیا خدا کی یہی شان ہونی چاہیئے؟ اور کیا ایسا خدا ماننے کے قابل ہو سکتا ہے؟

سند اس عقیدہ کی پہلے مسئلہ میں اصول کافی صفحہ ۱۳۲ سے نقل ہو چکی کہ امام حسین کی شہادت سے جو خدا کو غصہ آیا تو امام مہدی کا ظہور اس نے ٹال دیا۔ حالانکہ امام مہدی کے ظہور نہ ہونے سے شیعوں کا نقصان ہوا۔ قاتلان امام حسین کا کیا بگڑا بلکہ ان کا تو فائدہ ہوا یا یہ کہا جائے کہ قاتلان امام حسین شیعہ تھے

اسی وجہ سے خدا نے ان کو نقصان پہونچایا اور یہ واقعی بات بھی ہے۔

تیسرا مسالہ

شیعوں کا اعتقاد ہے کہ خدا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ سے ڈرتا تھا اس لئے بہت سے کام اُن سے چھپا کر کرتا تھا۔ بظاہر انھوں نے اپنے نزدیک تو صحابہ کرام کے ظالم ہونے کو ثابت کیا ہے مگر فی الحقیقت خدا کی عاجزی اور مغلوبیت جو اس سے ثابت ہوئی اس کا انھوں نے خیال نہ کیا۔ کتاب احتجاج طبرسی میں ہے کہ جناب امیر علیہ السلام نے فرمایا کہ خدا نے اپنے نبی کا نام لیٰسین رکھا ہے اور سلام علیٰ آل یٰسین اس لئے فرمایا کہ اگر صاف صاف سلام علیٰ آل محمد فرماتا تو خدا کو معلوم تھا کہ صحابہ اس کو قرآن میں نہ رہنے دیں گے نکال دیں گے۔ آخری فقرہ عبارت کا یہ ہے کہ یعلمہ یا نھم یقطعون قولہ سلام علیٰ آل محمد کما اسقطوا غیرہ

چوتھا مسالہ

شیعوں کے نزدیک خدا بندوں کی عقل کا محکوم ہے اور اس پر واجب ہے کہ عدل کرے اور جو کام بندوں کے لئے زیادہ مفید ہو وہی کام کرتا رہے یہ عقیدہ شیعوں کا اس قدر مشہور اور ان کے عقائد کی ہر کتاب میں مذکور ہے کہ کسی خاص کتاب کے حوالہ کی ضرورت نہیں۔

لطافت اس عقیدہ کی ظاہر ہے اس سے زیادہ اب اور کیا ہوگا کہ خدا بجائے حاکم کے محکوم بنا دیا گیا۔ پھر جب شیعوں کا تجویز کیا ہوا انتظام عالم میں نہیں پایا جاتا اور اکثر ایسا ہی ہوتا ہے اس وقت خدا پر ترک واجب کا جرم قائم ہوتا ہے۔ چنانچہ آج کل بھی صدیوں سے خدا ترک واجب کا مرتکب ہے اس نے کوئی امام معصوم دنیا میں قائم نہیں کیا۔ ایک صاحب ہیں بھی تو ان پر خوف اس قدر طاری کر رکھا ہے کہ وہ غار میں چھپے ہوئے ہیں باہر نکلنے کا نام نہیں لیتے لیکن معلوم نہیں خدا کے لئے ترک واجب کی سزا کیا ہے اور اس سزا کا دینے والا کون ہے۔

www.Ahlehaq.Com

پانچواں مسئلہ

شیعہ قائل ہیں کہ خدا تمام چیزوں کا خالق نہیں یہ بھی شیعوں کا مشہور عقیدہ اور ان کی کتب عقائد میں مذکور ہے وہ کہتے ہیں کہ خیر و شر دونوں کا خالق خدا نہیں ہے کیونکہ شر کا پیدا کرنا برا ہے اور برا کام خدا نہیں کرتا بلکہ شر کے خالق خود بندے ہیں اس بنا پر بے گنتی بے شمار خالق ہو گئے۔ اہلسنت کہتے ہیں کہ خیر و شر دونکا خالق خدا ہے اور شر کا پیدا کرنا برا نہیں البتہ شر کی صفت اپنے میں پیدا کرنا برا ہے اور اس سے خدا بری ہے۔

چھٹا مسئلہ

شیعوں کا عقیدہ ہے کہ حضرات انبیاء علیہم السلام کی ذات اقدس میں اصول کفر موجود ہوتے ہیں اصول کافی باب فی اصول الکفر وارکانہ میں ابو بصیر سے روایت ہے کہ۔

قال ابو عبداللہ علیہ السلام اصول الکفر ثلثۃ الحرص والاستکبار والحسد۔ فاما الحرص فان آدم حین نہی من الشجرۃ حملہ الحرص علی ان اکل منہا واما الاستکبار فابلیس حیث امر بالسجود لآدم فابی واما الحسد فابنا آدم حیث قتل احدھما صاحبہ	امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ اصول کفر کے تین ہیں۔ حرص، تکبر، حسد۔ حرص تو آدم میں تھا جب ان کو درخت کے کھانے سے منع کیا تو حرص نے ان کو آمادہ کیا کہ انھوں نے اس درخت میں سے کھا لیا اور تکبر ابلیس میں تھا کہ جب اس کو آدم کے سجدہ کا حکم دیا گیا تو اس نے انکار کر دیا۔ اور حسد آدم کے دونوں بیٹوں میں تھا۔ اسی وجہ سے ایک نے دوسرے کو قتل کر ڈالا۔

دیکھو کس طرح حضرت آدم علیہ السلام کو ابلیس کا ہم پلہ قرار دیا ہے۔ ایک اصول کفر ابلیس میں ہے تو ایک آدم علیہ السلام میں بھی ہے۔ بلکہ شیعہ صاحبوں نے تو حضرت آدم کو ابلیس سے بھی بدتر قرار دیا ہے کیونکہ ابلیس میں صرف ایک اصول کفر ثابت کیا ہے یعنی تکبر اور آدم میں دو اصول کفر ثابت

Www.Ahlehaq.com

کے ہیں حرص اور حسد۔ حرص کا بیان تو اس روایت میں ہو چکا حسد کا بیان دوسری روایتوں میں ہے چنانچہ حیات القلوب جلد اول صفحہ ۵۰ میں ہے کہ خدا نے آدم کو ائمہ اہل بیت پر حسد کرنے سے منع فرمایا اور کہا کہ خبردار میرے برگزیدوں کی طرف حسد کی آنکھ سے نہ دیکھنا ورنہ تم کو اپنے قرب سے جدا کر دونگا اور بہت ذلیل کرونگا مگر آدم نے ان پر حسد کیا اور اسی کی سزا میں جنت سے نکالے گئے۔ انتہیٰ ترجمۃً حیات القلوب کا یہ ہے۔

پس نظر کردند بسوئے ایشاں بدیدہ حسد پس بایں سبب خدا ایشاں را بخود گذاشت و یاری و توفیق خود را از ایشاں برداشت

پس آدم و حوا نے ائمہ کی طرف حسد کی آنکھ سے دیکھا اس سبب سے خدا نے ان کو ان کے نفس کے حوالے کر دیا اور اپنی مدد اور توفیق ان سے روک لی

یہ ہے ابوالبشر حضرت آدم علیہ السلام کی قدر۔ استغفر اللہ

ساتواں مسئلہ

نبیوں کے متعلق شیعوں کا یہ بھی عقیدہ ہے کہ ان سے بعض خطائیں ایسی سرزد ہوتی ہیں کہ اس کی سزا میں ان سے نور نبوت چھین لیا جاتا ہے چنانچہ حیات القلوب جلد اول میں ہے۔

و بحدیث بسند معتبر از حضرت صادق علیہ السلام منقول ست کہ چوں یوسف علیہ السلام باستقبال حضرت یعقوب علیہ السلام بیروں آمد یکدیگر را ملاقات کردند یعقوب پیادہ شد و یوسف را شوکت بادشاہی مانع شد و پیادہ نشد ہنوز از معانقہ فارغ نشدہ بودند کہ جبرئیل بر حضرت یوسف نازل شد و خطاب مقرون بعتاب از جانب رب الارباب آورد کہ اے یوسف خداوند عالمیان میفرماید کہ ملک بادشاہی ترا مانع شد کہ پیادہ شوی برائے بندہ شائستہ صدیق من دست خود را بکشا چوں دست کشود از کف دستش

بہت سی معتبر سندوں کے ساتھ امام صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جب یوسف علیہ السلام حضرت یعقوب علیہ السلام کی پیشوائی کیلئے باہر آئے اور ایک دوسرے سے ملے یعقوب پیادہ ہو گئے مگر یوسف کو دبدبہ بادشاہی نے پیادہ ہونے سے روکا جب معانقہ سے فارغ ہوئے تو جبرئیل حضرت یوسف پر نازل ہوئے اور خدا کی طرف سے غصہ کا خطاب لائے کہ اے یوسف خداوند عالم فرماتا ہے کہ بادشاہت نے تجھ کو روکا تو میرے بندہ شائستہ صدیق کے لئے پیادہ نہ ہوا، ہاتھ تو کھول جیسے ہی انھوں نے ہاتھ کھولا تو ان کی ہتھیلی سے اور ایک

Www.Ahlehaq.Com

در روایتی دگر میان انگشتانش نورے بیروں رفت یوسف گفت ایں چہ نور بودے جبریل گفت نور پیغمبری بود واز صلب تو ہیچ نخواہد رسید بعقوبت آنچہ کردی نسبت بہ یعقوب کہ برائے او پیادہ نشدی۔

روایت میں ہے کہ انگلیوں کے درمیان سے ایک نور نکلا یوسف نے کہا یہ کیا نور تھا جبریل نے کہا یہ پیغمبری کا نور تھا۔ اب تمہاری اولاد میں کوئی پیغمبر نہ ہوگا اس کام کی سزا میں جو تم نے یعقوب کے ساتھ کیا۔

آٹھواں مسئلہ

نبیوں کے متعلق شیعوں کا اعتقاد یہ بھی ہے کہ وہ مخلوق سے بہت ڈرتے ہیں اور بسا اوقات مارے ڈر کے تبلیغ احکام الٰہی نہیں کرتے چنانچہ خدا کی طرف سے حجۃ الوداع میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم ملا کہ حضرت علی کی خلافت کا اعلان کردو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہکر ٹال دیا کہ میری قوم ابھی نومسلم ہے اگر میں اپنے بھائی کے متعلق ایسا حکم دوں تو لوگ بھڑک اٹھیں گے۔ پھر دوبارہ خدا کو عتاب کرنا پڑا کہ اے رسول اگر ایسا نہ کروگے تو فرائض رسالت سے سبکدوش نہ ہوگے اس پر بھی رسول نے ٹالا آخر خدا کو وعدۂ حفاظت کرنا پڑا اس وعدہ کے بعد بھی رسول نے صاف صاف تبلیغ نہ کی گول گول الفاظ کہہ دیئے۔ انتہا یہ کہ بہت سی آیات قرآنیہ رسول نے مارے ڈر کے چھپا ڈالیں جن کا آج تک کسی کو علم نہ ہوا اب ہو سکتا ہے۔ (دیکھو عماد الاسلام مصنفہ مولوی دلدار علی مجتہد اعظم شیعہ)

نواں مسئلہ

نبیوں کے متعلق شیعوں کا ایک نفیس عقیدہ یہ بھی ہے کہ وہ خدا کے بھیجے ہوئے انعام کو رد کر دیتے ہیں۔ خدا بار بار ان کو انعام بھیجتا اور وہ اس کے لینے سے انکار کر دیتے تھے آخر خدا کو کچھ اور لالچ دینی پڑتی تھی اس وقت وہ انعام کو قبول کرتے تھے۔ غرض خدا کی کچھ قدر و منزلت ان کے دل میں نہ تھی۔ اصول کافی صفحہ ۲۹۴ میں لکھا ہے۔

عن رجل من اصحابنا عن ابی عبد اللہ علیہ السلام قال ان جبریل نزل

ہمارے اصحاب میں سے ایک شخص امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کرتا ہے کہ انھوں نے فرمایا

علی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
فقال لہ یا محمد ان اللہ یبشرک
بمولود یولد من فاطمۃ تقتلہ
امتک من بعدک فقال وعلی ربی
السلام لاحاجۃ لی فی مولود یولد
من فاطمۃ تقتلہ امتی من بعدی
فعرج جبرئیل الی السماء ثم ھبط فقال
یا محمد ان ربک یقرئک السلام
ویبشرک بانہ جاعل فی ذریتہ
الامامۃ والولایۃ والوصیۃ فقال انی
قد رضیت ثم ارسل الی فاطمۃ
ان اللہ یبشرنی بمولود یولد لک
تقتلہ امتی من بعدی فارسلت
الیہ ان لاحاجۃ لی فی مولود
تقتلہ امتک من بعدک فارسل
الیہا ان اللہ عزوجل قد جعل
فی ذریتہ الامامۃ والولایۃ
والوصیۃ فارسلت الیہ انی
قد رضیت

جبرئیل محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوئے اور ان سے کہا کہ اے محمد اللہ آپ کو ایک بچہ کی بشارت دیتا ہے جو فاطمہ سے پیدا ہوگا آپ کی امت آپ کے بعد اس کو شہید کریگی تو حضرت نے فرمایا کہ اے جبرئیل میرے رب پر سلام ہو مجھے اس بچہ کی کچھ حاجت نہیں جو فاطمہ سے پیدا ہوگا اس کو میری امت میرے بعد قتل کریگی۔ پھر جبرئیل چڑھے پھر اترے اور انھوں نے ایسا ہی کہا آپ نے فرمایا اے جبرئیل میرے رب پر سلام ہو مجھے حاجت اس بچہ کی نہیں جس کو میری امت میرے بعد قتل کرے گی جبرئیل پھر آسمان پر چڑھے پھر اترے اور انھوں نے کہا کہ اے محمد آپ کا پروردگار آپ کو سلام فرماتا ہے اور آپ کو بشارت دیتا ہے کہ وہ اس بچہ کی ذریت میں امامت اور ولایت اور وصیت مقرر کریگا تو حضرت نے فرمایا کہ میں راضی ہوں۔ پھر آپ نے فاطمہ کو خبر بھیجی کہ اللہ مجھے بشارت دیتا ہے ایک بچہ کی جو تم سے پیدا ہوگا میری امت میرے بعد اس کو قتل کریگی فاطمہ نے بھی کہلا بھیجا کہ مجھے کچھ حاجت اس بچہ کی نہیں جسکو آپکی امت آپکے بعد قتل کریگی تو حضرت نے کہلوا بھیجا کہ اللہ عزوجل نے اس کی ذریت میں امامت اور ولایت اور وصیت مقرر کی ہے تب فاطمہ نے کہلا بھیجا کہ میں راضی ہوگئی۔

دیکھو کس طرح رسول نے خدا کی بشارت کو بار بار رد کر دیا اور شہادت فی سبیل اللہ کو حقیر سمجھا اور حضرت فاطمہ نے بھی سنت رسول کی پیروی میں خدا کی بشارت کو رد کر دیا یہ بھی معلوم ہوا کہ اگر خدا

www.Ahlehaq.com

امامت کی لالچ نہ دیتا تو کبھی رسول خدا کے انعام کو قبول نہ کرتے۔

www.Ahlehaq.com

دسواں مسئلہ

شیعوں کا یہ اعتقاد ہے کہ انبیاء علیہم السلام اپنے تعلیم کی اُجرت خدا سے مانگتے ہیں اور کہتے ہیں کہ سیدالانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کو خدا نے قرآن شریف میں حکم دیا ہے کہ اپنی تعلیم کی اجرت لوگوں سے مانگ لیجئے نعوذ باللہ۔ انبیا علیہم السلام کی کس قدر توہین اس عقیدہ میں ہے آج ان کے ادنیٰ اغلامان غلام ایسے موجود ہیں جو عمر بھر کوئی کام ایسا نہیں کرتے جس کی اجرت مخلوق سے مانگیں جو کام کرتے ہیں خالصاً لوجہ اللہ کرتے ہیں۔

عقیدہ شیعوں کا بہت مشہور ہے اور آیہ کریمہ قل لا اسئلکم علیہ اجرا الا المودۃ فی القربیٰ کی تفسیر میں مفسرین شیعہ نے ذکر کیا ہے کہ اس آیت کا مطلب یہ ہے کہ اے نبی کہدیجئے کہ میں تم سے اور اجرت نہیں مانگتا صرف یہ اجرت مانگتا ہوں کہ میرے قرابت والوں سے محبت کرو اور قرابت والوں سے مراد علی فاطمہ حسنین ہیں۔ اور محبت کا مطلب یہ ہے کہ میرے بعد ان کو شل میرے امام مانو۔

اہلسنت کہتے ہیں یہ مطلب آیت کا ہرگز نہیں ہو سکتا بیسوں آیتیں قرآن شریف میں ہیں جن میں دوسرے پیغمبروں کی بابت ذکر ہے کہ انھوں نے اپنی قوم سے کہا کہ ہم تم سے کچھ اجرت نہیں مانگتے ہماری اجرت تو خدا کے ذمہ ہے اور بہت سی آیتیں ہیں جن میں خاص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیا ہے کہ آپ کہدیجئے میں اس تعلیم پر کوئی اجرت نہیں طلب کرتا یہ تو صرف ہدایت خلق کا کام ہے لہذا آیت مذکورہ کا یہ مطلب ہے کہ اے نبی کہدیجئے کہ میں تم سے کچھ اجرت نہیں مانگتا صرف یہ کہتا ہوں کہ میں تمھارا قرابت دار ہوں قرابت کا خیال کر کے مجھے ایذا نہ پہونچاؤ۔

اس مبحث میں ایڈیٹر اصلاح سے تحریری مباحثہ ہوا بالآخر ایک خاص رسالہ موسوم بہ تفسیر آیۂ مودۃ القربیٰ اس ناچیز نے تالیف کیا جس کے بعد ایڈیٹر صاحب اصلاح ایسے خاموش ہوئے کہ صدائے برنخاست۔

Www.AhleHaq.Com

گیارہواں مسئلہ

ہبۂ فدک کے متعلق ہے۔ بہت مشہور مسئلہ ہے لہذا حوالۂ کتاب کی حاجت نہیں ہے ہر شیعہ ہر موقع پر مطاعن صحابہ میں ہبۂ فدک کا ذکر آتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فدک حضرت فاطمہ کو دیگئے تھے حضرت ابوبکر صدیق نے چھین لیا مگر یہ عقل کے دشمن اتنا نہیں سوچتے کہ رسول پر کس قدر سخت الزام خود غرضی اور دنیا طلبی کا عائد ہوتا ہے نعوذ باللہ منہ

بارہواں مسئلہ

عقیدۂ تحریف کے متعلق ہے جس کی بابت تنبیہ الحائرین کے بعد اب کچھ لکھنے کی حاجت نہیں پانچوں قسم کی تحریف کی روایتیں علمائے شیعہ کا اقرار سب کچھ اس میں نقل ہو چکا۔

تیرہواں[۱۳] چودہواں[۱۴] پندرہواں[۱۵] مسئلہ

ازواج مطہرات کے متعلق ہے کہ شیعوں نے خلاف عقل و نقل کس قدر ناپاک عقیدہ ان کے متعلق قائم کر رکھا ہے۔ اس کے متعلق بھی اب کچھ لکھنے کی ضرورت نہیں جس کا جی چاہے ہمارا رسالہ تفسیر آیۂ تطہیر دیکھے۔

سولھواں مسئلہ

صحابہ کرام کے متعلق ہے اس کیلئے کسی حوالے کی ضرورت نہیں کیوں کہ یہ وہ واقعات ہیں جن کا کوئی منکر نہیں ہے اور صحابہ کرام کے متعلق جیسا نجس عقیدہ شیعوں کا ہے وہ بھی ظاہر ہے۔

سترہواں مسئلہ

شیعوں کا یہ بھی عقیدہ ہے کہ ان کے مجوزہ بارہ امام رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی مثل اور ہم رتبہ ہیں اور اسیطرح معصوم و مفترض الطاعۃ ہیں دیکھو اصول کافی کتاب الحجۃ صاف الفاظ یہ ہیں کہ ائمہ کو

www.Ahlehaq.com

دہی بزرگی حاصل ہے جو محمد علیہ السلام کو حاصل ہے۔ اسی حدیث کو صاحب حملہ حیدری نے نظم کیا ہے کہ ع

ہمہ صاحب حکم بر کائنات   ہمہ چوں محمد منزہ صفات

اٹھارہواں مسئلہ

اماموں کی بابت شیعوں کا یہ عقیدہ ہے کہ وہ ران سے پیدا ہوتے ہیں پیدا ہوتے ہی تمام آسمانی کتب کی تلاوت کر ڈالتے ہیں اور ان کی پیشانی پر آیۂ تمت کلمت ربک صدقا وعدلا لکھی ہوتی ہے سایہ ان کا نہیں ہوتا ناف بریدہ ختنہ شدہ پیدا ہوتے ہیں اور بجائے قابلہ کے امام سابق کام کرتے ہیں دیکھو اصول کافی وتصنیفات علامہ باقر مجلسی۔

انیسواں مسئلہ

امام مہدی کے غائب ہونے کے متعلق ہے یہ عقیدہ بھی شیعوں کا اس قدر مشہور ہے کہ کسی خاص کتاب کے حوالہ دینے کی بالکل ضرورت نہیں۔

بیسواں مسئلہ

اماموں کی بابت شیعوں کا یہ عقیدہ ہے کہ ان کے پاس تمام انبیا کے معجزات ہوتے ہیں عصائے موسیٰ انگشتری سلیمان اسم اعظم اور لشکر جنات وغیرہ وغیرہ اور ان کو اپنے مرنے کا وقت بھی معلوم ہوتا ہے اور ان کی موت ان کے اختیار میں ہوتی ہے۔ دیکھو اصول کافی کتاب الحجۃ بکثرت احادیث ان مضامین کی ہیں حضرت علی میں علاوہ ان اوصاف کے قوت جسمانی بھی ایسی تھی کہ جبریل جیسے شدید القویٰ فرشتے کے جنگ خیبر میں پر کاٹ ڈالے۔ دیکھو حیات القلوب وحملہ حیدری۔ بایں ہمہ ائمہ نے کبھی ان معجزات سے کام نہ لیا۔ فدک چھن گیا حضرت فاطمہ پر مار پیٹ ہوئی۔ حمل گرا دیا گیا حضرت علی سے جبراً بیعت لی گئی۔

اس مسئلہ کو اور نیز اس کے بعد جو بیسویں مسئلہ تک ہم نہایت مفصل اپنی دوسری تصنیفات میں بیان کر چکے ہیں، کتب شیعہ کی عبارتیں بھی نقل کر چکے ہیں اس لئے یہاں طول دینا فضول معلوم

ہوتا ہے دیکھو مناظرہ کیرانی۔

www.Ahlehaq.com

پچیسواں مسئلہ

شیعہ اپنے خانہ ساز ائمہ کے اصحاب کی بڑی عزت کرتے ہیں ان میں باہم نزاعات ہوئے اور باوجود امام کے زندہ ہونے کے وہ نزاعات رفع نہ ہوئے ترک کلام وسلام کی نوبت آئی مگر شیعہ ان میں سے کسی کو خاطی نہیں کہتے سب کو اچھا سمجھتے ہیں اور مانتے ہیں بخلاف اس کے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابۂ کرام کی کچھ بھی عزت نہیں ان میں اگر کوئی نزاع ہوا اور وہ بھی بعد رسول کے تو کہتے ہیں ایک فریق کو برا کہنا ضروری ہے۔ اپنے ائمہ کے اصحاب کی تو یہاں تک پاس داری ہے کہ ان میں فاسق، فاجر، شرابی لوگ بھی ہیں ان کو بھی مانتے ہیں اور کہتے ہیں خدا کی رحمت سے کیا بعید ہے کہ فلاں امام کے طفیل میں ان کے یہ گناہ معاف ہوجائیں۔یہیں سے سمجھ لینا چاہیے کہ شیعوں کو کوئی تعلق رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے نہیں ہے اگر کچھ بھی تعلق ہوتا تو ان کے اصحاب کی کم سے کم اتنی عزت تو کرتے جتنی اپنے ائمہ کے اصحاب کی کرتے ہیں۔

چھبیسواں مسئلہ

شیعہ جن حضرات کو امام معصوم کہتے ہیں اور دعوی کرتے ہیں کہ ہم ان کے پیرو ہیں ان کے اصحاب کی یہ حالت تھی کہ ان میں نہ امانت تھی، نہ سچائی، نہ وفاداری، یہ سب صفتیں اہلسنت میں تھیں۔ اصول کافی صہ ۲۳۷ میں عبداللہ بن یعفور سے روایت ہے۔

قال قلت لابی عبد اللہ علیہ السلام انی اخالط الناس فیکثر عجبی من اقوام لا یتولونکم ویتولون فلانا وفلانا لھم امانة وصدق ووفاء واقوام یتولونکم لیس لھم تلک الامانة ولا الوفاء ولا الصدق قال فاستوی ابو عبد اللہ علیہ السلام

میں نے امام جعفر صادق سے کہا کہ میں لوگوں سے ملتا ہوں تو بہت تعجب ہوتا ہے کہ جو لوگ آپ لوگوں کی ولایت کے قائل نہیں فلاں اور فلاں کو مانتے ہیں ان میں امانت ہے سچائی ہے، وفا ہے اور جو لوگ آپ کو مانتے ہیں ان میں نہ امانت ہے اور نہ سچائی اور نہ وفا، یہ سن کر امام جعفر صادق سیدھے بیٹھ گئے

جالسا فاقبل علیٰ کالغضبان ثم قال لا دین لمن دان اللہ بولایۃ امام لیس من اللہ ولاعتب علیٰ من دان بولایۃ امام من اللہ۔

اور میری طرف غصہ سے متوجہ ہوئے اور فرمایا کہ جس شخص نے ایسے امام کو مانا جو خدا کی طرف سے نہیں اس کا دین ہی نہیں اور جس نے ایسا امام کو مانا جو خدا کی طرف سے ہے اس پر کچھ عتاب نہیں۔

اف، جب ائمہ کے زمانے میں شیعہ سچائی اور امانت اور وفاداری سے خالی تھے تو خیال کرو کہ آج کل شیعوں کی کیا حالت ہوگی۔

ائمہ کے اصحاب ائمہ پر افترا کیا کرتے تھے اور ائمہ ان کی تکذیب کرتے تھے۔ اس مضمون کی صدہا روایتیں کتب شیعہ میں موجود ہیں نمونے کے طور پر ایک روایت سنیئے۔ رجال کشی میں ۹۵ پر ہے۔

عن زیاد بن ابی الحلال قال قلت لابی عبد اللہ علیہ السلام ان زرارۃ روی عنک فی الاستطاعۃ شیئا فقبلنا منہ وصدقناہ وقد احببت ان اعرضہ علیک فقال هاتہ فقلت زعم انہ سالک عن قول اللہ عزوجل وللہ علی الناس حج البیت من استطاع الیہ سبیلا فقلت من ملک زاداو راحلۃ فقال کل من ملک زاداو راحلۃ فھو مستطیع للحج وان لم یحج فقلت نعم فقال لیس ھٰکذا سألنی ولا ھٰکذا قلت کذب علی واللہ کذب علی واللہ لعن اللہ زرارۃ لعن اللہ زرارۃ انما قال لی من کان لہ زاد وراحلۃ فھو مستطیع للحج قلت قد وجب علیہ قال فمستطیع ھو قال لاحتی یوذن لہ

زیاد بن حلال کہتے ہیں کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے کہا کہ زرارہ نے آپ سے استطاعت کے بارے میں ایک روایت نقل کی ہم نے اسکو قبول کیا اور اس کی تصدیق کی اور اب میں چاہتا ہوں کہ وہ حدیث آپ کو سناؤں امام نے کہا سناؤ میں نے کہا زرارہ کا بیان ہے کہ انھوں نے آپ سے اللہ عزوجل کے قول وللہ علی الناس حج البیت کا مطلب پوچھا آپ نے فرمایا جو شخص زاد راہ اور سواری کا مالک ہو وہ حج کی استطاعت رکھتا ہے چاہے حج نہ کرے تو آپ نے کہا ہاں، امام نے فرمایا نہ زرارہ نے مجھ سے اس طرح پوچھا نہ اس طرح میں نے جواب دیا وہ میرے اوپر جھوٹ جوڑتا ہے اللہ کی قسم وہ میرے اوپر جھوٹ جوڑتا ہے خدا لعنت کرے زرارہ پر اس نے مجھ سے یہ کہا تھا کہ جو شخص زاد راہ اور سواری کا مالک ہے وہ مستطیع ہے میں نے کہا اس پر حج واجب ہو تو مستطیع ہے اس نے کہا نہیں یہاں تک کہ اسے

قلت فاخبر زرارة بذالك قال نعم قال زياد فقدمت الكوفة فلقيت زرارة فاخبرته بما قال ابو عبد الله عليه السلام و سكت عن لعنه قال اما انه قد اعطاني الاستطاعة من حيث لا يعلم وصاحبكم هذا ليس له بصيرًا بكلام الرجال

اجازت دی جائے میں نے کہا کیا میں زرارہ کو اسکی خبر دوں امام نے فرمایا ہاں چنانچہ میں کوفہ گیا اور زرارہ سے ملا امام صادق کا مقولہ اس سے بیان کیا مگر لعنت کا مضمون نہ بیان کیا تو زرارہ نے کہا وہ مجھے استطاعت کا فتوی دے چکے اور ان کو خبر نہیں اور تمہارے ان امام کو لوگوں کی بات سمجھنے کی تمیز نہیں ہے۔

(ف) یہ وہی زرارہ صاحب ہیں جن پر امام جعفر صادق نے لعنت کی اور دوسری روایت میں ہے کہ انھوں نے بھی امام جعفر صادق پر لعنت بھیجی امام نے یہ بھی فرمایا کہ وہ میرے اوپر افترا کرتا ہے زرارہ کوئی معمولی شخص نہیں ہیں مذہب شیعہ کے رکن اعظم اور راوی معتمد ہیں۔ خاص کتاب کافی کی ایک ثلث احادیث انھیں کی روایت سے ہیں۔

یہ بھی علمائے شیعہ کو اقرار ہے کہ اصحاب ائمہ نے ائمہ سے نہ اصول دین کو یقین کیساتھ حاصل کیا تھا نہ فروع دین کو ائمہ ان سے تقیہ کرتے رہے اور اپنا اصلی مذہب اُن سے چھپایا کیے اس مضمون کی روایات بھی کتب شیعہ میں بہت ہیں نمونے کے طور پر دو ایک روایتیں سُن لیجئے۔

علامہ شیخ مرتضی فرائد الاصول مطبوعہ ایران کے ص۸۶ میں لکھتے ہیں

ثم ان ما ذكره من تمكن اصحاب الائمة من اخذ الاصول والفروع بطريق اليقين دعوى ممنوعة واضحة للمنع واقل ما يشهد عليها ما علم بالعين والاثر من اختلاف اصحابهم صلوات الله عليهم في الاصول والفروع ولذا اشتكى غير واحد من اصحاب الائمة اليهم

پھر جو یہ بیان کیا ہے کہ اصحاب ائمہ نے اصول و فروع دین کو یقین کے ساتھ حاصل کیا یہ دعوی ناقابل تسلیم ہے اور اس کا ناقابل تسلیم ہونا ظاہر ہے اور کم سے کم اس کی شہادت یہ ہے جو چیز آنکھ سے دیکھی گئی اور نقل سے معلوم ہوئی کہ ائمہ صلوات اللہ علیہم کے اصحاب اصول و فروع میں باہم مختلف تھے اور اسی وجہ سے بہت سے اصحاب ائمہ نے ائمہ سے شکایت کی کہ آپکے اصحاب میں اس

اختلاف اصحابه فاجاب بعض تارة بانهم قد القوا الاختلاف بينهم حقنا لدمائهم كما في رواية حريز وزرارة وابي ايوب الجزار واخرى اجاب بعض بان ذلك من جهة الكذابين كما في رواية الفيض بن المختار

قدر اختلاف کیوں ہے تو ائمہ نے کبھی یہ جواب دیا کہ یہ اختلاف ہم نے خود ڈالا ہے ان لوگوں کی جان بچانے کے لیے چنانچہ حریز وزرارہ اور ابوایوب جزار کی روایت میں یہی منقول ہے اور کبھی یہ جواب دیا کہ یہ اختلاف جھوٹ بولنے والوں کے سبب سے پیدا ہوگیا ہے۔ جیسے کہ فیض بن مختار کی روایت میں منقول ہے۔

مولوی دلدار علی صاحب اساس الاصول مطبوعہ لکھنؤ کے صفحہ ۱۲۴ میں لکھتے ہیں۔

لانسلم انهم كانوا مكلفين بتحصيل القطع واليقين كما يظهر من سجية اصحاب الائمة بل انهم كانوا مامورين باخذ الاحكام من الثقاة ومن غيرهم ايضا مع قيام قرينة تفيد الظن كما عرفت مرارا بانحاء مختلفة كيف ولو لم يكن الامر كذلك لزم ان يكون اصحاب ابي جعفر الصادق الذين اخذ يونس كتبهم وسمع احاديثهم مثلا هالكين مستوجبين النار وهكذا حال جميع اصحاب الائمة فانهم كانوا مختلفين في كثير من المسائل الجزئية والفروعية كما يظهر الينا من كتاب العدة وغيره وقد عرفتها۔

ہم اس بات کو نہیں مانتے کہ اصحاب ائمہ پر یقین کا حاصل کرنا ضروری تھا چنانچہ اصحاب ائمہ کی روش سے یہ بات ظاہر ہے بلکہ ان کو حکم تھا کہ احکام دین کو ثقہ غیر ثقہ سب سے لے لیں بشرطیکہ قرینہ سے گمان غالب حاصل ہو جائے جیسا کہ تم کو مختلف طریقوں سے معلوم ہو چکا ہے اور اگر ایسا نہ ہو تو لازم آئے گا کہ امام باقر صادق کے اصحاب جن سے یونس نے کتابیں لیں اور ان کی احادیث سنیں ہلاک ہونے والے اور دوزخی ہوں اور یہی حال تمام اصحاب ائمہ کا ہے کیوں کہ وہ لوگ مسائل جزئیہ اور فروعیہ میں مختلف تھے جیسا کہ کتاب العدۃ وغیرہ سے ظاہر ہے اور تم اسکو معلوم کر چکے ہو۔

اب ایک روایت اس مضمون کی دیکھ لیجئے کہ ائمہ اپنے مخلص شیعوں سے بھی تقیہ کرتے تھے۔ حتیٰ کہ ابوبصیر جیسے مسلم الکل سے بھی۔ کتاب استبصار کے باب الصلوۃ میں ہے۔

عن ابي بصير قال قلت لابي عبد الله متى اصلي ركعتي الفجر قال لي بعد طلوع الفجر

ابوبصیر سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق سے پوچھا کہ سنت فجر کس وقت پڑھوں تو انھوں نے کہا کہ

WwW.Ahlehaq.com

www.ahlehaq.com

قلت له ان اباجعفر علیہ السلام امرنی ان اصلیھا قبل طلوع الفجر فقال یا ابا محمد ان الشیعۃ اتو ابی مسترشدین فافتاھم بمر الحق واتونی شکاکا فافتیتھم بالتقیۃ

بعد طلوع فجر کے میں نے کہا کہ امام باقر علیہ السلام نے تو مجھے حکم دیا تھا کہ قبل طلوع فجر کے پڑھ لیا کرو تو امام صادق نے کہا کہ اے ابو محمد شیعہ میرے والد کے پاس ہدایت حاصل کرنے کو آتے تھے لہذا میرے والد نے ان کو ٹھیک صحیح مسئلہ بتادیا اور میرے پاس شک کرتے ہوئے آئے لہذا میں نے ان کو تقیہ سے فتوی دیا۔

(ف) ابو بصیر کی حرکت دیکھنے کے قابل ہے جب امام باقر علیہ السلام اس کو مسئلہ بتا چکے تھے تو اب اس کو امام جعفر صادق سے پوچھنے کی کیا ضرورت ہے غالباً ان کا امتحان لینا منظور تھا۔ کیوں جناب حائری صاحب انھیں حالات پر اور انھیں روایات کی بنیاد پر آپ اپنے کو متبع ائمہ لکھتے ہیں۔

ستائیسواں مسئلہ

حضرات شیعہ اولاد رسول میں گنتی کے چند اشخاص کے ماننے کا دعوی کرتے ہیں باقی سیکڑوں ہزاروں اشخاص کو برا کہنا ان سے عداوت رکھنا ان پر تبرا بھیجنا ضروری جانتے ہیں اور پھر کہتے ہیں کہ ہم محب آل رسول ہیں شواہد اس مضمون کی کتب شیعہ میں بہت ہیں کتاب احتجاج مطبوعہ ایران میں بڑے فخر کے ساتھ لکھا ہے کہ اولاد رسول میں سے جو لوگ مسئلہ امامت میں ہمارے مخالف ہیں ہم ان کا کچھ بھی خیال نہیں کرتے ان سے عداوت رکھتے ہیں ان پر تبرا بھیجتے ہیں۔ اصل عبارت کتاب احتجاج کی مناظرۂ کمریان میں منقول ہے جس کا جی چاہے دیکھ لے۔

اٹھائیسواں مسئلہ

جھوٹ بولنا جو تمام مذاہب میں بدترین گناہ ہے تمام دنیا کے عقلا نے اسکو سخت ترین عیب مانا ہے مذہب شیعہ نے اسکو اعلی ترین عبادت قرار دیا ہے دین کے دس حصے تلائے ہیں انمیں نو حصے جھوٹ بولنے میں ہیں جو جھوٹ نہ بولے اس کو بے دین و بے ایمان کہتے ہیں، جھوٹ بولنا خدا کا دین بتایا گیا ہے انبیاء و ائمہ کا دین کہا گیا ہے۔ اصول کافی مطبوعہ لکھنؤ کے ۴۸۵ میں ہے

Www.Ahlehaq.Com

عن ابن ابی عمر الاعجمی قال قال لی ابو عبد اللہ علیہ السلام یا ابا عمر ان تسعۃ اعشار الدین فی التقیۃ ولا دین لمن لا تقیۃ لہ والتقیۃ فی کل شیٔ الا فی النبیذ والمسح علی الخفین۔

ابن عمر عجمی سے منقول ہے انھوں نے کہا کہ مجھ سے امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ دین کے دس حصوں میں سے نو حصہ تقیہ میں ہے اور جو تقیہ نہ کرے وہ بے دین ہے اور تقیہ ہر چیز میں ہے سوا نبیذ اور موزوں پر مسح کرنے کے۔

ایضاً اصول کافی ص۴۸۴ میں ہے۔

قال ابو جعفر علیہ السلام التقیۃ من دینی ودین آبائی ولا ایمان لمن لا تقیۃ لہ

امام باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ تقیہ میرا دین ہے اور میرے باپ دادا کا دین ہے اور جو تقیہ نہ کرے وہ بد دین ہے۔

اگر حائری صاحب فرمائیں کہ ان احادیث میں تو تقیہ کی فضیلت بیان ہوئی ہے نہ جھوٹ بولنے کی تو میں عرض کروں گا کہ تقیہ کے معنی جھوٹ بولنے ہی کے ہیں علمائے شیعہ نے بہت کچھ ہاتھ پیر مارے لیکن تقیہ کے معنی امام معصوم کے قول سے ثابت ہیں اس میں کوئی تاویل چل نہیں سکتی۔

اصول کافی ص۴۹۳ میں ہے۔

عن ابی بصیر قال قال ابو عبد اللہ علیہ السلام التقیۃ من دین اللہ قلت من دین اللہ قال ای واللہ من دین اللہ ولقد قال یوسف ایتہا العیر انکم لسارقون واللہ ما کانوا سرقوا شیئاً ولقد قال ابراہیم انی سقیم واللہ ما کان سقیما

ابو بصیر کہتے ہیں کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا تقیہ اللہ کے دین میں سے ہے۔ میں نے (تعجب سے) کہا اللہ کے دین میں سے ہے۔ امام نے فرمایا ہاں خدا کی قسم اللہ کے دین میں سے ہے اور بہ تحقیق یوسف (پیغمبر) نے کہا تھا کہ اے قافلہ والو تم چور ہو حالانکہ اللہ کی قسم انھوں نے کچھ نہ چرایا تھا اور ابراہیم (پیغمبر) نے کہا تھا کہ میں بیمار ہوں حالانکہ وہ اللہ کی قسم بیمار نہ تھے۔

اس حدیث میں تقیہ کی فضیلت بھی معلوم ہوئی کہ وہ خدا کا دین اور پیغمبروں کا شیوہ ہے اور

یہ بھی معلوم ہوا کہ تقیہ نام جھوٹ بولنے کا ہے کیونکہ ایک شخص نے چوری نہیں کی تھی اس کو امام نے چور کہا۔ امام اس کو تقیہ کہتے ہیں اور ایک شخص بیمار نہ تھا اس نے اپنے کو بیمار کہا امام اس کو تقیہ کہتے ہیں اور اسی کو جھوٹ بھی کہتے ہیں لہ۔

(ف) تقیہ کی پہلی حدیث میں نبیذ پینے اور موزوں پر مسح کرنے میں تقیہ کرنے کی ممانعت ہے یہ عجیب لطیفہ ہے خدا جانے ان دونوں کاموں میں کیا بات ہے، تقیہ کر کے خدا کے ساتھ شرک کرنا اور دنیا بھر کے گناہوں کا ارتکاب جائز ہو مگر یہ دونوں کام جائز نہ ہوں عقل حیران ہے مگر استبصار کے مصنف کہتے ہیں کہ ایک دوسری روایت میں ان دونوں کاموں میں بھی تقیہ کر نیکی اجازت ہے اور ہمارا عمل اسی کے مطابق ہے اور اسی حدیث کا مطلب انھوں نے یہ بیان کیا ہے کہ ان دونوں کاموں میں تقیہ اس وقت جائز ہے جب جان کا یا مال کا خوف شدید ہو۔ معمولی تکلیف کے لیے جائز نہیں۔

عبارت استبصار کی حسب ذیل ہے۔

والثالث ان یکون اراد لا اتقی فیہ احدا اذا لم یبلغ الخوف علی النفس والمال وان لحقہ ادنی مشقۃ احتملہ وانما یجوز التقیۃ فی ذلک عند الخوف الشدید علی النفس والمال۔

اور تیسری بات یہ ہے کہ امام نے یہ مراد لیا ہوگا کہ میں ان کاموں میں کسی سے تقیہ نہیں کرتا جب تک کہ جان یا مال کا خوف نہ ہو معمولی تکلیف کی برداشت کر لیتا ہوں۔ اور ان کاموں میں تقیہ اسی وقت جائز ہے جبکہ خوف شدید جان یا مال کا ہو۔

استبصار کی اس عبارت سے یہ بھی معلوم ہوا کہ شیعہ جو کہتے ہیں کہ تقیہ ہمارے یہاں خوف جان یا مال کے وقت کیا جاتا ہے بالکل غلط ہے۔ خوف جان یا مال کی قید صرف مذکورہ بالا کاموں میں ہے ان کے سوا اور امور میں بغیر خوف جان و مال کے بھی تقیہ جائز ہے۔

لہ حضرت یوسف علیہ السلام پر افترا ہے انھوں نے ہرگز قافلہ والوں کو چور نہیں کہا تھا، قرآن شریف میں ہے واذن مؤذن ایتھا العیر انکم لسارقون یعنی ایک اعلان دینے والے نے یہ اعلان دیا کہ اے قافلہ والو تم چور ہو اور اس اعلان دینے والے نے بھی اپنے خیال کے مطابق سچا اعلان دیا تھا۔ رہا حضرت ابراہیم کا واقعہ انھوں نے بیشک اپنے کو بیمار کہا تھا اور درحقیقت ان کو اس وقت رنج و غم کی بیماری تھی ۱۲

(ف) بعض شیعہ تقیہ کی بحث میں گھبرا کر یہ بھی کہہ بیٹھتے ہیں کہ تقیہ اہلسنت کے یہاں بھی ہے حالانکہ یہ محض فریب اور دھوکا دینے کی بات ہے۔ اہلسنت کے یہاں ہرگز تقیہ نہیں ہے امور ذیل کے سمجھنے کے بعد یہ بات بالکل صاف ہو جاتی ہے اوّل اہلسنت کے یہاں تقیہ کرنا کوئی ثواب کا کام نہیں کوئی ضروری کام نہیں نہ اس میں کوئی فضیلت ہے جیسے کہ شیعوں کے یہاں ہے۔ دوئم اہلسنت کے یہاں خوف شدید کے وقت میں بحالت اضطرار و اکراہ تقیہ کی اجازت ہے بالکل اسیطرح جیسے کہ بحالت اضطرار سور کا گوشت کھا لینا قرآن شریف میں جائز کیا گیا ہے اس اجازت کی بنا پر کون کہہ سکتا ہے کہ سور کا گوشت مسلمانوں کے یہاں جائز ہے۔ سوئم۔ اہل سنت کے یہاں حالت اضطرار میں بھی تقیہ جائز ہے واجب نہیں اگر کوئی شخص تقیہ نہ کرے جان دیدے تو ثواب پائے گا چہارم اہلسنت کے یہاں انبیا علیہم السلام بلکہ جمیع پیشوایان دین کیلئے تقیہ جائز نہیں صرف ان لوگوں کے لئے جائز ہے جن کے تقیہ کرنے سے دین و مذہب پر کوئی اثر نہ پڑے ان کھلے کھلے فرقوں کے بعد یہ کہنا کہ اہلسنت کے یہاں بھی تقیہ ہے سوا حیائی کے اور کس چیز کی دلیل ہو سکتا ہے؟

انتیسواں مسئلہ

مذہب شیعہ میں اپنا دین چھپانے کی بڑی تاکید ہے اور دین کے ظاہر کرنے کی سخت ممانعت ہے۔ اصول کافی ص۴۸۵ میں ہے۔

عن سلیمان بن خالد قال قال ابو عبد اللہ علیہ السلام یا سلیمان انکم علی دین من کتمہ اعزہ اللہ ومن اذاعہ اذلہ اللہ۔

سلیمان بن خالد سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ تحقیق تم لوگ ایسے دین پر ہو کہ جو اس کو چھپائے گا اللہ اس کو عزت دے گا اور جو اس کو ظاہر کرے گا اللہ اسکو ذلیل کرے گا۔

فی الحقیقت شیعوں کا مذہب چھپانے ہی کے قابل ہے انھوں نے بڑی عقلمندی کی کہ زمانہ سلف میں اپنا مذہب ظاہر نہ کیا ورنہ اس کا باقی رہنا دشوار تھا۔ اب شیعوں کی کتابیں چھپ گئیں اس لئے بہت سی باتیں ان کے مذہب کی معلوم ہو گئیں لیکن علمائے شیعہ اب بھی اپنے عوام سے اپنے مذہب کے اسرار پوشیدہ رکھتے ہیں۔

Www.Ahlehaq.Com

تیسواں مسالہ

شیعوں کے مذہب شریف میں زنا کو ایک عجیب تدبیر سے جائز کیا گیا ہے اول تو متعہ ہی کیا کم تھا اور متعہ میں بھی طرح طرح کی جدتیں مثلاً متعہ دوری وغیرہ لیکن براہِ راست زنا کو بھی جائز کر لیا گیا عورت ومرد تنہا راضی ہو جائیں کوئی گواہ بھی نہ ہو حضرات شیعہ کے مذہب میں یہ بھی نکاح ہے۔

فروع کافی جلد دوم ص۱۹۸ میں ہے۔

عن ابی عبد اللہ علیہ السلام قال جاءت امرأۃ الی عمر فقالت انی زنیت فطھرنی فامر بھا ان ترجم فاخبر بذلک امیر المومنین صلوات اللہ فقال کیف زنیت فقالت مررت بالبادیۃ فاصابنی عطش شدید فاستقیت اعرابیا فابی ان یسقینی الا ان امکنہ من نفسی فلما اجھدنی العطش وخفت علی نفسی سقانی فامکنتہ من نفسی فقال امیر المومنین علیہ السلام ھذا تزویج ورب الکعبۃ

امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ ایک عورت حضرت عمر کے پاس آئی اور اس نے کہا میں نے زنا کی ہے مجھے پاک کر دیجئے حضرت عمر نے اس کے سنگسار کرنے کا حکم دیا اس کی اطلاع امیر المومنین صلوات اللہ علیہ کو کی گئی۔ تو انھوں نے اس عورت سے پوچھا کہ تو نے کس طرح زنا کی تھی اس عورت نے کہا میں جنگل میں گئی تھی۔ وہاں مجھکو سخت پیاس معلوم ہوئی ایک اعرابی سے میں نے پانی مانگا اس نے مجھے پانی پلانے سے انکار کیا مگر اس شرط پر کہ میں اس کو اپنے اوپر قابو دوں جب مجھکو پیاس نے بہت مجبور کیا اور مجھے اپنی جان کا اندیشہ ہوا تو میں راضی ہو گئی اس نے مجھے پانی پلا دیا اور میں نے اس کو اپنے اوپر قابو دے دیا۔ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ تو قسم رب کعبہ کی نکاح ہے۔

دیکھئے اس روایت کے مطابق زنا کا وجود دنیا سے اٹھ گیا۔ بازاروں میں جس زنا کا ارتکاب ہوتا ہے اس میں عورت ومرد باہم راضی ہو ہی جاتے ہیں۔ یہاں اگر پانی پلایا گیا تو وہاں اس سے بڑھکر روپیہ دیا جاتا ہے گواہ کی صیغۂ نکاح کی نہ شرط یہاں ہے نہ وہاں۔ شاباش

www.Ahlehaq.Com

منظور ہے کہ سیم تنوں کا وصال ہو
مذہب وہ چاہیئے کہ زنا بھی حلال ہو

اکتیسواں مسئلہ

مذہب شیعہ میں یہ صرف حلال بلکہ اتنی بڑی عبادت ہے کہ نماز روزہ کی بھی اس کے سامنے کچھ ہستی نہیں۔ تفسیر منہج الصادقین میں ہے کہ متعی مرد و عورت جو حرکات کرتے ہیں ہر حرکت پر ان کو ثواب ملتا ہے۔ غسل کرتے ہیں تو غسالہ کے ہر قطرہ سے فرشتے پیدا ہوتے ہیں اور یہ بے تعداد فرشتے قیامت تک تسبیح و تقدیس میں مشغول رہیں گے اور ان کی تمام عبادات کا ثواب متعہ کرنے والوں کو ملے گا۔ ایک مرتبہ متعہ کرنے سے امام حسین کا درجہ دو مرتبہ کرنے سے امام حسن کا تین مرتبہ میں حضرت علی کا چار مرتبہ میں رسولِ خدا کا رتبہ ملتا ہے۔ جو متعہ نہ کرے گا وہ قیامت کے دن نکٹا اٹھے گا۔

حضرات شیعہ نے متعہ میں ایک لطیف صورت اور پیدا کی ہے اور اس کا نام متعہ دوریہ رکھا ہے جس کے ذکر سے بھی شرم معلوم ہوتی ہے۔ بادلِ ناخواستہ بقدر ضرورت ذکر کیا جاتا ہے صورت اس کی یہ ہے کہ دس بیس آدمی مل کر کسی ایک عورت سے متعہ کریں اور یکے بعد دیگرے سب اس سے ہم بستر ہوں۔ نعوذ باللہ منہ۔ اب چند روز سے شیعہ اس متعہ کا انکار کرنے لگے ہیں مگر اپنی کتابوں کو کیا کریں گے۔ قاضی نور اللہ شوستری سے کچھ نہ بن پڑا تو اپنی کتاب مصائب النواصب میں یہ قید لگا دی کہ ہمارے یہاں متعہ دوریہ اس عورت سے جائز ہے جس کا حیض بند ہو چکا ہو۔ عبارت ان کی یہ ہے۔

واما ما نسبه الی اصحابنا من انهم جوزوا ان یتمتع الرجال المعددون لیلة واحدة من امراة سواء کانت من ذوات الاقراء ام لا فمما خان فی بعض قیوده و ذلک لان الاصحاب قد خصوا

مصنف نواقض الروافض نے یہ جو ہمارے اصحاب امامیہ کی طرف کیا ہے وہ اس بات کو جائز کہتے ہیں کہ متعدد مرد ایک رات میں ایک عورت سے متعہ کریں خواہ اس عورت کو حیض آتا ہو یا نہیں اس میں ازراہِ خیانت بعض قیدیں چھوڑ دی ہیں کیونکہ ہمارے اصحاب امامیہ نے متعہ دوریہ کو اس عورت کے

ذلك بالكرسف لا بما يعمر بالكرسف — ساتھ خاص کیا ہے جس کو حیض نہ آتا ہو نہ یہ کہ جس کے
وغیرھا من ذوات الاقراء — ساتھ چاہے کرے حیض آتا ہو یا نہ آتا ہو۔

قاضی نور اللہ شوستری نے یہ جو تاویل کی ہے اگر مان بھی لی جائے تو بھی جس قدر بے حیائی اس فعل میں ظاہر ہے۔ جس مذہب میں ایسے بے حیائی کے افعال جائز ہوں اس مذہب کے عمدہ ہونے میں کیا شک ہے۔

النجم دورِ جدید کے نمبر چہارم میں متعہ کی بحث لکھی جا چکی ہے جس میں ثابت کر دیا گیا ہے کہ متعہ مذہب اسلام میں کبھی حلال نہ تھا قرآن شریف کی متعدد آیتیں مکی بھی اور مدنی بھی حرمت متعہ کی تعلیم دیتی ہیں اس مضمون کو دیکھ کر بعض انصاف پسند شیعوں نے بھی اقرار کر لیا کہ بے شک متعہ اسلام میں کبھی حلال نہ تھا چنانچہ حکیم سید شبیر حسن صاحب مولوی فاضل کا اقرار النجم میں چھپ چکا ہے۔

بتیسواں مسئلہ

تبرا بازی کے متعلق ہے اس کے لئے کسی خاص کتاب کے حوالے کی ضرورت نہیں مذہب شیعہ کا رکن اعظم یہی ہے کہ صحابہ کرامؓ کو گالیاں دی جائیں۔ اسی گالی دینے کی بدولت ذلت ہوتی ہے خوں ریزی ہوتی ہے۔ دفعہ ۲۱۸ تعزیرات ہند کے ماتحت سزائیں ملتی ہیں مگر پھر بھی باز نہیں آتے۔

تینتیسواں مسئلہ

غیر مسلم عورتوں کو ننگا دیکھنا مذہب شیعہ میں جائز ہے۔ فروع کافی جلد دوم صـ۶۱ میں ہے۔

عن ابی عبد اللہ علیہ السلام — امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ جو شخص
قال النظر الی عورۃ من لیس بمسلم — مسلمان نہ ہو اس کی شرمگاہ کا دیکھنا ایسا
مثل نظرک الی عورۃ الحمار — ہے جیسے گدھے کی شرمگاہ کو دیکھنا۔

www.Ahlehaq.com

چوتیسواں مسئلہ

مذہب شیعہ میں ستر عورت صرف بدن کا رنگ ہے خود ائمہ معصومین اپنے عضو مخصوص پر چونا لگا کر لوگوں کے سامنے ننگے ہو جاتے تھے۔ فروع کافی جلد دوم ص۲۱ میں ہے۔

ان اباجعفر علیہ السلام کان یقول من کان یومن باللہ والیوم الآخر فلا یدخل الحمام الا بمئزر قال فدخل ذات یوم الحمام فتنور فلما ان اطبقت النورۃ علی بدنہ القی المئزر فقال لہ مولی لہ بابی انت وامی انک لتوصینا بالمئزر وقد القیتہ عن نفسک فقال ما علمت ان النورۃ قد اطبقت العورۃ۔

امام باقر علیہ السلام فرمایا کرتے تھے کہ جو شخص اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہو وہ حمام میں بغیر پاجامہ کے نہ داخل ہو پھر امام ممدوح ایک دن حمام میں گئے اور چونا لگایا جب چونا لگ گیا تو پاجامہ اتار کر پھینک دیا ان کے ایک غلام نے ان سے کہا کہ میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں آپ ہمکو پاجامہ پہننے کی تاکید کرتے ہیں مگر خود آپ نے اتار ڈالا تو امام نے فرمایا کہ کیا تم نہیں جانتے کہ چونے نے ستر کو چھپا لیا۔

پینتیسواں مسئلہ

عورتوں کے ساتھ خلاف وضع فطرت حرکت کا جواز مذہب شیعہ میں متفق علیہ ہے، کافی استبصار، تہذیب، سب میں اس کی روایات موجود ہیں۔ بلکہ بعض روایات میں یہ بھی ہے کہ امام سے پوچھا گیا کہ آپ بھی اپنی بی بی کے ساتھ ایسا کرتے ہیں۔ امام نے اس کے جواب میں انکار کیا ہو۔

لطف یہ ہے کہ اس مسئلہ کا جواز قرآن شریف سے ثابت کیا جا رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا نسائکم حرث لکم فاتوا حرثکم انّٰی شئتم (ترجمہ) یہ کیا جاتا ہے کہ عورتیں تمہاری کھیتی ہیں پس اپنی کھیتی میں جہاں سے چاہو آؤ۔ حالانکہ یہ ترجمہ غلط ہے یوں ہونا چاہیے کہ جس طرح چاہو آؤ، کھیتی کا مضمون خود اس کو بتلا رہا ہے کیونکہ کھیتی کا مقام صرف ایک ہی ہے۔ بعض علمائے شیعہ نے اہل سنت کی کتابوں سے بھی اس فعل قبیح کا جواز ثابت کرنے کی کوشش کی مگر وہ کامیاب نہ ہوئے۔

Www.Ahlehaq.Com

دیکھو قبقاب لآل الکذاب۔

چھتیسواں مسألہ

بے وضو اور بلا غسل سجدۂ تلاوت اور نماز جنازہ شیعوں کے یہاں درست ہے ان کی کتب فقہ میں اس کی تصریح ہے لہذا طول دینے کی حاجت نہیں، طہارت کے مسائل مذہب شیعہ میں بہت نفیس نفیس ہیں۔ پیشاب کی بڑی قدر ہے مگر اب اس وقت طول دینے کو دل نہیں چاہتا۔ انشاء اللہ تعالیٰ آئندہ دیکھا جائے گا۔

سینتیسواں مسألہ

مذہب شیعہ میں دغا و فریب ایسی عمدہ چیز ہے کہ ائمہ اکثر اپنے مخالفوں کی نماز جنازہ میں شرکت کرتے اور بجائے دعا کے نماز میں بد دعا دیتے تھے اور اپنے متبعین کو بھی یہی تعلیم دیتے تھے کہ تم بھی ایسا کرو۔ لوگ سمجھتے تھے کہ امام نماز جنازہ پڑھ رہے ہیں اور وہاں معاملہ برعکس ہے۔ فروع کافی جلد اول ص۹۹ میں ہے۔

عن ابی عبد اللہ علیہ السلام ان رجلا من المنافقین مات فخرج الحسین بن علی صلوات اللہ علیہ یمشی فلقیہ مولی لہ فقال لہ الحسین علیہ السلام این تذہب یا فلان قال فقال لہ اصلاہ افر من جنازۃ ھذا المنافق ان اصلی علیہا فقال لہ الحسین علیہ السلام انظر ان تقوم علی یمینی فما سمعتنی اقول فقل مثلہ فلما ان کبر علیہ ولیہ قال الحسین علیہ السلام

امام جعفر صادق سے روایت ہے کہ ایک شخص منافقوں میں سے مر گیا امام حسین صلوات اللہ علیہ اس کے جنازہ کے ہمراہ چلے راستہ میں غلام ان کا ان کو ملا اس سے امام حسین علیہ السلام نے فرمایا کہ تو کہاں جاتا ہے اس نے کہا میں اس منافق کے جنازہ سے بھاگتا ہوں نہیں چاہتا کہ اس پر نماز پڑھوں حسین علیہ السلام نے اس سے فرمایا دیکھو میرے داہنے جانب کھڑا ہو اور جو کچھ مجھے کہتے ہوئے سنا وہی تو بھی کہنا پھر جب اس منافق کے ولی نے تکبیر کہی تو حسین علیہ السلام نے بھی تکبیر کہکر۔ دعا مانگی کر

www.Alhenad.com

اللہ اکبر اللھم العن فلانا عبدک الف لعنة مؤتلفة غیر مختلفة اللھم اخز عبدک فی عبادک وبلادک واصلہ حر نارک واذقہ اشد عذابک فانہ کان یتولی اعدائک ویعادی اولیائک و یبغض اھل بیت نبیک

یا اللہ اپنے فلانے بندے پر لعنت کر ہزار لعنتیں جو ساتھ ساتھ ہوں مختلف نہ ہوں یا اللہ اپنے اس بندے کو دوسرے بندوں میں اور شہروں میں رسوا کر اور اپنی آگ کی گرمی میں اسکو ڈال اور سخت عذاب اس پر کر کیونکہ وہ تیرے دشمنوں سے دوستی رکھتا تھا اور تیرے دوستوں سے دشمنی رکھتا تھا اور تیرے نبی کے اہل بیت سے بغض رکھتا تھا۔

(ف) دیکھئے یہ امام معصوم ہیں جو اس طرح لوگوں کو فریب دے رہے ہیں۔ اگر اس منافق کی نماز جنازہ جائز نہ تھی تو امام کو علاحدہ رہنا چاہیئے تھا خواہ مخواہ نماز جنازہ میں شریک ہو کر بد دعا کس قدر مذموم خصلت ہے غلام بے چارہ جا رہا تھا اس کو زبردستی امام نے شریک کر کے اپنے ساتھ فریب وہی کا مرتکب بنایا۔ کتب شیعہ میں اس قسم کے افعال ائمہ سے بھی منقول ہیں۔ استغفر اللہ منہ۔

اڑتیسواں مسالہ

مذہب شیعہ میں ائمہ کی زیارت کی بھی نماز پڑھی جاتی ہے اور اس میں ان کی قبروں کی طرف منہ کیا جاتا ہے۔ قبلہ رو ہونے کی شرط نہیں۔ یہ مسئلہ بھی ان کی کتب حدیث و فقہ میں مذکور ہے۔ اور غالباً شیعہ اس کو عیب بھی نہیں سمجھتے کیونکہ کعبہ کرمہ سے ان کو چنداں تعلق نہیں۔ دین اسلام کی تمام چیزوں سے ان کی بے تعلقی ظاہر ہے۔ صرف زبان سے تعلق کا اظہار محض اس لئے کرتے ہیں کہ ناواقف لوگ ان کو اسلامی فرقوں میں شمار کریں اور مسلمانوں کے بہکانے کا موقع ملے۔

انتالیسواں مسالہ

مذہب شیعہ میں نجاست میں پڑی ہوئی روٹی کی اس درجہ قدر ہے کہ اس کو ائمہ معصومین کی غذا

Www.Ahlehaq.com

بتایا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ جو شخص اس روٹی کو کھائے گا وہ جنتی ہو جائے گا۔ من لا یحضرہ الفقیہ باب المکان للحدث میں ہے۔

دخل ابوجعفر الباقر الخلاء فوجد لقمۃ خبز فی القذر فاخذها وغسلها ودفعها الی مملوک معہ وقال یکون معک لاکلها اذا خرجت فلما خرج قال للمملوک این اللقمۃ قال اکلتها یا ابن رسول اللہ فقال انها ما استقرت فی جوف احد الا وجبت لہ الجنۃ فاذهب فانت حر فانی اکرہ ان استخدم من اهل الجنۃ۔

امام باقر علیہ السلام ایک روز پاخانہ گئے تو انھوں نے ایک لقمہ نجاست میں گرا ہوا پایا پس اس کو اٹھایا اور دھویا اور ایک غلام کو جوان کے ہمراہ تھا دیا اور فرمایا کہ اس کو اپنے پاس رکھ جب میں نکلوں گا تو اس کو کھاؤں گا۔ چنانچہ جب نکلے تو اس غلام سے پوچھا کہ وہ لقمہ کہاں ہے غلام نے کہا اے فرزند رسول اللہ میں نے اس کو کھا لیا۔ امام نے فرمایا وہ لقمہ جس کے پیٹ میں جائے گا اس کے لئے جنت واجب ہو جائے گی تو جا تو آزاد ہے کیونکہ میں اس بات کو ناپسند کرتا ہوں کہ کسی جنتی سے خدمت لوں۔

چالیسواں مسئلہ

شیعوں نے جو حدیثیں ائمہ کی طرف منسوب کر کے روایت کی ہیں ان میں اس قدر اختلاف ہے کہ کوئی مسئلہ ایسا نہیں جس میں اماموں کے مختلف اقوال نہ ہوں اس اختلاف نے مجتہدین شیعہ کو سخت پریشان کر رکھا ہے۔ بیچارے اکثر تو یہ کرتے ہیں کہ مختلف حدیثوں میں ایک کو امام کا اصلی مذہب کہہ دیتے ہیں اور دوسری حدیثوں کو تقیہ کہکر اڑا دیتے ہیں مگر کہیں یہ بات بھی نہیں بنتی اس وقت سخت حیران ہوتے ہیں۔ مولوی دلدار علی صاحب نے اساس الاصول میں مجبور ہو کر یہ بھی لکھ دیا کہ اگر ہمارے اختلاف کو دیکھو تو حنفی شافعی کے اختلاف سے بدرجہا زائد ہے۔ مولوی دلدار علی نے یہاں تک اقرار کر لیا کہ ہمارے ائمہ کا اختلاف عقدۂ لاینحل ہے اور ہر جگہ اس بات کا معلوم کر لینا کہ یہ اختلاف کیوں ہے انسانی طاقت سے باہر ہے۔ بہت سے شیعہ اس اختلاف کو دیکھکر مذہب شیعہ سے پھر گئے۔

www.Ahlehaq.com

اساس الاصول ص۵۱ میں ہے۔

الاحادیث المأثورة عن الائمة مختلفة جدا لایکاد یوجد حدیث الا وفی مقابلہ ما ینافیہ ولا یتفق خبر الا وبازاءہ ما یضادہ حتی صار ذلک سبباً لرجوع بعض الناقصین عن اعتقاد الحق کما صرح بہ شیخ الطائفة فی اوائل التہذیب و الاستبصار ومناشئ ہذہ الاختلافات کثیرة جداً من التقیة والوضع السامع والنسخ والتخصیص والتقیید وغیر ہذہ المذکورات من الامور الکثیرة کما وقع التصریح علی اکثرہا فی الاخبار المأثورة عنہم امتیاز المنافی بعضہا عن بعض فی باب کل حدیثین مختلفین بحیث یحصل العلم والیقین بتعیین المنشأ عسیر جدا وفوق الطاقة کما لایخفی۔

جو حدیثیں ائمہ سے منقول ہیں ان میں بہت اختلاف ہے کوئی حدیث ایسی نہیں مل سکتی جسکے مقابلہ میں دوسری حدیث نہ ہو اور کوئی خبر ایسی نہیں ہے جس کے مقابلہ میں دوسری ضد موجود نہ ہو یہاں تک کہ اس اختلاف کے سبب سے بعض ناقص لوگ اعتقاد حق (یعنی مذہب شیعہ) سے پھر گئے جیسا کہ شیخ الطائفہ نے تہذیب و استبصار کے شروع میں اسکی تصریح کی ہے اور اس اختلاف کے اسباب بہت ہیں مثلاً تقیہ اور جعلی حدیثوں کا بنایا جانا اور سننے والے سے اشتباہ کا ہوجانا اور منسوخ ہوجانا یا خاص اور مقید کا ہوجانا۔ اور علاوہ ان مذکورہ باتوں کے بہت سی باتیں ہیں چنانچہ اکثر باتوں کی تصریح ان روایات میں ہے جو ائمہ سے منقول ہیں اور ہر دو مختلف حدیثوں میں یہ پتہ لگانا کہ کس سبب سے اختلاف ہوا اس طور پر کہ تعیین سبب کا علم و یقین ہوجائے نہایت دشوار بلکہ طاقت انسانی سے بالاتر ہے جیسا کہ پوشیدہ نہیں۔

جناب حائری صاحب؟ اپنی احادیث کے اس عظیم و شدید اختلافات کو دیکھئے اور اسپر غور کیجئے کہ ان مختلف حدیثوں میں آپ کے اسلاف نے جس کو چاہا امام کا اصلی مذہب کہدیا جس کو چاہا تقیہ وغیرہ کہکر اڑا دیا کیونکہ بقول مولوی دلدار علی صاحب کے ہر جگہ سبب اختلاف کا معلوم کرنا طاقت انسانی سے بالاتر ہے کیا باوجود اس کے بھی آپ اپنے کو پیرو ائمہ کہہ سکتے ہیں، شرم، شرم۔

جن مسائل کا ذکر تنبیہ الحائرین کے دیباچہ میں تھا ان کا بیان ختم ہوچکا اور کتب شیعہ کا حوالہ بقدر ضرورت دیا جاچکا اب چند امور جن کا وعدہ اسی تکملہ پر محول تھا ہدیۂ ناظرین کیے جاتے ہیں۔

حضرت عثمان پر قرآن شریف جلانے کا اتہام

یہ ایک پرانا فرسودہ طعن ہے جس کا معقول جواب اہلسنت کی طرف سے بارہا دیا گیا اور اس جواب کا کوئی رد حضرات شیعہ کی طرف سے نہیں ہوسکا مگر مقتضائے حیا حضرات شیعہ اس جواب سے آنکھ بند کرکے پھر جہاں موقع پاتے ہیں اس طعن کو ذکر کردیتے ہیں۔ حائری صاحب نے بھی جاہلوں اور بیوقوفوں کو دھوکا دینے کے لیے اس طعن کو بیان کیا ہے اور چھ سات کتابوں کے نام بھی لکھ دیے ہیں کہ ان میں یہ طعن مذکور ہے اور لکھا ہے کہ ان کتابوں کی عبارتیں[1] رسالہ موعظہ حسنہ میں نقل کرچکا ہوں۔ حائری صاحب تفسیر اتقان دیکھیں تو ان کو معلوم ہوگا کہ اس زمانہ میں اکثر لوگوں نے اپنے اپنے مصحف میں اپنی یادداشت کے لیے تفسیری الفاظ اور منسوخ التلاوۃ آیتیں قرآن شریف کی آیتوں کے ساتھ ملا کر لکھ لی تھیں اس وقت تو ان لوگوں کو کسی قسم کے اشتباہ کا اندیشہ نہ تھا لیکن اگر وہ مصاحف رہ جاتے تو آئندہ نسلوں کو بہت اشتباہ ہوتا یہ پتہ نہ چلتا کہ لفظ قرآنی کون ہے اور تفسیری لفظ کون ہے منسوخ التلاوۃ وہ کون کون آیات ہیں، اور غیر منسوخ کون کون **لہذا** حضرت عثمان نے بمشورۂ جمہور صحابہ ان مصاحف کو معدوم کردیا اور ان کے معدوم کرنے کی سب سے بہتر صورت یہی تھی کہ ان کو جلا دیا جائے۔ سنن ابی داؤد میں حضرت علی مرتضےٰ سے مروی ہے کہ۔

لاتقولوا فی عثمان الاخیرا فانہ مافعل فی المصاحف الاعن	حضرت عثمان کے حق میں سوا کلمہ خیر کے کچھ نہ کہو کیونکہ انھوں نے مصاحف کے بارے

---

[1] رسالہ موعظہ حسنہ میں چند عبارتیں نقل کی ہیں ان میں ایک عبارت تحفہ ندریہ کی ہے وھو ھذا "آں مصاحف محرفہ را کہ مردم بفہم تفسیر آں را محرف ساختہ بودند بہاں مصاحف مایۂ اختلاف و جدال مسلمانان بود از مردم گرفتہ و بہ تفحص بسیار یکے از آنہا نزد مردم نگذاشتہ و ہمہ را بسوخت" اس عبارت کو دیکھ کر خواجہ حافظ کا شعر یاد آگیا ؎ چہ دلاور است دزدے کہ بکف چراغ دارد۔ اس عبارت سے صاف ظاہر ہوگیا کہ حضرت عثمان نے قرآن نہیں جلائے تھے بلکہ مخلوط و محرف چیز جلائی جائے۔"

www.Ahlehaq.Com

ملأ منا   ہیں جو کچھ کیا وہ ہم سب کے مشورے سے کیا۔

پھر یہ بھی دیکھنے کی بات ہے کہ جب تفسیری الفاظ بھی قرآن کے ساتھ مخلوط تھے تو آیا اس مجموعہ کو قرآن کہا جا سکتا ہے۔ ہرگز نہیں۔

اگر حائری صاحب کسی روایت سے یہ ثابت کردیں کہ حضرت عثمان نے جن مصاحف کو جلایا تھا ان میں خالص قرآن تھا اور منسوخ التلاوۃ آیتیں اس میں نہ تھی تو جو انعام وہ اپنے منہ سے مانگیں ان کو دیا جائے گا۔

جناب حائری صاحب کو خبر نہیں کہ احراق قرآن کے طعن کا ایسا نفیس جواب اہلسنت نے دیا ہے کہ علمائے شیعہ کو مجبور ہو کر اس کی تعریف کرنی پڑی۔ علامہ ابن میثم بحرانی شرح نہج البلاغۃ میں مطاعن حضرت عثمان کا ذکر کرکے لکھتے ہیں۔

وقد اجاب الناصرون لعثمان عن هذه الاحداث باجوبة مستحسنة وهي مذكورة في المطولات

حضرت عثمان کے طرفداروں نے ان اعتراضات کے عمدہ عمدہ جوابات دیے ہیں جو بڑی بڑی کتابوں میں مذکور ہیں۔

حضرت عثمان نے ان مصاحف کو معدوم کرکے مسلمانوں پر بڑا احسان کیا ورنہ آج قرآن شریف کی حالت بھی توریت انجیل کی سی ہوتی مگر جن کو قرآن شریف سے تعلق نہیں وہ اس احسان کی کیا قدر کرسکتے ہیں۔

مصحف فاطمہ و کتاب علی وغیرہ

جناب حائری صاحب نے اپنے رسالہ کے آخر میں ایک دھوکا یہ بھی دیا ہے کہ مصحف علی و مصحف فاطمہ کو ایک چیز ظاہر کیا ہے اور پھر یہ بھی لکھا کہ مصحف علی کوئی اور چیز نہیں اسی قرآن کا نام ہے۔

حائری صاحب کو معلوم رہے کہ ناواقفوں کو تو جس طرف چاہے دھوکا دیکر ثواب حاصل کر لیجئے مگر جن لوگوں نے آپ کی کتابیں دیکھی ہیں وہ آپ کی جرأت آفریں کہتے ہیں۔

حضرت، مصحف علی اور چیز ہے اور کتاب علی اور چیز ہے چونکہ ان امور کو نہایت تفصیل

www.Ahlehaq.com

کے ساتھ النجم میں لکھ چکا ہوں اس لئے یہاں مختصراً لکھتا ہوں۔ حضرات شیعہ نے قرآن سے منحرف کرنے کے لئے دینی مسائل کے کئی ایک فرضی ماخذ بنائے اور ائمہ سے ان کی روایتیں نقل کیں جن کے نام حسب ذیل ہیں۔

مصحف فاطمہ جس کی بابت امام صادق کا قول ہے کہ تمہارے قرآن سے تگنا ہے اور واللہ اس میں تمہارے قرآن کا ایک حرف نہیں اصول کافی ص۱۴۶، دوسرے جفر جس کی بابت امام جعفر صادق کا ارشاد ہے کہ وہ ایک چمڑے کا تھیلا ہے جس میں تمام انبیا اور اوصیا اور علمائے بنی اسرائیل کے علم بھرے ہوئے ہیں (اصول کافی ص۱۴۶) دوسرے کتاب علی جس کی بابت زرارہ صاحب کا بیان ہے کہ مجھے امام جعفر صادق نے وہ کتاب دکھائی اونٹ کی ران کی برابر موٹی تھی اور اس میں تمام مسلمانوں کے خلاف مسائل لکھے ہوئے تھے (فروع کافی جلد سوم ص۵۲) چوتھے مصحف علی جس کی بابت ہم تنبیہ الحائرین میں کتب شیعہ کی عبارتیں نقل کر چکے ہیں۔ وہ ہمارے قرآن سے بالکل مختلف تھا کمی بیشی تغیر و تبدل غرض ہر لحاظ سے اس میں اور ہمارے قرآن میں بڑا فرق تھا۔ حائری صاحب کا کتاب القوانین الاصول سے یہ نقل کرنا کہ صرف احادیث قدسیہ کا اختلاف تھا قابل اعتبار نہیں کیونکہ قوانین الاصول میں صدوق کا قول ہے اور صدوق منجملہ ان چار اشخاص کے ہے جو تحریف قرآن کے منکر ہیں اور اس کے لئے اپنی روایات کے خلاف باتیں بناتے ہیں جیسا کہ تنبیہ الحائرین میں لکھا جا چکا۔

هٰذا آخر الكلام بالاختصار الاتمام والحمد لله تعالى